وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر ۷)

إعلام المؤمنين على الحق المبين

ازتالیفات

صاحب العلم والذکاوۃ مالک الفہم والفطنۃ

حضرت العلامہ سید احمد شاہ مدظلہٗ

المعروف بہ

اخوند کلی میاں صاحب

بجواب

اصلاح الرسوم

از علامہ جوروی، ضلع سوات

مع حاشیہ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

الجزء الثانی

تصنیف

بحر العلوم السید الشیخ المفتی العلامۃ

السید عبد الحق الشاہ

الحنفی الترمذی الماتریدی السیفی

النقشبندی الجشتی القادری السہروردی

ناشر

جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ

فقیر کالونی اورنگی ٹاؤن نمبر ۱۰ کراچی غربی

نام کتاب: إعلام المؤمنين على الحق المبين

از

حضرت العلامہ سید احمد شاہ مدظلہٗ

المعروف بہ

اخوند کلی میاں صاحب

مع حاشیہ

سيف المؤمنين على أعناق المنكرين (الجزء الثانى)

تصنیف و تالیف: بحر العلوم السید الشیخ المفتی العلامۃ السید عبد الحق الشاہ الحنفی الترمذی الماتریدی السیفی النقشبندی الجشتی القادری السہروردی

مع رسالہ: الحجۃ التامۃ لاثبات العمامۃ

از مولانا سلطان الاولیاء مفتی اعظم سرحد

مفتی شائشتہ گل نور اللہ مرقدہٗ

و مع رسالہ: شمامۃ العنبر فی الوان عمامۃ الخیر البشر ﷺ

از

الشیخ المفتی السید احمد علی الشاہ الحنفی الترمذی الماتریدی السیفی

باہتمام و فیضان نظر: العالم العلامہ العارف باللہ تعالیٰ مفسر کلام اللہ تعالیٰ و خادم حدیث رسول اللہ ﷺ الشیخ السید احمد علی الشاہ الحنفی الترمذی الماتریدی السیفی النقشبندی الجشتی القادری السہروردی

طباعت اول: دسمبر ۲۰۲۴ء بمطابق جمادی الثانی ۱۴۴۶ھ

کمپوزر: صوفی سید فرحان الحسن سیفی

ناشر: جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی، فقیر کالونی، اورنگی ٹاؤن، کراچی

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجزانہ التجاء برائے قارئین حضرات

عزیز قارئین! زیرِ نظر اردو ترجمہ حتی الامکان صحیح کرنے کی کوشش کی گئی ہے گاہے بگاہے بامحاورہ ترجمہ کرنے کی بجائے لفظی ترجمہ کرنے کی ضرورت پڑی، جس کی وجہ یہ ہے کہ مصنف علیہ الرحمۃ نے اپنی مادری زبان پشتو میں کتاب لکھی تھی، جس کا اندازِ تحریر صرف اور صرف پشتو زبان والوں کے لئے تھی، لیکن جب اسی انداز سے ترجمہ کیا جائے تو بے ربط و بے تسلسل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا قارئین حضرات کی خدمت میں استدعا ہے کہ اگر کوئی اردو جملہ و عبارت ذرا مشکل معلوم ہو جائے تو اس کو پڑھنے میں ذرا تحمل سے کام لیا جائے اور اس جملے کو کئی انداز سے پڑھنے کی کوشش کریں، روانی اور وقف کا بھی لحاظ رکھیں۔ جیسے اردو میں ایک ہی جملہ ہے مگر وقف کی وجہ سے دو معانی نکلتے ہیں۔ جیسے اٹھو مت بیٹھو۔ اب اگر اس جملے میں اٹھو پر وقف کریں گے تو اٹھنے کا حکم اور نہ بیٹھنے کا حکم ہے: اٹھو، مت بیٹھو۔ لیکن اگر اسی جملے میں مت پر وقف کریں گے تو نہ اٹھنے کا حکم اور بیٹھنے کا حکم ہو جائے گا۔ جیسے اٹھو مت، بیٹھو۔

لہٰذا اسی کتاب میں بھی ذرا تکلف سے کام لیں، باقی اللہ تعالیٰ آسانی فرمائے گا پھر بھی کمی رہ گئی تو دست بستہ معافی کا طلبگار ہوں کہ میں ایک کم علم، کم عمل، ناکارہ، سیاہ کار بندہ ہوں، آپ کی معافی اور دعا سے میرا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوبین کے وسیلہ سے اور حضرت شاہ صاحب مبارک اطال اللہ حیاتہٗ کے طفیل ناچیز کو دارین کی خوشی، بھلائی، خیر و عافیت، صحت و سلامتی و خاتمہ بالخیر فرمائے، آمین!

سید محمد منور شاہ عفی عنہٗ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

متن اعلام المؤمنین

بحث استماع القرآن (استماع القرآن کی بحث)

یہ بات جان لیں کہ جمعہ کے دن ورات کی فضیلت وشرافت نصوصِ قطعیہ سے ثابت ہے۔

جمعہ کا دن اور رات معزز ہے

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْأَيَّامِ وَأَعْظَمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَهُوَ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ يَوْمِ الْأَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ فِيهِ خَمْسُ خِلَالٍ: خَلَقَ اللّٰهُ فِيهِ آدَمَ وَأَهْبَطَ اللّٰهُ فِيهِ آدَمَ إِلَى الْأَرْضِ وَفِيهِ تَوَفَّى اللّٰهُ آدَمَ وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يَسْأَلُ الْعَبْدُ فِيهَا شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ مَا لَمْ يَسْأَلْ حَرَامًا وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ وَلَا سَمَاءٍ وَلَا أَرْضٍ وَلَا رِيَاحٍ وَلَا جِبَالٍ وَلَا بَحْرٍ إِلَّا هُوَ مُشْفِقٌ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔

ترجمہ: جمعہ تمام دنوں کا سردار ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں عظمت والا ہے، اور یہ عیدین کے دنوں سے بھی افضل ہے۔ اس دن کی پانچ صفات ہیں: جمعہ کو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، پھر زمین پر بھی اتارا، اور جمعہ کو آدم علیہ السلام فوت ہوئے، اس ہی دن قیامت آئے گی، اس دن جو سوال کیا جائے اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے بشرطیکہ حرام چیز کا سوال نہ کرے، اسی دن قیامت آئے گی۔ تمام فرشتے، آسمان وزمین، ہوا اور پہاڑ وسمندر سب جمعہ کے دن ڈرتے ہیں، خوفزدہ رہتے ہیں۔[1]

اور حدیث میں ہے کہ:

لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ أَغَرُّ وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ أَزْهَرُ». رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ۔

ترجمہ: جمعہ کی رات معزز (عزت والی) ہے اور جمعہ کا دن روشن ہے۔[2]

ان تمام فضائل کا نتیجہ یہ ہے کہ تمام مسلمانوں کو اس دن رات کی تعظیم کرنی چاہیئے اور ان کے اوقات میں ذکر وعبادت میں مشغول ہونا چاہیئے۔ یہی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی عادت مبارکہ تھی۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۴۳۹، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۴۳۲، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

نبی کریم ﷺ جمعہ کے دن کی قولاً و فعلاً تعظیم فرماتے تھے

جیسا کہ سفر السعادۃ میں ہے:

عادت کریمہ و سنت قویمہ حضرت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم آن بود کہ روزِ جمعہ را قولاً و فعلاً تعظیم کردوے بانواع تکریم و تشریف مخصوص و مشرف داشتے وبعبادت گوناگوں از ذکر و نماز و دعا و تصدق و غسل و امثالِ آن محفوف گردانیدے۔

ترجمہ: جمعہ کے دن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی عادتِ کریمہ یہ تھی کہ قولاً و فعلاً اس کی تعظیم فرماتے تھے، اور اس کے اوقات کو مختلف عبادات سے مشرف فرماتے۔ اس دن نماز، دعا، صدقہ، غسل وغیرہ اعمال حسنہ فرماتے تھے۔[1]

نبی کریم ﷺ نے مسلمانوں کو جمعہ کے دن ورات میں عبادت کی ترغیب فرمائی

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی طرف سے ہم مسلمانوں کو جمعہ کے دن اور رات کو عبادت کی ترغیب دی گئی ہے۔

کشف الغمہ میں ہے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآلهٖ واصحابهٖ وسلم یحث کثیرا علی الصلاۃ والتسلیم علیه یوم الجمعة ولیلتها ویقول أکثروا علیه من الصلاۃ في اللیلة الغراء والیوم الأظهر فإنه مشهود ما من عبد یصلي علی فیه الا عرضت صلاته علی حین یفرغ منها اھ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم جمعہ کے دن اور رات کو عبادت کی ترغیب دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ مجھ پر روشن دن رات کو زیادہ درود شریف پڑھا کرو کہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں، اور جمعہ کو جب بھی کوئی مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے تو فارغ ہوتے ہی وہ درود شریف مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔[2]

---

1 (شرح سفر السعادۃ، ص ۸۰)

2 (کشف الغمہ، فصل فی آداب یوم والحضور، ص ۱۸۳، مکتبہ دار الفکر، بیروت)

جس نے جمعہ کی رات سورۃ یٰس پڑھی تو اس کی مغفرت ہو گی

نیز کشف الغمہ میں ہے:

ومن قرء حم الدخان ليلة الجمعة أو يومها غفر له ذنوبه و أصبح يستغفر له سبعون ألف ملک و بنى الله له بيتا في الجنة و كان صلى الله تعالىٰ عليه و آلهٖ و اصحابهٖ و سلم يقول من قرء سورة يٰس في ليلة الجمعة غفر له۔

ترجمہ: جس نے جمعہ کے دن یا رات کو سورۃ دخان پڑھی تو اس کے گناہ معاف ہوں گے اور صبح ہوتے ہی اس کے لئے ستر ہزار فرشتے مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بناتا ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ جس نے جمعہ کی رات کو سورۃ یٰس پڑھی تو اس کی مغفرت ہو گی۔[1]

جمعہ کی رات کوئی سائل محروم نہیں ہو تا جب تک حرام کا سوال نہ کرے

نیز کشف الغمہ میں ہے:

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و آلهٖ و اصحابهٖ و سلم يقول ينزل ربنا إلى سماء الدنيا ليلة الجمعة من غروب الشمس إلى طلوع الفجر فلا يرد سائلا قط مالا يسئل هجرا و كان صلى الله تعالىٰ عليه و آلهٖ و اصحابهٖ و سلم يقول تضاعف الحسنات يوم الجمعة، اھ۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کی رات کو اللہ تعالیٰ غروب شمس سے طلوعِ فجر تک آسمانِ دنیا پر تجلی فرماتا ہے، اور کوئی سائل محروم نہیں ہو تا جب تک حرام کا سوال نہ کرے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن نیکیاں بڑھائی جاتی ہیں۔[2]

ان احادیث مبارکہ اور کتبِ معتبرہ سے ثابت ہوا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے جمعہ کے دن اور رات کو مختلف عبادات کے ساتھ خاص فرمایا ہے۔ اور اپنی امت کو جمعہ کے دن رات کو عبادات کی ادائیگی کی ترغیب فرمائی ہے، اور جمعہ کے اوقات میں عبادات میں مشغول ہونا اللہ تعالیٰ کے قرب و تقرب کا ذریعہ ہے۔

---

[1] (كشف الغمه، فصل فى آداب يوم و الحضور، ص ۱۸۳، مكتبه دار الفكر، بيروت)

[2] (كشف الغمه، فصل في التطيب و التدهن وقلم الأظفار و التجمل و الغسل و التبكير وغير ذلك، ص ۱۸۲، مكتبه دار الفكر، بيروت)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو فضیلت والے اوقات میں فضیلت والے اعمال میں استعمال فرماتا ہے

جیسا کہ احیاء العلوم میں ہے:

بالجملة ينبغي أن يزيد في الجمعة في أوراده وأنواع خَيْرَاتِهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا استعمله في الأوقات الفاضلة بفواضل الأعمال۔

ترجمہ: بالجملہ یہ کہ جمعہ کے دن مختلف النوع عبادات واوراد میں اضافہ کیا جائے، صدقات دیئے جائیں۔ بے شک جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اسے فضیلت والے اوقات میں فضیلت والے اعمال میں استعمال فرماتا ہے (مصروف کر دیتا ہے)۔[1]

تو یہ جو اس زمانے کے بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جمعہ کی رات کو سورۃ الملک پڑھنا بدعت ہے، اور اس کے منع کرنے کے لئے بہت کوشش اور جدوجہد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ جمعہ کی رات کی تخصیص ہے جو جائز نہیں ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ نفسِ تخصیص اور جمعہ کے دن اور رات کی زیادتِ ثواب اعمال تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے منقول ہے۔ اور ان فضائل کے لئے ترغیباتِ قولیہ بھی کافی موجود ہیں۔ اور کسی عمل کی تخصیص پر نہ شارع کی طرف سے تصریح ہے اور نہ ممانعت ہے۔ تو ہر مسلمان کسی بھی عملِ صالحہ کے کرنے پر مختار ہے جس کو وہ کرنے کی طاقت رکھتا ہو۔ تو اگر کوئی شخص شبِ جمعہ کو خود یا دوسرے سے سورۃ الملک کی تلاوت کو پڑھے یا سُنے تو اس میں کیا قباحت و حرج ہے؟ اب اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ اس نے تخصیص کرکے برا کیا تو ہم کہتے ہیں کہ اگر وہ شخص کوئی سورت یا نوافل پڑھے اور تم اعتراض کرو کہ تم نے اس کی تخصیص کیوں کی؟ پھر وہ کوئی اور سورت پڑھے اور تم بولو کہ تم نے اس کی تخصیص کیوں کی؟ تو وہ شخص ہکا بکا رہ جائے گا اور تمام اعمالِ صالحہ ہی چھوڑ دے گا، اور مولوی مفتاح الدین صاحب کے اعتراض سے بچ جائے گا (اور مولوی جورہ کا دل باغ باغ ہو جائے گا، مترجم)۔

حالانکہ سورۃ ملک کی تلاوت شبِ جمعہ کو احادیثِ مبارکہ اور کتبِ معتبرہ سے ثابت ہے۔ کاش کہ مولوی مفتاح الدین صاحب ذرا آرام میں خلل لاتے اور کتب کا مطالعہ کرتے تو اپنی طرف سے فتویٰ نہ جھاڑتے۔

---

[1] (احیاءعلوم الدین، ج ۱، ص ۱۸۸، الناشر: دار المعرفة- بیروت)

سنت کو بدعت کہنے پر

حاشیہ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

مکتوباتِ امام ربانی میں ہے:

منقول است کہ حضرت مہدی در زمان سلطنت خود چون ترویج دین نماید و احیای سنت فرماید، عالم مدینہ کہ عادت بہ عمل بدعت گرفتہ بود و آن را حسن پنداشتہ، ملحق باین ساختہ، از تعجب گوید کہ این مرد رفع دین مانمودہ و اماتت ملت مافرمودہ۔ حضرت مہدی امر بہ کشتن آن عالم فرماید و حسنہ او را سیئہ انگارد۔ (ذلک فضل اللہ یو تیہ من یشاء و اللہ ذو الفضل العظیم)

و السلام علیکم و علیٰ سائر من لدیکم۔

ترجمہ: منقول ہے کہ حضرت مہدی رضی اللہ عنہ اپنی سلطنت کے زمانہ میں جب دین کو رواج دیں گے۔ اور سنت کو زندہ فرمائیں گے۔ تو مدینہ کا عالم جس نے بدعت پر عمل کرنے کو اپنی عادت بنائی ہو گی۔ اور اس کو حسن خیال کر کے دین کے ساتھ ملا لیا ہو گا۔ تعجب سے کہے گا کہ اس شخص نے ہمارے دین کو دور کر دیا ہے۔ اور ہمارے مذہب و ملت کو مار دیا اور خراب کر دیا ہے۔ حضرت مہدی رضی اللہ عنہ اس عالم کے قتل کا حکم فرمائیں گے اور حسنہ کو سیئہ خیال کریں گے۔

ذالک فضل اللہ یؤ تیہ من یشاء و اللہ ذو لفضل العظیم۔

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔

و السلام علیکم و علی سائر من لدیکم۔

اور آپ پر اور ان سب پر جو آپ کے پاس ہیں سلام ہو۔[1]

بطور تمثیل ایک حکایت پیش کرنا چاہتا ہوں ان علماء کے لئے جو بدعت کو سنت کہتے ہیں اور خود بدعت میں مبتلا ہیں۔

---

[1] (مکتوب نمبر ۲۵۵، مکتوبات امام ربانی)

حکایت

أبو القاسم ھبۃ اللہ بن الحسن بن منصور الطبری الرازی اللالکائی لکھتے ہیں:

عَنْ خَالِدِ بْنِ ثَابِتٍ الرَّبْعِيِّ, قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّهُ كَانَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ شَابٌّ قَدْ قَرَأَ الْكِتَابَ وَعَلِمَ عِلْمًا, وَكَانَ مَغْمُورًا, وَأَنَّهُ طَلَبَ بِقِرَاءَتِهِ الشَّرَفَ وَالْمَالَ, وَأَنَّهُ ابْتَدَعَ بِدْعَةً فَأَدْرَكَ الشَّرَفَ وَالْمَالَ فِي الدُّنْيَا, وَأَنَّهُ لَبِثَ كَهَيْئَتِهِ حَتَّى بَلَغَ سِنًّا, وَأَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ نَائِمٌ ذَاتَ لَيْلَةٍ عَلَى فِرَاشِهِ إِذْ تَفَكَّرَ فِي نَفْسِهِ فَقَالَ: «هَبْ هَؤُلَاءِ النَّاسَ لَا يَعْلَمُونَ, أَلَيْسَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلِمَ مَا ابْتَدَعْتُهُ؟ فَقَدِ اقْتَرَبَ الْأَجَلُ, فَلَوْ أَنِّي تُبْتُ." فَبَلَغَ مِنَ اجْتِهَادِهِ فِي التَّوْبَةِ أَنَّهُ عَمَدَ فَخَرَقَ تَرْقُوَتَهُ, ثُمَّ جَعَلَ فِيهَا سِلْسِلَةً, ثُمَّ أَوْثَقَهَا إِلَى آسِيَةٍ مِنْ أَوَاسِي الْمَسْجِدِ, وَقَالَ: لَا أَبْرَحُ مَكَانِي حَتَّى يُنْزِلَ اللَّهُ فِيَّ تَوْبَةً أَوْ أَمُوتَ مَوْتَ الدُّنْيَا. وَكَانَ لَا يَسْتَنْكِرُ الْوَحْيَ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَأُوحِيَ وَحْيُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي شَأْنِهِ إِلَى نَبِيٍّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ: إِنَّكَ لَوْ كُنْتَ أَصَبْتَ ذَنْبًا فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَكَ لَتُبْتُ عَلَيْكَ بَالِغًا مَا بَلَغَ, وَلَكِنْ كَيْفَ بِمَنْ أَضْلَلْتَ مِنْ عِبَادِي فَمَاتُوا فَأَدْخَلْتُهُمْ جَهَنَّمَ, فَلَا أَتُوبُ عَلَيْكَ۔

ترجمہ: خالد بن ثابت الربعی نے کہا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک نوجوان تھا جس نے کتاب کی قرآۃ بھی پڑھ لی تھی اور علم بھی سیکھا تھا (یعنی اپنے وقت کا جیّد عالم تھا) لیکن مجہول تھا۔ اور شان یہ ہے کہ اُس نے اُس علم اور قرآۃ سے مال وشرف طلب کیا اور بدعتوں میں مبتلا ہوا، پس اس نے شرف اور مال تو دُنیا میں پالیا اور اسی ہیئت میں تھا یہاں تک کہ اُس کی عمر بڑھ گئی۔ اس اثناء میں یہ رات کو اپنے بستر میں سویا ہوا تھا کہ دل میں خیال آیا، پس کہا کہ ان لوگوں کو تُو چھوڑ ان کو تو کسی بارے میں علم نہیں، کیا اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کو جو بدعت تونے اختیار کی ہے اس کے بارے میں علم نہیں ہے؟ پس تحقیق کے ساتھ اجل بھی تیرے قریب ہوئی ہے، کاش کہ تو توبہ کرلے! پس اُس نے توبہ کرنے کی کوشش کی۔ پس اُس نے اپنے ترقوت کو پھاڑ دیا اور اس میں ایک مضبوط رسی ڈالی اور اس (رسی) کے ذریعے مسجد کے ستونوں میں سے کسی ایک ستون کے ساتھ باندھ لیا، اور کہا کہ میں اپنی جگہ سے نہیں ہٹوں گا، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ میری توبہ قبول فرمائے یا پھر میں یہاں پر مر جاؤں۔ بنی اسرائیل میں اُس وقت کے انبیاء کرام علیہم السلام پر وحی آیا کرتی تھی، پس اللہ تعالیٰ نے اُس کی شان میں اُس وقت کے انبیاء کرام میں سے کسی ایک نبی پر وحی نازل فرمائی، اور فرمایا: اگر تو گناہ کرتا وہ گناہ میرے اور تیرے درمیان میں ہوتا پس تیرے گناہ جتنے بھی بڑے ہوتے تو میں تیری توبہ کو قبول فرمالیتا لیکن میں کیسے تیری توبہ کو قبول کرلوں کہ جن بندوں کو تونے گمراہ کیا اور وہ مر گئے اور میں نے ان کو جہنم میں داخل کیا۔ پس میں تیری توبہ قبول نہیں کروں گا۔[1]

---

[1] (شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة، ج ١، ص ٨٢، دار الکتب العلمیة، بیروت)

پس ثابت ہوا کہ صاحبِ اصلاح الرسوم ان لوگوں میں سے ہیں جو سنتوں کو بدعت کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کو گمراہیوں میں مبتلا کر دیتے ہیں تو ایسے لوگوں کو کس طرح توبہ نصیب ہو سکتی ہے؟

نیم ملانیک علماء کرام کا انکار کرنے پر مجبور ہوتے ہیں

الشیخ عبدالغنی النابلسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

وهذه الأمور كلها طريقة المتفقهة في المذاهب لا الفقهاء فان المتفققهة قاصرون ومرادهم ان يغرفوا بين الناس بالعلم والفقه لأجل إغراض شيطانية يريدون انفاذها وشهوات نفسانية يحاولون ايجادها فيضطر بهم الأمر إلى التفتيش عن عيوب الناس فكيف يؤولون شيئًا مقصودهم التفتيش عليه ومتى وظفروا بوجه فاسد في حال انسان فكأنهم ظفروا بملك الدنيا ففي قلوبهم الفرح الشديد فمن المحال ان يقيلوا اعثرة مؤمن او يتغافلوا عن زلة بمسلم لانهم في زعمهم لا يرتقون ويرتفعون الا بانكار المناكر خصوصًا على الكامل الخاشع والعابد الذاكر۔

ترجمہ: اس قسم کے تمام کام نیم ملاؤں کے ہوتے ہیں، جبکہ فقہاء کرام کی یہ حالت نہیں رہی کیونکہ مقصود ان کا انکار کرنے سے لوگوں کے درمیان علم وفقہ کے ساتھ شہرت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اعتراضِ شیطانیہ اور شہواتِ نفسانی ان کو انکار کرنے پر مجبور کر دیتے ہیں تو اس مجبوری کی وجہ سے یہ لوگ لوگوں کے عیوب کی تلاش کرتے رہتے ہیں۔ تو وہ کیسے (علماء کرام کے قول وفعل کی) اچھی تاویل کریں، جبکہ مقصود ان کا مذکورہ شہرت حاصل کرنا ہو۔ جبکہ یہ لوگ علماء کرام کے عیوب کی تفتیش کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں تو ان کو اتنی زیادہ خوشی ہوتی ہے، گویا وہ ساری دنیا کے مالک بن گئے۔ یہ تو ہے ہی محال ونا ممکن کہ کسی مؤمن ومسلمان کی ذلت ورسوائی سے غافل ہو جائیں۔ کیونکہ ان کی سوچ وگمان میں یہ بات ہوتی ہے کہ بلندئ علم کا اظہار اور شان وشوکت حاصل کرنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک لوگوں کے افعال واعمال کا انکار نہ کیا جائے۔ خصوصًا عابد، ذاکر، کامل ومکمل شیخ کا۔[1] انتهى عبارته

متن اعلام المؤمنین

شبِ جمعہ کو یہ چار سورتیں ضرور پڑھو چھوڑنا نہیں

احیاء العلوم کا مطالعہ کریں کہ جس کے مصنف بالاتفاق مجدد ہیں:

ولا يدع قراءة هذه الأربع سور (أي يس والسجدة اللقمان والدخان وسورة الملك) في ليلة الجمعة ففيها فضل كثير۔

[1] (الحديقة الندية في الطريقة النقشبندية، ص ۹۶، ۹۷، المكتبة الحقيقة، استنبول، تركيه)

ترجمہ: شبِ جمعہ کو یہ چار سورتیں ضرور پڑھو چھوڑنا نہیں (سورۃ یٰسٓ، سورۃ السجدۃ، سورۃ اللقمان، سورۃ الدخان اور سورۃ الملک) کہ اس میں بہت فضیلت ہے۔[1]

احیاء العلوم میں ہے:

فإن لم يصل فلا يدع قراءة هذه السور أو بعضها قبل النوم۔

ترجمہ: اگر نماز نہیں پڑھیں تو یہ ساری سورتیں یا بعض نہ چھوڑنا سونے سے پہلے یعنی ضرور پڑھو۔[2]

اور فتاویٰ دستور القضاۃ میں ہے:

من قرء في كل ليلة الجمعة بعد العشاء الاخيرة تبارک الذي بيده الملک إذا مات ينزل به منكر و نكير فيقول من ربک فيقول نكير لمنكر لا تسأله من ربک فإنه كان يقرء تبارک الذي بيده الملک، اھ۔

ترجمہ: جو شخص شب جمعہ کو عشاء کی نماز کے بعد سورۃ الملک پڑھے گا تو جب وہ مرے گا اور اس کی قبر میں منکر و نکیر آکر اس سے سوال کریں گے کہ آپ کا رب کون ہے؟ تو نکیر منکر سے کہے گا کہ اس سے یہ سوال نہ کرنا کیونکہ یہ سورۃ الملک پڑھا کرتا تھا۔[3]

یہ ہیں علماء کرام کی تصریحات سورۃ الملک وغیرہ دیگر سورتوں کے پڑھنے کے بارے میں۔ پس شبِ جمعہ اور جمعہ کی فضیلت اور اعمال کا زیادہ ہونا دلائل سے ثابت ہو چکا ہے۔ اب اگر کوئی شخص خود نہیں پڑھ سکتا اور کسی اور سے سنے تو اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ بلکہ پڑھنے سے زیادہ ثواب سننے میں ہے۔

قرآن کا سننا پڑھنے سے زیادہ اچھا ہے

جیسا کہ کبیری میں ہے:

استماع القرآن افضل من تلاوته، اھ۔

ترجمہ: قرآن کا سننا پڑھنے سے زیادہ اچھا ہے۔[4]

هكذا في الحموی، ص ۳۰۹، و الطحطاوي، ص ۱۴۴۔

اسی طرح حموی، ص ۳۰۹ اور طحطاوی، ص ۱۴۴ میں ہے۔

---

[1] (احیاء العلوم، ج ۱، ص ۱۸۷، الناشر: دار المعرفة-بيروت)

[2] (احیاء العلوم، ج ۱، ص ۳۴۱، الناشر: دار المعرفة-بيروت)

[3] (فتاویٰ دستور القضاۃ، ص ۴۸، الفتاویٰ الحنفیة، ص ۱۷۰، دار الکتب، بشاور)

[4] (کبیری، ص ۴۲۷، مکتبہ اسلامی، کانسی روڈ، کوئٹہ)

قاری کو ایک اجر اور سننے والے کو دو اجر ملتے ہیں

تفسیر روح البیان میں ہے:

وللقاریء أجر وللمستمع أجران لأنه یسمع وینصت أو یسمع بإذنیه یقرأ بلسان واحد والمستمتع یؤدي القرض (وهو الإنصات والإستماع ولهذاقالو استماعه أصوب من تلاوته) ولذاقالوا استماعه أثوب من تلاوته، اھ۔

ترجمہ: قاری کو ایک اجر اور سننے والے کو دو اجر ملتے ہیں کیونکہ وہ سنتا اور خاموش رہتا ہے یا یہ کہ وہ دو کانوں سے سنتا ہے اور قاری ایک زبان سے پڑھتا ہے۔ سننے والا فرض کا ادا کرنے والا ہے جو خاموش رہنا اور سننا ہے۔ اسی وجہ سے علماء نے فرمایا کہ قرآن کا سننا پڑھنے سے زیادہ اچھا ہے۔[1]

قرآن مجید کی تلاوت سُننے کی لذت تمام لذات سے عالی ہونی چاہیئے

اور قطب الارشاد میں ہے:

وینبغي أن یکون لذة العارف بإستماع القرآن فوق جمیع المستلذات لان مجالسة الرسل بالاتباع ومجالسة الحق بالاصغاء إلی مایقوله ومن لم یجد لذة التلاوة فهو إنما یتلو حروفا ممثلة في خیاله حصل له من ألفاظ معلمه، اھ۔

ترجمہ: مناسب یہ ہے کہ سننے والا عارف ہو اور قرآن سننے کی لذت تمام لذات سے عالی ہو۔ کیونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ مجلس (بیٹھنا) اتباع کے طور پر ہے، اور حق (اللہ) تعالیٰ کے ساتھ مجلس (بیٹھنا) اس کے قول (قرآن) سُننے کی حیثیت سے ہے، اور قرآن کی تلاوت سے لذت حاصل نہیں کرتا تو وہ صرف وہ حروف تلاوت کرتا ہے کہ جو اس کے خیال میں سکھائے ہوئے سے متمثل ہو کر آتے ہیں۔[2]

اب ہم حیران ہیں کہ ان اسلاف علمائے کرام کے قول پر عمل کریں یا مولوی مفتاح الدین کے قول پر؟ ہر بندہ کو اس میں سوچنا چاہیئے کہ کیا کرے۔

یاد رکھیں کہ قرآن مجید کا سننا کسی اور سے ہر وقت کتب معتبرہ کی تصریحات سے ثابت ہے۔ خواہ وہ پڑھنے کا مطالبہ کرے یا نہ کرے۔

---

[1] (روح البیان، ج ۱۰، ص ۱۵۹، دار النشر/دار إحیاء التراث العربی)

[2] (قطب الارشاد، ص ۳۵۲)

اس پر حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول دلالت کرتا ہے:

عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: «اقْرَأْ عَلَيَّ» . قُلْتُ: أَقْرَأُ عَلَيْکَ وَعَلَيْکَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: «إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي» . فَقَرَأْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى أَتَيْتُ إِلَى هَذِهِ الْآيَةِ (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِکَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدا) قَالَ: «حَسْبُکَ الْآنَ» . فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ۔

ترجمہ: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: جب کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم منبر پر تھے کہ مجھے قرآن سناؤ، میں نے کہا کہ قرآن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پر نازل ہوا ہے تو میں کیسے سناؤں؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: میں یہ چاہتا ہوں کہ کسی اور سے سنوں۔ تو میں نے سورۃ النساء کی تلاوت کی۔ جب آیت "فکیف اذا جئنا إلخ" تک پہنچا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا بس بس کافی ہے۔ جب میں نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو دیکھا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی آنکھوں مبارک سے آنسو جاری تھے۔[1]

کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟

دوسری روایت جو اس پر دلالت کرتی ہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہے:

عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: «إِنَّ اللہَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْکَ الْقُرْآنَ» قَالَ: آللہُ سَمَّانِي لَکَ؟ قَالَ: «نَعَمْ» . قَالَ: وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ؟ قَالَ: «نَعَمْ» . فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ . وَفِي رِوَايَةٍ: "إِنَّ اللہَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْکَ (لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا) قَالَ: وَسَمَّانِي؟ قَالَ: «نَعَمْ» . فَبَكَى۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ آپ کو قرآن سنا دوں۔ ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: ہاں! آپ کا نام لیا ہے۔ تو ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ دوسری روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ آپ کو قرآن سناؤں، تو انہوں نے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: ہاں، تو وہ رونے لگے۔[2]

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۶۷۲، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۶۷۲، المکتب الإسلامي - بیروت)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت بھی اسی طرح ہے:

قوله: (جلست في عصابة) بالكسر أي جماعة. قال الجزري: العصابة الجماعة من الناس من ضعفاء المهاجرين، وإن بعضهم ليستتر ببعض من العرى، وقاري يقرأ علينا إذ جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام علينا، فلما قام رسول الله صلى الله عليه وسلم سكت القاري فسلم، ثم قال: ما كنتم تصنعون. قلنا: كنا نستمع إلى كتاب الله فقال: الحمد لله الذي، إلخ۔

ترجمہ: فرماتے ہیں کہ میں ضعفاء صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں بیٹھا ہوا تھا، اور وہ بوجہ عدم ستر کے ایک دوسرے سے چھپتے تھے۔ اور ایک قاری ہم پر تلاوت کر رہا تھا۔ اتنے میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم تشریف لائے اور ہمارے پاس کھڑے ہو گئے، جس سے قاری خاموش ہو گئے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: تم لوگ کیا کر رہے تھے؟ ہم نے کہا کہ ہم قرآن سن رہے تھے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: الحمد للہ۔[1]

جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سُنو

اور فرمان الٰہی ہے:

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (الأعراف ۲۰۴)

ترجمہ: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔

یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ قرآن سننا لازم اور تلاوت کے وقت خاموش رہنا واجب ہے خواہ نماز میں ہو یا نماز کے بعد۔ کیونکہ اعتبار لفظ کے عموم کے لئے ہے نہ حادثہ (واقعہ) کے خصوص کا۔ لیکن کسی اور سے قرآن سننا نماز کے باہر مستحب ہے۔ اسی وجہ سے عام علماء کرام اس کے قائل ہیں کہ نماز کے علاوہ دیگر اوقات میں قرآن کا سننا مستحب ہے۔

قرآن کی تلاوت خواہ نماز میں یا غیر نماز میں خاموشی سے سُننی چاہیئے

تفسیر احمدی میں ہے:

وذلک لان اللہ تعالیٰ امر باستماع القرآن والانصات عند قرأۃ القرآن مطلقًا سواء کان في الصلاۃ او في غیرھا ولما کان عامۃ العلماء غیر قائلین بوجوب الاستماع خارج الصلوٰۃ بل باستحبابه۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے قرآن سننے اور خاموش رہنے کا امر (حکم) دیا ہے جب قرآن کی تلاوت کی جائے، خواہ نماز میں ہو یا غیر نماز میں۔ لیکن عام علماء کرام خارج از نماز قرآن کے سننے کے وجوب کے قائل نہیں ہیں بلکہ مستحب مانتے ہیں۔[2]

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج۷، ص ۵۵۳)

[2] (تفسیر احمدی، ص ۲۸۰)

الحاصل یہ کہ نماز میں قرآن سننا اور خاموش رہنا واجب ہے۔ اور نماز کے باہر مستحب ہے۔

کبھی کبھی کسی اور سے قرآن سُننا سُنت ہے

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

و من السنة أن يستمع القرآن أحياناً من الغير. و كان عليه السلام يستمع قراءة أبيّ و ابن مسعود رضي الله عنهما. و كان عمر رضي الله عنه يستمع قراءة أبي موسى الأشعري رضي الله عنه و كان حسن الصوت و استماع القرآن في الصلاة فرض و في خارجها مستحب عند الجمهور فعليك بالتذكير و التحفظ و الاستماع۔

ترجمہ: سنت یہ ہے کہ کبھی کبھی کسی اور سے قرآن سنے، کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بھی حضرت ابی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سنتے تھے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنتے تھے جو بہت خوش الحانی سے قرآن پڑھتے تھے۔ نماز میں قرآن سننا فرض ہے اور جمہور کے نزدیک نماز کے باہر سننا مستحب ہے۔ اسی طرح اس میں ہے: قرآن کے نزول سے مقصود حقائق کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہے اور نماز میں قرآن سننا واجب اور خارج از نماز مستحب ہے۔[1]

قرآن کے نزول سے مقصود حقائق کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہے

اسی طرح روح البیان میں ہے:

ولكون المقصود من انزل القرآن فهم الحقائق و العمل بالفحاوى شرع الإنصات لقرآءة القرآن وجوبا فى الصلاة وندبا فى غيرها۔

قرآن کے نزول سے مقصود حقائق کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہے اور نماز میں قرآن سننا واجب اور خارج از نماز مستحب ہے۔[2]

معلوم ہوا کہ خارج از نماز قرآن سننا مستحب ہے، لہٰذا شبِ جمعہ کو سورۃ الملک اور تئیس رمضان کو سورۃ العنکبوت کے سننے کو بدعت نہیں کہا جا سکتا، بلکہ مستحب ہے۔ جس پر اکثر معتبر کتب نے تصریح کی ہے۔ اور اگر کوئی کہے کہ یہ بدعت ہے کیونکہ ان اوقات کے ساتھ تخصیص ہے تو ہم کہیں گے کہ تخصیص کا معنی یہ ہے کہ پڑھنے والا یہ یقین کرے کہ اس وقت اس سورت کے علاوہ کوئی اور سورت یا عبادت میں کوئی ثواب نہیں ہے۔ حالانکہ یہ عقیدہ اور گمان کسی بھی مسلمان کا نہیں ہے۔

---

[1] (تفسیر روح البیان، ج۷، ص۱۳۳، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

[2] (تفسیر روح البیان، ج۱۰، ص۱۵۹، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

اور اگر کوئی کہے کہ یہ تخصیص ہے تو محض الزام ہے، جس کی تحقیق آ رہی ہے۔ حالانکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عادت یہ تھی کہ جب مل بیٹھتے تھے تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کسی صحابی کو قرآن کی تلاوت کا حکم دیتے تھے تاکہ قرآن کے پڑھنے سننے سے کامل ثواب مل جائے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جب مل کر بیٹھتے تو کسی ایک کو سورت کی تلاوت کا حکم دیتے

جیسا کہ احیاء العلوم میں ہے:

كان أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم إِذَا اجْتَمَعُوا أَمَرُوا أَحَدَهُمْ أَنْ يَقْرَأَ سُورَةً من القرآن۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جب مل بیٹھتے تو کسی ایک کو کسی سورت کے پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔[1]

ہر عقل مند مؤمن کے لئے ضروری ہے کہ ہر وقت کسی اور سے قرآن سننے کا بولا کرے تاکہ کامل ثواب حاصل ہو۔

عقل مند مؤمن کے لئے ضروری ہے کہ ہر وقت کسی اور سے قرآن سننے کا بولے

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

وللقارىء أجر وللمستمع أجران لأنه يسمع وينصت أو يسمع بإذنيه يقرأ بلسان واحد والمستمتع يؤدي القرض ولذا قالوا استماعه أثوب من تلاوته۔

ترجمہ: قاری کے لئے ایک اجر اور سننے والے کے لئے دو اجر ہیں کہ وہ سنتا اور خاموش رہتا ہے، اور دونوں کانوں سے سنتا ہے اور قاری ایک زبان سے پڑھتا ہے۔ اور سننے والا فرض ادا کرتا ہے تو خاموش رہنا ہے اور سننا ہے اس وجہ سے علماء نے کہا کہ سننا تلاوت سے زیادہ اچھا اور بہتر ہے۔[2]

اگر کوئی قاری لوگوں کے سامنے یہ سوچ کر تلاوت کرے کہ یہ لوگ خوش ہوں گے تو اس کے لئے مناسب ہے کہ بلند آواز سے تلاوت کرے، کیونکہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ جو قرآن نہیں پڑھ سکتے تو ان کو سننے کا ثواب مل جائے گا، اور قاری کو پڑھنے کا۔

روح البیان میں ہے:

استماع القرآن أثوب من تلاوته انتهى.

---

[1] (احیاءالعلوم، ج ۱، ص ۲۸۰، الناشر: دار المعرفة - بیروت)

[2] (روح البیان، ج ۱۰، ص ۱۵۹، دار النشر / دار إحياء التراث العربي)

فما يفعل البعض في هذا الزمان من إخفاء آية الكرسي في بعض الجوامع و المجامع ليس على ما ينبغي و ذلك لأن في القوم من هو أمي لا يحسن قراءة الآية المذكورة فاللائق أن يجهر بها المؤذن لينال المستمعون ثواب التلاوة بل أزيد وهو ظاهر على أرباب الإنصاف و لا يخرج عن هذا الحد إلا أصحاب الاعتساف۔

ترجمہ: قرآن کے سننے میں پڑھنے سے زیادہ ثواب ہے، آج کل جو لوگ مجامع (محافل) میں خاموشی سے آیۃ الکرسی پڑھتے ہیں تو ان کے لئے ایسا کرنا مناسب نہیں ہے، کیونکہ قوم میں ایسے لوگ ہوتے ہیں کہ جو خود قرآن نہیں پڑھے ہوتے تو بہتر یہ ہے کہ بلند آواز سے پڑھے تاکہ ان کو بھی سننے کا ثواب ملے، یہ باب انصاف پسند لوگوں پر ظاہر ہے اور ظالم اس طرح کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔[1]

هكذا في الحموى، ص ٣٠٩، و الكبيري، ص ٤٢٧، و الطحطاوي، ص ١٧٤ و روح البيان، ج ٤، ص ١٦٧۔

اسی طرح حموی، ص۳۰۹، الکبیری، ص۴۲۷، الطحطاوی، ص۱۷۴اور روح البیان، ج۴، ص۱۶۷ میں ہے۔

ایک شخص کا قرآن پڑھنا اور باقی کا سننا تمام کے پڑھنے کے حکم میں ہے

اور ایک شخص کا قرآن پڑھنا اور باقی سب لوگوں کا سننا تمام کے پڑھنے کے حکم میں ہے۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

و ذلک لان استماع القرآن أتوب من تلاوته فاذا قرأ المؤذن و استمع الحاضرون کانوا کأنهم قرأوا جميعا۔

ترجمہ: قرآن کا سننا پڑھنے سے زیادہ ثواب رکھتا ہے اور جب قاری تلاوت کرے اور باقی سنیں تو گویا کہ سب نے قرآن پڑھ لیا۔[2]

جب یہ معلوم ہوا کہ قاری اور سامع سب بمنزلہ قاری کے ہیں تو اسی وجہ سے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس وقت حکم فرمایا کرتے تھے کہ جب تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جمع ہو جاتے کہ ایک تلاوت کرے اور باقی سب سنیں، تاکہ تمام ثواب میں داخل ہو جائیں۔

نبی کریم ﷺ مسجد میں قاری کو قرآن مجید پڑھنے کا حکم فرماتے

شرح الطحطاوی میں ہے:

و قد كان صلى الله عليه وسلم يأمر من يقرأ القرآن في المسجد أن يسمع قراءته و كان ابن عمر يأمر من يقرأ عليه و على أصحابه وهم يستمعون و لأنه أكثر عملا و أبلغ في التدبر و نفعه متعد لإيقاظ قلوب الغافلين۔

---

[1] (روح البيان، ج۵، ص ۱۸۴، دار النشر/دار إحياء التراث العربي)

[2] (روح البيان، ج۹، ص ۲۵۱، الناشر: دار الفكر-بيروت)

ترجمہ: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم مسجد میں قاری قرآن کو حکم دیتے کہ قرآن مجید پڑھے تاکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اس کی قرأت سنیں۔ اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی قاری کو حکم دیتے کہ قرآن پڑھے تاکہ وہ خود اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم قرآن سنیں، کیونکہ یہ عمل کے لحاظ سے زیادہ اور تدبر میں ابلغ ہے۔ اور اس کا نفع متعدی ہے کہ غافلوں کے دلوں کو بیدار کرتا ہے۔[1]

تمام لوگوں کا ایک ساتھ قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے

اور تمام لوگوں کو ایک ساتھ قرآن پڑھنا مکروہ ہے۔

جیسا کہ طحطاوی میں ہے:

يكره للقوم أن يقرؤوا القرآن جملة لتضمنها ترك الاستماع والإنصات۔

ترجمہ: مکروہ ہے قوم کے لئے کہ وہ سب کے سب قرآن پڑھیں کیونکہ اس میں سننا اور خاموش رہنا ترک ہو جاتا ہے۔[2]

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

ولو قرأ واحد واستمع الباقون فهو أولى انتهى. وجه الأولوية أن الغرض الأهم من القراءة إنما هو تصحيح مبانيها لظهور معانيها ليعمل بما فيها وفي القراءة بصوت واحد يتشوش الخواطر۔

ترجمہ: اگر ایک شخص قرأت کرے اور باقی سنیں تو یہ بہتر ہے۔ بہتری کی وجہ یہ ہے کہ اس سے معانی کا ظہور اور مبانی کی تصحیح ہوتی ہے۔ تاکہ اس کے احکامات پر عمل کیا جاسکے، اور تمام لوگوں کا ایک ساتھ پڑھنا دل کو تشویش میں ڈالتا ہے۔[3]

معلوم ہوا کہ کسی اور سے قرآن سننا خاص اوقات میں یا عام اوقات میں یا خاص کر فضیلت والے اوقات میں جیسے جمعہ کی رات کو بہت افضل ہے اور کئی فوائد کو شامل ہے۔

جس نے قرآن کی ایک آیت سُن لی تو قیامت کے دن کے لئے نور ہو گا

جیسا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

من استمع إلى آية من كتاب الله كانت له نورا يوم القيامة وفي الخبر كتب له عشر حسنات، ومهما عظم أجر الاستماع وكان التالي هو السبب فيه كان شريكا في الأجر۔

---

[1] (حاشية الطحطاوی علی المراقي الفلاح، ج ۱، ص ۲۱۴، الناشر المطبعة الكبرى الأميرية ببولاق)

[2] (حاشية الطحطاوی علی المراقي الفلاح، ج ۱، ص ۲۱۵، الناشر المطبعة الكبرى الأميرية ببولاق، الفتاویٰ الهندية، ج۵، ص ۳۱۷، الناشر دار الفكر، حلبی صغير، ج ۱، ص ۱۳۸، المكتبة الفاروقية، بريقة محمودية في شرح طريقة محمدية وشريعة نبوية، ج۵، ص ۱۸۰، المكتبة الفاروقية، روح البيان، ج۳، ص ۲۳۲، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

[3] (روح البيان، ج۵، ص ۱۰۴، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

ترجمہ: جس نے قرآن کی ایک آیت سن لی تو قیامت کے دن کے لئے نور ہو گا، اور خبر (حدیث) میں ہے کہ اس کی دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اور سب سے بڑی قرآن کا سننا ہے، اور تلاوت کرنے والا اس کا سبب ہے، تو وہ بھی اجر میں شریک ہو گا۔[1]

مولوی مفتاح الدین نے اپنی کتاب میں کسی اور سے قرآن سننے کو بدعت قرار دیا ہے، اور دورۂ اسقاط، میت کے لئے جمعہ کے دن صدقہ وغیرہ کو رسم ورواج کہا ہے۔ اسی طرح اور بھی بہت سے اُمور شرعیہ کے بارے میں حرمت کا فتویٰ دیا (قول کیا ہے) ہے۔ مگر الحمد للہ احادیث مبارکہ اور مذہب کی کتبِ معتبرہ میں یہ تمام امور اور مشروع، مستحب اور مستحسن ہیں۔

مناسب یہ ہے کہ کسی بھی طالبِ حق کے لئے ان امور میں شک وشبہ نہیں کرنا چاہیئے۔ اور جس کی آنکھوں پر تعصب کا پردہ ہو اور حق کا طالب نہیں تو ہمارا اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔

قارئین کرام ملاحظہ فرمائیں کہ علماء اصول نے اباحت وحرمت کی پہچان کے لئے ایک قاعدہ کلیہ بیان کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی بعثت سے پہلے یہ بات مسلم ہے کہ جن اشیاء میں کوئی حکم نہ ہو تو اس میں اصل یہ ہے کہ توقف (خاموشی) اختیار کی جائے۔ کیونکہ کسی چیز میں حرمت اور اباحت شریعت کی رو سے ثابت ہوتی ہے۔ جبکہ بغیر شریعت کے اس پر کوئی حکم نہیں لگایا جاسکتا۔ یعنی اس کے فاعل کو ثواب یا گناہ پانے والا نہیں کہا جاسکتا۔

اباحت وحرمت کی پہچان کے لئے قاعدہ کلیہ

اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی بعثت کے بعد اس مسئلہ میں علماء کرام کے تین اقوال ہیں:

قول اول

پہلا قول یہ ہے کہ اصل اشیاء میں حرمت ہے، یعنی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہیں اور غیر کی ملکیت میں تصرف مالک کی اجازت کے بغیر جائز نہیں ہے، اور مالک حقیقی نے اجازت نہیں فرمائی لہٰذا اباحت ثابت نہیں ہوتی۔ کہ اس میں غیر کی ملکیت کا قیام موجود ہے۔ اور جب اباحت کی دلیل ثابت ہو جائے گی تو حرمت کا حکم ختم ہو جائے گا، اور دلیل کے بعد اس میں اباحت ثابت ہو جائے گی۔

قول ثانی

دوسرا قول یہ ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ غنی اور علی الاطلاق جواد وسخی ہے۔ اور غنی آقا سخی مولا اپنے عباد (بندوں) کو اپنے مال میں تصرف سے نہیں روکتا۔ اور اس چیز سے روکتا ہے کہ جس میں بندوں کے لئے ضرر ونقصان

[1] (احیاءالعلوم، ج ۱، ص ۲۸۰، الناشر: دارالمعرفۃ-بیروت)

ہو، لہٰذا اللہ تعالیٰ کی غنی اور جواد کی صفت سے ہر چیز میں اباحتِ اصلی ثابت ہو گئی۔ اور ان میں حرمت بوجہ عوارض کے اعتبار سے آئے گی، لہٰذا جب تک کوئی عوارض ثابت نہ ہو تو پھر اباحت ہی ثابت ہو گی۔

قول ثالث

اور تیسرا قول جو مختار ہے وہ یہ ہے کہ تمام اشیاء میں نفع اور ضرر کی حیثیت سے نظر کی جائے گی، تو جو اشیاء نقصان دہ ہوں گی تو وہ حرام قرار دی جائیں گی، اس معنی میں کہ ان میں اصل حرمت ہے، اور جو اشیاء نفع سے متصف ہوں تو وہ مباح قرار دی جائیں گی کہ اس میں اصل اباحت ہے۔

اور اس کی دلیل یہ فرمانِ الٰہی ہے:

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا (البقرة ٢٩)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اپنے بندوں پر احسان کے اظہار کے مقام پر ذکر فرمائی ہے، اور احسان ہمیشہ نفع والی چیزوں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ تو اس آیت کا مقصد یہ ہے کہ میں وہ ذات ہوں کہ اپنے بندوں کے نفع کے لئے تمام اشیاء پیدا کی ہیں۔

تو اس قولِ ثالث (جو مختار ہے) سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر چیز میں اصلاً اباحت ہے۔ اب جو مولوی حرمت، قباحت یا بدعت کا قول کرتا ہے ان امور میں جن میں نزاع (اختلاف) ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے دعویٰ پر نقلی دلیل پیش کرے کیونکہ کسی چیز پر وجوب اور حرمت کا قول شارع کی طرف سے امر یا نہی صریح سے ثابت ہوتا ہے۔

وجوب اور حرمت کا اعتماد (بنیاد) امر اور نہی پر ہے

جیسا کہ فیض الباری میں ہے:

والذي يَظْهر أَنَّ الوجوبَ، والحرمة، يتبعان الأمر والنهي، دون النظر المعنوي، فلا يَجِبُ الشيءُ ولا يَحْرمُ إلا بالأمر والنهي، وبعبارةٍ أُخْرَى أنَّ المأمورَ به لا بُدَّ أَنْ يكونَ نافعًا في النَّظَر المَعْنوي، وكذلك المنهي عنه لا بُدَّ أنْ يكون مُضرًا فيه۔

ترجمہ: جو بات ظاہر ہے وہ یہ ہے کہ وجوب اور حرمت کا اعتماد (بنیاد) امر اور نہی پر ہے نہ کہ نظر معنوی پر، لہٰذا کسی کا وجوب اور حرمت امر اور نہی ہی سے ثابت ہو گی۔ اور دوسری عبارت سے اس کی مراد یہ ہے کہ مامور بہ فعل نظر معنوی میں نافع اور منہی عنہ مضر ہو گا۔[1]

---

[1] (فیض الباری شرح صحیح البخاری، ج ٢، ص ١٨٨، المکتبة الفاروقية)

حُرمت اور اباحت شریعت ہی سے ثابت ہوتی ہے

روح البیان میں ہے:

ووجه القول بالتوقف أن الحرمة والإباحة لا تثبت إلا بالشرع فقبل وروده لا يتصور ثبوت واحدة منهما فلا يحكم فيها بحظر ولا إباحة۔

ترجمہ: اور توقف کے قول کی وجہ یہ ہے کہ حرمت اور اباحت شریعت ہی سے ثابت ہوتی ہے، تو جب تک کسی مسئلہ میں اباحت و حرمت وارد نہ ہو تو اس پر کسی حکم کا تصور نہیں کیا جاسکتا کہ آیا جائز ہے یا ناجائز۔[1]

مشروع مکروہ کے خلاف ہے

اور شامی میں ہے:

فَإِنَّ غَيْرَ الْمَشْرُوعِ مَا نَهَى الشَّارِعُ عَنْ فِعْلِهِ أَوْ تَرْكِهِ وَمِنْ جُمْلَتِهِ الْمَكْرُوهُ ، وَالْمَشْرُوعُ بِخِلَافِهِ فَلَا يَتَنَاوَلُ الْمَكْرُوهَ۔

ترجمہ: غیر مشروع کام وہ ہے کہ جس کے کرنے سے یا نہ کرنے سے شریعت نے منع کیا ہو، اور اس کے جملہ میں مکروہ بھی داخل ہے، اور مشروع مکروہ کے خلاف ہے، لہٰذہ وہ مکروہ کو شامل نہیں ہے۔[2]

جب تک کسی مسئلہ میں اباحت و حرمت وارد نہ ہو پر

حاشیۂ

سيف المؤمنين على أعناق المنكرين

اشیاء وافعال کی اباحتِ اصلیہ

وہ اشیاء وافعال جن کے بارے میں کوئی نص موجود نہ ہو، ان کے بارے میں اصولیین اور فقہاء کی چار آراء ہیں:

ا۔ حرمت

۲۔ توقف

۳۔ نفع بخش اشیاء میں اباحت اور ضرر رساں میں حرمت

---

[1] (تفسیر روح البیان، ج۳، ص۱۱۸، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

[2] (رد المحتار، ج۲، ص۵۸۹، الناشر: دار الفکر-بیروت)

۴۔اباحت

ہمارے مؤقف کے مطابق غیر منصوص اشیاء وافعال میں اصلاً اباحت کا حکم ہے۔ چونکہ اس حوالے سے ماہرینِ قانون کے مؤقف میں اختلاف ہے۔ لہٰذا ذیل میں مختصراً اس کی وضاحت پیش کرکے، آخر میں اباحتِ اصلیہ پر دلائل پیش کئے جائیں گے۔

ا۔ اصلاً تمام اشیاء حرام ہیں

بعض اصولیین اور فقہاء کے نزدیک اصلاً تمام اشیاء حرام ہیں، یعنی جن اشیاء یا افعال کے بارے میں نص موجود نہ ہو، ان میں اصل حرمت ہے۔

کشف الاسرار میں ہے:

وَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا وَبَعْضُ أَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ وَمُعْتَزِلَةُ بَغْدَادَ إِنَّهُمَا عَلَى الْحَظْرِ۔

ترجمہ: بعض احناف، بعض شوافع اور بغداد کے بعض معتزلہ کی رائے یہ ہے کہ اشیاء کی اصل حرمت ہے۔[1]

الورقات میں ہے:

إن الأشياء على الحظر إلا ما أباحته الشريعة فإن لم يوجد في الشريعة ما يدل على الإباحة يتمسک بالأصل وهو الحظر۔

ترجمہ: اشیاء میں اصل حظر (حرمت) ہے۔ مگر وہ چیزیں جائز ہوں گی جنہیں شریعت نے مباح کیا ہو۔ اگر شریعت میں ان کی اباحت کی دلیل نہ ہو، تو پھر اشیاء اپنی اصل یعنی حظر پر ہی ہوں گی۔[2]

یہ دعویٰ کرنے والوں کی دلیل یہ ہے کہ کیونکہ اشیاء غیر کی ملک ہوتی ہیں، یعنی تمام اشیاء اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں ہیں وہ جن چیزوں کی اجازت دے گا وہی مباح ہوں گی۔

مگر یہ قول بہت کمزور ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا (البقرة ۲۹)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔

---

[1] (کشف الاسرار، ج۵، ص۲۳۳، المکتبة الفاروقية)

[2] (الورقات، ج۱، ص۱۵۹، المکتبة الفاروقية)

۲۔ اصلاً تمام اشیاء تمام اشیاء میں توقف ہے جب تک شارع کا کوئی واضح حکم نہ آئے

اشاعرہ اور اکثر محدثین کا مؤقف یہ ہے کہ عدمِ نص کی صورت میں اشیاء میں اصل، نہ اباحت ہے، نہ حرمت، بلکہ ان میں توقف ہے۔

کشف الاسرار میں ہے:

وَقَالَتْ الْأَشْعَرِيَّةُ وَعَامَّةُ أَهْلِ الْحَدِيثِ إنَّهَا عَلَى الْوَقْفِ لَا تُوصَفُ بِحَظْرٍ وَلَا إبَاحَةٍ حَتَّى أَنَّ مَنْ لَمْ يَبْلُغْهُ الشَّرْعُ يَنْبَغِي أَنْ يَتَوَقَّفَ وَلَا يَتَنَاوَلَ شَيْئًا فَإِنْ تَنَاوَلَ شَيْئًا لَا يُوصَفُ فِعْلُهُ بِالْحَظْرِ وَلَا بِالْإِبَاحَةِ۔

ترجمہ: اشاعرہ اور اکثر محدثین کی رائے یہ ہے کہ اشیاء میں حرمت یا اباحت نہیں بلکہ توقف ہے۔ اگر کسی شخص کے پاس حکمِ شرعی نہ پہنچا ہو تو اسے توقف کرنا چاہیئے لیکن اگر اس نے ایسی اشیاء میں سے کچھ کھا پی لیا تو اس کا یہ فعل نہ حرام ہوگا نہ مباح۔[1]

۳۔ اصلاً تمام اشیائے نافعہ میں اباحت اور اشیائے ضارّہ میں حرمت ہے

بعض شوافع فقہاء نے یہ مؤقف اختیار کیا ہے کہ اگر کسی چیز یا فعل کے بارے میں نص موجود نہ ہو تو ایسی صورت میں اگر وہ چیز یا فعل نفع بخش ہے تو جائز ہوگی اور اگر نقصان دہ ہے تو حرام ہوگی۔

الفقہ الاسلامی وادلتہ ہے:

الأصل في الأشياء النافعة هو الإباحة، وفي الأشياء الضارة هو الحظر أو المنع۔

ترجمہ: نفع بخش اشیاء میں اصل اباحت ہے، اور نقصان دہ اشیاء میں اصل ممانعت و حرمت ہے۔[2]

۴۔ اصلاً تمام اشیائے نافعہ میں اباحت ہے

جمہور حنفیہ، شافعیہ، ظاہریہ اور بعض حنابلہ و معتزلہ کا یہی مؤقف ہے کہ عدمِ نص کی صورت میں اصلاً تمام اشیاء مباح ہیں۔

کشف الاسرار میں ہے:

ذَهَبَ أَكْثَرُ أَصْحَابِنَا مِنْهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْ أَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ إلَى أَنَّهَا عَلَى الْإِبَاحَةِ۔

ترجمہ: احناف اور شوافع کی اکثریت اسی بات کی قائل ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔[3]

---

[1] (کشف الاسرار، ج۵، ص ۲۳۳، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[2] (الفقہ الاسلامی وادلتہ، ج۸، ص ۴۴۰، الناشر: دار الفکر - سوریَة - دمشق)

[3] (کشف الاسرار، ج۵، ص ۲۳۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

فتح القدیر میں ہے:

المختار الإباحة عند جمهور الحنفية والشافعية۔

جمہور احناف اور شوافع کا مسلکِ مختار اباحت ہی ہے۔[1]

مسلم الثبوت میں ہے:

أن أصل الأفعال الإباحة كما هو مختار أكثر الحنفية والشافعية۔

ترجمہ: بے شک افعال میں اصل اباحت ہے جیسا کہ احناف وشوافع کی اکثریت کے ہاں یہی قول مختار ہے۔[2]

لہٰذا جمہور اصولیین اور فقہاء کا یہ مؤقف ہے کہ اصلاً تمام اشیاء وافعال مباح ہیں یہی قول راجح ہے۔

ذیل میں ہم اس مؤقف کے حق میں دلائل پیش کرتے ہیں:

۵۔ حرمت وحلت میں اسلامی تصورِ قانون کا معروف قاعدہ

المبسوط للسرخسی میں ہے:

الْأَصْلَ فِي الْأَشْيَاءِ الْإِبَاحَةُ۔

ترجمہ: ہر چیز کی اصل اباحت ہے۔[3]

اس قانونی ضابطے کی روشنی میں فی نفسہٖ کوئی کام بھی قانونی طور پر ممنوع نہیں ہوتا، تاوقت یہ کہ قرآن وسنت کی کوئی نص اس کام کی حرمت کو بیان کرتی ہو۔

قاعدہ یہ ہے کہ ہر وہ کام جو عہدِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اور عہدِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں نہ تھا اور بعد میں کسی ضرورت کے تحت وجود میں آیا، اسے قرآن وسنت پر پیش کیا جائے گا، اگر وہ قرآن وسنت سے معارض ہوگا تو بلاشبہ وہ ناجائز، حرام اور گمراہی تصور ہوگا، اور اگر اس کا قرآن وسنت کے کسی بھی حکم کے ساتھ کوئی تضاد یا تعارض واقع نہیں ہوتا تو اسے حلال اور جائز تصور کیا جائے گا۔ اسے گمراہی یا حرام تصور کرنا اسلامی نظامِ قانون کے منافی اور اسلام کے متعین کردہ نظامِ حلال وحرام سے انحراف کے مترادف ہوگا۔

اس قاعدے الْأَصْلَ فِي الْأَشْيَاءِ الْإِبَاحَةُ کو درج ذیل مثال سے سمجھا جا سکتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص دعویٰ کرے کہ فلاں شخص میرا مقروض ہے، تو اسے ثابت کرنا دعویٰ کرنے والے کی ذمہ داری ہوگی، مقروض سے یہ تقاضا نہیں کیا جائے گا کہ

---

[1] (فتح القدیر، ج۴، ص ۱۶۱)

[2] (مسلم الثبوت، ج ۱، ص ۷۵)

[3] (المبسوط، ج ۲۷، ص ۲۹۲، مکتبة أهل السنة والجماعة)

وہ ثابت کرے کہ وہ مقروض نہیں ہے۔ یہ دعویٰ خلافِ اصل ہے کیونکہ اصلاً کوئی ماں کے پیٹ سے مقروض پیدا نہیں ہوتا، لہٰذا اسے اس وقت تک اسی اصل حالت میں ہی تصور کیا جائے گا، جب تک کہ اس کے خلاف گواہی یا کوئی دیگر ثبوت نہ مل جائے۔

٦۔ اسلام آسان دین ہے

اسلام ایک آسان اور قابلِ عمل دین ہے اور یہ ایک ایسا نظامِ قانون دیتا ہے جو فطرت کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اور جس کے تحت ان قوانین پر عمل کرتے ہوئے ایک آسان زندگی بسر کی جاسکتی ہے۔ اس کے قوانین تنگ اور تکلیف دہ نہیں ہیں، جنہیں اپنانا اور ان پر عمل کرنا مشکل ہو۔ قرآن مجید اور احادیثِ مبارکہ میں کافی نصوص اس آسانی کو بیان کرتی ہیں۔

ذیل میں اس بارے میں بالترتیب چند آیات اور احادیث پیش کی جاتی ہیں:

قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

١۔ لَآ إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ (البقرة ٢٥٦)

ترجمہ: کچھ زبردستی نہیں دین میں۔

٢۔ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ (الحج ٧٨)

ترجمہ: اور تم پر دین میں کچھ تنگی نہ رکھی۔

٣۔ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (البقرة ١٨٥)

ترجمہ: اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا۔

٤۔ يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا (النساء ٢٨)

ترجمہ: اللہ چاہتا ہے کہ تم پر تخفیف (آسانی) کرے اور آدمی کمزور بنایا گیا۔

٥۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرة ٢٨٦)

ترجمہ: اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر۔

٦۔ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (الدخان ٥٨)

ترجمہ: تو ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان میں آسان کیا کہ وہ سمجھیں۔

٧۔ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ (الأعراف ١٥٧)

ترجمہ: اور ستھری چیزیں ان کے لیے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں اُن پر حرام کرے گا اور اُن پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو ان پر تھے اُتارے گا۔

یہ تمام آیات صراحت کے ساتھ لوگوں کے لئے شرعی احکام میں آسانی پر دلالت کرتی ہیں اور ان ارشادات سے واضح ہوتا ہے کہ انسانیت کو دینِ اسلام عطا ہوا ہے، وہ اسے ہر ہر پریشانی اور مشکل سے نجات دیتا ہے اور تمام احکام و قوانین پر عمل درآمد کو آسان اور ممکن بناتا ہے۔

آیاتِ مبارکہ کے ساتھ ساتھ احادیثِ مبارکہ میں بھی یہ مضمون بڑی صراحت سے بیان ہوا ہے۔

۱۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

إِنَّمَا بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، وَلَمْ أُبْعَثْ بِالرَّهْبَانِيَّةِ۔

ترجمہ: بے شک میں ایسے دینِ حنیف کے ساتھ بھیجا گیا ہوں جو نہایت آسان ہے اور میں خود ساختہ رہبانیت کے ساتھ نہیں بھیجا گیا۔[1]

۲۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے:

بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ۔

ترجمہ: میں ایسے دینِ حنیف کے ساتھ بھیجا گیا ہوں جو آسانیاں فراہم کرنے والا ہے۔[2]

۳۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو جب بھی دو اُمور کے درمیان اختیار دیا گیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ان میں سے آسان کو اختیار فرمایا، جب تک کہ وہ امر گناہ نہ ہو۔[3]

۴۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا یہ بھی فرمان ہے:

إن الله يحب أن تؤتى رخصه كما يحب أن تؤتى عزائمه۔

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے کہ اس کی دی ہوئی رخصتوں کو بجالایا جائے، جیسا کہ وہ پسند فرماتا ہے کہ اس کی دی ہوئی عزیمتوں کو بجالایا جائے۔[4]

۵۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے:

إِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ وَلَنْ يُشَادَّ الدِّينَ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبَهُ۔

---

[1] (المعجم الكبير للطبرانی، ج۸، ص ۱۷۰، دار النشر: مكتبة ابن تيمية - القاهرة)
[2] (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج۲، ص ۲۶۰، الناشر: مكتبة القدسي، القاهرة)
[3] (صحيح البخاری، ج ۱۱، ص ۳۹۵، المكتبة الفاروقية)
[4] (المعجم الأوسط، ج۸، ص ۸۲، الناشر: دار الحرمين - القاهرة)

ترجمہ: بے شک یہ دین آسان ہے، اور جو دین پر سختی کرے گا دین اس پر غالب آجائے گا۔[1]

۶۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فلسطین کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا:

یَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا وَلَا تَخْتَلِفَا۔

ترجمہ: تم دونوں معاملات کو آسان بنانا اور انہیں مشکل نہ بنانا۔ لوگوں میں خوشیاں بانٹنا اور انہیں خود سے متنفر نہ کرنا۔ ایک دوسرے کا حکم ماننا اور ایک دوسرے سے اختلاف نہ کرنا۔[2]

۷۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو فرمایا:

فَإِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِينَ وَلَمْ تُبْعَثُوا مُعَسِّرِينَ۔

ترجمہ: تمہیں آسانیاں تقسیم کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہے نہ کہ مشکلات پیدا کرنے والا بنا کر۔[3]

مندرجہ بالا نصوص سے ثابت ہوتا ہے کہ آسانی، سہولت اور تخفیف کے ذریعے حسبِ ضرورت قانون پر عمل در آمد کروانا ہی اسلامی تصورِ قانون کی بنیادی خصوصیات میں سے ہے۔ لہٰذا اشیاء میں اباحتِ اصلیہ کا حکم ہی اس خصوصیت پر پورا اترتا ہے۔ اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر صورت ہو، تو وہ اس کے مقابلے میں زیادہ تنگ اور مشکل ہوگی، جو قوانینِ اسلام پر عمل پیرا ہونے کی فطرتی ہم آہنگی کے خلاف ٹھہرے گی

۷۔ احکامِ شریعت میں سہولت کا بیان

اسلام نے بعض بنیادی نوعیت کے احکامات وافعال میں بھی سہولت کے پیش نظر رخصت دی ہے، مثلاً:

۱۔ نماز پڑھنا انسانی طاقت کے دائرۂ اختیار میں ہے لیکن سفر کی حالت میں مشکلات کی وجہ سے سہولت کی خاطر نماز کو قصراً پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اسی طرح عرفات اور مزدلفہ میں انسانوں کی استطاعت اور آسانی کی خاطر ظہرین اور مغربین کے جمع کا حکم دیا گیا ہے۔

۲۔ ماہِ رمضان میں روزہ رکھنا فرض ہے لیکن حالتِ سفر اور مرض کی وجہ سے روزے چھوٹنے اور بعد ازاں قضا کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

۳۔ حالتِ اضطرار میں جان بچانے کے لئے حرام چیزوں کو کھانے پینے کی اجازت دی گئی ہے، مثلاً خنزیر اور شراب۔

---

[1] (صحیح البخاری، ج ۱، ص ۲۹، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[2] (صحیح البخاری، ج ۱۰، ص ۲۴۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[3] (صحیح البخاری، ج ۱، ص ۳۶۹، المکتبۃ الفاروقیۃ)

شریعت نے یہ سہولتیں صرف مکلفین کی آسانی کے لئے عطا کی ہیں اور انسانوں سے حتی الامکان ہر قسم کے حرج اور تنگی کو دور کیا ہے۔ دین کے آسان اور قابلِ عمل ہونے کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ قرآن مجید میں بعض بنیادی اور اساسی نوعیت کے احکامات کی تفصیل بیان کی گئی ہے اور بیشتر احکام کے لئے اجمال کا اصول اپنایا گیا ہے۔ یہ انسانوں کے لئے سہولت کے پیش نظر کیا گیا ہے تا کہ آنے والے وقتوں میں حسبِ ضرورت تفصیلات طے کر کے احکام پر عمل درآمد آسانی سے ہو سکے۔

۸۔ تصریحِ محرمات اور جوازِ اباحت

قرآن مجید نے حرام اور ممنوع اشیاء وافعال کی فہرست گنوادی ہے جو کہ محدود ہیں اور باقی کا ذکر کئے بغیر چھوڑ دیا ہے۔ حرام کی فہرست گنوا کر بقیہ کا عدمِ ذکر قرآنی فلسفہ کی رو سے جوازِ اباحت اور حلت کے لئے ہے، کیونکہ اگر قرآن ہر شے کی تفصیل بیان کر دیتا تو لوگ مشکل میں پڑ جاتے۔

ذیل میں چند آیات بطور نمونہ بیان کرتے ہیں۔

ا۔ جن عورتوں سے نکاح جائز نہیں ہے، اس کی تفصیل قرآن میں یوں بیان کی گئی ہے:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ لَمْ تَكُونُوا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا (النساء ۲۳)

ترجمہ: حرام ہوئیں تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری مائیں جنہوں نے دودھ پلایا اور دودھ کی بہنیں اور عورتوں کی مائیں اور ان کی بیٹیاں جو تمہاری گود میں ہیں اُن بیبیوں سے جن سے تم صحبت کر چکے ہو تو پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو ان کی بیٹیوں میں حرج نہیں اور تمہاری نسلی بیٹوں کی بیبیاں اور دو بہنیں اکٹھی کرنا مگر جو ہو گزرا بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

قرآن نے نکاح اور زوجیت کے لئے جو عورتیں حرام کیں ان کی تفصیل بیان کر دی۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ بقیہ رشتے جن کا ذکر نہیں ہوا ان کا کیا حکم ہے؟ تو اس کے جواب میں ارشاد فرمایا گیا:

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَاءَ ذَٰلِكُمْ (النساء ۲۴)

ترجمہ: اور اُن کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں۔

۲۔ اسی طرح حرام جانوروں کی فہرست دی گئی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ (البقرة ۱۷۳)

ترجمہ: اس نے یہی تم پر حرام کیے ہیں مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جانور جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو جو ناچار ہو نہ یوں کہ خواہش سے کھائے اور نہ یوں کہ ضرورت سے آگے بڑھے تو اس پر گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۳۔ سورۃ المائدۃ میں مزید ارشاد فرمایا گیا ہے:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ (المائدة ۳)

ترجمہ: تم پر حرام ہے مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا اور وہ جو گلہ گھونٹنے سے مرے اور بے دھار کی چیز سے مارا ہوا اور جو گر کر مرا اور جسے کسی جانور نے سینگ مارا اور جسے کوئی درندہ کھا گیا مگر جنہیں تم ذبح کر لو اور جو کسی تھان (باطل معبودوں کے مخصوص نشانات) پر ذبح کیا گیا اور پانسے ڈال کر بانٹا کرنا یہ گناہ کا کام ہے۔

ان آیات میں بھی معروف قرآنی اسلوب کے مطابق حرام کی فہرست بیان کی گئی ہے اور اس کے علاوہ باقی جانوروں کی جو حلال ہیں تفصیل بیان نہیں کی گئی۔ اگر معاملہ اس کے برعکس ہوتا کہ قرآن مجید اشیاء کی فہرست گنوا دیتا تو پھر صرف یہی اشیاء حلت کے لئے مخصوص ہوتیں، ایسی صورت میں یقیناً لوگوں کو بڑی دشواری اور ناقابلِ تصور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا اور احکامِ شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنا یقیناً دشوار ہو جاتا۔ لہٰذا اس مشکل سے انسانوں کو بچانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حرام اشیاء وافعال کی فہرست گنوا دی ہے اور بقیہ میں اباحت کا پہلو رکھا ہے۔

اس طرح اللہ تعالیٰ نے حلال وحرام کے بیان کے ضمن میں ایک جامع قرآنی اصول وضع فرما دیا ہے جو دو نکات پر مشتمل ہے:

وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ (الأنعام ۱۱۹)

ترجمہ: وہ تو تم سے مُفَصَّل بیان کر چکا جو کچھ تم پر حرام ہوا۔

اس نے تمہارے لئے ان (تمام) چیزوں کو تفصیلاً بیان کر دیا ہے، جو اس نے تم پر حرام کی ہیں۔

دوسرے مقام پر فرمایا گیا ہے:

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَاءَ ذَلِكُمْ (النساء ۲۴)

ترجمہ: اور اُن کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جن اشیاء کا بابِ حرمت میں ذکر نہیں، یعنی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے نام لے کر حرام قرار نہیں دیا، وہ سب اشیاء حلال اور جائز ہیں، گویا عدمِ ذکر اباحتِ اشیاء کی دلیل ہوگی نہ کہ حرمتِ اشیاء کی، یعنی جن احکام وافعال کے بارے میں نص موجود نہ ہو انہیں جائز اور مباح تصور کیا جائے گا۔

۹۔ بغیر نصِ شرعی حرمت کا حکم لگانا منع ہے

مشرکین نے حکم شرع کے بغیر از خود بعض جانوروں کا کھانا اپنے اوپر حرام کر لیا تھا، جیسے سائبہ، بحیرہ کا دودھ پینا، ان پر سواری کرنا اور ان کا گوشت کھانا، سب کچھ حرام کر لیا تھا، تو اللہ تعالیٰ نے ان کی مذمت میں یہ آیات نازل فرمائیں:

۱۔ وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَذَا حَلَالٌ وَهَذَا حَرَامٌ لِتَفْتَرُوا عَلَى اللهِ الْكَذِبَ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ (النحل ۱۱۶)

ترجمہ: اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھو بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا۔

۲۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْزَلَ اللهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللهِ تَفْتَرُونَ (یونس ۵۹)

ترجمہ: تم فرماؤ بھلا بتاؤ تو وہ جو اللہ نے تمہارے لیے رزق اتارا اس میں تم نے اپنی طرف سے حرام و حلال ٹھہرا لیا تم فرماؤ کیا اللہ نے اس کی تمہیں اجازت دی یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو۔

ان آیات سے معلوم ہوا کہ جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کسی چیز سے منع نہ کریں، اسے از خود حرام کرنا صحیح نہیں ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم منع نہ کریں وہ مباح اور حلال ہے۔

مذکورہ بالا بحث میں ہم نے اسلامی تصورِ قانون کا قاعدہ "اسلام بطور آسان دین" احکامِ شریعت میں سہولت اور تصریحِ محرمات وغیرہ کے حوالے سے اور غیر منصوص اشیاء وافعال کے جوازِ اباحت وحلت کے حوالے سے دلائل پیش کئے۔ ذیل میں اس کے مزید ثبوت کے لئے قرآنی آیات اور احادیث پیش کی جاتی ہیں جو براہِ راست "اباحتِ اصلی" سے متعلق ہیں۔

۱۰۔ اباحتِ اصلیہ: قرآن مجید کی روشنی میں

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی جملہ نعمتیں انسان کے لئے پیدا کیں اور ان پر اسے جائز استعمال کا اختیار دے کر احسان فرمایا۔ اگر وہ خالقِ کائنات انسان پر ان نعمتوں کو حرام ٹھہرا دیتا اور انہیں ان سے مستفید ہونے کی اجازت نہ دیتا تو انسانی حیات

بہت سے مسائل و مصائب سے دوچار ہوتی۔ ذیل میں چند آیات پیش کی جاتی ہیں جن سے واضح ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تمام چیزوں کو انسان کے لئے مسخر کر دیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

۱۔هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا (البقرة ۲۹)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔

سورۃ لقمان میں ارشاد فرمایا:

۲۔أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً (لقمان ۲۰)

ترجمہ: کیا تم نے نہ دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے کام میں لگائے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں اور تمہیں بھرپور دیں اپنی نعمتیں ظاہر اور چھپی۔

۳۔ ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِنْهُ (الجاثية ۱۳)

ترجمہ: اور تمہارے لیے کام میں لگائے جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں اپنے حکم سے۔

اس آیتِ مبارکہ میں "ما" عموم کے لئے ہے، جو جمیع مخلوقات کو شامل ہے اور "لام" انتفاع کے لئے ہے، جس کا مطلب ہے کہ جمیع مخلوقات انسان کے نفع کے لئے پیدا کی گئی ہیں اور نفع کسی چیز سے تب ہی حاصل ہو سکتا ہے جب وہ مباح ہو۔ گویا ان آیات میں تمام چیزوں سے نفع اٹھانے کی اجازت اشارۃً ان کی اباحت کو ثابت کرتی ہے۔

۱۱۔ اباحتِ اصلیہ کے قرآنی دلائل پر مفسرینِ کرام کی تصریحات

ذیل میں اس تصور کی تائید میں چند آئمہ تفسیر کی تصریحات ذکر کی جاتی ہیں:

۱۔ امام ابو بکر احمد بن علی جصاص الحنفی

امام ابو بکر احمد بن علی جصاص حنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

قَوْلِهِ: (هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا) وَقَوْلِهِ: (وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ) وَقَوْلِهِ: (قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ) يُحْتَجُّ بِجَمِيعِ ذَلِكَ فِي أَنَّ الْأَشْيَاءَ عَلَى الْإِبَاحَةِ مِمَّا لَا يَحْظُرُهُ الْعَقْلُ، فَلَا يَحْرُمُ مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا مَا قَامَ دَلِيلُهُ۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وہی ہے جس نے سب کچھ، جو زمین میں ہے تمہارے لئے پیدا کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اور اُس نے تمہارے لئے مسخر کر دیا جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے: فرما دیجئے! اللہ تعالیٰ کی اس زینت (وآرائش) کو کس نے حرام کیا ہے، جو اس نے اپنے بندوں کے لئے پیدا فرمائی ہے اور کھانے کی پاک ستھری چیزوں کو (بھی کس نے حرام کیا ہے؟)۔[1]

اس سارے بیان سے یہ دلیل ملتی ہے کہ اشیاء میں اس وقت تک اصلاً اباحت ہے جب تک عقل انہیں ممنوع نہ جانے اور ان میں سے کوئی چیز اس وقت تک حرام نہیں ہوتی جب تک اس کی (حرمت پر) دلیل نہ ہو۔

۲۔ امام محمود بن عمر الزمخشری

امام زمخشری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس آیت کی تفسیر میں رقم طراز ہیں:

{لكمْ} لأجلكم ولانتفاعكم به في دنياكم ودينكم.

{خَلَقَ لَكُمْ} على أنّ الأشياء التي يصح أن ينتفع بها ولم تجر مجرى المحظورات في العقل خلقت في الأصل مباحة مطلقاً لكل أحد أن يتناولها ويستنفع بها.

ترجمہ: (تمہارے لئے) یعنی تمہاری خاطر اور دین و دنیا میں تمہارے فائدے کے لئے پیدا کیا۔ (اس نے تمہارے لئے پیدا کیا) اس اصول پر کہ جن چیزوں سے فائدہ اٹھانا درست ہے اور عقلی ممنوعات میں شامل نہیں، اصل میں وہ مطلقاً مباح پیدا کی گئی ہیں۔ ہر ایک ان کو کھانے اور ان سے فائدہ اٹھانے کا حق دار ہے۔[2]

۳۔ امام محمد بن احمد مالکی القرطبی

امام قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

اسْتَدَلَّ مَنْ قَالَ إِنَّ أَصلَ الْأَشْيَاءِ الَّتِي يُنْتَفَعُ بِهَا الْإِبَاحَةُ بِهَذِهِ الْآيَةِ وَمَا كَانَ مِثْلَهَا - كَقَوْلِهِ: "وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّماواتِ وَما فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً مِنْهُ" (الجاثية: ١٣) الْآيَةَ - حَتَّى يَقُومَ الدَّلِيلُ عَلَى الْحَظْرِ. وَعَضَّدُوا هَذَا بِأَنْ قَالُوا: إِنَّ الْمَآكِلَ الشَّهِيَّةَ خُلِقَتْ مَعَ إِمْكَانِ أَلَّا تُخْلَقَ فَلَمْ تُخْلَقْ عَبَثًا، فَلَا بُدَّ لَهَا مِنْ مَنْفَعَةٍ. وَتِلْكَ الْمَنْفَعَةُ لَا يَصِحُّ رُجُوعُهَا إِلَى اللَّهِ تَعَالَى لِاسْتِغْنَائِهِ بِذَاتِهِ، فَهِيَ رَاجِعَةٌ إِلَيْنَا. وَمَنْفَعَتُنَا إِمَّا فِي نَيْلِ لَذَّتِهَا، أَوْ فِي اجْتِنَابِهَا لِنُخْتَبَرَ بِذَلِكَ، أو في اعتبارنا بها. ولا يحصل شي مِنْ تِلْكَ الْأُمُورِ إِلَّا بِذَوْقِهَا، فَلَزِمَ أَنْ تَكُونَ مُبَاحَةً۔

---

[1] (احكام القرآن للجصاص، ج ١، ص ٥٨، المكتبة الفاروقية)

[2] (الكشاف، ج ١، ص ١٥٢، دار النشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت)

ترجمہ: جن لوگوں نے کہا: مفید چیزوں میں اصل اباحت ہے، انہوں نے اس (اور اس جیسی دوسری) آیتوں سے دلیل پکڑی ہے۔ مثلاً فرمان باری تعالیٰ ہے: "وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً مِنْهُ" (الجاثية: ١٣) (اور اس نے تمہارے لئے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سب کو اپنی طرف سے (نظام کے تحت) مسخر کر دیا ہے۔) جب تک منع پر دلیل قائم نہ ہو جائے اور اس کی تائید اس طرح کی کہ پسندیدہ کھانے پیدا کئے گئے، حالانکہ ان کو نہ پیدا کرنا بھی ممکن تھا۔ لہٰذا ان کو فضول پیدا نہیں کیا گیا، پس ان کا مفید ہونا ضروری ہے۔ یہ تو درست نہیں کہ اس افادیت کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے کہ وہ ذاتِ پاک اس سے مستغنی ہے۔ سو یہ افادیت ہماری اور ہماری منفعت کی طرف رجوع کرے گی کہ وہ یا تو لذت حاصل کرنے کے لئے ہے، یا ان سے پرہیز کرنے کے لئے، تاکہ اس سے ہماری جانچ ہو، یا ہم اس سے عبرت حاصل کریں (یا ان پر قیاس کریں) اور ان میں سے ایک مقصد بھی چکھے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ سو لازم ہے کہ اشیاء اصل میں مباح ہوں۔[1]

۴۔ امام بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اس آیت کے تحت امام بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّهِ من الثياب وسائر ما يتجمل به. الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ من النبات كالقطن والكتان، والحيوان كالحرير والصوف، والمعادن كالدروع. وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ المستلذات من المآكل والمشارب. وفيه دليل على أن الأصل في المطاعم والملابس وأنواع التجملات الإباحة۔

ترجمہ: (فرما دیجئے اللہ تعالیٰ کی زینت (وآرائش) کو کس نے حرام کیا ہے)، لباس اور باقی اشیاء جن سے بناؤ سنگھار کیا جاتا ہے، جو (اس نے اپنے بندوں کے لئے پیدا فرمائی ہیں) نباتات میں سے جیسے کپاس اور پٹ سن، حیوانات میں سے جیسے ریشم اور اون، معدنیات میں سے جیسے زر (اور کھانے کی پاک ستھری چیزیں) یعنی کھانے پینے کی لذیذ اشیاء۔ اس میں دلیل ہے کہ کھانے، ملبوسات اور قسم قسم کے بناؤ سنگھار کی چیزوں میں اصل اباحت واجازت ہے۔[2]

۵۔ امام عبد اللہ بن محمود بن احمد النسفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

امام عبد اللہ بن احمد النسفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

وقد استدل الكرخي وأبو بكر الرازي والمعتزلة بقوله خلق لكم على أن الأشياء التي يصح أن ينتفع بها خلقت مباحة في الأصل (جَمِيعاً)۔

---

[1] (تفسير القرطبی، ج ا، ص ۲۵۱، الناشر: دار الكتب المصرية-القاهرة)

[2] (تفسير البيضاوی، ج ۳، ص ۱۱، الناشر: دار إحياء التراث العربي-بيروت)

ترجمہ: اور اس آیت مبارکہ (خلق لکم)(تمہارے لئے پیدا کیا) سے امام کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ابو بکر رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور معتزلہ نے استدلال کیا ہے کہ تمام نفع بخش اشیاء اصلاً اباحت پر پیدا کی گئی ہیں۔[1]

قرآن مجید میں ایک اور انداز سے بھی اصلاً اشیاء کی اباحت ثابت ہوتی ہے مثلاً:

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ (الأعراف ۳۲)

ترجمہ: تم فرماؤ کس نے حرام کی اللہ کی وہ زینت جو اس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور پاک رزق۔

۶۔ امام ابو السعود عمادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

امام ابو السعود عمادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

وفيه دليلٌ على أنّ الأصل في المطاعم والملابس وأنواعِ التجمُّلات الإباحةُ۔

ترجمہ: اس میں دلیل ہے کہ کھانے کی جملہ اقسام، پہننے کے لباس اور زیب وآرائش کی مختلف چیزیں در حقیقت اپنی اصل کے اعتبار سے حلال ومباح ہیں۔[2]

۷۔ سید محمد آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

امام سید محمد آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

واستدل بالآية على أن الأصل في المطاعم والملابس وأنواع التجملات الاباحة۔

ترجمہ: اس آیت سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ کھانوں اور ملبوسات اور سامانِ زیبائش میں اصل اباحت یعنی جواز ہے۔[3]

۸۔ ملا احمد جیون انبیٹھوی

ملا احمد جیون اس سلسلے میں یوں فرماتے ہیں:

بِالْجُمْلَةِ فَفِي الْآيَةِ دَلِيْلٌ عَلَى كَوْنِ الْإِبَاحَةِ أَصْلًا فِي الْأَشْيَاءِ۔

ترجمہ: الغرض اس آیت مبارکہ میں اصلاً اشیاء کے بارے میں اباحت کی دلیل موجود ہے۔[4]

۴۔ اسی طرح قرآن مجید میں ایک اور مقام پر بھی اسی چیز کا دوسرے انداز میں بیان میں ہے۔

---

[1] (تفسير النسفى، ج ا، ص ۷۶، الناشر: دار الكلم الطيب، بيروت)

[2] (إرشاد العقل السليم إلى مزايا الكتاب الكريم، ج۳، ص ۲۲۴، الناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت)

[3] (روح المعانى، ج۸، ص ۱۱۱، الناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت)

[4] (تفسيرات أحمديه، ص ۱۲)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللَّهُ عَنْهَا وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ (المائدة ۱۰۱)

ترجمہ: اے ایمان والو ایسی باتیں نہ پوچھو جو تم پر ظاہر کی جائیں تو تمہیں بُری لگیں اور اگر انہیں اس وقت پوچھو گے کہ قرآن اتر رہا ہے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی اللہ انہیں معاف فرما چکا ہے اور اللہ بخشنے والا حلم والا ہے۔

مندرجہ بالا آیتِ مقدسہ سے واضح ہو رہا ہے کہ اگر کسی چیز کی حلت و حرمت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کوئی حکم نہیں دیا اور قرآن مجید خاموش ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ وہ چیز جائز اور حلال ہے۔ اب کسی بھی مسلمان کو اس کی حلت و حرمت پر سوال کرنے کی ضرورت نہیں۔ ورنہ وہ اپنا دائرہ عمل خود (ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے) تنگ کرتا چلا جائے گا۔ جس طرح بنی اسرائیل کے لوگوں نے کیا تھا کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے پہلے حکم پر کسی بھی عمر یا رنگ کی گائے لے آتے اور سوالات نہ کرتے، تو ہر قسم کی گائے مطلوبہ مسئلے کے لئے کافی تھی، مگر وہ سوالات کرتے گئے اور ان سوالات کی وجہ سے جو جو حکم ظاہر ہوتا گیا، اس سے دائرہ تنگ ہوتا گیا، حتیٰ کہ بالآخر ایک خاص قسم کی گائے پر جا کر رک گئے۔ اس طرح انہوں نے فضول سوالات کی وجہ سے اپنے آپ کو مصیبت میں مبتلا کر لیا اور اپنا دائرۂ عمل تنگ کر لیا۔

۵۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ (المائدة ۵)

ترجمہ: آج تمہارے لیے پاک چیزیں حلال ہوئیں۔

اس آیت کے الفاظ سے اباحتِ اصلی کا اصول اخذ ہوتا ہے۔ لَكُمْ میں "ل" اختصاص کے لئے ہے جو ہمارے لئے طیبات کی تخصیص کرتا ہے، طیبات جمع کا صیغہ ہے، جمع سالم پر جب "ال" داخل ہو، تو عموم کا معنی دیتا ہے۔ لہٰذا اس تناظر میں یہ ثابت ہوا کہ تمام طیبات جو نفس اور طبع کے لئے مستحسن اور موافق ہوں مباح اور حلال ہیں۔

۶۔ ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ (الأنفال ۳۷)

ترجمہ: اس لیے کہ اللہ گندے کو ستھرے سے جدا فرما دے۔

اس حکمِ قرآنی سے منشائے الٰہی خوب واضح ہو رہا ہے کہ اشیاء بالعموم اپنی اصل کی رو سے پاک اور طیب بنائی گئی ہیں۔ حرام کی تفصیل بتانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ خبیث اشیاء بقیہ سب طیب اور پاک اشیاء سے ممتاز ہو جائیں۔

اس آیت کریمہ میں خبیث (حرام) کو ممیز قرار دیا گیا ہے، جبکہ طیب (حلال ومباح) کو ممیز منہ، گویا حرام اور خبیث اشیاء کو ان کے خبث وحرمت کے باعث باہر نکال دیا گیا ہے اور بقیہ اشیاء جو پیچھے رہ گئی ہیں سب طیب اور حلال ہیں۔

جہاں کہیں حلال کو صریحاً بیان کر دیا جاتا ہے، احلال یا تحلیل ہوتی ہے، گویا یہ ان اشیاء کا اکرام واجلال ہوتا ہے، ان کی حلت کی تصدیق وتوثیق ہوتی ہے، یہ ان کی فضیلت ہے۔ ورنہ ان کی تصریح نہ ہونے کی صورت میں بھی، ان کی حلت اور اباحت اپنی اصل حالت کے باعث برقرار رہتی ہے۔ گویا عدمِ تصریح کی صورت میں بندے کا اختیار تھا۔ تصریحِ حلت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا حکم ہو گیا۔ عدمِ تصریح میں بندے کی صوابدید تھی، تصریح کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی تجویز آگئی، درجہ بلند ہو گیا۔ عدمِ تصریح میں بندے کی مرضی تھی، مگر تصریح کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی مرضی آگئی۔

۷۔ جب اللہ تعالیٰ نے حج کے احکامات نازل فرمائے اور فرمایا گیا:

وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَیْہِ سَبِیلًا (آل عمران ۹۷)

ترجمہ: اور اللہ کے لیے لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا ہے جو اس تک چل سکے۔

صحیح مسلم میں ہے کہ اس آیتِ مبارکہ کے نزول کے وقت ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پوچھنے لگے:

أَکُلَّ عَامٍ یَا رَسُولَ اللّٰہِ۔

ترجمہ: آقا! کیا ہر سال حج فرض ہے؟

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے چہرہ مبارک دوسری طرف پھیر لیا اور خاموش رہے۔ صحابی نے پھر پوچھا: أَفِي کُلِّ عَامٍ یَا رَسُولَ اللّٰہِ؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پھر خاموش رہے اس نے تیسری مرتبہ بھی جب یہی سوال دہرایا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ ثُمَّ قَالَ ذَرُونِي مَا تَرَکْتُکُمْ۔

ترجمہ: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو حج ہر سال فرض ہو جاتا اور پھر تم ہر سال اس کی ادائیگی کی طاقت نہیں رکھتے۔ پھر فرمایا: جن چیزوں کا بیان میں چھوڑ دیا کروں تم ان کا سوال مت کیا کرو۔[1]

ان تمام آیات سے یہ دلیل اخذ کی جاتی ہے کہ تمام اشیاء اصلاً اباحت پر ہیں، جو کہ خلافِ عقل نہ ہوں۔ ان میں سے کوئی شے اس وقت تک حرام نہیں ہو سکتی، جب تک حرمت کی دلیل قائم نہ ہو۔

---

[1] (صحیح مسلم، ج۷، ص ۴۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

۱۲۔ اباحتِ اصلیہ: احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

اباحت اصلیہ پر قرآنی دلائل کے بعد ذیل میں احادیثِ مبارکہ سے دلائل پیش کئے جاتے ہیں:

۱۔ ایک بار جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے گھی، پنیر اور دوسری اشیائے خوردنی کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

الحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللّٰہُ فِي كِتَابِهِ، وَالحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ فِي كِتَابِهِ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ۔

ترجمہ: حلال وہ (چیز) ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (قرآن مجید) میں حلال ٹھہرایا ہے۔ اور حرام وہ ہے جسے اس نے اپنی کتاب میں حرام ٹھہرایا ہے، رہیں وہ اشیاء جن کے بارے میں اس نے سکوت اختیار فرمایا ہے تو وہ ان اشیاء میں سے ہیں جن سے اس نے درگزر فرمایا ہے (یعنی وہ تمہارے لئے مباح ہیں)۔[1]

۲۔ ایک اور مقام پر حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ فَرَضَ فَرَائِضَ فَلَا تُضَيِّعُوهَا، وَحَرَّمَ حُرُمَاتٍ فَلَا تَنْتَهِكُوهَا، وَسَكَتَ عَنْ أَشْيَاءَ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ فَلَا تَبْحَثُوا عَنْهَا۔

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے فرائض مقرر کر دیئے ہیں، انہیں ضائع مت کرو اور ناجائز چیزوں کو حرام قرار دیا ہے، ان کی حرمت نہ توڑو اور کچھ حدیں قائم کی ہیں، ان سے تجاوز نہ کرو اور کچھ چیزوں سے بغیر بھولے سکوت فرمایا ہے، ان سے متعلق بحث نہ کرو۔[2]

ملا علی قاری حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ کے ارشاد گرامی: فَلَا تَبْحَثُوا عَنْهَا (ان چیزوں سے بحث نہ کرو) کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

دَلَّ عَلَى أَنَّ الْأَصْلَ فِي الْأَشْيَاءِ الْإِبَاحَةُ كَقَوْلِهِ تَعَالَى: {هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا} (البقرۃ ۲۹)۔

ترجمہ: یہ فرمان نبوی بھی دلالت کرتا ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی: (وہی ہے جس نے سب کچھ جو زمین میں ہے تمہارے لئے پیدا کیا) سے اباحت ثابت ہوتی ہے۔[3]

---

[1] (سنن الترمذی، ج۴، ص ۲۲۰، الناشر: شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي - مصر)
[2] (سنن الدارقطنی، ج۵، ص ۳۲۵، الناشر: مؤسسة الرسالة، بيروت - لبنان)
[3] (مرقاۃ المفاتیح، ج ۱، ص ۲۷۹، الناشر: دار الفکر، بیروت - لبنان)

۳۔ اسی طرح ایک اور روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

ذَرُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ فَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَدَعُوهُ۔

ترجمہ: جس بات کا حکم میں نے تمہارے لئے بیان نہیں کیا، اس چیز سے متعلق مجھ سے سوال نہ کرو، تم سے پہلے امتیں اپنے کثرت سوال اور اپنے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے اختلاف کے باعث ہلاک ہوئیں۔ جب میں تمہیں کسی کام کے کرنے کا حکم دوں تو اسے حتی المقدور بجالانے کی کوشش کرو، اور جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کروں تب اسے ترک کردو۔[1]

۴۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے کثرت سے سوالات کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا:

إِنَّ أَعْظَمَ الْمُسْلِمِينَ جُرْمًا مَنْ سَأَلَ عَنْ شَيْءٍ لَمْ يُحَرَّمْ فَحُرِّمَ مِنْ أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ۔

ترجمہ: بے شک مسلمانوں میں سے وہ شخص بڑا مجرم ہے جو ایسی چیز کے بارے میں سوال کے جو حرام نہ تھی پھر اس کے سوال کی وجہ سے وہ حرام کردی گئی۔[2]

یہ ارشادِ نبوی صراحتًا دلالت کررہاہے کہ تحریم کے لئے نص کا ہونا ضروری ہے اور اگر نص نہیں تو اباحت ہے۔

۵۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

مَا أَحَلَّ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ فَهُوَ حَلَالٌ، وَمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَافِيَةٌ، فَاقْبَلُوا مِنَ اللّٰهِ الْعَافِيَةَ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُنْ نَسِيًّا۔

ترجمہ: جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حلال فرمایا ہے وہ حلال ہے اور جسے اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا وہ حرام ہے۔ جس سے اس نے سکوت فرمایا ہے، اس میں معافی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی دی ہوئی عافیت کو قبول کرو اور اللہ تعالیٰ کسی شے کو بھولنے والا نہیں ہے۔[3]

اس حدیث کے تحت شیخ عبد الحق محدث دہلوی لکھتے ہیں:

ازینجا معلوم می شود کہ اصل در اشیاء اباحت است۔

ترجمہ: یہ حدیث واضح ثبوت ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔[4]

---

[1] (صحیح مسلم، ج۷، ص ۹۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[2] (صحیح البخاری، ج ۲۲، ص ۲۵۷، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[3] (المستدرک للحاکم، ج۲، ص ۳۷۵، الناشر: دار المعرفۃ - بیروت)

[4] (اشعۃ اللمعات، ج۳، ص ۴۷۹)

ان آیات واحادیث کی روشنی میں اسلامی تصورِ قانون کا یہ اصول اچھی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔یعنی جن اشیاء کو شریعت نے حلال قرار دیا،وہ حلال ہیں اور جنہیں حرام قرار دیا ہے وہ حرام ہیں،اور جن اشیاء کے بارے میں خاموشی اختیار کی گئی ہے،وہ مباح اور جائز ہیں۔کسی شے کو محض عدمِ ذکر یا عدمِ ثبوت کی وجہ سے ناجائز یا حرام تصور کرنا،احکامِ شریعت کے منافی اور اسلام کے متعین کردہ نظامِ حلت وحرمت سے انحراف اور حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے،کیونکہ کسی شے پر شارع کا سکوت بذاتِ خود اس شے کے مباح اور جائز ہونے کی دلیل ہے۔اسلام میں شارع کی حیثیت صرف خدائے لم یزل اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو حاصل ہے۔اہلِ ایمان کو ایک منظم زندگی دینے کے لئے بعض چیزوں کو بوجوہ حرام قرار دے دیا گیا ہے۔(انتهى عبارته)

متن اعلام المؤمنین

پس ہر اس مسلمان کے لئے جو تابعِ شریعت اور مقلد مذہب حنفی ہے اس کے لئے اتنی تحقیق کافی ہے۔

اب اصلاح الرسوم کے غرائب وعجائب کو دیکھیں کہ صفحہ نمبر ۲۷ میں لکھا ہے کہ اس تلاوت میں نیابت ووکالت صحیح نہیں ہوتی،کیونکہ عبادت بدنی ہے اور امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں عباداتِ بدنیہ میں وکالت ونیابت صحیح نہیں ہے، انتهى عبارته۔

ہم کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے صحیح احادیث میں قرآن سننے میں نیابت ثابت ہے،جیسا کہ ماقبل میں یہ احادیث گزری ہیں لہٰذا مولوی مفتاح الدین کی چشم پوشی اور حق پوشی ہے بلکہ احکامِ شرعیہ کے ساتھ استہزاء(مذاق)اور استخفاف ہے۔اور سلف صالحین اور علماء حقانی کی تغلیط پر دال ہے۔

بلکہ شریعت کی تکذیب پر دال ہے اور یہ کفر ہے۔

جیسے کہ شرح عقائد نسفی میں ہے:

إذا كان بطريق الاستحلال والاستخفاف كان كفراً لكونه علامة للتكذيب۔

ترجمہ:اگر یہ بطریقہ استحلال اور استخفاف ہو تو کفر ہے کہ یہ تکذیب کی علامت ہے۔[1]

[1] (شرح العقائد النسفی، ج ۱، ص ۶۳، مكتبة أهل السنة والجماعة)

شریعت کا استخفاف اور مستحبات پر لزوم اختیار کرنا معرفتِ خداوندی کی نشانی ہے پر

حاشیہ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

تکمیل الایمان میں ہے:

شریعت سے تمسخر

محقق علی الاطلاق، شیخ عبد الحق حنفی، نقشبندی محدث دہلوی، رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، متوفی،۱۰۵۲ھ، لکھتے ہیں :

(والاستہزاء علی الشریعة والاستهانة بها کفر) استہزا و سخریت اہانت شریعت کفر است چہ آن علامت تکذیب وانکار است۔ والهزل بالکفر کفرا گر تلفظ بکلمہ کفر بطریق ہزل کند بی آنکہ معنی او مراد دارد واعتقاد کند کافر شود چہ ہزل موجب استخفاف است وہر گاہ استخفاف معصیت کفر بود استخفاف کفر بطریق اولی کفر باشد ہر چند نداند کہ آن کلمہ کفر است زیرا کہ جہل درین باب عذر نبود ونزد بعضی علما اگر کفر بودن آن نداند معذور است واین بر تقدیری است کہ تلفظ بدان عمدا کند اما اگر بطریق خطا وسہو وسبقت لسانی برزبانش آید کفر نبود اجماعا۔

یعنی شریعت کا مذاق اڑانا اور احکامِ شرع کی توہین کرنا کفر ہے کیونکہ دراصل یہ شریعت کو جھٹلانے اور اس سے انکار کرنے کی علامت ہے مذاقاً کفر یعنی ازراہِ مذاق و تمسخر کلمۂ کفر کہنا بھی کفر ہے۔

اگر کوئی شخص مذاق کے طور پر کلمۂ کفر کہے خواہ اس نے اس کا معنی مراد نہ لیا ہو اور اس کا اعتقاد بھی نہ رکھتا ہو پھر بھی کافر ہو جاتا ہے کیونکہ ہزل و تمسخر دراصل استخفاف یعنی ہیچ سمجھنے کا موجب ہے اور چونکہ معصیت کو ہیچ سمجھنا کفر ہوتا ہے لہٰذا کلمۂ کفر کو ہیچ اور معمولی سمجھنے کی صورت میں کفر کا ثبوت بطریق اولیٰ پایا جاتا ہے خواہ وہ شخص نہ جانتا ہو کہ یہ کلمۂ کفر ہے۔

کیونکہ اس بارے میں جہل اور لاعلمی کوئی صحیح اور جائز عذر نہیں ہے اور بعض علماء کے نزدیک اگر وہ شخص اس کلمۂ کفر کے کفر ہونے کو نہ جانتا ہو تو وہ معذور سمجھا جائے گا البتہ اگر بطریق خطا، سہو یا بھول اور نسیان کے اس کی زبان سے کلمۂ کفر نکل جائے تو وہ بالاتفاق کفر نہیں ہوتا۔[1]

[1] (تکمیل الایمان،ص،۱۸۶،الرحیم اکیڈیمی،لیاقت آباد، کراچی)(تکمیل الایمان،ص ۱۷۰)

شامی میں ہے:

ووجهه أن السنة أحد الأحكام الشرعية المتفق على مشروعيتها عند علماء الدين, فإذا أنكر ذلک ولم يرها شيئا ثابتا ومعتبرا ثابتا في الدين يكون قد استخف بها واستهانها وذلک كفر تأمل۔

ترجمہ: علماء دین کے نزدیک سنت احکام شرعیہ میں سے ہے، اس کی مشروعیت پر اتفاق ہے۔ پس اگر کوئی شخص اس کا انکار کرے اور اسے دین میں اس کا کوئی اعتبار نہ کرے پس اس بندہ نے سنت کا استخفاف اور توہین کی اور یہ کفر ہے۔[1]

مجمع الأنہر میں ہے:

ومن أهان الشريعة أو المسائل التي لا بد منها كفر۔

ترجمہ: جس نے شریعت یا مسائل ضروریہ کی اہانت کی تو یہ کفر ہے۔[2]

مجالس الابرار میں ہے:

ولهذا قال سفيان بن عيينة: من فسد من علمائنا ففيه شبه من اليهود, لأن اليهود عرفوا الحق ولم يتبعوه بل عدلوا عنه وكانوا مغضوبا عليهم, ومن فسد من عبادنا ففيه شبه من النصارى لأن النصارى لم يعرفوا الحق بل جهلوه وكانوا ضالّين, فإنه تعالى جعل العبادة سببا للثواب, والمعصية سببًا للعقاب۔ فمن يرجو الثواب ويخاف العذاب لا بدّ له أن يعرف العبادة والمعصية ليشتغل بالأولى ويصل إلى الثواب ويحترز عن الثانية وينجو من العذاب, لأن من لم يعرفهما ولم يفرق بينهما يضع إحداهما مقام الأخرى, فيكون من الخاسرين, وذلک لأن في قلب الإنسان قوّتين: قوة العلم وقوة الإرادة۔ وهما لا يتعطلان أبدًا ولا يحصل عمل إلا بهما, سواء كان خيرًا أو شرًّا, لأنّ من يفعل شيئًا سواء كان خيرًا أو شرًّا لا يفعله ما لم يرده ولا يريده ما لم يعلمه۔ فكمال الإنسان وصلاحه بإستعمال هاتين القوتين فيما ينفعه في الدارين ويعينه في نيل الدولتين, فلا بدّ له من إستعمال قوة العلم في إدراک الحق وتمييزه عن الباطل, واستعمال قوة الإرادة في طلب الحق وإيثاره على الباطل لأنه إذا لم يستعمل قوته العلمية في معرفة الحق وإدراكه فلا جرم أنه يستعملها في معرفة الباطل وما يليق به, وإذا لم يستعمل قوته الإرادية في طلب الحق والعمل به فلا شک أنه يستعملها في طلب الباطل والعمل به۔

ترجمہ: سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں ہمارے علماء میں سے جو فساد برپا کرے تو اس میں یہود کی مشابہت ہے۔ تحقیق کے ساتھ یہود حق کو جانتے تھے لیکن اس کی تابعداری نہیں کرتے تھے، بلکہ اس سے عدول کرتے تھے۔ اس لئے وہ مغضوب علیہم ہوئے، اور جو فساد برپا کرے ہماری عبادت میں پس اس میں نصاریٰ کی مشابہت ہے۔ اس لئے کہ نصاریٰ حق نہیں جانتے تھے، بلکہ جہالت میں تھے اس لئے وہ گمراہ ہوئے۔ پس شان یہ ہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے عبادت کو ثواب کے

[1] (شامی، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة ج: ۱ ص: ۴۷۴ ط: سعيد)

[2] (باب المرتد، ألفاظ الكفر أنواع ج: ۱ ص: ۶۹۵ ط: دار إحياء التراث العربي)

حصول کے لئے سبب بنایا اور گناہ عقاب کے لئے سبب بنا۔ پس جو شخص ثواب کا ارادہ رکھے اور عذاب سے ڈرے اس کے لئے ضروری ہے کہ عبادت اور معصیت کو پہچانے تاکہ پہلے عبادت میں مشغول ہو کر ثواب تک پہنچ جائے اور دوسرے سے اپنے آپ کو بچائے تاکہ عذاب سے بچ سکے۔ پس تحقیق کے ساتھ جو ان دونوں کو نہیں پہچانے اور ان دونوں کے درمیان فرق نہ کر سکے اور ایک کو دوسرے کی جگہ پر رکھے پس یہ شخص خاسرین میں سے ہے۔ اور اس کی علت یہ ہے کہ انسان کے دل میں دو قوتیں ہیں، ایک قوت العلم ہے اور دوسری قوت الارادہ۔ اور یہ دونوں ہمیشہ متعطل نہیں رہتیں۔ اور عمل حاصل نہیں ہوتا مگر ان دونوں کے ساتھ، چاہے وہ عملِ خیر ہو یا شر۔ اس لئے کہ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو، چاہے وہ خیر کا ہو یا شر کا ہو، تو اس کو نہیں کر سکتا جب تک وہ اس کا ارادہ نہ کرے۔ اور ارادہ نہیں کر سکتا جب تک اس کو پہچانے نہیں، پس انسان کا کمال اور اور اس کی صلاح ان دونوں قوتوں کے استعمال کرنے پر ہے جس کے ذریعے اس کو دارین میں نفع ملے گا اور دونوں دولتوں میں اس کو مدد ملے گی۔ پس ضروری ہے کہ یہ قوتِ علم کو استعمال کرے حق کے ادراک میں۔ اور حق کو باطل سے جدا کرنے میں، اور قوتِ ارادت کو استعمال کرے حق کی طلب میں، اور حق کو قربان کرے باطل پر اس لئے کہ اگر یہ قوتِ علمیہ کو حق کی معرفت اور اس کے پانے میں استعمال نہ کرے، تو خوامخواہ یہ اس قوت علمیہ کو استعمال کرے گا باطل کے پہچاننے میں یا اس کے ساتھ جو مناسب ہو، اور جب یہ قوتِ ارادی کو استعمال نہ کرے حق کی طلب میں اور اس پر عمل کرنے میں پس اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اس قوتِ ارادی کو استعمال کرے گا باطل کی طلب میں اس پر عمل کرنے میں۔ [1]

مجالس الابرار میں ہے:

قال بعض السلف: من لم یعمل من الحق إلا ما یوافق هواه ولم یترک من الباطل إلا ما یخالف هواه لا یصل أجر ما عمل من الحق ولا ینجو من وزر ما ترک من الباطل، بل یکون هذا سببًا لسوء خاتمته وشؤم عاقبته۔

ترجمہ: بعض سلف صالحین نے فرمایا: جو حق میں سے کسی چیز پر عمل نہ کرے مگر جو اس کا دل چاہے، اور باطل کو نہ چھوڑے مگر اپنی خواہشاتِ نفسانی کے تحت، تو یہ نہیں پہنچ سکتا ہے اجر میں جس نے حق پر عمل کیا اور نجات نہیں پا سکتا ہے اس گناہ سے جس نے باطل کو چھوڑا۔ بلکہ اس کا یہ عمل سبب ہے اس کے سوء خاتمہ کے لئے اور اس کی عاقبت کی بدشگونی کے لئے۔ [2]

صاحبِ اصلاح الرسوم نے تو حد کر دی، جو چیز سنت سے ثابت شدہ ہے اسے بدعت کہا، حالانکہ علماء فرماتے ہیں کہ مستحب کو قبیح جاننا کفر ہے، چہ جائیکہ سنت۔

---

[1] (مجالس الابرار، ص ۸۲، دار الکتب، محلہ جنگی، پشاور)

[2] (مجالس الابرار، ص ۸۲، دار الکتب، محلہ جنگی، پشاور)

جیسے کہ الامام الشیخ عبد الوہاب الشعرانی رضی اللہ عنہ (المتوفیٰ ۹۷۳ھ) لکھتے ہیں:

وبلغ من اعتناء الحق تعالیٰ بأحدهم: أنه كان يعاقب أحدهم على خلاف الأولیٰ۔

اوراللہ رب العزت کے فضل سے اولیاءاللہ پر یہ احسان ہے کہ اولیاءاللہ زیادہ اہتمام کرتے ہیں کہ وہ اپنے مریدین کوخلاف اولیٰ کام کرنے پر بھی سرزنش دیتے ہیں۔ پس سنن اور مستحبات میں سستی نہیں کرنی چاہیئے۔[1]

الامام الشیخ عبد الوہاب الشعرانی رضی اللہ عنہ (المتوفیٰ ۹۷۳ھ) لکھتے ہیں:

وكان الجنيد رضی اللہ تعالی يقول: طريق الفقهاء هی أساس طريقنا التی بنيت عليه ولكن زادالصوفيةعلى الفقهاء كثرةمراعاة العمل بالشريعة وعدم التساهل فی ترک العمل بشیء منها ای طريقهم ترک الرخص والتاويلات والاخذبالعزائم والتمسک بالمندوب كالواجب واجتناب المكروه وخلاف الاولی كالحرام۔

ترجمہ: حضرت جنید رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ فقہاء کا طریقہ یہی ہمارے طریقہ کی بنیاد ہے اور ہمارا طریقہ اسی پر بناء ہے لیکن صوفیاء نے فقہاء جو فضیلت حاصل کی وہ کثرت سے شریعت پر عمل کرنے کی وجہ سے کیونکہ صوفیاء ان میں سے کسی عمل میں سستی اختیار نہیں کرتے یعنی ان کا طریقہ رخصت کو چھوڑنا اور تاویلات کو ترک کرنا اور عزیمت پر عمل کرنا ہے اور مندوب کو لازم پکڑنا اور مستحب پر عمل کرنا ان کیلئے واجب کی طرح ہے اور مکروہ اور خلاف اولیٰ سے بچنا ان کے طریقے میں ایسے ہے جیسے کہ حرام سے بچنا۔[2]

الامام الشیخ عبد الوہاب الشعرانی رضی اللہ عنہ (المتوفیٰ ۹۷۳ھ) لکھتے ہیں:

وكان سيدی علی الخواص رضی اللہ عنه يقول: الحق تعالی يمقت على ترک الادب وعلى خلاف الاولی فضلاعن المكروه والحرام۔

ترجمہ: اور سیدی علی الخواص رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ جل شانہٗ ناراض ہوتا ہے اور جلال میں آتا ہے ادب کے چھوڑنے پر اور خلاف اولیٰ کام کرنے پر چہ جائیکہ کوئی مکروہ یا حرام کام کرے (یعنی اس پر تو اور بھی جلال میں آتا ہے اور ناراض ہوتا ہے) یعنی مستحب چھوڑنے پر جب قہر فرماتا ہے تو مکروہ اور حرام کے کرنے پر تو بطریق اولیٰ قہر فرماتا ہے۔[3]

الامام الشیخ عبد الوہاب الشعرانی رضی اللہ عنہ (المتوفیٰ ۹۷۳ھ) لکھتے ہیں:

وسمعت سيدی عليا المرصفی رحمه اللہ تعالی يقول: لايصح لمريد قدم فی الارادة حتى يترک المباحات جملةويجعل مكان مباح تركه فعل مأمور شرعیٔ من مندوب او اولی حتی يجتنب المباح كانه خلاف الاولی ويجتنب

---

[1] (الاجوبةالمرضيه عن ائمةالفقهاء والصوفية ص ۱۴۱)
[2] (الاجوبةالمرضيه عن ائمةالفقهاء والصوفية ص ۱۲۷)
[3] (الاجوبةالمرضيه عن ائمةالفقهاء والصوفية ص ۱۸۸)

خلاف الاولی کانه منهی عنه کراهة تنزیه و حتی یجتنب الحرام کانه کفر و حتی یفعل المندوب کانه واجب ویفعل الاولی کانه مندوب کل ذالک تعظیما لامر اللہ تعالی و نهیه۔

ترجمہ: اور میں نے سیدی علی مرصفی رحمۃ اللہ علیہ سے سنا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مرید کیلئے جب طریقت میں قدم رکھے تو اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ تمام کے تمام مباحات کو چھوڑدے اور ہر وہ مباح جس کو اس نے چھوڑا ہے اس کی جگہ پر وہ مامور شرعی کام کرے جس کا تعلق مستحب یا اولیٰ سے ہو یہاں تک کہ یہ مباح سے اس طرح سے بچے جیسے کہ خلاف اولیٰ سے بچتا ہے اور خلاف اولیٰ سے اس طرح بچے گویا کہ اس کو اس سے منع کیا گیا ہو کراہت تنزیہی کی طرح اور یہاں تک مکروہ سے اسطرح بچے گویا کہ یہ حرام ہے اور حرام سے اس طرح بچے گویا کہ یہ کفر ہے اور یہاں تک کہ مستحب پر ایسا عمل کرے گویا کہ یہ واجب ہے اور اولیٰ کام کو اس طرح کرے گویا کہ یہ مستحب ہے یہ سب کچھ کرنا اس میں اللہ تعالیٰ کے امر اور نہی کی تعظیم ہے۔[1]

شیخ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

قال عبد اللہ بن المبارک رضی اللہ تعالی عنه من تهاون بالآداب عوقب بحرمان السنة و من تهاون بالسنة عوقب بحرمان الواجبات و من تهاون بالواجبات عوقب بحرمان الفرائض و من تهاون بالفرائض عوقب بحرمان المعرفة او کما قال۔

یعنی فرمایا عبد اللہ ابن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس نے مستحبات میں سستی کی اسے سنت سے محرومی کی سزا ملے گی۔ اور جس نے سنت میں سستی کی اسے واجبات سے محرومی کی سزا ملے گی اور جس نے واجبات میں سستی کی اسے فرائض سے محرومی کی سزا ملے گی، اور جس نے فرائض میں سستی کی اسے معرفت خداوندی سے محرومی کی سزا ملے گی۔[2]

معلوم ہوا کہ مستحب دراصل سنن کی تکمیل کا ذریعہ اور سبب ہے، اور سنت دراصل واجبات کی تکمیل کا ذریعہ اور سبب ہے، اور واجبات دراصل فرض کی تکمیل کا ذریعہ اور سبب ہیں، لہذا مستحب اور سنت اگر چہ فرض یا واجب کے مرتبے کی چیز نہیں ہے لیکن ان کا موقوف علیہ ضرور بنتی ہے۔ جب موقوف ضروری العمل ہو تو اس کا موقوف علیہ بھی ضروری العمل ہو گا۔

الشیخ الاجل والامام الاکمل الفقیہ الامجد طاہر بن الرشید البخاری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

من ترک السنة بعذر فهو معذور و لو ترک بغیر عذر تهاونا لا یقبل فرضه و یسأل عن ترکها۔

---

[1] (الاجوبة المرضیه عن ائمة الفقهاء و الصوفیة ص ۱۹۰)

[2] (تفسیر عزیزی، قطب الارشاد صفحہ ۱۴، مکتبہ قاسمیہ)

ترجمہ: جس نے عذر کی وجہ سے سنت کو ترک کیا وہ معذور ہے، اور جس نے بغیر عذر کے سنت کو ترک کیا تو سزا کے طور پر اس کے فرائض بھی قبول نہ کئے جائیں گے اور اس سے (سنت) ترک کرنے کے بارے میں (مرنے کے بعد) سوال ہو گا۔

اور دوسری جگہ میں ارشاد فرماتے ہیں :

و الواجبات اکمال الفرائض و السنن اکمال الواجبات و الاداب اکمال السنن۔

ترجمہ: فرائض کی تکمیل واجبات میں ہے اور واجبات کی تکمیل سنن میں ہے اور سنن کی تکمیل آداب اور مستحبات میں ہے۔[1]

أبو المعالي برهان الدين محمود بن أحمد بن عبد العزيز بن عمر بن مَازَةَ البخاري الحنفي (المتوفى: ٦١٦ھ) لکھتے ہیں:

من ترک السنّة سئل عن ترکها۔

ترجمہ: جس نے سنت چھوڑ دی تو اس بارے میں اس سے سوال کیا جائے گا۔[2]

واقعہ :

الامام الشیخ عبد الوہاب الشعرانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

نقل ان الامام النووی علیہ الرحمۃ لم یحتلم ثلاثین سنة و فاتته صلاة العشاء مع الجماعة لیلة فاحتلم فی تلک اللیلة فکان احتلامه عقوبة ترک سنة الجماعة۔ و اللہ اعلم۔

ترجمہ: نقل ہے کہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کو تیس برس تک احتلام نہیں ہوا ایک رات ان سے عشاء کی نماز کی جماعت فوت ہو گئی پس اسی رات انہیں احتلام ہوا۔ پس احتلام کا سبب عشاء کی نماز کی جماعت فوت ہونے کی سزا کی وجہ سے تھا۔[3]

سنت کے چھوٹنے پر ایسے توبہ کی جائے جیسے کسی واجب کے چھوٹنے پر ضروری ہے

امام التصوف سیدی عبد الوہاب الشعرانی نے فرمایا:

لمن سلک طریق العارفین أن یتوب من ترک السنة کما یتوب من ترک الواجب۔

جو شخص عارفین کے طریقہ پر چلنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ سنت کے چھوٹنے پر بھی ویسی توبہ کرے جیسی کسی واجب کے چھوٹنے پر کرتا ہے۔ یعنی عارفین کے طریقہ میں اتنی باریکی ہے اور وہ لوگ جو جاہل صوفی ہیں سنت تو سنت تارک فرض ہونے کے باوجود گمان کرتے ہیں کہ ان کا رب ان سے راضی ہے۔[1]

---

[1](خلاصة الفتاویٰ جلد ۱ صفحہ ۶۴ ص ۵۱)

[2](المحيط البرهاني في الفقه النعماني ج ۲ ص ۴۶۷)

[3](الاجوبة المرضیه عن ائمة الفقهاء و الصوفیة ص ۱۹۸)

کیا وصال حضرت الہیہ کے بعد تکالیفِ شرعیہ ساقط ہو جاتی ہیں؟

وقد سئل القاسم الجنید رضی اللہ عنہ: عن قوم یقولون: بإسقاط التکالیف ویزعمون أن التکالیف انما کانت وسیلة إلی الوصول وقد وصلنا فقال رضی اللہ عنہ صدقوا فی الوصول ولکن إلی سقر والذی یسرق ویزنی خیر من یعتقد ذالک ولو أنی بقیت ألف عام مانقصت من اورادی شیئا الا بعذر شرعی۔

حضرت جنید رضی اللہ عنہ سے ایک قوم (جاہل صوفیوں) کے بارے میں سوال کیا گیا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم پر سے شریعت کی تکالیف ساقط ہو گی ہیں اور گمان کرتے ہیں کہ شرعی تکالیف محض وصول الی اللہ تک وسیلہ ہوتی ہیں کہ شرعی تکالیف الی اللہ نصیب ہو گیا۔ آپ نے فرمایا وہ سچ کہتے ہیں پہنچنے میں مگر جہنم تک۔ چور اور زانی بہتر ہیں ایسے اعتقاد سے اور اگر میں ہزار برس بھی جیوں تو کمی نہ کروں اپنے اوراد میں سے کسی چیز کی مگر عذر شرعی کی بناء پر۔[2]

نفس پر آداب شرعیہ کا لازم کرنا دلوں کے نورِ الٰہیہ سے منور ہونے کا سبب ہے

سیدی عارف باللہ ابو العباس احمد بن محمد بن سھل بن عطاء الادمی قدس سرہ نے فرماتے ہیں:

من ألزم نفسه آداب الشریعة نور اللہ قلبه بنور المعرفة ولا مقام اشرف من مقام متابعة الحبیب ﷺ فی اوامره و افعاله و أخلاقه۔

جو شخص اپنے نفس پر آداب شرعیہ کو لازم کر لیتا ہے اللہ عزوجل اس کے دل کو معرفت کے نور سے منور فرما دیتا ہے۔ اور اللہ کے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے احکام آپ کے افعال اور آپ کے اخلاق کی اتباع سے زیادہ شرف والا کوئی مقام نہیں۔[3]

مستحب حق تعالیٰ کے نزدیک محبوب عمل ہے

امام ربانی مجدد الف ثانی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ الاقدس فرماتے ہیں کہ مستحب کو بجالانے کو معمولی نہ سمجھیں۔ مستحب حق تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب عمل ہے۔ اگر تمام دنیا کے عوض اللہ تعالیٰ کے ایک پسندیدہ اور محبوب فعل معلوم ہو جائے اور اس کے مطابق عمل میسر ہو جائے تو غنیمت ہے۔[4]

---

[1] (الانوار القدسیه فی بیان آداب العبودیه ص 36، مکتبه الازهری)

[2] (الیواقیت والجواهر فی بیان عقائد الاکابر ص ۲۰۶، دار الکتب العلمیة، عوارف المعارف ص: 52 دار الکتب العلمیة)

[3] (الرسالة القشیریة، ابو العباس احمد بن محمد بن سهل بن عطاء الادمی، ص ۲۹، دار السلام)

[4] (مکتوب نمبر ۲۶۶، دفتر اول، البینات شرح مکتوبات، ج۳، ص ۸۸)

مستحب کی رعایت کرنے میں فوز عظیم ہے

ایک مقام پر یوں رقم طراز ہیں:

کہ کسی مستحب کی رعایت کرنا اور کسی مکروہ سے بچنا خواہ وہ مکروہِ تحریمی نا ہو بلکہ مکروہِ تنزیہی ہی ہو۔ ذکر و فکر اور توجہ اور مراقبہ سے بہتر ہے۔ اور ہاں اگر ان امور (ذکر، فکر و مراقبہ وغیرہا کو) مستحبات کی رعایت اور مکروہات سے اجتناب کے ساتھ جمع کر لے تو فقد فاز افوزاً اعظیما و بدونہ خرط القتاد۔[1]

طریق صوفیہ دو اصولوں (شریعت اور شیخ کی کامل محبت) پر ہے:

امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے میر محمد نعمان کی طرف خط ارسال فرمایا:

هذا الطريق على اصلين الاستقامة على الشريعة على حد لا ينبغي ان يرضى بترك ادنى آدبها و رسوخ محبة شيخ الطريقة و الثبات عليها و الاخلاص على نهج لا يبقى مجال الاعتراض عليه اصلا بل يكون جميع حركاته و سكناته مستحسنة و محبوبة في نظر المريد۔

یہ طریق دو اصولوں پر ہے۔ ایک شریعت پر اس حد تک استقامت اختیار کرنی چاہیئے کہ اس کے چھوٹے سے چھوٹے آداب کو بھی ترک کرنے پر راضی نہ ہوں، اور دوسرا شیخ طریقت کی محبت اور اخلاص پر اس طرح راسخ اور ثابت قدم ہوں کہ اس پر کسی قسم کا اعتراض نہ کریں۔ بلکہ اس کے تمام حرکات و سکنات مرید کی نظر میں مستحسن اور محبوب ہوں۔[2]

از ابتداء تا انتہاء بغیر شریعت چارہ نہیں

امام ربانی قدس سرہ نے مرزا شمس الدین کی طرف خط ارسال فرمایا کہ اس بیان میں کہ از ابتداء تا انتہاء شریعت کے بغیر چارہ نہیں:

ولا يغلطن هنا شخص فيقول انه قد حصل في هذا الموطن الاستغناء عن صورة الشريعة و حقيقتها و لم يبق الاحتياج الى اتيان الاحكام الشرعية لانا نقول ان الشريعة اصل هذا الامر و أساس هذه المعاملة و كل ما يتعالى الشجر او يتطاول البنيان و يبنى فوقه القصور و الايوان لا يستغنيان عن الاصل و الاساس و لا يزول عنهما الاحتياج الذاتي فان البيت العلو مثلا كل ما كان أرفع و أعلىٰ لا يكون له بد من البيت السفل و لا يزول احتياجه عنه اصلا فان طرأ الخلل في السفل فرضاً يؤثر ذالك الخلل في العلو ايضا و يستلزم زوال السفل زوال العلو فالشريعة لازمة في جمعيع الحال و جمعيع الوقت و كل شخص محتاج الى اتيان احكامها۔

---

[1] (دفتر اول۔ مکتوب نمبر ۲۹، البینات شرح مکتوبات، ج۳، ص ۸۹)

[2] (المكتوبات الربانية مكتوب ۲۲۸، ج ۱ ص ۴۳۳ دار الكتب العلمية)

یہاں کوئی شخص غلطی نہ کھائے اور کہے کہ اس مقام میں صورت شریعت اور حقیقت شریعت سے بے نیازی حاصل ہو جاتی ہے۔ اور احکام شرعیہ کے بجالانے کی ضرورت باقی نہیں۔ کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ شریعت اس کام کی اصل اور اس معاملہ کی بنیاد ہے۔ درخت چاہے کتنا ہی اونچا اور بلندی میں چلا جائے اور دیوار چاہے کتنی ہی بلندی میں چلی جائے اور محلات بلند اس پر تعمیر کئے جائیں۔ اصل اور بنیاد سے بے نیازی نہیں ہو سکتی۔ اور اس کی ضرورت سے وہ بے نیاز نہیں ہو سکتے۔ مثلاً ایک بلند مقام چاہے کتنی بھی بلندی پیدا کرے۔ اور پستی سے دور چلا جائے۔ نیچے والے مکان سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ اور نیچے والے مکان سے اس کی محتاجی زائل نہیں ہو سکتی اور اگر نیچے والے مکان میں خرابی پیدا ہو تو وہ خرابی اوپر کے مکان میں بھی اثر کرے گی۔ اور نیچے والے کا زوال اوپر والے زوال کا باعث بنے گا۔ بس شریعت ہر وقت اور ہر حال میں درکار ہے اور اس کے احکام کی بجا آوری کے سب محتاج ہیں۔ (کہ شریعت ہی اصل الاصول ہے)[1]

شریعت مطہرہ میں مستحبات پر لزوم اختیار کرنا

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ لَزِمَ الِاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللَّهُ لَهُ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَمِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔

ترجمہ: حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے لازم کر لیا اپنے آپ پر استغفار پڑھنے کو، تو اللہ جل شانہ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کے لئے اور ہر غم سے خلاصی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے، اور اللہ رب العزت اسے روزی عطا فرما دیگا کہ جہاں سے اس کا وہم و گمان بھی نہ ہو گا۔[2]

نوٹ: استغفار پڑھنا فرض یا واجب نہیں ہے بلکہ ایک مستحب عمل ہے، باوجود استحباب نبی کریم ﷺ نے ہمیں اختیار عطا فرمائی ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ انسان اپنے اوپر مستحب عمل کو لازم کر سکتا ہے۔

اسی طرح صحاح ستہ کی احادیث مبارکہ میں ایک حدیث شریف ہے:

وَأَنَّ أَحَبَّ الأَعْمَالِ إِلَى اللَّهِ أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ۔

ترجمہ: بے شک اللہ رب العزت کو محبوب ترین عمل وہ ہے جو ہمیشہ ہو اگرچہ کم ہو۔[3]

فائدہ: دوام اور ہمیشگی اس وقت آئے گی جب اس پر التزام کیا جائے۔ بدون التزام ہمیشگی نہیں آسکتی۔

---

[1] (المکتوب ۳۶۳، جلد ۲، ص ۴۴۷ دار الکتب العلمیة)

[2] (سنن ابی داؤد، جلد ۲ صفحہ ۸۵ باب فی الاستغفار، سنن ابن ماجہ، جلد ۲ صفحہ ۱۲۵۴، باب الاستغفار، مشکوۃ شریف جلد ۱ باب الاستغفار صفحہ ۲۰۴)

[3] (صحیح البخاری، باب القصد و المداومة علی العمل)

مستحبات کو قبیح جاننا کفر ہے

مستحبات پر عمل نہ کرنے سے آدمی کافر نہیں ہوتا،، لیکن ان اعمال کو قبیح جاننا، یہ کفر ہے۔

اسی وجہ سے صاحب عصام نے فرمایا:

و استقباح ما جعل اللہ مندو باً ایضاً کفر۔

یعنی جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے مندوب کیا ہو اس کو برا کہنا بھی کفر ہے۔[1]

مولوی انور شاہ کشمیری دیوبندی لکھتے ہیں:

کہ ضروریات دین میں بہت سے امور شرعاً مستحب اور مباح بھی ہوتے ہیں (ظاہر ہے کہ ان پر عمل کرنا فرض نہیں ہوسکتا) مگران کے مستحب یامباح ہونے پر ایمان لانایقیناً فرض اور داخل ایمان ہے اور بطور عناد ان کا انکار کرنا موجب کفر ہے۔[2]، انتھٰی عبارتہ۔

متن اعلام المؤمنین

اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے یہ ثابت ہے کہ انہوں نے دوسرے سے قرآن سنا۔

بلکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (الأعراف ۲۰۴)

ترجمہ: جب قرآن پڑھا جائے تو خاموش رہو اور سنو تا کہ تم پر رحم نازل ہو۔

تو جو حکم قرآن سے ثابت ہو اس کو بدعتِ سیئہ کہنا بہت بڑی بے باکی ہے جو کسی مسلمان کے شایانِ شان نہیں ہے۔

اور صفحہ نمبر ۷۴ میں لکھا ہے کہ یہ سورۃ ملک ہر رات پڑھنا سنت ہے، صرف جمعہ کی رات کی تخصیص بدعت ہے، جس کی شریعت میں اصل نہیں ہے۔

اور صفحہ نمبر ۷۹ میں لکھا ہے کہ رمضان کی تئیسویں رات سورۃ روم و عنکبوت کی تخصیص بدعت ہے۔(انتھٰی عبارتہ)

---

[1] (حاشیہ بیضاوی ص ۴۸)

[2] (اکفار الملحدین ص ۶۴ مکتبہ لدھیانوی)

رمضان کی تئیسویں رات سورۃ روم و عنکبوت کی تلاوت کرنے پر

حاشیہٗ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

دور حاضر کے علماء تئیس رمضان المبارک کی شب میں سورۃ العنکبوت، اور سورۃ الروم پڑھنے کو بدعت اور ناجائز کہتے ہیں۔

حالانکہ قرآن کے پڑھنے سے ایک ایک حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں:

كقوله عليه السلام وعن ابن مسعود قال قال رسول الله ﷺ من قرأ حرفا من كتاب الله فله به حسنة والحسنة بعشر امثالها لا اقول آلم حرف الف ولام حرف وميم حرف۔[1]

حاشیہ مشکوۃ پر تفصیل یوں ذکر کی ہے کہ:

”الف حرف ای مسمی الف حرف والاسم ثلثة احرف ففی سورة البقرة يكون عدد الحسنات تسعين الخ“۔[2]

خاص کر سورۂ عنکبوت و سورۂ روم پڑھنا کیونکہ یہ جنت میں جانے اور دوزخ سے بچنے کا سبب ہے۔

عن النبی ﷺ من قرأ سورة العنكبوت كان له من الاجر عشر حسنات بعدد كل المؤمنين والمنافقين اه۔

(تفسير ابی السعود آخر سورة عنكبوت صفحه نمبر ۲۶۴/۷، الكشف والبيان عن تفسير القرآن سورة العنكبوت (۲۹): الآيات ۱ الى ۱۱ ص۲۶۹ ج۷، الوسيط في تفسير القرآن المجيد سُورَةَ الْعَنْكَبُوتِ ج۳ص ۴۱۲، الكشاف عن حقائق غوامض التنزيل سورة العنكبوت ج۳ص ۴۶۵، أنوار التنزيل وأسرار التأويل سورة العنكبوت: آية ۶۹ ج٤ص۲۰۰، اللباب في علوم الكتاب ج۱۵ ص ۳۸۰ دار الكتب العلمية - بيروت/لبنان، السراج المنير في الإعانة على معرفة بعض معاني كلام ربنا الحكيم الخبير ج۳ص ۱۵۵ مطبعة بولاق (الأميرية) - القاهرة، تفسير أبي السعود = إرشاد العقل السليم إلى مزايا الكتاب الكريم سورةَ العنكبوتِ ج۷ص ۴۸ دار إحياء التراث العربي - بيروت، دَرْجُ الدُّرر في تَفِسيِر الآيِ والسُّوَر سورة العنكبوت ج۳ص ۱۳۷۳ مجلة الحكمة، بريطانيا، دَرْجُ الدُّرر في تَفِسيِر الآيِ والسُّوَر سورة العنكبوت ج۲ص ۴۳۴ دار الفكر - عمان، الأردن، فتوح الغيب في الكشف عن قناع الريب (حاشية الطيبي على الكشاف) سورة العنكبوت ج۱۲ ص ۲۰۶ جائزة دبي الدولية للقرآن الكريم، فضائل القرآن سورة العنكبوت ج۲ص ۱۸۷ دار ابن حزم، تخريج الأحاديث والآثار الواقعة في تفسير الكشاف للزمخشري سُورَة العنكبوت ج۳ص ۵۰ دار ابن خزيمة - الرياض)

وعن رسول الله ﷺ من قرأ سورة الروم كان له من الاجر عشر حسنات بعدد كل ملك الله تعالى بين السماء والارض وادرك ماضيع فی يومه وليلة اه۔[3]

کتاب جنت الفردوس جو نظم کی کتاب ہے اس میں لکھا ہے کہ جسے جنت چاہئے اور اس کا امیدوار ہو تو جب رمضان کی تئیسویں رات آجائے تو تراویح کے بعد سورہ عنکبوت وروم کو پڑھے یا سنے تو یہ شخص اہل جنت سے ہو کر حضور ﷺ کے دوستوں میں سے ہو جائے گا۔[4]

---

[1] (رواه الترمذی والدارمی مشکوۃ صفحہ نمبر ۱۸۶)

[2] (لمعات حاشیہ مشکوۃ صفحہ نمبر ۱۸۶)

[3] (تفسیر ابی السعود آخر سورۃ الروم ص ۲۸۸/۷)

[4] (جنت الفردوس صفحہ نمبر ۶۵ تا ۶۷)

در بیان شب کہ در آن شب گناہان ہمہ بخشیدہ میشوند وآن شب بیست وسوئم ماہ رمضان است واگر در شب بیست وسوئم ماہ رمضان سورۂ عنکبوت وروم بخواند خوانندہ وشنوانندہ را آتش دوزخ کار نباشد۔[1]

رسول اللہ ﷺ گفت: من قرأ سورة العنكبوت وسورة روم فی ليلة الثالثة والعشرين من رمضان فهو من اهل الجنة۔[2]

سننے کا ثواب پڑھنے سے زیادہ ہے۔ پڑھنے والے کیلئے ایک اجر ہے اور سننے والے کے لئے دو اجر ہیں اس لئے قاری سورۃ عنکبوت وروم کی تلاوت کرتے ہیں اور باقی لوگ سنتے ہیں۔

اسی طرح سننے اور سنانے کا معمول حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی تھا:

كقوله وقد كان رسول الله ﷺ يامر من قرأ القرآن فی المسجد ان يسمع قرأته وكان ابن عمر رضی الله عنهما يامر من يقرأ عليه وعلى اصحابه وهم يستمعون ولانه اكثر عملاً وابلغ فی الله بر او نفعه متعد لا يقاظ قلوب الغافلين۔[3]

وكان اصحاب النبی ﷺ اذا اجتمعوا امروا احدهم ان يقرأ سورة من القرآن وهكذا فی۔[4]

اور جو شخص سلف صالحین کے معمولات پر طعن کرتے ہیں تو وہ مردود الشہادۃ ہے:

قال فی التكملة: من طعن فی علماء الامة لا يلو من الا امه كما فی الكرمانی۔[5]

سورۃ العنکبوت

حجۃ الاسلام السید محمد تقی المقدم خزانۃ الاسرار میں لکھتے ہیں:

روى عن رسول الله الاعظم ﷺ قوله: "من قرأ سورة العنكبوت كان له من الأجر عشر حسنات بعدد كل المؤمنين والمنافقين۔"[6]

وروى عن الامام الصادق رضی الله عنه قوله: "من قرأ سورة العنكبوت والروم فی ليلة ثلاث وعشرين من شهر رمضان فهو والله من اهل الجنة لا استثنى فيه ابداً، ولا اخاف أن يكتب الله عليّ فی يمينی إثما وان لهاتين السورتين من الله مكانا۔"[7]

---

[1] (ارشاد الطالبین صفحہ نمبر ۲۲۳)

[2] (انیس الواعظین صفحہ نمبر ۳۰)

[3] (طحاوی صفحہ ۱۷۴ وفی احیاء العلوم ص ۱۵۸)

[4] (تفسیر روح البیان صفحہ ۴/۵۰۰)

[5] (التکملۃ، ج ۱، ص ۱۴۵، الکرمانی، ص ۱۲)

[6] (خزانۃ الاسرار ص ۲۳۰ ج ۱، مجمع البیان ج۸ مقدمۃ السورۃ)

[7] ((خزانة الاسرار ص ۲۳۰ ج ۱)، اعلام الدين فضائل سور القرآن ص ۳۷۳، الشيخ الحسن بن ابی الحسن الديلمی من اعلام القرآن ثامن الهجری، ثواب الاعمال ج ۱ ص ۱۰۹ ثواب من قرأ سورة العنكبوت والروم، مؤلف الشيخ الصدوق المتوفى ۳۸۱ھ)

سورة الروم

روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قولہ: ومن قرأھا کان لہ من الأجر عشر حسنات بعدد کل ملک سبح للہ مابین السماء والارض، وأدرک ماضیع فی یومہ ولیلتہ۔[1]، انتھٰی عبارتہ۔

متن اعلام المؤمنین

ہم کئی وجوہ سے جواب دے رہے ہیں:

ا۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ یہ بات قابلِ قبول نہیں ہے کہ یہ بدعت ہے، کیونکہ نماز سے باہر قرآن کا سننا مستحب ہے، اور کسی کے لئے بھی نفلی عبادات پر التزام جیسے وہ چاہے جائز ہے۔

جیسا کہ التحریر المختار لرد المحتار میں ہے:

لان المتطوع امیر نفسہ فلا یلزمہ الا ما التزمہ باختیارہ وقصدہ بخلاف الفرض لانہ مقدر معین اصلا ووصفا فلا یتجاوز عن ذلک۔

ترجمہ: نفلی عبادات کرنے والا اپنے آپ کا امیر ہے۔ لہٰذا اس پر وہ لازم ہو گا جو وہ اپنے آپ پر لازم کر لے اپنے اختیار سے اور اپنے ارادے سے بخلاف فرض کے کہ وہ اصلاً ووصفاً اس پر مقرر ہے، جس سے وہ تجاوز نہیں کرے گا۔[2]

اسی طرح جمعہ کی رات یا رمضان کی تئیسویں رات یا دیگر اوقات کو قرأت وسماعت کے لئے مخصوص کرنا بدعتِ سیئہ میں داخل نہیں ہے، کیونکہ نماز کے علاوہ دیگر اوقات میں قرآن سننا اور سنانا نوافل میں سے ہے، اور نفل مطلق کسی بھی وقت ادا کیا جا سکتا ہے۔

جیسا کہ عالمگیری میں ہے:

التَّطَوُّعُ الْمُطْلَقُ يُسْتَحَبُّ أَدَاؤُهُ فِي كُلِّ وَقْتٍ، كَذَا فِي مُحِيطِ السَّرَخْسِيِّ۔

ترجمہ: نفل مطلق کی ادائیگی کسی بھی وقت مستحب ہے۔[3]

کیونکہ بندہ نفلی عبادات اور ان کی مقدار میں مخیّر ہے کیونکہ نفلی عبادات میں توسع ہے۔

جیسا کہ شامی میں ہے:

ولعل الوجہ فیہ ان النفل بابہ واسع فیغتفر فیہ مالا یغتفر فی غیرہ، اھ۔

---

[1] (خزانۃ الاسرار ص ۲۳۰ ج ۱، مجمع البیان ج۸ مقدمۃ السورۃ)

[2] (التحریر المختار لردالمحتار، ج ۱، ص ۶۷، فصل فی القرأۃ، طبعۃ الکبرىٰ الامیریۃ ببولاق، مصر، کما ثبت من حدیث: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الصَّائِمُ الْمُتَطَوِّعُ أَمِيرُ نَفْسِهِ، إِنْ شَاءَ صَامَ، وَإِنْ شَاءَ أَفْطَرَ" (مسند احمد، ج ۶، ص ۳۴۱، الناشر: عالم الکتب - بیروت))

[3] (الفتاوىٰ الھندیۃ، ج ۳، ص ۴۷۴، مکتبۃ أھل السنۃ والجماعۃ)

ترجمہ: شاید اس میں وجہ یہ ہے کہ نوافل کا دروازہ وسیع ہے لہٰذا اس میں اس کی مغفرت ہو سکتی ہے کہ جس کی دوسری عبادات میں نہیں ہو سکتی۔[1]

هكذا في الهداية، ص۲۷۷ وعینی شرح کنز، ص۷

اسی طرح ھدایہ، ص۲۷۷ اور عینی شرح کنز، ص۷ میں ہے۔

نوافل میں توسع اور تخیر پر حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت بھی دلالت کرتی ہے:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَاهُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللهُ۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کو جتنا چاہتے عبادت فرماتے۔[2]

اس قول کی تفسیر میں اشعۃ اللمعات میں ہے:

عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ میگزارد نماز شب آنچہ خواستہ بود خدا از مقدار شب وعدد رکعات۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کو نماز پڑھتے تھے جتنا اللہ تعالیٰ نے آپ کی تقدیر میں لکھا ہوا تھا رات کی بیداری اور رکعات کی تعداد۔[3]

مولوی مفتاح الدین نے جمعہ کی رات کو سورۃ الملک کو مطلقاً بدعت قرار دیا ہے۔ حالانکہ مسئلہ ایسا نہیں ہے، کیونکہ تخصیص کے دو معانی ہیں:

۱۔ ایک یہ کہ اگر کوئی شخص ایک معین سورۃ کسی معین وقت میں پڑھتا ہے یا کسی معین نماز میں پڑھتا ہے بوجہ اس کے کہ یہ آسان ہے یا بوجہ تبرک کے پڑھتا ہے اور یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ اس نماز میں اس کے علاوہ کوئی اور سورۃ پڑھنا بھی جائز ہے، اور ثواب ملے گا۔

۲۔ دوسرا معنی تخصیص کا یہ ہے کہ جو اس پہلے معنیٰ کا عکس ہو تو دوسرے معنی میں تخصیص مکروہ ہے، خواہ نماز میں ہو یا نماز کے باہر، اور پہلے معنی میں جائز بلا کراہت ہے۔

---

[1] (ردالمحتار، ص۸۷، التحریر المختار، ج ۱، ص۶۷)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص۳۹۰، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

[3] (اشعۃ اللمعات، ص۵۶۳)

کسی خاص نماز میں قرآن کی کسی خاص سورۃ کی تخصیص مکروہ ہے

جیسا کہ عالمگیری میں ہے:

وَيُكْرَهُ أَنْ يُوَقِّتَ شَيْئًا مِنْ الْقُرْآنِ لِشَيْءٍ مِنْ الصَّلَوَاتِ قَالَ الطَّحْطَاوِيُّ وَالْإِسْبِيجَابِيّ هَذَا إذَا رَآهُ حَتْمًا وَاجِبًا بِحَيْثُ لَا يَجُوزُ غَيْرُهُ أَوْ رَأَى قِرَاءَةَ غَيْرِهِ مَكْرُوهَةً وَأَمَّا إذَا قَرَأَ لِأَجْلِ الْيُسْرِ عَلَيْهِ أَوْ تَبَرُّكًا بِقِرَاءَتِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا كَرَاهِيَةَ فِي ذَلِكَ۔

ترجمہ: اور مکروہ یہ ہے کہ قرآن کے کسی حصے کو کسی خاص نماز کے ساتھ خاص وقت کرے۔ جب اس کو حتمی اور واجب سمجھے کہ اس کے علاوہ کوئی اور سورۃ جائز نہیں ہے اور دوسری قرأت کو مکروہ سمجھتا ہے اور اگر کوئی کسی خاص سورۃ کو بوجہ آسانی یا تبرک کے طور پر پڑھتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے یہ سورۃ فلاں نماز میں پڑھی تھی، تو پھر اس میں کوئی کراہت نہیں ہے۔[1]

كذافي الهداية والكفاية، والشرح الياس، ص ۱۰٦، ومستخلص، ص ۱۹۸، بل في سائر كتب الفقه۔

اسی طرح الھدایہ والکفایہ، شرح الیاس، ص۱۰٦، مستخلص، ص۱۹۸ اور دوسری کتب فقہ میں ہے۔

نماز میں آسان سورۃ ہی افضل ہے

اور دستور القضاۃ میں ہے:

أنه إذا إعتقد الجواز بغيره لكن الموقت ايسر عليه فلا يكره بل يستحب لانه مأمور بقرأة ماتيسر عليه من القرآن فما كان ادخل فی اليسر كان افضل، اھ۔

ترجمہ: اگر وہ یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ اس کے علاوہ دوسری سورۃ بھی جائز ہے، تو پھر مکروہ نہیں ہے۔ بلکہ مستحب ہے کیونکہ اس نمازی کو آسان سورۃ پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے تو جو آسان ہو وہی افضل ہے۔[2]

لہٰذا جمعہ کی رات سورۃ الملک تئیسویں رات رمضان کو سورۃ الروم و عنکبوت کو بدعت کہنا غلط اور بے بنیاد بات ہے کہ فقہاء کے اقوال کے مخالف ہے۔ اور اس غلطی کی وجہ یہ ہے کہ مفتاح الدین نے تخصیص کے پہلے اور دوسرے معنی میں فرق نہیں کیا ہے۔ اور بدعت اسے کہتے ہیں کہ جس کی اصل (دلیل) نہ ہو، اور ان مسائل کے لئے فقہاء کرام کی کتب میں اصل موجود ہے، جیسا کہ آپ نے جان لیا۔

---

[1] (الفتاویٰ الھندیۃ، ج۳، ص ۸۰، مکتبۃ أھل السنۃ والجماعۃ)

[2] (فتاویٰ دستور القضاۃ، ص ۹)

اور تیسری وجہ یہ ہے کہ مولوی مفتاح الدین نے مامور بہ لنا اور مامور بہ علینا میں فرق نہیں کیا۔ حالانکہ قرآن کا سننا ہمارے لئے مامور بہ ہے، کیونکہ نماز کے باہر بھی قرآن سننا مستحب ہے اور مستحبات کی مشروعیت نفع اور فائدے کے لئے ہے، تاکہ ثواب ملے۔ اور یہ مستحبات کسی پر لازم نہیں ہیں۔

جیسا کہ مولوی شرح حسامی میں ہے:

فیما یرجع إلی حقه وهو أن لا یبق النفل الذي شرع حقا للعبد لإکتساب الخیرات فان النفل في سائر الأیام شرع حقا للعبد لیفتح علیه إکتساب الخیرات ونیل السعادات من غیر عود إثم علیه في ذلک علی تقدیر الترک۔

ترجمہ: وہ جو اس کے حق کی طرف لوٹتی ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ نفلی باقی نہ رہے جو بندے کے حق کی حیثیت سے مشروع ہوا ہے تاکہ خیرات ونیکیاں کمائے۔ کیونکہ نفل تمام ایام میں بندے کے حق کی حیثیت سے مشروع ہے تاکہ خیرات ونیکیوں کا سلسلہ جاری رہے اور سعادتیں نصیب ہوں اور ترک کرنے میں کوئی گناہ اس پر نہ لوٹتا ہو۔[1]

هکذا في التلویح، ص ۱۵۵۔

اسی طرح التلویح، ص ۱۵۵ میں ہے۔

جب یہ معلوم ہوا کہ نوافل ومستحبات بندے کا حق ہیں تو اب بندے کو اپنے حق میں تصرفات کا بھی حق حاصل ہے، جیسے بھی وہ چاہے مگر اس طرح کہ اس سے حکمِ شرعی میں کوئی تغیر نہ آئے۔

جیسا کہ فصول الشاشی میں ہے:

فصول الشاشی میں ہے:

بان النفل حق العبد اذ هو مستقل بنفسه من ترکه وتحقیقه أي ایجاده وإثباته فجاز ان یؤثر فیما هو حقه لا فیما هو حق الشرع۔

ترجمہ: نفل بندے کا حق ہے کہ وہ اس کے ترک کرنے اور نہ کرنے میں مستقل ہے یعنی کرے یا نہ کرے، تو اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس میں اثر کرے جو اس کا حق ہے نہ کہ اس میں جو شریعت کا حق ہے۔[2]

ان تمام دلائل سے معلوم ہوا کہ بندے شارع کی طرف سے مخیر ہیں امور مستحبہ میں۔ جیسا کہ سورۃ الملک وغیرہ سورتوں کا پڑھنا، یا نوافل واوراد ووظائف اپنی مرضی کے اوقات میں یا متبرک اوقات میں۔

---

[1] (شرح حسامی، ص ۱۳۳)

[2] (فصول الشاشی، ص ۱۴۴)

اور چوتھی وجہ یہ ہے کہ مولوی مفتاح الدین نے سورۃ الملک کو شبِ جمعہ میں پڑھنے کو بدعت قرار دیا ہے بوجۂ تخصیص کے۔ تو موصوف نے نے فرق نہیں کیا "مأمور بہ موقت" (کہ جس کے لئے شریعت نے وقت مقرر کیا ہے، جس کے بعد وہ قضاء ہو جاتا ہے) اور "مأمور بہ غیر مؤقت" (کہ جس کے لئے شریعت نے وقت مقرر نہیں کیا بلکہ ساری عمر وزندگی اس کی ادائیگی کا وقت ہے، جب بھی اس کو ادا کرے گا تو ادا ہو گا قضاء نہیں) کے درمیان فرق نہیں کیا۔ اور یہ امور جن میں اختلاف ہے یا دیگر تمام نوافل و مستحبات قسمِ ثانی سے ہیں۔

جیسا کہ نور الانوار میں ہے:

وأيضا لا يحتمل هذا لقسم الثالث الفوات بل كلما صام له يكون مؤديا لان كل العمر محل له أي للنوافل والمستحبات عندنا۔

ترجمہ: اسی طرح یہ قسمِ ثالث فوت ہونے کا احتمال نہیں رکھتی یعنی جب بھی وہ روزہ رکھے گا تو ادا ہی ہو گا کیونکہ ساری زندگی ان نوافل و مستحبات کا وقت ہے ہمارے نزدیک۔[1]

هكذافي التلويح، ص ٢١٠۔

اسی طرح التلویح، ص۲۱۰ میں ہے۔

لہٰذا سورۃ الملک وغیرہ دیگر سورتوں کا پڑھنا قسمِ ثانی سے ہے جن کے لئے شارع کی طرف سے کوئی وقت مقرر نہیں ہے۔ تو اب مکلف کی مرضی کہ جب چاہے ادا کرے جس طرح مالدار پر حج فرض ہے مگر اس میں کسی سال کا تعین نہیں ہے جب بھی زندگی میں کسی سال میں ادا کرے گا تو ادا ہو جائے گا، اور ذمہ کی خلاصی ہو گی اور تاخیر میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

جیسا کہ ھدایہ میں ہے:

ولايجب في العمر الا مرةفكان العمر فيه كالوقت في الصلاة۔

ترجمہ: حج عمر میں ایک ہی بار فرض ہے اور ساری زندگی اس کے لئے وقت ہے جیسا کہ نماز کے لئے ساری زندگی وقت ہے۔[2]

جب شارع کی طرف سے مستحبات اور حجِ فرض دونوں عدم توقیت میں متحد ہیں تو اب مولوی مفتاح الدین پر لازم ہے کہ وہ ایسا بولے اس شخص کو جو کسی بھی سال حج ادا کرے کہ اے بندۂ خدا حج کے لئے تو ساری زندگی تھی اور تم اس سال کی تخصیص کر کے بدعت سیئہ کے مرتکب ہو گئے۔

---

[1] (نور الانوار، ص۵۸)

[2] (الهداية، ج ١، ص ١٣٤، الناشر المكتبة الإسلامية)

اور شاید مولوی مفتاح الدین بھی بدعت کے اس گڑھے اور کنوئیں میں گر چکے ہوں کیونکہ اس نے پوری زندگی میں سال کی تخصیص کر کے حج ادا کیا ہوگا، تو یہ بدعت ایسا کنواں اور گڑھا ہے کہ دوسروں کو بچاتے بچاتے خود مولوی مفتاح الدین اس کی نذر ہو گیا ہے۔

الحاصل یہ کہ نماز کے خارج و باہر قرآن کا سننا مستحب ہے اور مستحب مامور بہ ہے۔

جیسا کہ تلویح میں ہے:

لَكِنَّ التَّحْقِيقَ، وَهُوَ مَذْهَبُ الْجُمْهُورِ أَنَّهُ حَقِيقَةٌ فِي الطَّلَبِ الْجَازِمِ أَوْ الرَّاجِحِ فَيَدْخُلُ فِي الثَّابِتِ بِالْأَمْرِ الْوَاجِبُ وَالْمَنْدُوبُ۔

ترجمہ: لیکن تحقیق یہ ہے جو جمہور کا مذہب ہے کہ امر کا صیغہ حقیقت میں یقینی طور پر فعل کا مطالبہ کرتا ہے تو اس میں امر واجب سے ثابت عمل اور مندوب دونوں داخل ہیں۔[1]

تو معلوم ہوا کہ مامور بہ کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ لازم یعنی واجبات و فرائض۔

۲۔ غیر لازم جیسے مستحبات۔

اور جس مامور بہ لازم کی ادائیگی کے لئے کوئی وقت مقرر نہ ہو تو جب بھی ادائیگی ہوگی ادا کہلایا جائے گا۔ اسی طرح وہ مامور بہ جو لازم نہیں ہے کو جب بھی کوئی بندہ اپنی زندگی میں ادا کرے گا تو وہ بھی ادا ہو جائے گا بطریق اولی، کیونکہ غیر لازم اعمال کی بناء توسع کے ساتھ ہے۔

جیسا کہ نور الانوار میں ہے:

ولا يتعين بالتعين إلا بالأداء أي أن عين أحد أول الوقت أو اوسطه او أخره لا يتعين بالتعين اللساني أو القصدي إلا إذا ادى ففي أي وقت ادى يكون ذلک الوقت متعينا، إلخ۔

ترجمہ: اور وہ تعین سے متعین نہیں ہوتا مگر ادائیگی سے۔ مطلب یہ کہ اگر کوئی شخص اول یا درمیانی یا آخری وقت متعین کرے تو اس سے وہ متعین نہیں ہوگا زبانی اور نیت کی وجہ سے، ہاں اگر وہ کسی وقت بھی اس کو ادا کرے گا تو اس سے متعین وقت میں ادا ہو جائے گا۔[2]

---

[1] (التلويح، ص ۱۲۰)

[2] (نور الأنوار، ص ۵۵)

اور تلویح میں ہے:

"ومن حکم هذا القسم" وهو مایکون الوقت فاضلا عن الواجب، ویسمی الواجب، الموسع أن لا یتعین بعض أجزاء الوقت بتعیین العبد نصا بأن یقول عینت هذا الجزء للسببیة ولا قصدا بأن ینوي ذلک، وهذا یعلم بطریق الأولی، وذلک لأن تعیین الأسباب والشروط من وضع الشرائع، ولیس للعبد ذلک، وإنما للعبد الارتفاق فعلاأي اختیار فعل فیه رفق، ولیس ذلک بتعیین جزء؛ لأنه ربما لا یتیسر فیه الأداء بل له الاختیار في تعیینه فعلا بأن یؤدي الصلاة في أي جزء یرید فیتعین بذلک الفعل ذلک الجزء وقتا لفعله۔

ترجمہ: اس قسم کا حکم یعنی وہ قسم عبادت کہ جس کی ادائیگی کے بعد بھی وقت بچ جاتا ہے تو کسی بندے کے یقین سے اس کا کوئی جزء متعین نہیں ہوتا۔ جیسے وہ یہ کہے کہ میں نے یہ جزء (وقت کا حصہ) سببیت کی وجہ متعین کر دی، اور اس کا اس وقت نیت کرنے کا ارادہ نہ ہو، اس لئے کہ یقینی استحباب وشروط وضع کرنا شریعت کا کام ہے یہ بندے کے اختیار نہیں ہے، بندہ کے لئے صرف ادا کرنے کا اختیار ہے جس میں نرمی اور سہولت ہے، لیکن جزء کے تعیین کا اختیار نہیں ہے، کیونکہ کبھی کبھی اس وقت میں اس کے لئے ادائیگی آسان نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کے لئے اختیار یہ ہے کہ وہ اس وقت کے کسی بھی جزء میں اس فعل کو ادا کرے تو اس سے وہ وقت اور جزء متعین ہو جائے گا۔[1]

جب بندے کے لئے شارع کی طرف سے فعلِ واجبہ کی ادائیگی کا اختیار وقت کے تعیین میں ثابت ہو گیا بوجہ نرمی اور سہولت کے تو بندہ کے لئے مستحب کی ادائیگی ہر وقت جب وہ چاہے جائز ہو گی۔ اور اس میں کوئی قباحت نہیں ہے، اور اس فعل کو اوقات کی تخصیص نہیں کہا جا سکتا۔

معلوم اور حاصل یہ ہے کہ علم اصول کے قواعد و قوانین ببانگ دہل یہ نعرہ لگاتے ہیں کہ سورۃ الملک وغیرہ سورتوں کا اپنی مرضی کے اوقات میں پڑھنا جائز بلا کراہت ہے۔ حالانکہ مولوی مفتاح الدین باوجود اس کے کہ اس نے علم کا دعویٰ کیا بلکہ مجددیت کا بھی دعویٰ کیا اس سے انکار کرتا ہے۔ اور اس کو باطل قرار دیتا ہے۔ (استغفر اللہ، نعوذ باللہ)

پانچویں وجہ یہ ہے کہ مولوی مفتاح الدین کا ان امورِ مستحبہ کو بدعت کہنا مذاہبِ اربعہ کے خلاف ہے کیونکہ امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہا اللہ تعالیٰ کے ہاں تخصیص بلا کراہت جائز ہے۔ اور امام ابو حنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں کراہت تنزیہی کے ساتھ مکروہ ہے۔

[1] (شرح التلویح، القسم الثاني، ج ۱، ص ۳۹۰، الناشر: دار الکتب العلمیة بیروت - لبنان)

جیسا کہ عینی شرح البخاری میں ہے:

وأما حكم المسألة فاختلفوا في صوم يوم الجمعة على خمسة أقوال أحدها كراهته مطلقا وهو قول النخعي والشعبي والزهري ومجاهد وقد روي ذلك عن علي رضي الله تعالى عنه وقد حكى أبو عمر عن أحمد وإسحاق كراهته مطلقا ونقل ابن المنذر وابن حزم منع صومه عن علي وأبي هريرة وسلمان وأبي ذر رضي الله تعالى عنهم وشبهوه بيوم العيد ففي الحديث الصحيح أن النبي قال إن هذا يوم جعله الله عيدا وروى النسائي من حديث أبي سعيد الخدري أن النبي قال لا صيام يوم عيد۔

القول الثاني إباحته مطلقا من غير كراهة وروي ذلك عن ابن عباس ومحمد بن المنكدر وهو قول مالك وأبي حنيفة ومحمد بن الحسن وقال مالك لم أسمع أحدا من أهل العلم والفقه ومن يقتدي به ينهى عن صيام يوم الجمعة قال وصيامه حسن۔

القول الثالث أنه يكره إفراده بالصوم فإن صام يوما قبله أو بعده لم يكره وهو قول أبي هريرة ومحمد بن سيرين۔

وإستدلالهم رواية أبي هريرة لا يصوم أحدكم يوم الجمعة إلا يومًا قبله أو بعده۔

ترجمہ: مسئلہ کا حکم جمعہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں پانچ اقوال ہیں:

۱۔ مطلقاً مکروہ ہے، اور یہ امام نخعی اور امام شعبی رحمہما اللہ تعالیٰ کا قول ہے۔

۲۔ مطلقاً مباح ہے بغیر کراہت کے، اور یہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور محمد بن منکدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ اور یہ امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، محمد بن حسن رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں نے اہلِ علم واہل فقہ اور ان کی اقتداء کرنے والوں میں سے کسی سے نہیں سنا کہ انہوں نے جمعہ کے دن کے روزے سے منع فرمایا ہو۔ اور فرمایا کہ جمعہ کا روزہ رکھنا اچھا اور حسن ہے۔ اور احناف نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم ہر مہینہ تین دن روزے رکھا کرتے تھے، اور کبھی کبھی جمعہ کو روزہ رکھتے تھے۔

۳۔ صرف جمعہ کے دن کا روزہ مکروہ ہے، اور یہ امام ابو یوسف، امام شافعی اور محمد بن سیرین رحمہم اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور ان کا استدلال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے ہے کہ تم میں سے کوئی شخص صرف جمعہ کا روزہ نہ رکھے بلکہ ایک دن پہلے یا بعد میں بھی روزہ رکھے۔ جمعہ کا دن روزہ کے لئے خاص نہ کرنا۔[1]

---

[1] (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، ج ۱۱، ص ۱۰۴، الناشر: دار إحياء التراث العربي – بيروت، كذا في روح البيان، ج۴، ص ۳۵۱، شرح سفر السعادة، ص ۱۹۹، وقسطلانى ومالا بدمنه وحاشية البخارى، باب الصوم يوم الجمعة، شرح حديث جويرية وفتح الملهم شرح صحيح مسلم، ج۳، ص ۵۵)

فتح الملہم شرح صحیح مسلم میں ہے:

(لا تختصوا) وذهب الجمهور إلى أن النهي فيه للتنزيه، وعن مالك وأبي حنيفة: لا يكره. بل عدّه صاحب الدر المختار من الصوم المندوب ولو منفردًا. قال إبن عابدين: "صرح به في النهر، وكذا في البحر، فقال: إن صومه بانفراده مستحبّ عند العامة كالاثنين والخميس".

وفي الخانية: "ولا بأس بصوم يوم الجمعة عند أبي حنيفة ومحمد، لما روي عن إبن عباس أنه كان يصومه ولا يفطر".

وقد روي إبن أبي شيبة عن ابن عمر، قال: ما رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله واصحابه وسلم مفطرًا يوم جمعة قطّ، وروي عن إبن عباس نحوه، فالظاهر إباحته مطلقًا من غير كراهة، وهو قول أبي حنيفة ومحمد، كما نقله عنهما العيني رحمه الله في شرح البخاري.

ترجمہ: جمعہ کا دن روزہ کے لئے خاص نہ کرنا، جمہور کا مذہب یہ ہے کہ یہ مکروہِ تنزیہی ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک مکروہ نہیں ہے۔ بلکہ الدر المختار کے مصنف نے اس کو مستحب قرار دیا ہے، اگر یہ صرف جمعہ کا انفرادی ہو۔ البحر میں ہے کہ عام کے نزدیک صرف جمعہ کا روزہ بھی مستحب ہے جیسا کہ پیر اور جمعرات کا ہے۔

فتاویٰ خانیہ میں ہے کہ جمعہ کے دن کے روزے میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں کوئی حرج نہیں ہے۔ جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ وہ جمعہ کو روزہ رکھتے تھے اور افطار نہیں کرتے تھے، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو جمعہ کے دن افطار کی حالت میں کبھی بھی نہیں دیکھا۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی ایسا ہی مروی ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ جمعہ کے دن کا روزہ بغیر کراہت کے جائز ہے۔ اور یہی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ و محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب ہے۔[1]

مسئلہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں جس کو میں نے اوجز میں تفصیل سے بیان کیا، امام محمد اور شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں مفرد روزہ رکھنا مکروہ ہے۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں مستحب ہے۔ اور احناف کے فروعات مختلف ہیں اکثر استحباب پر دلالت کرتے ہیں۔

امام ابو یوسف اور امام شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول سے استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت زجر و توبیخ پر محمول ہے، کہ باقی دنوں میں روزہ رکھنے سے سستی اور غفلت برتتا ہے، نہ کہ جمعہ کے دن کے روزے کی ممانعت تھی۔ کیونکہ دوسری حدیث کے قرینے سے جواز ثابت ہوتا ہے۔

---

[1] (فتح الملهم بشرح صحيح المسلم، ج٣، ص ٢٧٢، دار القاسم، دمشق)

جیسا کہ روایت ہے:

لَا تَخْتَصُّو الَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِنْ بَيْنِ اللَّيَالِي وَ لَا تَخُصُّو ايَوْ مَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ مِنْ بَيْنِ الْأَيَّامِ۔

ترجمہ: جمعہ کی رات دیگر راتوں میں قیام کے لئے اور جمعہ کا دن دیگر ایام میں روزے کے لئے خاص نہ کرو۔[1]

الکوکب الدری میں ہے:

وأيضًا في الكوكب الدري، باب ما جاء في صوم يوم الجمعة في المسئلة أقوال العلماء بسطت في الأوجز ويكرهافراده بالصوم عندأحمد والشافعي ويندب عند مالک رحمة الله تعالىٰ عليه وفروع الحنفية مختلفة أكثرها على الندب۔

ترجمہ: مسئلہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں جس کو میں نے اوجز میں تفصیل سے بیان کیا، امام محمد اور شافعی رحمہا اللہ تعالیٰ کے ہاں مفرد روزہ رکھنا مکروہ ہے۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں مستحب ہے۔ اور احناف کے فروعات مختلف ہیں اکثر استحباب پر دلالت کرتے ہیں۔[2]

اور روایت میں ترغیب ہے کہ دیگر شب وروز میں عبادات اور روزوں کا سلسلہ جاری رکھو۔ یہ نہیں کہ جمعہ کا دن اور رات کی عبادت مکروہ ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ اے مؤمنو! جس طرح تم لوگ جمعہ کے دن اور رات کو عبادت کرتے ہو تو دیگر دنوں اور راتوں میں عبادت کیا کرو۔

جیسا کہ اس پر صاحب کشف الغمہ نے تصریح فرمائی ہے:

(قال إبن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم يقول لا تخصصوا ليلة الجمعة لصلاة من بين الليالي) قال شيخنا رضي الله تعالىٰ عنه معناه في الليالي والله اعلم أي قوموا كلها بدليل ما ورد في قيام الليل وقد سئلتم عائشة كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم هل يخصص شيئا من الأيام قالت لا كانت عمله ديمة وايكم يستطيع ما كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم ليستطيع فعلم ان قوله صلى الله تعالىٰ عليه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم لا تخصصوا ليلة الجمعة بصلاة إنما هو حث على القيام في جميع ليالي الاسبوع وكان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم يحث كثيرًا على الصلاة والتسليم عليه يوم الجمعة وليلتها، اهـ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: جمعہ کی رات کو نماز کے لئے خاص نہ کرو، ہمارے شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اس کا معنیٰ واللہ اعلم یہ ہے کہ تمام راتوں کو عبادت کرو،

---

[1] (صحيح مسلم، ج۵، ص۷۹۴، المكتبة الفاروقية)

[2] (الكوكب الدرى، ص۲۵۷)

جیسے کہ قیام اللیل پر دلیل وارد ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم ایام میں سے کسی یوم کی تخصیص فرماتے تھے عبادت کے لئے؟ تو فرمایا کہ نہیں۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عمل دوامی تھا، اور جس عمل کی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم استطاعت رکھتے تھے تم میں سے کوئی اس کی استطاعت رکھتا ہے؟ تو معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا فرمانا کہ جمعہ کی رات کی تخصیص نہ کرو اس سے مراد یہ ہے کہ ہر رات کو عبادت کرو۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم ہر رات کو درود شریف اور سلام پڑھنے کی ترغیب دیتے تھے۔[1]

قیام اللیل کے بارے میں یہ دلیل وارد ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ لَكُمْ إِلَى رَبِّكُمْ۔

ترجمہ: رات کو قیام کیا کرو، کہ یہ ماقبل صالحین کا طریقہ ہے اور رب کی قربت کا ذریعہ ہے تمہارے لئے۔[2]

اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا اپنے فرمان: "لا تختصوا الیلة الجمعة" سے یہ مراد نہیں ہے کہ جمعہ کی رات کو عبادت نہ کرو جیسے دیگر راتوں میں عبادت نہیں کرتے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے جمعہ کی رات اور دن کو اوراد و وظائف کی ترغیب ثابت ہے۔ معلوم ہوا کہ حدیث سے یہ مراد نہیں ہے کہ صرف جمعہ کی رات اور دن کی عبادت منع ہے بلکہ مراد وہ ہے جو کشف الغمہ کے حوالے سے گزر چکا ہے۔

درج بالا کتبِ معتبرہ اور احادیثِ مبارکہ سے جمعہ کے دن ورات کی فضیلت وشرافت اور اس کی تخصیص مختلف ذکر وعبادات کی حیثیت سے معلوم ہوگئی۔ حالانکہ مولوی مفتاح الدین اس تخصیص کو بدعت کہتا ہے۔ اب ہم حیران ہیں کہ آیا مولوی مفتاح الدین کا شریعت سے خلاف قول مانا جائے یا حدیث مبارکہ اور قولِ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مانا جائے جس پر امت کے تمام علماء متفق ہیں۔

جیسا کہ میزان الکبریٰ میں ہے:

و قد إجمع السلف و الخلف على كثرة ورع الإمام و كثرة احتياطه في الدين و خوفه من الله تعالیٰ، اھ۔

ترجمہ: سلف وخلف کا امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قول پر اجماع ہے، اور دین میں احتیاط اور خوف خداوندی پر بھی اجماع ہے۔[3]

---

[1] (کشف الغمه، ص ۲۶٦)

[2] (مشكوٰة المصابيح، ج ۱، ص ۳۸۷، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

[3] (ميزان الكبرىٰ، ص ۸٦، دار الكتب العلمية، بيروت)

دوسری بات یہ کہ اولیاء وعارفین کاملین سے بھی شب جمعہ کو سورۃ الملک کا پڑھنا، تیئیسویں رمضان کو سورۃ الروم اور عنکبوت پڑھنا ثابت ہے، یہ اولیاء صاحبانِ تقویٰ وزہد تھے، تو بدعت ہونے کا قول ان اولیاء کے عمل پر آئے گا؟ حالانکہ یہ اولیاء کاملین اپنے زمانہ کے مقتداء، شریعت کے عاملین، مستقیم بر شریعت اور درجات علیا کے اہل تھے۔ ایسے کاملین کے اعمال پر خلافِ سنت ہونے کا شک نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ ان کا قول ہمارے لئے حجت ودلیل ہے۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

جمیع ما ابتدعه العلماء والعارفون مما لم تصرح الشریعة بالأمر به لا یکون بدعة إلا أن خالف صریح السنة فإن لم یخالفها فهو محمود۔

ترجمہ: تمام وہ اچھے طریقے جو قربتِ الٰہی کا سبب ہیں اور نئے بنائے گئے ہیں وہ تمام کے تمام اسی شریعت میں داخل ہیں کہ جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لایا ہے۔ اور تمام وہ نئے طریقے جو علماء وعارفین نے ایجاد کئے ہیں اور شریعت نے ان کے کرنے کا حکم بھی نہ دیا ہو تو وہ بدعت میں داخل نہیں ہیں۔ ہاں وہ طریقہ بدعت ہے جو صریح سنت کے خلاف ہو۔ اور اگر مخالف نہ ہو تو محمود ہے۔[1]

مشائخ کا عمل استدلال کے لئے کافی ہے

اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ مشائخ کا عمل استدلال کے لئے کافی نہیں تو ہم کہیں گے کہ کافی ہے۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

أن عمل المشایخ یکفی سندا فانهم ذووا الجناحین وقد أفردت لهذا الباب جزأ واحدا شافیا۔

ترجمہ: مشائخ کا عمل سند کے لئے کافی ہے کیونکہ یہ مشائخ دو پَروں والے ہیں، اور اس باب میں تو ایک جزء بھی کافی وشافی ہے۔[2]

اور مشائخ کا عمل ان امور میں کہ جن کے نہ کرنے کے بارے میں شارع سے منع صریحی نہ ہو، یہ ان امور کی اچھائی اور حسن پر دلالت کرتا ہے۔

جیسا کہ حدیث میں ہے:

مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ۔

---

[1] (روح البیان، ج ۹، ص ۳۸۴، الناشر: دار الفکر - بیروت)
[2] (روح البیان، ج ۹، ص ۱۴۲، الناشر: دار الفکر - بیروت)

ترجمہ: جس نے اسلام میں ایک اچھا نیا طریقہ ایجاد کیا تو اس کو اس کا اور عمل کے کرنے والوں کا اجر ملے گا، جب کہ عمل کرنے والوں کا اجر کم نہیں ہو گا۔[1]

روح البیان میں ہے:

ولو لا أنه عليه السلام فتح لأمته باب الاستنان ما اجترأ أحد منهم على أن يزيد حكماً ولا وضعاً ففي الصحيح من سن سنة حسنة فله أجرها وأجز من عمل بها۔

ترجمہ: اگر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اپنی امت کے لئے سنت (نئے طریقے) کا دروازہ نہ کھولتے تو کوئی بھی یہ جرأت نہ کر سکتا کہ وہ کسی حکم کو زیادہ کرتا یا وضع کرتا۔ صحیح میں ہے: جس نے اچھا طریقہ ایجاد کیا تو اس کو اس اجر اور عمل کرنے والوں کا اجر ملے گا۔[2]

قاعدۂ کلیہ

یاد رکھیں! یہاں پر ایک قاعدہ کلیہ ہے جو عقائد اسلام کے اصل اور اس فرمانِ الٰہی سے مستفاد ہے:

وَلَا يَرْضَى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ (الزمر ۷)

ترجمہ: اور اپنے بندوں کی ناشکری اسے پسند نہیں اور اگر شکر کرو تو اسے تمہارے لیے پسند فرماتا ہے۔

وہ قاعدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام افعال حسن سے متصف ہیں، اور انسان کے افعال کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ حسن　　　　۲۔ قبیح

قبیح وہ افعال ہیں کہ جن سے شارع نے روکا ہو، خواہ تحریمی یا تنزیہی، اور حسن اس کے خلاف ہے۔ جیسے واجبات، مستحبات ومباحات۔ یہ ہمارے اصحاب کے ہاں حسن کے قبیل سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارادہ وتقدیر ان دونوں قسموں کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا امر اور رضا صرف حسن کے ساتھ متعلق ہے۔

جیسا کہ شرح العقائد میں ہے:

وللعباد أفعال اختياريّة يثابون بها إن كانت طاعة (ويعاقبون عليها) إن كانت معصية، والحسن منها برضاء الله تعالىٰ والقبيح ليس برضاه، اھ۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ا، ص ۷۲، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

[2] (روح البیان، ج ۹، ص ۳۸۵، الناشر: دار الفکر - بیروت)

ترجمہ: بندہ کے افعال اختیاری ہیں اگر اچھے ہیں تو ثواب ملے گا، اور اگر گناہ کے ہیں تو عذاب ملے گا۔ حسن اللہ تعالیٰ کی رضا سے ہوتا ہے اور قبیح سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہے۔[1]

اللہ تعالیٰ بندوں کے شکر اور ایمان سے راضی ہے اور بندوں کے کفر سے راضی نہیں ہے

تفسیر احمدیہ میں ہے:

والمقصود ان هذه الآية يفهم منها صريحًا ان الله راض بشكر العباد وايمانهم ولا يرضى بكفرهم ويجوز ان يقاس عليه سائر الذنوب والطاعات فيقال انه يرضى بجميع الطاعات والعبادات ولا يرضى بجميع الذنوب والمعاصي، اھ۔

ترجمہ: مقصود یہ ہے کہ اس آیت سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے شکر اور ایمان سے راضی ہے، اور بندوں کے کفر سے راضی نہیں ہے۔ اور اس پر سارے گناہ اور نیکیاں قیاس کی جائیں۔ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ تمام طاعات وعبادات سے راضی اور گناہوں اور معصیت سے ناراض ہے۔[2]

جب بندوں کے افعال دو اقسام میں منحصر ہو گئے تو کسی اور سے قرآن سننا، دعا میں ہاتھ اٹھانا، اپنے مُردوں کے لئے ایصالِ ثواب کے طور پر ہر وقت اور خاص کر اوقاتِ فاضلہ میں صدقات دینا، اولیاء کی قبور کی زیارت کرنا، میت کی طرف سے ان کی فوت شدہ عبادات کا فدیہ دینا وغیرہ دیگر افعالِ حسنہ یہ سب کے سب حَسَن کے قبیل سے ہیں۔ اور شارع سے اس بارے میں کوئی صراحتًا یا دلالتًا یا اشارتًا کوئی نہی (ممانعت) بھی ثابت نہیں ہے، اور نہ اس میں کوئی قباحت ہے۔

ہاں اگر عوام سے ان امور مستحسنہ میں بوجہ جہالت اور نادانی کے کوئی ناجائز یا غیر مستحسن فعل سرزد ہو جائے تو علماء کرام کو چاہیئے کہ وہ ان کی اصلاح کریں، اور ان کو ان کی غلطیوں کے بارے میں بتائیں۔ ایسا نہ کریں کہ ان کی غلطیوں کی وجہ سے افعالِ حسنہ کی مخالفت کریں اور **یمنعون الماعون** اور **مناع للخیر** میں واقع نہ ہو جائیں۔

دورۂ اسقاط کا ثبوت اگرچہ قرونِ اولیٰ میں نہیں ہے، مگر یہ حیلہ فقہاء نے قیاس اور اجتہاد سے ثابت کیا ہے اور کتبِ فقہ میں تفصیلاً ذکر کیا ہے۔ اور اس کے فوائد بھی مذکور ہیں، لہٰذا کسی مقلد کے لئے اس سے انکار جائز نہیں کیونکہ وہ مقلد ہے۔ اور مقلد کے لئے قولِ فقیہ حجت ہے۔ جب مقلد کا وظیفہ تقلید ہے تو اس کے لئے فقہاء کے مستحسنات سے بوجہ عقل کے انکار کی

---

[1] (شرح العقائد النسفی، ج ۱، ص ۲۰۰، المکتبۃ الفاروقیۃ)

[2] (تفسیر احمدیہ، ص ۴۲۰)

گنجائش نہیں ہے۔ ہاں اگر مولوی مفتاح الدین کا قول اور ان کی مثالیں کسی کے لئے حجت ہوں تو ہوں مگر غالب حق کے لئے دلیل وسند نہیں ہے۔

جیسا کہ مولوی مفتاح الدین نے صفحہ نمبر ۸۰ میں لکھا ہے: یہ رسوم مروجہ بہت سی خرافات پر مشتمل ہیں جو کسی مسلمان یا مساجد کے شایانِ شان نہیں ہیں۔

قارئین حضرات ملاحظہ فرمائیں کہ مولوی جوروی نے ان تمام امور کو خرافات، عبث وباطل قرار دیا، جو ان ناقلین وعلماء کی طرف نسبت ہیں جو فقہاء کاملینِ اُمت ہیں۔ اور یہ وارثانِ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تکذیب نہیں تو اور کیا ہے؟ تو پکا سچا مسلمان اس گستاخی کی جرأت کیسے کر سکتا ہے؟ یہ تو مسلمان کی شان سے بعید ہے۔

اعاذنا اللہ وجمیع المؤمنین من ھذہ الخصلۃ القبیحۃ بمنہ وکرمہ۔

اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اس قبیح خصلت سے پناہ عطا فرمائے۔

مولوی مفتاح الدین نے کہا کہ یہ کسی مسلمان یا مساجد کے شایانِ شان نہیں۔ تو میرے بھائی! مساجد کی بنیاد برائے ذکرِ الٰہی، تلاوت، نماز وغیرہ کے لئے ہے۔

جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللّٰهِ أَحَدًا (الجن ۱۸) أي مع ذکرہ من الصلاۃ وتلاوۃ القرآن وغیرہ من الأمور الماثورۃ المستحسنۃ احدا ای شیئًا آخر من أمور الدنیا۔

ترجمہ: اور یہ کہ مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو۔ یعنی اس میں حرف اللہ تعالیٰ کا ذکر یعنی نماز، تلاوت وغیرہ اور منقولہ اور مستحسنہ کرتے ہیں نہ کہ دنیاوی امور۔[1]

اسی وجہ سے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

کل کلام في المسجد لغو إلا القرآن وذکر اللہ تعالیٰ ومسئلۃ الخیر۔

ترجمہ: قرآن، ذکر اور خیر کی باتوں کے علاوہ تمام کلام مسجد میں فضول ولغو ہے۔[2]

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے امورِ ممنوعہ کے بارے میں فرمایا جو مساجد میں نہیں ہونے چاہئیں:

جَنِّبُوا مَسَاجِدَكُمْ صِبْيَانَكُمْ، وَمَجَانِينَكُمْ، وَخُصُومَاتِكُمْ، وَأَصْوَاتَكُمْ، وَسَلَّ سُيُوفِكُمْ، وَإِقَامَةَ حُدُودِكُمْ۔

---

[1] (تفسیراتِ احمدیہ، ص ۴۲۷)

[2] (کشف الغمۃ، ص ۹۷)

ترجمہ: اپنے بچوں کو مسجدوں سے دور رکھو اور پاگلوں کو، تجارت (لین دین) کو، بلند آوازوں کو اور حدود کو قائم کرنے کو مساجد سے دور رکھو۔[1]

اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

و أيضًا قال النبي عليه السلام من تكلم بكلام الدنيا في خمسة مواضع احبط الله تعالىٰ منه عبادة اربعين سنة، الاول في المسجد و الثانى في تلاوة القرآن، و الثالث في وقت الأذان، و الرابع في مجلس العلماء و الخامس في زيارة القبور، اھ۔

ترجمہ: جس نے پانچ مقامات پر دنیاوی باتیں کیں تو اللہ تعالیٰ اس کے چالیس کی عبادت ضائع کر دے گا:

۱۔ مسجد میں ۲۔ تلاوتِ قرآن میں ۳۔ اذان کے درمیان ۴۔ علماء کی مجلس میں

۵۔ قبرستان میں۔[2]

درج بالا تمام نقول وعبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ بندوں کے افعال کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ حسن وطیب: جو دینی واخروی مطلقًا جائز ہے، جیسے ذکر واذکار، تلاوتِ قرآن ونماز وغیرہ۔

۲۔ قبیح وخبیث: جو مطلقًا نہیں بلکہ اوقات ومقامات میں جائز ہیں، جیسے بیع وشرا، خصومات (لڑائی جھگڑے)، پاگلوں کو مسجد میں لانا، یا مساجد میں دنیاوی باتیں کرنا۔

تو پہلی قسم کے لئے مساجد بنائی گئیں اور شریعت نے اس کا حکم بھی دیا ہے۔ اور دوسری قسم مساجد میں ممنوع ہیں خصوصًا، اور مساجد سے باہر جائز ہے۔ لیکن مولوی مفتاح الدین قسم اول کو مساجد میں ادا کرنے کو رسم ورواج کہتے ہیں اور بدعت سیئہ کہتے ہیں اور قسم ثانی جو مساجد میں نہی صریح سے ممنوع ہے کی طرف بالکل تعرض والتفات نہیں کرتا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قسم ثانی تو شرعًا ممنوع تھا اور قسم اول کو مولوی مفتاح الدین نے رسم ورواج وبدعت قرار دیا، تو کیا اب مساجد میں لوگ گلوکاری کریں گے؟ کیونکہ تلاوت تو منع کر دیا مولوی مفتاح الدین نے۔

مسلمانوں کو خوب غور کرنا چاہیئے کہ عجیب بات ہے کہ جو کام مساجد میں ممنوع ہیں ان کے بارے مولوی مفتاح الدین اپنے لبوں کو حرکت نہیں دے رہا اور جو جائز ہے تو اس کے روکنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اس پر کوئی دلیل نقلی (قرآن، حدیث وفقہ) ذکر نہیں کرتا بلکہ اپنی مثالیں ذکر کرتا ہے۔ اور کم علم لوگوں کو دھوکہ دیتا ہے۔ ایسے علم وکمال کی کوئی کیا تعریف کرے گا؟ اگر لوگوں کو پتہ چلے گا تو یہ مولوی مفتاح الدین کی رسوائی اور ملامت کا سبب بنے گا۔

---

[1] (المعجم الكبير للطبرانی، ج۸، ص ۱۳۲، دار النشر: مكتبة ابن تيمية—القاهرة، تفسير احمدی، ص ۴۲۷، الكريمية، ممبئی، هندوستان)

[2] (تفسير احمديه، ص ۴۲۷، الكريمية، ممبئی، هندوستان)

لطیفہ

یہ لطیفہ برائے تمثیل ہے تا کہ سمجھدار لوگ عبرت حاصل کریں:

کہتے ہیں کہ سوات کا باشندہ اور ملیزو علاقے کا آدمی سفر میں ساتھ تھے۔ سواتی نے ملیزی سے کہا کہ اپنے علاقے کا کوئی عجیب واقعہ بیان کرو تا کہ سفر آسان ہو۔ تو ملیزی نے کہا کہ ہمارے علاقے میں علماء نے یہ مشہور کیا ہے کہ اگر کسی کا کسی پر سات روپے قرض ہو اور اسی مقروض کے پاس صرف ایک روپیہ ہو تو یہ نئے علماء کہہ رہے ہیں کہ اس مقروض کو چاہیئے کہ یا تو ساتوں کے سات روپے ایک ساتھ واپس کر دے ورنہ یہ ایک روپیہ واپس نہ کرے، کیونکہ یہ تخصیص ہے اور تخصیص بدعت ہے۔ اس پر سواتی قہقہہ لگا کر ہنسا اور کہا کہ یہ کیا ناجائز بات کر رہے ہیں آپ کے علماء؟ تو ملیزی نے سواتی سے کہا کہ تم کیوں ہنس رہے ہو؟ ہمارے علاقے کے ان نئے علماء کا یہ حکم تمہارے سوات کے نئے علماء کے حکم سے برا تو نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے روزانہ سونے سے پہلے سورۃ الملک کی تلاوت فرمائی ہے۔ تو اب اگر کوئی شخص ہر رات کو پڑھتا ہے تو بہت اچھا ہے، اور اگر ہر رات نہیں پڑھ سکتا اور صرف جمعہ کی رات کو خود پڑھے یا کسی اور سے سنے تو تمہارے سوات کے علماء کہتے ہیں کہ یہ اس لئے ناجائز ہے کہ یہ تخصیص ہے اور تخصیص بدعت ہے۔ اس پر سواتی اور ملیزی آپس میں لڑ پڑے، اچانک ایک منصف شخص آیا اور کہا کہ تم دونوں نہ لڑو کیونکہ تم دونوں باطل پر ہو۔ ملیزی صاحب سنو: حق یہ ہے کہ مقروض مالک کو ساتوں روپے واپس کر دے اور سارے ایک ساتھ نہیں دے سکتے تو جتنا بھی ہو سکے ایک روپیہ یا اس سے کم زیادہ وہ واپس کر دے، یہ جائز ہے۔ اور سواتی صاحب بہتر تو یہ ہے کہ وہ شخص ہر رات کو سورۃ الملک کی تلاوت کرے یا کسی سے سنے، اور اگر ہر رات نہیں پڑھ سکتا تو جمعہ کی رات کو خود پڑھے یا کسی اور سے سنے، تو یہ بھی جائز ہے۔ کیونکہ اس کمزور شخص نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے ساتھ بعض افعال میں موافقت کی، اور اللہ تعالیٰ نے امت کو اتنی توفیق دی جتنی اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو دی۔

متن اعلام المؤمنین بحث استماع القرآن پر

حاشیۂ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

اجتماعی طور پر تلاوت سننا

دلائلِ کثیرہ سے یہ بات معلوم ہے کہ قرآن پڑھنے سے قرآن سننے کا ثواب زیادہ ہے: کقولہ تعالی: وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (الاعراف ۲۰۴) جب قرآن پڑھا جائے تو تم لوگ سنو اور خاموش رہو۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر رحم کیا جائے گا۔ المستمع یؤدی فرضین هما الاستماع و الانصات روح البیان، ص ۴۹۹، ج ۴، خزینة الاسرار، ص ۵۷، اقول و القاری یؤدی النفل۔ سننے والا دو فرض ادا کرتا ہے۔ یعنی ایک سننا اور دوسرا چپ رہنا۔ میں کہتا ہوں کہ قاری (پڑھنے والا) نفل ادا کرتا ہے۔

روح البیان میں ہے:

و لهذا قال استماعه اثوب من تلاوته۔

اس وجہ سے علماء نے فرمایا کہ قرآن کے سننے میں اس کے پڑھنے سے زیادہ ثواب ہے۔[1]

خزینۃ الاسرار میں ہے:

عن ابن عباس رضی اللہ عنهما عن النبی ﷺ انه قال الداعی و المؤمن فی الاجر شریکان و القاری و المستمع فی الاجر شریکان و العالم و المتعلم فی الاجر شریکان کذا فی الجامع الصغیر اه۔

عبد اللہ بن عباس حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ دعا کرنے والا اور آمین کہنے والا اجر میں شریک ہیں۔ اسی طرح قرآن پڑھنے والا اور قرآن سننے والا اور اسی طرح عالم (مدرس) اور طالب علم اجر میں شریک ہیں۔[2]

تفسیرات احمدیہ میں ہے:

و ذالک لان اللہ تعالی امر باستماع القرآن و الانصات عند قرأة القرآن مطلقا سواء کان فی صلوٰة او غیرها۔

یہ اجر میں شریک ہونا اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے کہ قرآن پڑھنے کے وقت خاموش ہو کر سنا کرو اور یہ مطلق ہے چاہے تلاوت نماز میں ہو یا نماز سے باہر۔[1]

---

[1] (روح البیان، ص ۴۹۹، ج ۴، خزینة الاسرار، ص ۵۷)

[2] (خزینة الاسرار، ص ۵۷)

روح البیان میں ہے:

ومن السنۃ ان یستمع القرآن احیانا من الغیر وکان رسول اللہ ﷺ یستمع قرأۃ ابی ابن کعب و ابن مسعود رضی اللہ عنھما۔

کبھی کبھی دوسرے سے بھی قرآن سننا سنت ہے۔ حضور ﷺ خود ابی بن کعب اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے قرآن سنتے تھے۔[2]

مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

عن ابن مسعود قال قال لی رسول اللہ ﷺ وھو علی المنبر اقرأ علیّ قلت اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت سورۃ النساء حتی اتیت الی ھذہ الآیۃ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا (النساء ۴۱) قال حسبک الآن فالتفت الیہ فاذا عیناہ تذرفان۔

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے۔ مجھ سے فرمایا کہ مجھ پر تلاوت کرو۔ میں نے عرض کی کہ آپ پر قرآن نازل ہوا اور میں آپ پر تلاوت کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے دوسرے سے قرآن سننا محبوب ہے تو میں نے سورۃ النساء کی تلاوت شروع کی۔ جب میں آیت فکیف اذا جئنا۔۔۔الخ پر پہنچا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ بس آگے نہ پڑھو۔ جب میں نے آپ ﷺ کی طرف دیکھا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ آیت کا ترجمہ یوں ہے: "پس کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائے اور آپ ﷺ کو ان سب پر گواہ لائے"۔ اس پر آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔[3]

مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَلَسْتُ فِي عِصَابَةٍ مِنْ ضُعَفَاءِ الْمُهَاجِرِينَ وَإِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِبَعْضٍ مِنَ الْعُرْيِ وَقَارِئٌ يَقْرَأُ عَلَيْنَا إِذْ جَاءَ رَسُولُ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَقَامَ عَلَيْنَا، فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - سَكَتَ الْقَارِئُ، فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: "مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ؟" قُلْنَا: كُنَّا نَسْتَمِعُ إِلَى كِتَابِ اللهِ، فَقَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ أُمِرْتُ أَنْ أَصْبِرَ نَفْسِي مَعَهُمْ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ضعفاء مہاجرین کی جماعت میں بیٹھا ہوا تھا اور ان میں سے بعض بعض سے بے حجابی (مستور نہ ہونے) کی وجہ سے چھپتے تھے۔ اور قاری ہم پر قرآن پڑھ رہا تھا کہ آپ ﷺ تشریف لا کر

---

[1] (تفسیرات احمدیہ، ص ۲۸۰)

[2] (روح البیان، ص ۱۱۳، ص ۴۹۹)

[3] (مشکوٰۃ، ص ۱۸۲)

ہمارے پاس کھڑے ہو گئے۔ تو آپ ﷺ کے قیام کی وجہ سے قاری خاموش ہو گئے تو آپ ﷺ نے ہم پر سلام کر کے فرمایا کہ تم لوگ کیا کر رہے تھے؟ تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے فرمایا کہ ہم قاری کی تلاوت سن رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں کہ اس نے میری امت میں ایسے لوگ بنائے کہ مجھے حکم ہوا کہ میں ان کے پاس بیٹھوں۔ یعنی میں بھی قرآن شریف کی تلاوت سنوں۔ [1]

احیاء العلوم میں ہے:

قال رسول اللہ ﷺ من استمع الی أیۃ من کتاب اللہ عز وجل کان لہ نورا یوم القیامۃ وفی الأخرۃ کتب لہ عشر حسنات۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے اللہ عزوجل کی کتاب کی ایک آیت سنی تو یہ قیامت کے دن اس کے لئے نور بنے گا اور آخرت میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ [2]

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

وقد کان یامر من یقرأ القرآن فی المسجد ان یسمع قراءتہ۔

حضور ﷺ حکم فرماتے تھے کہ جو شخص مسجد میں قرآن پڑھے تو اس کی قرأت سنی جائے۔ [3]

روح البیان میں ہے:

وکان عمر رضی اللہ عنہ یستمع قرأۃ ابی موسی الاشعری۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرات سنتے تھے۔ [4]

احیاء العلوم میں ہے:

وکان اصحاب رسول اللہ ﷺ اذا اجتمعوا امروا احدھم ان یقرأ سورۃ من القرآن۔

اصحاب رسول اللہ ﷺ جب بھی جمع ہو جاتے تو ایک دوسرے کو قرآن کی کسی بھی سورت پڑھنے کا فرماتے۔ [5]

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

وکان ابن عمر رضی اللہ عنہما یامر من یقرأ علیہ وعلی اصحابہ وھم یستمعون۔

---

[1] (مشکوۃ ص ۱۹۱)

[2] (احیاء العلوم، ص ۱۵۸، ج ۱)

[3] (طحطاوی ص ۱۷۴)

[4] (روح البیان، ص ۱۱۳، ج ۳)

[5] (احیاء العلوم، ص ۱۵۸، روح البیان، ص ۵۰۰، ج ۴)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حکم فرماتے اس شخص کو جو آپ رضی اللہ عنہما اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو قرآن سناتے اور لوگ سنتے تھے۔[1]

روح البیان میں ہے:

ثواب الاستماع ازید من ثواب التلاوۃ للقاری اجر وللمستمع اجران لانہ یستمع وینصت ویستمع باذنیہ والقاری یقرأ بلسان واحد والمستمع یؤدی الفرضان وھما الاستماع والانصات دون القاری ولھذا قالوا استماعہ اثوب من تلاوتہ۔

قرآن سننے کا ثواب پڑھنے سے زیادہ ہے۔ پڑھنے والے کے لئے ایک اجر ہے اور سننے والے کے لئے دو۔ کیونکہ سننے والا سنتا بھی ہے اور خاموش بھی رہتا ہے۔ اسی طرح سننے والا دونوں کانوں سے سنتا ہے اور پڑھنے والا ایک زبان سے پڑھتا ہے۔ سننے والا دو فرض ادا کرتا ہے یعنی ایک سننا اور دوسرا چپ رہنا نہ کہ پڑھنے والا۔ اس لئے علماء کرام فرماتے ہیں کہ سننے کا ثواب پڑھنے کے ثواب سے زیادہ ہے۔[2]

روح البیان میں ہے:

استماع القرآن اثوب من تلاوتہ۔

قرآن کا سننا پڑھنے سے افضل ہے اور زیادہ ثواب ہے۔[3]

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

لانہ اکثر عملا وابلغ فی التدبر ونفعہ متعدیا بایقاظ قلوب الغافلین۔

از روئے عمل کے سننے میں زیادہ ثواب ہے اور تدبر میں بھی ابلغ ہے اور سننے کا نفع غافلوں کے دلوں کو بیدار کرتا ہے۔[4]

روح البیان میں ہے:

واستماع القرآن فی الصلوٰۃ فرض وفی خارجھا مستحب عند الجمھور۔

جمہور علماء کے نزدیک نماز میں قرآن سننا فرض اور خارج میں مستحب ہے۔[5]

روح البیان میں ہے:

ولو قرأ واحد واستمع الباقون فھو اولی۔

---

1 (طحطاوی، ص ۱۷۴)

2 (روح البیان، ص ۳۹۹، ج ۴، خزینۃ الاسرار، ص ۵۷)

3 (روح البیان، ص ۱۶۷، ج ۴، ص ۴۷۹، ج ۲، الحموی ص ۳۰۹، کبیری ص ۴۲۷، طحطاوی ص ۱۷۴)

4 (طحطاوی، ص ۱۷۴)

5 (روح البیان، ص ۱۱۳، ج ۳)

اگر ایک پڑھے اور باقی سنیں تو یہ بہتر ہے۔[1]

روح البیان میں ہے:

اذاقرأالمؤذن واستمع الحاضرون کانوا کانهم قرءوا جمیعا۔

اگر مؤذن قرآن پڑھے اور باقی سنیں تو گویا سب نے پڑھ لیا۔[2]

روح البیان میں ہے:

فما یفعل البعض فی هذا الزمان من اخفاء آیة الکرسی فی بعض الجوامع والمجامع لیس علی ما ینبغی وذلک لان فی القوم من هو امی لا یحسن قرائة الایة المذکورة فالالیق ان یجهر المؤذن لینال المستمعون ثواب التلاوة بل ازیدوهذاظاهر علی ارباب الانصاف ولا یخرج عن هذاالحدالا اصحاب الاعتساف۔

اس دور میں جو بعض لوگ اپنے اجتماعی مجالس میں آیۃ الکرسی کو سرا (آہستہ) پڑھتے ہیں تو اس طرح (آہستہ) نہیں پڑھنا چاہئے کیونکہ قوم میں امّی (ان پڑھ) لوگ بھی ہوتے ہیں جو آیۃ الکرسی کو صحیح نہیں پڑھ سکتے تو زیادہ بہتر یہی ہے کہ مؤذن جہر (بلند آواز) سے پڑھے تاکہ سننے والے کو بھی تلاوت کا ثواب ملے بلکہ زیادہ ثواب ملے اور یہ بات (فائدہ) اہل انصاف پر پوشیدہ نہیں اور اس حد سے صرف اہل تعصب وعناد ہی تجاوز کرتے ہیں۔[3]

قطب الارشاد میں ہے:

وینبغی ان یکون لذة العارف باستماع القرآن فوق جمیع المستلذات۔

چاہئے کہ عارف (جاننے والا) کا قرآن کے سننے کی لذت سب لذتوں سے بالاتر ہو۔[4]

المستدرک للحاکم میں ہے:

وروي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ليلة ينتظر عائشة رضي الله عنها فأبطأت عليه فقال صلى الله عليه وسلم ما حبسک قالت يارسول الله كنت أستمع قراءة رجل ماسمعت أحسن صوتا منه فقام صلى الله عليه وسلم حتى استمع إليه طويلاثم رجع فقال صلى الله عليه وسلم هذا سالم مولى أبي حذيفة الحمد لله الذي جعل في أمتي مثله۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک رات نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے منتظر تھے انہیں کچھ دیر ہو گئی تو نبی کریم ﷺ نے پوچھا کہ تمہیں کس چیز نے روکا؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں ایک آدمی کی قرأت سن

---

[1] (روح البیان، ص ۴۱۲، ج ۴، الفتاویٰ العالمگیریہ ج ۵ ص ۳۱۷)

[2] (روح البیان، ص ۱۶۷، ج ۴)

[3] (روح البیان، ص ۴۷۹، ج ۲، ص ۱۶۷، ج ۴، الحموی ص ۳۰۹، الکبیری ص ۴۲۷، الطحطاوی ص ۱۷۴)

[4] (قطب الارشاد ص ۳۵۲)

رہی تھی میں نے اس سے خوش آواز کسی کو نہیں سنا۔ یہ سن کر نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کھڑے ہوئے یہاں تک کہ دیر تک سنتے رہے پھر واپس تشریف لائے تو فرمایا کہ یہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے میری امت میں ایسے لوگ پیدا کیے ہیں۔[1]

صحیح البخاری میں ہے:

و استمع صلى الله عليه و سلم أيضاً ذات ليلة إلى عبد الله بن مسعود و معه أبو بكر و عمر رضي الله عنهما فوقفوا طويلاً ثم قال صلى الله عليه و سلم من أراد أن يقرأ القرآن غضاً طرياً كما أنزل فليقرأه على قراءة ابن أم عبد و قال صلى الله عليه و سلم لابن مسعود اقرأ علي فقال يا رسول الله أقرأ عليك و عليك أنزل فقال صلى الله عليه و سلمو سلم إني أحب أن أسمعه من غيري فكان يقرأ و عينا رسول الله صلى الله عليه و سلم تفيضان۔

ایک رات رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی آپ کے ساتھ حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بھی تھے یہ تینوں حضرات دیر تک کھڑے رہے پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا جو شخص قرآن پاک کو آہستہ اور اچھی آواز سے اس طرح پڑھے جیسے نازل ہوا تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "میرے سامنے پڑھو" انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم آپ کے سامنے پڑھوں حالانکہ یہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر اترا ہے تو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا میں دوسروں سے سننا پسند کرتا ہوں چنانچہ وہ پڑھتے جاتے تھے اور سرکار دوعالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہتے جاتے تھے۔[2]

کنز العمال میں ہے:

وَ اسْتَمَعَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قِرَاءَةِ أبي موسى فَقَالَ لَقَدْ أُوتِيَ هَذَا مِنْ مزامير آل داود فبلغ ذلك أبا موسى فقال يا رسول الله لو علمت أنك تسمع لحبرته لك تحبيرا۔

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی قرأت سن کر فرمایا انہیں آل داوٗد علیہ السلام کے آلات (مزامیر) میں سے کچھ دیا گیا ہے، یہ بات حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سن رہے ہیں تو میں مزید سنوار کر پڑھتا۔[3]

---

[1] (المستدرک للحاکم ج۳ ص ۲۲۶ کتاب معرفة الصحابه، إحياء علوم الدين، ج ۱، ص ۲۷۹)

[2] (صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۵ کتاب فضائل القرآن، کنز العمال ج ۱ ۱ ص ۱۰ ۷ حدیث ۳۳۴۶۳، إحياء علوم الدين، ج ۱، ص ۲۷۹)

[3] (کنز العمال ج ۱۳ ص ۷ ۰ ۶ حدیث ۳۷۵۵۳، إحياء علوم الدين، ج ۱، ص ۲۸۰)

بحث استماع القرآن (استماع القرآن کی بحث)

ورأی ھیثم القاری ءرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم في المنام قال فقال لي أنت الھیثم الذي تزین القرآن بصوتک قلت نعم قال جزاک اللہ خیراً۔

حضرت ہیثم قاری رحمۃ اللہ علیہ نے رسول اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا فرماتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ تم ہیثم ہو خوش الحانی سے قرآن پاک پڑھتے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔(جزاک اللہ خیراً)

معلوم ہوا کہ کسی قاری سے قرآن پاک کی قرأت سن کر جزاک اللہ خیراً کہنا چاہیئے بلکہ سننے کے بغیر بھی اس کیلئے یہ دعائیہ کلمات کہے جائیں تو اچھا ہے۔[1]

وفي الخبر کان أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا اجْتَمَعُوا أَمَرُوا أَحَدَهُمْ أَنْ يَقْرَأَ سُورَةً من القرآن۔

حدیث شریف میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب اکٹھے ہوتے تو کسی ایک کو قرآن پاک کی کوئی سورت پڑھنے کیلئے کہتے تھے۔اگر کوئی اجلاس ہو یا کسی مشورے کیلئے اکٹھے ہوں تو شروع میں تلاوت کرنی چاہیئے۔

وقد کان عمر یقول لأبي موسی رضي اللہ عنھما ذکرنا ربنا فیقرأ عندہ حتی یکاد وقت الصلاۃ أن یتوسط فیقال یا أمیر المؤمنین الصلاۃ الصلاۃ فیقول أو لسنا في صلاۃ إشارۃ إلی قولہ عز وجل ولذکر اللہ أکبر وقال صلی اللہ علیہ وسلم من استمع إلی آیۃ من کتاب اللہ عز وجل کانت لہ نوراً یوم القیامۃ وفي الخبر کتب لہ عشر حسنات ومھما عظم اجر الاستماع وکان التالي ھو السبب فیہ کان شریکاً في الأجر إلا أن یکون قصدہ الریاء والتصنع۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کرتے تھے ہمیں ہمارے رب کی یاد دلائیں تو وہ ان کے پاس قرآن پاک کی قرأت کرتے حتیٰ کہ نماز کا مستحب وقت قریب ہو جاتا کہا جاتا امیر المؤمنین ، نماز کا وقت ہو گیا نماز کا وقت ہو گیا تو وہ فرماتے کیا ہم نماز میں نہیں ہیں ؟ وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف اشارہ کرتے تھے۔ولذکر اللہ اکبر (عنکبوت ۴۵) اور البتہ اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔[2]

جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کی ایک آیت غور سے سنے اس کے لئے وہ آیت قیامت کے دن نور ہو گی

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

من استمع الی آیۃ من کتاب اللہ عزوجل کانت لہ نوراً یوم القیامۃ۔

ترجمہ:"جو شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کی ایک آیت غور سے سنے وہ اس کیلئے قیامت کے دن نور ہو گی۔"[3]

---

[1] (احیاءعلوم الدین، ج ۱، ص ۲۸۰)

[2] (احیاءعلوم الدین، ج ۱، ص ۲۸۰)

[3] (مسند امام احمد بن حنبل ج ۲ ص ۳۴۱ مرویات ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

ایک روایت ہے کہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں جب یہ سننے کا ثواب ہے تو تلاوت کرنے والا جو اس سننے کا سبب ہے وہ ثواب میں شریک ہے البتہ اگر اس کا مقصد ریاکاری اور بناوٹ نہ ہو (یعنی اگر اس کا مقصد ریاکاری اور بناوٹ ہوا تو ثواب نہیں ملے گا)۔

متن اعلام المؤمنین

بحث نمازِ احتیاطی

جان لو کہ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ جہاں جس مقام میں جمعہ کی ادائیگی کے بارے میں شک ہو کہ جمعہ ادا کرنا صحیح ہے یا صحیح نہیں، وہاں پر چار رکعت نمازِ احتیاطی پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟ جمعہ میں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ وہاں پر جمعہ کی شرائط نہیں پائی جاتیں جس کی وجہ سے جمعہ پڑھنے سے ذمہ فارغ نہیں ہو گا۔ بعض علماء اس ظہرِ احتیاطی کو بدعتِ سیئہ کہتے ہیں کہ اس کی شریعت میں اصل نہیں ہے اور یہ مذہبِ اربعہ کے مخالف ہے اور یہ عبث ہے، اور مذاہبِ اربعہ سے نکلنا ہے۔ جیسا کہ مولوی مفتاح الدین نے اصلاح الرسوم، صفحہ نمبر ۴۵، ۴۷ میں لکھا ہے۔

سبحان اللہ! مولوی مفتاح الدین نے کس قدر حق سے چشم پوشی کی اور اس نماز کو عبث اور بدعت کہا، حالانکہ یہ نماز اس وقت مستحب ہے کہ جب جمعہ کی صحت میں وہم پیدا ہو، اور اگر جمعہ کی صحت میں شک وشبہ ہو تو پھر یہ احتیاطی چار رکعت پڑھنا واجب ہے۔ جیسا کہ فقہ کی معتبر کتب میں تصریح کی ہے۔ اور اس نماز کے پڑھنے پر متأخرین مقلدینِ حنفی نے عمل کیا ہے۔ اس وجہ سے خادمِ دینِ محمدی (سید احمد شاہ) نے ارادہ کیا کہ اس مسئلہ کو معتبر کتب سے واضح کر کے پیش کرے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (آل عمران ۱۰۴)

ترجمہ: اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہیے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بُری سے منع کریں اور یہی لوگ مُراد کو پہنچے۔

خیر سے مراد ہر اچھا کام ہے جو شریعت کے موافق ہو۔

تفسیر احمدی میں ہے:

تدعون الناس الى الخير أي الأفعال الحسنة الموافقة للشريعة ويأمرون بالمعروف أي الشئي الذي يستحسنه الشارع والعقل وينهون عن المنكر أي الشئي الذي يستقبحه الشارع والعقل والمعروف ما وافق الكتاب والسنة والمنكر ما خالفهما أو المعروف الطاعات والمنكر المعاصي۔

ترجمہ: تم لوگ لوگوں کو افعالِ حسنہ کی دعوت دو، جو شریعت کے موافق ہیں، اور امر بالمعروف یعنی ان کاموں کا حکم دو جن کو شریعت وعقل نے مستحسن قرار دیا، اور برے کاموں سے روکو، یعنی وہ کام جن کو شریعت اور عقل نے قبیح وبرا قرار دیا۔

معروف وہ ہے جو کتاب و سنت کے موافق ہو اور منکر وہ ہے جو کتاب و سنت کے مخالف ہو، یا معروف سے مراد اطاعت اور منکر سے مراد معاصی اور گناہ ہے۔[1]

تفسیر احمدی کے قول اور حسن و قبیح، طاعت و معصیت، موافق الکتاب و مخالف الکتاب کے مابین تقابل سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن چار رکعت ظہرِ احتیاطی حسن اور طاعت و کتاب اللہ کے موافق ہے۔ کیونکہ یہ حقیقت میں یا فرض ہے یا نفل، جیسا کہ اس کی تحقیق آرہی ہے۔

اچھے کام کی دلالت کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے خود وہ کام کیا ہو

اسی طرح حدیث میں آیا ہے:

عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أُبْدِعَ بِي فَاحْمِلْنِي فَقَالَ مَا عِنْدِي فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا أَدُلُّهُ عَلَى مَنْ يَحْمِلُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ، رَوَاهُ مُسلم۔

ترجمہ: حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے پاس آیا اور کہا کہ میری سواری تھک گئی مجھے سواری عطا فرمائیں، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس تجھے سوار کرنے کے لئے سواری نہیں ہے۔ ایک شخص نے کہا میں اس کو ایسا آدمی بتاتا ہوں جو اس کو سواری دے دے گا، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ اچھے کام کی دلالت کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس نے وہ کام خود کر لیا ہو۔[2]

لہٰذا علماء کو چاہیئے کہ وہ عوام کو ہر کارِ خیر کا حکم دیا کریں، اور غلط کاموں سے روکا کریں۔ تاکہ درج بالا آیت وحدیث کا مصداق بنیں نہ کہ اپنی خواہشاتِ نفسانی کے طور پر کسی کو اچھے کام سے روکیں۔

ورنہ وہ اس فرمان نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا مصداق بنیں گے:

مَنْ أَفْتَى بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ وَمَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيهِ بِأَمْرٍ يَعْلَمُ أَنَّ الرُّشْدَ فِي غَيْرِهِ فَقَدْ خانه» . رَوَاهُ أَبُو دَاوُد۔

---

[1] (تفسیر احمد، ص۲۰۷)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۷۲، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

ترجمہ: جس نے کسی کو غلط فتویٰ دیا تو اس کا گناہ مفتی پر ہو گا اور جس نے کسی مسلمان بھائی کو ایسے کام کا مشورہ دیا کہ بہتری اس کے خلاف کام میں تھی تو اس نے اس کے ساتھ خیانت کی۔[1]

حدیث مبارک میں ہے:

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ لِلشَّيْطَانَ لَمَّةً بِابْنِ آدَمَ وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً فَأَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانَ فَإِيعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيبٌ بِالْحَقِّ وَأَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَإِيعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَجَدَ ذَلِكَ فَلْيَعْلَمْ أَنَّهُ من الله فليحمد اللهَ وَمَنْ وَجَدَ الْأُخْرَى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: انسان میں ایک لمۃ (خیال ووسوسہ) شیطان کا ہوتا ہے اور ایک فرشتے کا، جو شیطان کا خیال ووسوسہ ہے وہ یہ ہے کہ شیطان اس کے ساتھ برے اور جھوٹے وعدے کرتا ہے، اور فرشتے کا خیال والقاء یہ ہے کہ وہ انسان کو خیر کے کام پر اچھا وعدہ اور حق کی تصدیق کا وعدہ کرتا ہے تو جو فرشتے کی طرف سے خیال والقاء کو پائے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور جو شیطان کا وسوسہ پائے تو تعوذ پڑھے۔[2]

اے مسلمانو! کیوں انبیاء کرام علیہم السلام کی معیت میں جنت جانے کی بجائے شیطان کے ساتھ جہنم میں جا رہے ہو؟ تم نے دوزخ نہیں دیکھی، وہاں تمہاری کون سفارش کرے گا؟ آج احتیاط کرو، شریعت کو مضبوطی سے پکڑو، اور اعمالِ حسنہ سے اجتناب نہ کرو، اور نفس وشیطان کے مکر سے اپنے آپ کو بچاؤ، ورنہ وہاں کوئی نجات کا راستہ نہیں ہو گا۔ افسوس کی بات ہے کہ آج کل بہت سے حضرات لوگوں کو ظہرِ احتیاطی اور قضاء عمری سے بدعتِ سیئہ کہہ کر روکتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے، اور دوسری طرف کہتے ہیں کہ مجھے قرآن کی قسم کہ و لا الظالین پڑھنا حق ہے، اور اس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے اور قیامت کے دن میں تم لوگوں کا ذمہ دار ہوں، تمہیں نجات دے کر رہوں گا۔

سبحان اللہ! کتنا بڑا دعویٰ اور بہادری کا اظہار ہے عوام کو گمراہ کرنے کے لئے کہ اس بدبخت نے قیامت کے دن کی ٹھیکہ داری بھی لی ہے، حالانکہ اس سخت دن تو انبیاء علیہم السلام بھی نفسی نفسی کہہ رہے ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں فرماتا ہے:

حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ (البقرة ۲۳۸)

ترجمہ: نگہبانی کرو سب نمازوں اور بیچ کی نماز کی اور کھڑے ہو اللہ کے حضور ادب سے۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۸۱، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۲۷، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

بحث نمازِ احتیاطی

اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُورًا وَبُرْهَانًا وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمن لم يحافظ عَلَيْهَا لم يكن لَهُ نور وَلَا برهَان وَلَا نجاة وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ قَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَأُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ۔

ترجمہ: جس نے پانچ نمازوں کی حفاظت کی تو قیامت کے دن اس کے لئے نور اور برہان ہو گا۔ اور جس نے نمازوں کی حفاظت نہیں کی اس کے لئے نور و برہان نہیں ہو گا اور نہ بروز قیامت اس کی نجات ہو گی، اور اس کا حشر فرعون، قارون اور ھامان وابی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔[1]

دوستو! ظہر احتیاطی شک اور اشتباہ کے مقامات میں عین پنج وقتہ نمازوں کی حفاظت ہے۔ کیونکہ جب کوئی یہ چار رکعت احتیاطی ادا کرے گا تو اس شخص کی حالت تین حالات سے خالی نہ ہو گی، یا تو وقتی فرض کے قائم مقام ہو گی اس تقدیر پر کہ وہاں پر جمعہ کی شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو گی، اور اگر جمعہ کی تمام شرائط موجود ہیں تو پھر نمازی کی دو حالتیں ہیں، یا تو اس نمازی پر آخری ظہر کی قضا ہو گی یا نہیں ہو گی، اگر ہو گی تو یہ اس کے بدل میں واقع ہو کر اس کی قضاء نماز ہو جائے گی۔ اور اگر قضاء نہیں تو یہ اس کی طرف سے نفل ہو گی۔ اس پر فقہاء کرام نے تصریح فرمائی ہے، اب بغیر قوی دلیل کے اس نماز کی مخالفت نہیں ہو سکتی، اگر فقہ کی کسی کتاب میں کوئی دلیل ہے تو حاضر کیجیے۔ اور مولوی مفتاح الدین صاحب! اگر آپ کے پاس دلیل نہیں جیسے کہ آپ کی کتاب دلیل سے خالی ہے تو خاموش بیٹھیں اور شریعت میں دخل اندازی نہ کریں۔

نفسِ جمعہ کی فرضیت قرآن، حدیث واجماع امت سے ثابت ہے

جان لیجئے کہ نفسِ جمعہ کی فرضیت قرآن، حدیث واجماع امت سے ثابت ہے۔

فرمانِ الٰہی ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ (الجمعة ۹)

ترجمہ: اے ایمان والو جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو۔

[1] (مشكوٰة المصابيح، ج ۱، ص ۱۸۳، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

بے شک تم پر جمعہ فرض ہے

اور حدیث شریف میں ہے:

و اعلموا أن الله کتب علیکم الجمعة۔

ترجمہ: جان لو بے شک اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں پر جمعہ فرض کر دیا ہے۔[1]

اور اجماعِ اُمت یہ ہے کہ اس پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے زمانے سے لے کر آج تک نماز جمعہ فرض ہے۔ فرضیت پر اتفاق کے بعد اب اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ آیا جمعہ کے دن صرف جمعہ کی نماز فرض ہے یا ظہر کی نماز فرض ہے۔ اسی طرح فرمانِ الٰہی: فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ (الجمعة ۹) کا مسئلہ ہے کہ یہ دلالت کرتا ہے کہ جمعہ کی نماز شہر میں فرض ہے نہ کہ دیہاتوں میں۔ کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جمعہ کی نماز دیہاتوں میں ثابت نہیں ہے۔ حالانکہ مملکت اسلامی میں یہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم دیہاتوں اور پہاڑوں میں پھیل گئے تھے، اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم عبادات کا بھی حرص رکھتے تھے۔ تو اگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے دیہاتوں میں جمعہ کی نماز کی ادائیگی موجود ہوتی تو اگرچہ کہ خبر واحد کے ذریعے ہوتی لیکن یہ بات ہم تک پہنچتی۔ لیکن جب کوئی ایسی بات منقول نہیں تو معلوم ہوا کہ نمازِ جمعہ صرف شہروں میں ادا کی جائے گی، اس وجہ سے فقہاء کرام نے جمعہ کی صحت کے لئے شہر کا ہونا شرط قرار دیا ہے۔ جیسا کہ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب ہے۔

جمعہ، تشریق، عید الفطر اور عید الاضحیٰ صرف شہر میں ادا ہوں گی

التعلیق الممجد بشرح موطا محمد میں ہے:

و لا جمعة و لا تشریق و لا صلاة فطر و لا أضحی إلا في مصر جامع۔

ترجمہ: جمعہ، تشریق، عید الفطر اور اضحیٰ کی نمازیں صرف شہر میں ادا ہوں گی۔[2]

اور وہ روایت جو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے:

إن أول جمعة جمعت بعد جمعة في مسجد رسول الله صلی الله علیه و سلم في مسجد عبد القیس بجواثی من البحرین۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح مع شرحہ مرعاۃ المفاتیح، ج۴، ص ۸۸۱)

[2] (التعلیق الممجد بشرح موطأ محمد، ج ۲، ص ۷۹، المکتبة الفاروقیة، کبیری، ص ۴۶۵، مکتبہ اسلامیہ، کانسی روڈ، کوئٹہ)

ترجمہ: سب سے پہلا جمعہ جو قائم ہوا تھا تو وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اس مسجد میں ہوا تھا جو بحرین کے درمیان جواثی نامی گاؤں میں تھی۔[1]

تو اس عبارت میں شہر پر گاؤں کا اطلاق ہوا ہے، کیونکہ شہر پر قریہ کا اطلاق مشہور ہے، اور قرآن میں جابجا ثابت ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ (یٰس ۱۳)

ترجمہ: اور ان سے مثال بیان کرو اس شہر والوں کی۔

جو انطالیہ وغیرہ شہر تھا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ (الزخرف ۳۱)

ترجمہ: اور بولے کیوں نہ اُتارا گیا یہ قرآن ان دو شہروں کے کسی بڑے آدمی پر۔

اور ان دو دیہاتوں سے مراد مکہ اور طائف ہے، جو مشہور شہر تھے نہ کہ گاؤں۔ اس طرح سورۃ یوسف میں بھی شہر پر قریہ کا اطلاق ہوا ہے۔ لہٰذا دیہاتوں میں جمعہ کی صحت پر استدلال کرنے والوں کا استدلال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول سے صحیح نہیں ہے۔

اور وہ روایت جو حضرت عبدالرحمٰن بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے والد صاحب سے کی ہے:

أنه قال أول من جمع بنا في حرته بين بياضه اسد بن زرارة و كان كعب كلما سمع النداء ترحم على اسعد لذلک قال قلت كم كنتم قال اربعين۔

ترجمہ: سب سے پہلے جس نے ہماری جمعہ کی نماز قائم کی بنی بیاضہ کے محلہ میں، وہ سعد بن زرارہ تھے، اور حضرت کعب جب اذان سنتے تو سعد کے لئے دعا فرماتے اس وجہ سے کہا میں نے پوچھا کہ تم کتنے لوگ تھے؟ کہا چالیس۔[2]

ہم کہتے ہیں کہ سعد بن زرارہ کا یہ فعل یا تو اجتہادی تھا یا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اس کا علم نہ تھا، کیونکہ اگر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے اس بارے میں کوئی اجازت ہوتی تو ضرور ہمیں نقل ہو کر آتی۔ لیکن ہم تک منقول نہیں۔

---

[1] (صحيح البخارى، ج۲، ص۵، الناشر : دار طوق النجاة، سنن ابى داؤد، ج ۱، ص ۴۱۳، الناشر : دار الكتاب العربي - بيروت، جامع الأصول، ج۵، ص ۶۹۵، الناشر: مكتبة الحلواني - مطبعة الملاح - مكتبة دار البيان، المعجم الكبير، ج ۱۲، ص ۲۲۶، الناشر: مكتبة العلوم والحكم - الموصل)

[2] (كبيرى، ص ۴۶۵، کانسی روڈ، کوئٹہ)

یا وجہ یہ ہے کہ یہ مقام فناء شہر میں سے تھا اور فناء مصر میں جمعہ قائم کرنا صحیح ہے۔ لہٰذا اس سے استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت معارض سے سالم رہ گئی لہٰذا اس روایت کی بناء پر فقہاء نے جمعہ میں شہر کی شرط لگائی ہے۔ لیکن شہر کی تعریف میں فقہاء کے اقوال مختلف ہیں۔

جیسا کہ عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں ہے:

ثم اختلف أصحابنا في المصر الذي تجوز فيه الجمعة، فعن أبي يوسف: هو كل موضع يكون فيه كل محترف، ويوجد فيه جميع ما يحتاج إليه الناس من معايشهم عادة، وبه قاض يقيم الحدود. وقيل: إذا بلغ سكانه عشرة آلاف، وقيل: عشرة آلاف مقاتل، وقيل: بحيث أن لو قصدهم عدو لأمكنهم دفعه، وقيل: كل موضع فيه أمير وقاض يقيم الحدود، وقيل: أن لو اجتمعوا إلى أكبر مساجدهم لم يسعهم، وقيل: أن يكون بحال يعيش كل محترف بحرفته من سنة إلى سنة من غير أن يشتغل بحرفة أخرى، وعن محمد: موضع مصرة الإمام فهو مصر حتى إنه لو بعث إلى قرية نائبا لإقامة الحدود والقصاص تصير مصرا، فإذا عزله ودعاه يلحق بالقرى۔

ترجمہ: ہمارے آئمہ احناف کے اس شہر کی تعریف میں مختلف اقوال ہیں کہ جہاں جمعہ ادا کرنا صحیح ہے۔ حضرت ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول یہ ہے کہ جہاں ہر قسم کے کاریگر اور زندگی کی ضروریات کی اشیاء پائی جائیں اور حدود کو قائم کرنے کے لئے قاضی بھی ہو۔ اور ایک قول یہ ہے کہ وہاں کی آبادی دس ہزار کی ہو، یا دس ہزار جنگجو ہوں، یا اتنے افراد ہوں کہ دشمن حملہ کریں اور یہ ان کو بھگا سکیں۔ اور یہ قول بھی ہے کہ وہاں حدود قائم کرنے کے لئے قاضی ہو۔ اور ایک قول یہ ہے کہ اتنے لوگ ہوں کہ سب آجائیں تو بڑی مسجد میں سمانہ سکیں۔ ایک قول یہ ہے کہ ہنر مند وہاں ایک سال کی کمائی کر سکتا ہو۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہے کہ جس کا امام ہو تو وہ مصر ہے، لہٰذا اگر امیر کسی گاؤں میں اپنا نائب بھیجے حدود و قصاص کے نفاذ کے لئے تو وہ بھی شہر بنے گا۔ اور جب اس نائب کو واپس بلائے گا تو وہ مقام پھر قریہ (دیہات) بن جائے گا۔[1]

کبیری، ص ۵۶۴ میں ان سات اقوال میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول پسند کیا ہے۔

ہدایہ میں ہے:

والمصر الجامع كل موضع له أمير وقاض ينفذ الأحكام ويقيم الحدود وهذا عند أبي يوسف رحمه الله۔

ترجمہ: جامع شہر ہر وہ جگہ ہے جہاں امیر و قاضی ہو جو احکام کا نفاذ اور حدود کا قیام کرتا ہو۔ یہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی روایت ہے۔[2]

---

[1] (عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، ج۶، ص۱۸۷، الناشر: دار إحیاء التراث العربي-بیروت)

[2] (ہدایہ شرح البدایۃ، ج۱، ص۸۲، الناشر المكتبة الإسلامية)

لہٰذا اس مختار قول کی بناء پر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد ظہر احتیاطی پڑھنا واجب ہے، کیونکہ شہر کا یہ معنی ان امکان اور اس زمانہ میں نادر الوجود ہے۔ اگرچہ کہ بعض علماء کے ہاں تنفیذ سے مراد قدرت ہے۔

جیسا کہ تفسیر احمدی میں ہے:

لان في معني المصر اختلاف فقيل فيه امير و فيه قاض ينفذ الاحكام ويقيم الحدو د و قيل ما لا يسع أكبر مساجده اهله و المعنى الاول لا يو جد إلا نادرا، اھ۔

ترجمہ: مصر (شہر) کے معنی میں اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہاں امیر اور قاضی ہو جو احکام کو نافذ اور حدود کو قائم کرتا ہو، ایک قول یہ ہے کہ یہاں سارے لوگ جامع مسجد میں نہیں سما سکتے۔ پہلا معنی نادر الوجود ہے۔[1]

ظہرِ احتیاطی کا وجوب دو مستقل علتوں پر مرتب ہے

الحاصل یہ کہ ظہرِ احتیاطی کا وجوب دو مستقل علتوں پر مرتب ہے۔ جو بہ طریقہ مانع الخلو ہے۔ پہلی علت علماء کا اختلاف ہے کہ آیا ایک شہر میں متعدد جمعے ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ اور یہ قوی خلاف ہے۔

جیسا کہ کبیری میں ہے:

لأن الخلاف فيه قوى۔

ترجمہ: اس میں خلاف قوی ہے۔

اور دوسری علت مصر کی تعریف میں اشتباہ و تردد ہے۔ اس وجہ سے فقہاء نے ظہرِ احتیاطی کے لزوم کی تصریح کی ہے۔ اور اس پر احادیث اور اقوالِ مفسرین بھی دال ہیں۔

حدیث میں ہے:

من أدرك من الْجُمُعَة رَكْعَة فليصل إِلَيْهَا أُخْرَى وَمَنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَتَانِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا، أَو قَالَ: الظّهْر . رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيّ۔

ترجمہ: جس نے جمعہ کی ایک رکعت پالی تو اس کے ساتھ دوسری ملا لے، اور جس کی دونوں رکعات فوت ہو گئیں تو وہ چار یعنی ظہر کی نماز پڑھے۔[2]

اور اس ملک کے اکثر مقامات میں جمعہ کی صحت کی شرائط کے فوت ہونے کا شبہ موجود ہے، جیسا کہ یہ ظاہر ہے۔

---

[1] (تفسیر احمدی، ص ۷۰۸، الکریمیه، الواقع في الممبئى)

[2] (مشكوٰة المصابیح، ج ۱، ص ۴۴۵، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

فوات کی اقسام

فوات کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ فواتِ حقیقی　　　　۲۔ فواتِ حکمی

فواتِ حقیقی سے مراد یہ ہے کہ دونوں رکعتوں میں سے کوئی حصہ نہ پائے۔ اور فواتِ حکمی سے مراد یہ ہے کہ جمعہ کی شرائط میں سے کوئی شرط فوت ہو جائے۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے دونوں اقسام کے فوت ہونے پر ظہر کی نماز کا پڑھنا لازم قرار دیا ہے۔ لہٰذا ظہرِ احتیاطی کا حکم تو ہر طور پر لازم ہوا۔

اور اس پر مرقات میں بھی تصریح موجود ہے:

مَنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَتَانِ أَيْ: مَنْ لَمْ يُدْرِكْ شَيْئًا مِنْهُمَا، فَلْيُصَلِّ الظُّهْرَ، وَمِمَّا يَتَعَلَّقُ بِالْفَوْتِ الْحُكْمِيِّ، وَهُوَ مَا لَا يُوجَدُ فِي الْجُمُعَةِ شَرْطٌ مِنْ شُرُوطِهَا، فَإِنَّ مِنْهَا الْمِصْرَ، وَاخْتَلَفُوا فِي حَدِّ الْمِصْرِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا قَلَّمَا يَتَّفِقُ وُقُوعُهُ فِي بَلَدٍ، وَلِذَا قَالُوا: فِي كُلِّ مَوْضِعٍ وَقَعَ الشَّكُّ فِي جَوَازِ الْجُمُعَةِ، يَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ أَرْبَعًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ يَنْوِي بِهَا آخِرَ فَرْضٍ أَدْرَكْتُ وَقْتَهُ، وَلَمْ أُؤَدِّهِ بَعْدُ، فَإِنْ لَمْ تَصِحَّ الْجُمُعَةُ وَقَعَتْ ظُهْرًا، وَإِنْ صَحَّتْ وَكَانَ عَلَيْهِ ظُهْرٌ يَسْقُطُ عَنْهُ، وَإِلَّا فَنَفْلٌ۔

ترجمہ: حدیث کا معنی یہ ہے کہ جس نے جمعہ کی دونوں رکعتوں میں کچھ نہ پایا تو وہ ظہر کی نماز پڑھ لے، اور فواتِ حکمی یہ ہے کہ ان شروط میں سے کوئی شرط نہ پائے اور ان شرائط میں ایک شرط مصر (شہر) کا ہونا ہے۔ اور شہر کی تعریف میں اختلاف ہے، کہ جو کسی ایک شہر پر متفق طور پر واقع نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس وجہ سے فقہاء نے فرمایا کہ جہاں جمعہ کے جواز میں شک آجائے تو جمعہ کے بعد چار رکعت فرض کی نیت سے پڑھ لے۔ مگر وقت کے اندر بعد میں نہیں، کیونکہ اگر جمعہ صحیح نہ ہوا تھا تو ظہر ادا ہو جائے گی اور اگر جمعہ صحیح تھا تو ان چار رکعات سے اس کی ظہر کی قضاء پوری ہو جائے گی ورنہ نفل ہو جائیں گے۔[1]

دیکھو ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے درج بالا حدیث سے ظہرِ احتیاطی پر استدلال کیا ہے تو یہ بھی حدیث سے ثابت ہوا

اقوالِ مفسرین میں۔

تفسیر احمدیہ میں ہے:

ولهذا افترقوا فرقا مختلفا فقليل منهم من تركو الجمعة اصلا وطائفة اكتفوا بها فقط وبعضهم ادوا الظهر في منزلهم ثم سعوا إلى الجمعة وأكثرهم داموا على ادائها أو لا علما منهم بانها من أكبر شعائر الإسلام والتزموا بعدها أداء الظهر لكثرة الشكوك في شأنها وغلبة الأوهام وإن كان لا يجوز الجمع بين الفرضين عند أهل الاسلام، اهـ۔

---

[1] (مرقاۃالمفاتیح، ج۳، ص ۱۰۵۰، الناشر: دار الفکر، بیروت-لبنان)

ترجمہ: اس مسئلہ میں علماء کے کئی فرقے بن گئے۔ بعض نے کہا کہ جمعہ بالکل ترک کر دے، بعض نے کہا صرف جمعہ پڑھے۔ بعض نے کہا گھر میں ظہر پڑھ لے اور پھر جمعہ کے لئے جائے اور اکثر علماء نے پہلے جمعہ کی ادائیگی پر دوام فرمایا کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ جمعہ شعائرِ اسلام میں سے ہے، اور اس کے بعد ظہر کی نماز ادا کرے کہ جمعہ کی ادائیگی کی صحت میں شک ہے، اگرچہ مسلمانوں کے ہاں دونوں فرض جمع نہیں کئے جاسکتے۔[1]

درج بالا احادیث ومفسرین کے اقوال سے ظہرِ احتیاطی ثابت ہوئی۔

اب فقہاء کے اقوال ملاحظہ فرمائیں کہ ان کے اقوال میں امام مسلم اور امام شافعی رحمہا اللہ تعالیٰ کے ہاں جمعہ کے بعد ظہرِ احتیاطی لازم ہے۔

ردالمحتار میں ہے:

قال في الكافي للحاكم الشهيد: كُلُّ مَوْضِعٍ وَقَعَ الشَّكُّ فِي كَوْنِهِ مِصْرًا يَنْبَغِي لَهُمْ أَنْ يُصَلُّوا بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا بِنِيَّةِ الظُّهْرِ احْتِيَاطًا حَتَّى إنَّهُ لَوْ لَمْ تَقَعْ الْجُمُعَةُ مَوْقِعَهَا يَخْرُجُونَ عَنْ عُهْدَةِ فَرْضِ الْوَقْتِ بِأَدَاءِ الظُّهْرِ (إلى أن قال) بِيَقِينٍ۔

ترجمہ: حاکم شہید کی کافی میں ہے کہ جس جگہ میں شہر کے ہونے پر شک ہو تو وہاں کے لوگوں کے لئے جمعہ کے بعد چار رکعت احتیاطی پڑھنا مناسب ہے کہ اگر جمعہ نہ ہوا تو ظہر ہو جائے گی اور فریضہ ادا ہو جائے گا ظہر کی ادائیگی میں یقینی طور پر۔[2]

حاکم شہید کی کافی ظاہر الروایۃ ہے:

وَاعْلَمْ أَنَّ مِنْ كُتُبِ مَسَائِلِ الْأُصُولِ كِتَابَ الْكَافِي لِلْحَاكِمِ الشَّهِيدِ، وَهُوَ كِتَابٌ مُعْتَمَدٌ فِي نَقْلِ الْمَذْهَبِ، وان كافي الحاكم جمع كلام محمد التي هي ظاهر الرواية اهـ۔

ترجمہ: جان لو کتب مسائل الاصول میں حاکم شہید کی کافی بھی ہے، اور یہ نقل مذہب میں معتمد کتاب ہے اور کافی امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ظاہر الروایۃ کو جمع کرنے والی کتاب ہے۔[3]

اور ظاہر الروایۃ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہوتا ہے۔

جیسا کہ شامی میں ہے:

لَكِنَّ الْغَالِبَ الشَّائِعَ فِي ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ أَنْ يَكُونَ قَوْلُ الثَّلَاثَةِ وَكُتُبُ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔

[1] (تفسیر احمدی، ص ۷۰۸، الکریمیہ، الواقع في الممبئی)
[2] (ردالمحتار، ج۲، ص ۱۴۶، الناشر: دار الفكر-بيروت)
[3] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۹، الناشر: دار الفكر-بيروت)

ترجمہ: ظاہر الروایۃ کے بارے میں ظاہر و مشہور قول یہ ہے کہ یہ آئمہ ثلاثہ (امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے اقوال ہیں۔[1]

تو ظہرِ احتیاطی کے ظاہر الروایۃ میں ثابت ہونے سے معلوم ہوا کہ یہ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہے۔

البنایہ شرح الہدایہ میں ہے:

وَفِي الْقُنْيَةِ لَمَّا ابْتُلِيَ أَهْلُ مَرْوَ بِإِقَامَةِ الْجُمُعَتَيْنِ فِيهَا مَعَ اخْتِلَافِ الْعُلَمَاءِ فِي جَوَازِهِمَا أَمَرَ أَئِمَّتُهُمْ بِالْأَرْبَعِ بَعْدَهَا حَتْمًا احْتِيَاطًا، واختلفوا في نيتها، قيل: الأحوط أن يقول نويت آخر ظهر أدركت وقته ولم أصله بعد، وقال الحسن: اختياري أن يصلي الظهر بهذه النية، اھ۔

ترجمہ: قنیہ میں ہے کہ جب مرو کے رہنے والے مرو میں دو جمعے کے پڑھنے میں مبتلا ہونے لگے، حالانکہ علماء کا اس کے جواز کے بارے میں اختلاف تھا تو وہاں کے آئمہ حضرات نے مرو کے لوگوں کو چار رکعت ظہر احتیاطی کا حکم دے دیا، اور اس کی نیت میں ان کا اختلاف آیا۔ کہا گیا کہ احتیاطی نیت یہ ہے کہ وہ یہ نیت کرے کہ میں آخری ظہر جس کا میں نے وقت پایا اور میں نے نہیں پڑھی اس کی نیت کرتا ہوں۔ حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اس نیت سے ظہر کی نماز پڑھے۔[2]

عینی شرح ہدایہ میں ہے:

قال الحسن: اختياري أن يصلي الظهر بهذه النية۔

ترجمہ: امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میرا پسندیدہ قول یہ ہے کہ ظہر کی نیت سے ظہر کی نماز پڑھے۔[3]

وأيضًا: الظهر هو فرض الوقت، لكن عليه إسقاطه بالجمعة عند وجود شرائطها۔

ترجمہ: اور ظہر جو وقتی فرض ہے لیکن جمعہ کی وجہ سے اس کا ساقط ہونا بھی اس وقت ہوتا ہے کہ جب جمعہ کی شرائط موجود ہوں۔[4]

امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شاگرد ہیں۔ فرماتے ہیں کہ میرا پسندیدہ مذہب جمعہ کے بعد چار رکعات ادا کرنا ہے۔ اور یہ بعینہٖ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہے۔ کیونکہ آپ کے شاگردوں نے آپ سے سن کر کسی مسئلہ میں قول فرمایا ہے۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۹، الناشر: دار الفكر-بيروت)
[2] (البناية شرح الهداية، ج ۳، ص ۹۴، الناشر: دار الكتب العلمية-بيروت، لبنان)
[3] (البناية شرح الهداية، ج ۳، ص ۹۴، الناشر: دار الكتب العلمية-بيروت، لبنان)
[4] (البناية شرح الهداية، ج ۳، ص ۷۴، الناشر: دار الكتب العلمية-بيروت، لبنان)

جیسا کہ شامی میں ہے:

رَوَى عَنْ جَمِيعِ أَصْحَابِهِ مِنْ الْكِبَارِ كَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ وَزُفَرَ وَالْحَسَنِ أَنَّهُمْ قَالُوا: مَا قُلْنَا فِي مَسْأَلَةٍ قَوْلًا إلَّا وَهُوَ رِوَايَتُنَا عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَقْسَمُوا عَلَيْهِ، إلخ۔

ترجمہ: امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے بڑے بڑے شاگرد جیسے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ و محمد و حسن بن زیاد رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب بھی ہم نے کسی مسئلہ میں قول کیا ہے تو وہ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ہی روایت ہوتی ہے، اور اس پر قسم بھی کھائی۔[1]

بے شک امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے کسی شاگرد کا قول بعینہٖ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہی قول ہے

اسی طرح میزان الشعرانی میں ہے:

وزاد في الميزان فعلم ان من اخذ بقول واحد من اصحاب أبي حنيفة فهو أخذ بقول أبي حنيفة۔

ترجمہ: بے شک جس نے امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے کسی شاگرد کا قول لیا تو وہ بعینہٖ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہوتا ہے۔[2]

فوائد بہیہ میں حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے احوال یوں ذکر فرماتے ہیں:

صاحب أبي حنيفة كان يقظا فطنا فقيها نبيها وعن يحيى بن آدم ما رأيت افقه من الحسن بن زياد ولى القضاء بالكوفة وكان محبا للسنة واتباعها۔

ترجمہ: حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صاحب (شاگرد) ہیں، بیدار مغز، ذہن وفطین تھے، یحییٰ بن آدم کہتے ہیں کہ میں نے حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے زیادہ کسی کو فقیہ نہیں دیکھا، کوفہ کی قضاء آپ کے سپرد تھی، سنت سے محبت کرنے والے تھے۔[3]

ظہر احتیاطی کا قول امام صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایسا ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا قول مبارک ہے، کیونکہ امام صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تابعی ہیں۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۷، الناشر: دارالفکر-بیروت)

[2] (میزان الشعرانی، ص ۴۸)

[3] (فوائدالبھیہ، ص ۶۰)

جیسا کہ شامی میں ہے:

إِنَّهُ (أي أبو حنيفة) أَدْرَکَ جَمَاعَةً مِنَ الصَّحَابَةِ كَانُوا بِالْكُوفَةِ۔

ترجمہ: امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کوفہ میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ایک جماعت پائی (دیکھی)۔[1]

اور حدیث کا اطلاق تابعی کے قول، فعل و تقریر پر ہوتا ہے۔

جیسا کہ مقدمہ اشعۃ اللمعات میں ہے:

ونزد بعض قول وفعل وتقریر صحابہ وتابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین را نیز حدیث گویند۔

اور بعض کے نزدیک حدیث کا اطلاق تابعی کے قول، فعل اور تقریر پر بھی ہوتا ہے۔[2]

درج بالا عبارات سے احناف کے ہاں ظہر احتیاطی ثابت ہوگئی۔ اب امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بھی دیکھیں کہ آپ نے بھی ظہرِ احتیاطی کا حکم دیا ہے جہاں پر اشتباہ ہو۔

میزانِ شعرانی میں ہے:

فإن قلت فما وجه إعادة بعض الشافعية الجمعة ظهرًا بعد السلام من الجمعة مع ان اللہ تعالیٰ لم يفرض يوم الجمعة صلاة الظهر وإنما فرض الجمعة فلا تصلى الظهر إلا عند العجز عن تحصيل شروط الجمعة مثلا فالجواب ان وجه ذلک الإحتياط والخروج من شبهة منع الائمة التعدد بقطع النظر مما ذكرناه۔

ترجمہ: اگر آپ اعتراض کریں کہ کیا وجہ ہے کہ بعض شوافع، جمعہ کے سلام کے بعد ظہرِ احتیاطی پڑھتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے جمعہ کے دن ظہر فرض نہیں فرمایا، فرض جمعہ ہے اور ظہر تو کسی عذر کی وجہ سے پڑھنا جائز ہے جیسے جمعہ کی شروط حاصل نہ ہوں، مثلاً جواب یہ ہے کہ یہ ظہر احتیاطی طور پر پڑھتے ہیں اور شبہ سے نکلنے کے لئے پڑھتے ہیں اور بعض آئمہ نے متعدد پڑھنا منع فرمایا ہے تو وہ اس سے قطع نظر کرکے فرمایا۔[3]

یہ ہیں وہ اقوالِ سلف صالحین وروایاتِ فقہاء کرام جو بیان کئے گئے مگر مولوی مفتاح الدین پر تعجب ہے کہ وہ کہتا ہے کہ ظہر احتیاطی کی نماز مذاہبِ اربعہ کے خلاف ہے۔ ہم نے جو حوالے ذکر کئے ہیں وہ تمام کتب نایاب نہیں جس کو شک ہو وہ دیکھ

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۴، الناشر: دار الفکر-بیروت)

[2] (اشعۃ اللمعات، ج ۱، ص ۲)

[3] (میزان شعرانی، ص ۱۶۹)

لے۔ اور مولوی مفتاح الدین کا اس سے انکار کرنا گویا اس نے کتب کا مطالعہ نہیں کیا ہو گا، یا خود غرضی کی بناء پر انکار کیا۔ مگر اس نے سوچا نہیں کہ سورج انگلی کے پیچھے نہیں چھپتا۔

شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح سفر السعادۃ میں کیا خوب فرمایا:

از محیط نقل کردہ اند کہ در ہر موضع کہ شک بود در شرائطِ جمعہ اہلِ آن موضع را باید کہ بعد از جمعہ چہار رکعت بگذارند بہ نیت ظہر احتیاطاً تا اگر جمعہ صحیح نیفتد از عہدۂ فرضِ وقت باداۓ ظہر یقیناً بیرون آید۔

ترجمہ: محیط سے نقل ہے کہ جہاں پر جمعہ کی شرائط کے بارے میں شک ہو تو وہاں پر ظہرِ احتیاطی کی نیت سے چار رکعت جمعہ کے بعد پڑھے۔ تاکہ اگر جمعہ صحیح نہ ہو تو ظہر کی ادائیگی سے اس کا ذمہ ادا ہو جائے گا۔[1]

اور الاشباہ والنظائر میں ہے:

لَوْ صَلّٰى بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا فِي مَوْضِعٍ يَشُكُّ فِي صِحَّةِ الْجُمُعَةِ نَاوِيًا آخِرَ ظُهْرٍ عَلَيْهِ أَوْ أَوَّلَ. أَدْرَكَ وَقْتَهُ وَلَمْ يُؤَدِّهِ ثُمَّ تَبَيَّنَ صِحَّةَ الْجُمُعَةِ. فَعَلَى الصَّحِيحِ الْمُعْتَمَدِ تَنُوبُ عَنْ سُنَّةِ الْجُمُعَةِ حَيْثُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ ظُهْرٌ فَائِتٌ۔

ترجمہ: اگر کسی نے جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھے بوجہ جمعہ کی شرائط میں شک کی بناء پر اور نیت کی کہ میرے ذمہ جو آخری ظہر ہے اس کی نیت کرتا ہوں یا پہلی ظہر کی نیت کرتا ہوں جس کا وقت تھا پایا تھا مگر ادا نہیں کی تھی۔ پھر معلوم ہوا کہ جمعہ صحیح تھا تو یہ چار رکعت اس کے نوافل بن جائیں گے، اگر اس پر ظہر کی کوئی نماز قضاء نہ تھی۔[2]

اسی طرح البحر الرائق میں ہے:

وإذا اشْتَبَهَ على الْإِنْسَانِ ذلک فَيَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ أَرْبَعًا بَعْدَ الجمعة (((الجمعية))) وَيَنْوِيَ بها آخِرَ فَرْضٍ أَدْرَكْت وَقْتَهُ ولم أُؤَدِّ بَعْدُ فَإِنْ لم تَصِحَّ الْجُمُعَةُ وَقَعَتْ ظُهْرَهُ وَإِنْ صَحَّتْ كانت نَفْلًا۔

ترجمہ: اگر کسی کو شک ہو جائے کہ یہ شہر نہیں ہے تو اس کے مناسب ہے کہ وہ جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھے اور نیت میں آخری فرض کی نیت کرے کہ وقت پایا تھا مگر نہیں پڑھی تھی، اگر جمعہ صحیح نہ ہوا تو ظہر کی ہو گئی ورنہ نفل ہو جائے گی۔[3]

---

[1] (سفر السعادۃ، ص ۲۱۳، مکتبہ نوریہ رضویہ، وکٹوریہ مارکیٹ، سکھر)

[2] (الاشباہ والنظائر، ج ۱، ص ۳۳، الناشر: دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان)

[3] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۱۵۳، الناشر دار المعرفۃ)

معلوم ہوتا ہے کہ مولوی مفتاح الدین کے ہاں یہ مساوی کتب احناف کی نہیں ہوں گی جو بابانگ دہل کہہ رہی ہیں کہ جمعہ کے بعد چار رکعت ظہرِ احتیاطی بہتر ہے۔ ایسے معتبر علماء کو کون غلطی پر سمجھے گا؟ بلکہ یہ ساری غلطی مولوی جورہ کی ہے کہ مذہب کے مخالف ہے۔

اور البحر الرائق میں کلمہ **ینبغی** بھی وجوب کے لئے ہے، جو کتبِ فقہ میں لفظ **حتمًا** سے معلوم ہوتا ہے۔ اور فقہاء ہمیشہ احکاماتِ شریعت کے تابع رہتے ہیں اور عوام کے لئے خیر کے کاموں کی ترغیب دیتے ہیں۔

جیسا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فقہاء کی تعریف فرمائی:

فَقِيهٌ وَاحِدٌ أَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ». رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه۔

ترجمہ: ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابدوں سے سخت وشدید ہے۔[1]

تو جن علاقوں میں جمعہ کی شرائط مفقود ہوں تو وہاں پر ظہرِ احتیاطی نہ پڑھنے کا فتویٰ دینا جان بوجھ کر فقہ کی کتابوں کی مخالفت ہے۔ حالانکہ فقہاء کرام دین کے ستون ہیں۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

لكل شئي عماد وعماد الدين الفقه۔

ترجمہ: ہر چیز کا ستون ہے اور دین کا ستون فقہ ہے۔

لہٰذا فقہاء کی مخالفت دینِ اسلام کو ڈھانا ہے۔

مجالس الابرار میں ہے:

وفي كل موضع وقع الاشتباه في صحة الجمعة لتعدّدها أو لوقوع الشكّ في المصر۔ إذا أقامها أهله ينبغي لهم أن يصلوا بعدها فرادى أربع ركعات قائلًا كلّ واحد منهم: نويت أن أصلي آخر ظهر أدركت وقته ولم أصلّه بعد، وأصل هذا على ما ذكر في القنية: أن أهل مرو لما ابتلوا بإقامة الجمعتين فيها مع اختلاف العلماء في جوازهما أمرهم أئمتهم بأداء كلّ واحد منهم أربع ركعات بهذه النية حتمًا احتياطًا لأن الجمعة التي صلاها إن لم تجز يخرج عن عهدة فرض الوقت بيقين، وإن جازت فإن كان عليها ظهر فائت يسقط عنه ذلك الفائت، وإن لم يكن عليه ظهر فائت تكون تلك الأربع نفلًا فلاحتمال كونها نفلًا لا بُدّ أن يقرأ في الأخريين بعد الفاتحة سورةً لأنها إن وقعت فرضًا فقرأة السورة لا تضرّ وإن وقعت نفلًا فقرأة السورة واجبة۔

[1] (مشكوٰة المصابيح، ج ۱، ص ۵۷، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

ترجمہ: جس جگہ جمعہ کی تعدد کی وجہ سے جمعہ کی صحت میں اشتباہ ہو یا شہر کے نہ ہونے کا شک ہو تو جب لوگ جمعہ پڑھیں تو ان کے لئے مناسب ہے کہ اس کے بعد چار رکعت پڑھیں اور یہ نیت کریں میں اس ظہر کی نیت کرتا ہوں کہ جس کا وقت میں نے پایا تھا، اور میں نے نہیں پڑھی۔ یہی نیت حتما ہو، کیونکہ اگر وہ جمعہ اس کا ادا نہیں ہوا تھا تو وقتی فرض سے ذمہ پورا ہو جائے گا اور اگر جمعہ ہو گیا تھا تو اس کے ذمہ سے آخری ظہر کی قضاء پوری ہو جائے گی، اور اگر وہ بھی نہ تھا تو نفل ہو جائے گی۔ اس احتمال کی بناء پر چار رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ ملائے گا، اگر وہ فرض بن گئے تو سورۃ پڑھنے سے کوئی نقصان نہ ہو گا اور اگر نفل ہو گئے تو تلاوت واجب تھی جو ادا کی گئی۔[1]

اور مولوی مفتاح الدین کا **کل بدعة ضلالة** سے ایجابِ کلی پر استدلال صحیح نہیں ہے کہ ظہر احتیاطی کو بھی بدعت کہے، کیونکہ اس حدیث میں لفظ بدعت مطلق نہیں، بلکہ مقید ہے قیدِ سیئہ کے ساتھ۔

جیسا کہ مجالس الابرار میں ہے:

والمراد بالبدعة المذكورة في هذين الحديثين البدعة السيئة، اھ۔

ترجمہ: ان دونوں احادیث میں بدعت سے مراد بدعتِ سیئہ ہے۔[2]

اسی طرح اشعۃ اللمعات و مرقات میں بھی ہے۔

عجیب بات یہ ہے کہ آخر الظہر کا مسئلہ مجالس الابرار میں تفصیل سے موجود ہے اور اس میں بدعت کے ساتھ سیئہ کی قید بھی موجود ہے، مگر مولوی مفتاح الدین نے اس سے چشم پوشی کی ہے۔

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی مفتاح الدین کا مقصد اظہارِ حق نہیں ہے، کیونکہ اس نے مجالس الابرار کی وہ عبارات لکھی ہیں جو اس کے دعویٰ کے موافق ہیں اور باقی تصریحات یہود کی طرف پسِ پشت ڈالی ہیں۔ **فَنَبَذُوهُ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ (آل عمران ١٨٧)** کا مصداق بنا ہے۔

---

[1] (مجالس الأبرار، ص٣٨٧، دار الكتب، محله جنگی، بشاور)

[2] والمراد بالبدعة المذكورة في هذين الحديثين البدعة السيئة التي ليس لها من الكتاب والسنة أصل وسند ظاهر أو خفي، ملفوظ أو مستنبط، لا البدعة الغير السيئة التي تكون على أصل وسند ظاهر أو خفي، فإنها لا تكون ضلالة بل هي قد تكون مباحة، إلخ۔(مجالس الابرار، ص١٣٨، دار الكتب، محله جنگی، بشاور)

مناسب ہے کہ ظہرِ احتیاطی کی چار رکعات میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ سورۃ ملالے

اسی طرح سنن الہدیٰ اور شرح الاوراد میں ہے:

وفي شرح الأوراد وينبغي ان يقرء الفاتحة والسورة في الأربع التي تصلي بعد الجمعة بنية الظهر في ديارنا فلو وقع فرضا فقراءة السورة لا يضره وان وقع سنة أي تطوعا على تقدير صحة الجمعة فقرأة السورة واجبة واختلفوا في كيفية نية هذه الصلاة قيل ينوى أربع ركعات فريضة آخر ظهر لله علي في ذمتي۔

ترجمہ: مناسب یہ ہے کہ ان چار رکعتوں میں جو جمعہ کے بعد ظہرِ احتیاطی کے طور پر پڑھی جاتی ہیں میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت بھی ملالے، کیونکہ اگر یہ اس کی طرف سے ظہر کے فرض ہوں گے تو آخری دو رکعتوں میں سورت ملانے کا نقصان نہیں ہے، اور اگر جمعہ کی صحت کی وجہ سے نفل ہوں گے، تو آخری رکعتوں میں بھی سورت ملانا واجب ہوتا ہے۔ اس نماز کی نیت کے طریقے میں علماء کا اختلاف ہے۔ کہا گیا ہے کہ اپنے ذمہ کی آخری ظہر کی نیت کرے۔[1]

چلپی میں بھی یہی اختلاف ہے:

واختلفوا في نية الأربع بعد الجمعة قيل أن ينوى السنة والأحسن والأحوط في موضع يشک في جواز الجمعة وثبوت شرطها فيه أن يقول نويت أن أصلی آخر ظهر ادركت وقته ولم أصل بعد لأن ظهر يومه إنما يجب عليه آخر الوقت في ظاهر الرواية۔۔۔۔ ثم اختلفوا في القرأة قيل يقرء الفاتحة والسورة في الأولين كالظهر وقيل في الأربع وهو اختيارى، إنتهى۔ كذا في القنية ومجموع الفتاوىٰ۔

ترجمہ: ایک قول یہ ہے کہ سنت کی نیت کرے، اور جہاں جمعہ کی صحت میں شک ہو تو نیت میں ہے۔ میں اس آخری ظہر کی نیت کرتا ہوں کہ جس کا وقت میں نے پایا اور نہیں پڑھی تھی۔ کیونکہ اس دن کی ظہر اس پر آخری وقت میں فرض ہوئی تھی، پھر اختلاف تلاوت کا ہے تو ایک قول یہ ہے کہ صرف دو رکعت میں قرأت کرے گا مگر احتیاط یہ ہے کہ چاروں رکعتوں میں تلاوت کرے۔[2]

ردالمحتار میں ہے:

وَنَقَلَ الْمَقْدِسِيّ عَنْ الْمُحِيطِ: كُلُّ مَوْضِعٍ وَقَعَ الشَّكُّ فِي كَوْنِهِ مِصْرًا يَنْبَغِي لَهُمْ أَنْ يُصَلُّوا بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا بِنِيَّةِ الظُّهْرِ احْتِيَاطًا حَتَّى إنَّهُ لَوْ لَمْ تَقَعْ الْجُمُعَةُ مَوْقِعَهَا يَخْرُجُونَ عَنْ عُهْدَةِ فَرْضِ الْوَقْتِ بِأَدَاءِ الظُّهْرِ، وَمِثْلُهُ فِي الْكَافِي وَفِي الْقُنْيَةِ لَمَّا ابْتُلِيَ أَهْلُ مَرْوَ بِإِقَامَةِ الْجُمُعَتَيْنِ فِيهَا مَعَ اخْتِلَافِ الْعُلَمَاءِ فِي جَوَازِهِمَا أَمَرَ أَئِمَّتُهُمْ بِالْأَرْبَعِ بَعْدَهَا حَتْمًا احْتِيَاطًا، اهـ.

---

[1] (سنن الهدىٰ، ص ۲۲۳، مطبوعه رفاقى دهلي)

[2] (ذخيرة العقبىٰ، ص ۱۱۲، مطبع الرفيع المغربي منشي نولكشوراد، كلكته)

وَنَقَلَهُ كَثِيرٌ مِنْ شُرَّاحِ الْهِدَايَةِ وَغَيْرِهَا وَتَدَاوَلُوهُ وَفِي الظَّهِيرِيَّةِ: وَأَكْثَرُ مَشَايِخِ بُخَارَى عَلَيْهِ لِيَخْرُجَ عَنْ الْعُهْدَةِ بِيَقِينٍ۔

ترجمہ: جس علاقہ کا شہر ہونے میں شک ہو تو وہاں کے باشندوں کے لئے مناسب ہے کہ جمعہ کے بعد چار رکعت ظہر احتیاطی پڑھیں۔ اگر جمعہ صحیح نہیں ہوا تھا تو ظہر ادا ہو جائے گی۔ جب مرو کے علاقہ والے اس مسئلہ میں واقع ہوئے اور علماء کا اختلاف تھا تو وہاں کے علماء نے چار رکعت ظہر احتیاطی کا ان کو حکم دیا، تاکہ ان کی ذمہ داری پوری ہو جائے۔ [1]

اور کسی کا اعتراض کثرتِ عبارات پر ہو تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ مقلد حنفی کے لئے فقیہ کی ایک عبارت بھی کافی ہے مگر کتبِ کثیرہ کی عبارات کا نقل کرنا مؤمنوں کے اطمینانِ قلبی کے لئے ہے۔

اور یہی انداز امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے کہ جب آپ نے امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مدح سرائی فرمائی:

أعد ذكر نعمان لنا ان ذكره   هو المسک ما كررته يتضوع

ترجمہ: ہمارے لئے نعمان کی مدح سرائی کرتے رہو، کیونکہ وہ مشک ہے جس قدر زیادہ ذکر ہو گا تو خوشبو بھی پھوٹتی رہے گی۔

عالمگیری میں ہے:

ثُمَّ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ وَقَعَ الشَّكُّ فِي جَوَازِ الْجُمُعَةِ لِوُقُوعِ الشَّكِّ فِي الْمِصْرِ أَوْ غَيْرِهِ وَأَقَامَ أَهْلُهُ الْجُمُعَةَ يَنْبَغِي أَنْ يُصَلُّوا بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَنْوُوا بِهَا الظُّهْرَ حَتَّى لَوْ لَمْ تَقَعْ الْجُمُعَةُ مَوْقِعَهَا يَخْرُجُ عَنْ عُهْدَةِ فَرْضِ الْوَقْتِ بِيَقِينٍ، كَذَا فِي الْكَافِي، وَهَكَذَا فِي الْمُحِيطِ وعمدة الرعاية على شرح الوقاية للعلامة عبدالحئي اللكهنوى ثم المعتبر في المذهب إن كان جواز التعدد لكن لما وقع فيه الإختلاف القوى بين الائمة ووقع الخلاف في تعريف المصر أيضًا استحسنوا أن يصلي بعد صلاة الجمعة بغير جماعة أربع ركعات بنية آخر الظهر ادركت وقته ولم اصله بعد وتفصيلا في شروح الهداية والمنية والكنز وغيرها اھ۔

ترجمہ: جہاں مصر (شہر) کی شک کی بناء پر جمعہ کی صحت میں شک ہو تو وہاں کے لوگ جمعہ کے بعد چار رکعت ظہر احتیاطی ادا کریں۔ اور ظہر کی نیت کریں تاکہ اگر جمعہ صحیح نہیں ہوا تو ظہر ادا ہو جائے گی۔ پھر معتبر یہ ہے مذہب میں کہ تعدد کا جواز ہے کہ آئمہ کے مابین قوی اختلاف ہو اور شہر کی تعریف میں بھی اختلاف ہو تو مستحسن یہ ہے کہ جمعہ کے بعد چار رکعت ظہر احتیاطی ادا کریں اور نیت کرے کہ یہ وہ نماز ہے کہ جس کا میں نے وقت پایا مگر نہیں پڑھی، اس کی تفصیل ہدایہ وغیرہ کی شروح میں ہے۔ [2]

---

[1] (ردالمحتار، ج۲، ص۱۴۶، الناشر: دار الفكر-بيروت)

[2] (الفتاویٰ الهندية، ج۴، ص۲۹۲، مكتبة أهل السنة والجماعة)

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

"قيل بصلاة أربع" أي بوجوب ذلک قوله: "بنية آخر ظهر عليه" هو الأحسن لأنه إن لم تجز الجمعة فعليه الظهر وإن أجزأت كانت الأربع عن ظهر عليه فيسقط وإن لم يكن عليه ظهر فنفل۔

ترجمہ: کہا گیا ہے کہ چار رکعت کا پڑھنا واجب ہے ظہر احتیاطی کی نیت سے اور یہی احسن ہے، کہ اگر جمعہ صحیح نہ ہوا تو ظہر ادا ہو جائے گی اور اگر نہیں تو ظہر کی قضاء کی ادا ہو جائے گی ورنہ نفل ہو جائے گی۔[1]

دیہاتوں میں نمازِ احتیاطی

منحۃ الخالق علی البحر الرائق میں ہے:

والاحتياط في القرى أن يصلي السنة أربعا، ثم الجمعة، ثم ينوي أربعا سنة الجمعة، ثم يصلي الظهر، ثم ركعتين سنة الوقت فهذا هو الصحيح المختار، ونقل العبارة بتمامها في الفتاوى الخيرية فراجعها۔

ترجمہ: دیہاتوں میں احتیاطی نماز یہ ہے کہ پہلے چار رکعت سنت پڑھے، پھر جمعہ پڑھے، پھر چار رکعت سنت پڑھے، پھر چار رکعت ظہر احتیاطی اور آخر دو رکعت سنت پڑھے، اور یہی صحیح و مختار ہے۔ اور یہ تمام عبارت فتاویٰ خیریہ سے نقل ہے، پس فتاویٰ خیریہ کی طرف رجوع کرلے۔[2]

الکافی میں ہے:

وفي الكبرىٰ وعن الاختلاف في المصر قالوا في كل موضع وقع الشك في جواز الجمعة ينبغي أن يصلى أربع ركعات وينوي بها الظهر حتى لو لم تقع الجمعة موقعها يخرج عن عهدة فرض الوقت بيقين، كذا في الكافي۔

ترجمہ: اگر شہر کے ہونے میں اختلاف ہو تو جہاں کی نماز میں شک ہو تو مستحب یہ ہے کہ پہلے چار رکعت ظہر کی نیت سے پڑھ لے اگر اس جگہ پر جمعہ واقع نہ ہو تو یقین کے ساتھ وقتی فرض کے عہدہ سے نکل جائے گا۔[3]

الفتاویٰ الحجۃ میں ہے:

والاحتياط في القرى أن يصلي السنة أربعا، ثم الجمعة، ثم ينوي أربعا سنة الجمعة، ثم يصلي الظهر، ثم ركعتين سنة الوقت فهذا هو الصحيح المختار۔

ترجمہ: اور احتیاط دیہاتوں میں یہ ہے کہ پہلی چار رکعات ظہر کی پڑھے، پھر جمعہ پڑھ لے، جمعہ کے بعد چار رکعات ظہر کی پڑھے، یعنی پہلے چار سنت، پھر جمعہ، پھر چار ظہر احتیاطی پھر دو سنت پڑھے، یہی صحیح و مختار ہے۔[1]

---

[1] (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح، ج ١، ص ٥٠٦، الناشر: دار الكتب العلمية بيروت-لبنان)

[2] (حاشية: منحة الخالق على البحر الرائق لابن عابدين، ج ٢، ص ١٥٣، الناشر: دار الكتاب الإسلامي)

[3] (الكافى، ص ٤٦٦)

حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

فإن صحت الجمعة فقد أدى سنتها على وجهها وإن لم تكن صحت فقد صلى الظهر مع سنته، هكذا في الصغرى۔

ترجمہ: پس اگر جمعہ صحیح ہو تو سنت سمیت ادا ہوا، ورنہ ظہر سنت سمیت ادا ہوئی۔[2]

تمام فقہاء کرام نے جمعہ کی شرائط کے معدوم ہونے کی وجہ سے ظہرِ احتیاطی کو واجب قرار دیا ہے۔ اور مولوی مفتاح الدین نے اس کو اصلاح الرسوم میں بدعت قرار دیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ موصوف کا گاؤں جورہ شاید اس کے ہاں مصر عظیم ہو جس میں غالبًا پچاس ساٹھ گھر ہوں گے اور پورا شامینہ وعلاقہ شاید اس کے ہاں بہت بڑا شہر ہو جس کی وجہ سے وہ ان عبارات سے مستثنیٰ ہو، مولوی صاحب مغرور ہے۔

عزیز قارئین! درج بالا عبارات میں لفظ احسن آیا ہے۔ اور فقہاء کا یہ لفظ آخر میں ذکر کرنے سے مراد یہ ہے کہ یہ قول راجح ہے اور مقابل مرجوح ہے، لیکن جس کو فقہاء کی اصطلاحات معلوم نہ ہوں یا اپنے قول کو اسلاف کے قول پر راجح اور قوی مانتا ہو تو اس سے بحث فضول ہے کہ وہ تقلید سے باہر ہے۔

دیہاتوں میں جمعہ کی نماز کی ادائیگی کا طریقہ

فتاویٰ خیریہ میں ہے:

والاحتياط في القرىٰ أن يصلي السنة أربعا ثم الجمعة ثم ينوي أربعا سنة الجمعة ثم يصلي الظهر ثم ركعتين سنة الوقت هذا هو الصحيح المختار فلو كان اداء الجمعة صحيحا فقد اداها وسنتها وإن لم تكن الجمعة صحيحة فقد صلى الظهر والاربع سنة والاربع فريضته والركعتان بعدها سنة قال أبو جعفر النسفي رأيت الإمام أبا جعفر الهندواني صلى الجمعة ببردة ثم قام فصلى ركعتين ثم صلى اربعا على مذهب على وقول الناس يصلي أربعا بنية الظهر أو بنية أقرب صلاة على ليس له أصل في الروايات ولا شک في جواز الجمعة في البلاد والقصبات، اھ۔

ترجمہ: دیہاتوں میں احتیاط یہ ہے کہ چار رکعت سنت، پھر جمعہ، پھر چار رکعت برائے جمعہ، پھر ظہر، پھر دو رکعت وقتی پڑھے یہی صحیح و مختار قول ہے۔ اگر جمعہ صحیح تھا تو سنن سمیت ادا ہوا اور نہ ظہر سنت سمیت ادا ہوئی۔ امام ابو جعفر الہندوانی نے بردہ کے مقام میں جمعہ پڑھا، پھر دو رکعت، پھر چار رکعت پڑھی، میں نے کہا یہ دو رکعت تو صحیح مگر یہ چار رکعت ظہر کی ہے؟ کیا آپ بردہ کے مقام میں جمعہ کو جائز نہیں مانتے؟ فرمایا: نہیں ایسا نہیں۔ بلکہ جمعہ دو رکعت پڑھا، پھر چار رکعت مذہب کے

---

[1] (البحر الرائق شرح كنز الدقائق، ج ٢، ص ١٥٣، الناشر: دار الكتاب الإسلامي)

[2] (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، ج ١، ص ٣٢٨، الناشر المطبعة الكبرى الأميرية ببولاق)

موافق پڑھیں جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے، اور لوگوں کا یہ کہنا کہ چار رکعت ظہر کی نیت سے پڑھے یا آخری قضاء کی نیت سے پڑھے، اس بات کی دلیل نہیں ہے اور دیہاتوں اور قصبوں اور شہروں میں جمعہ کے جواز میں شک نہیں ہے۔[1]

الدر المنتقیٰ شرح الملتقیٰ میں ہے:

وينوى في مكان الشك أخر ظهر ادركت وقته ولم أصله بعد وقيل المختار أن يصلي أربعا بهذه النية وأربعا بعدها سنة ويقرء في كل من الاولين فاتحة الكتاب وسورة كالظهر وهو المختار كذا قاله البنهسي وتلميذه الباقاني ولكن قال العلامة المقدسي في نور الشمعة في ظهر الجمعة المختار أن يقرءهما في الأربع ثم إن وقعت الجمعة صحيحة إنصرفت تلك الصلاة إلى ماعليه من القضاء إن كان عليه وإن لم يكن عليه قضاء كانت نافلة، اھ۔

ترجمہ: شک والی جگہ میں آخری ظہر جو اس نے پائی تھی اور نہیں پڑھی اس کی نیت کرے گا اور بہتر یہ ہے کہ چار رکعت اس نیت سے اس کے بعد چار سنت پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ اور سورت پڑھے ظہر کی طرح، یہی مختار ہے۔۔۔ نور الشمعہ میں ہے جمعہ کی ظہر میں مختار یہ ہے کہ سورت اور فاتحہ چار رکعتوں میں پڑھے، اگر جمعہ صحیح تھا تو یہ اس کی قضاء ہو جائے گی ورنہ نفل ہو جائے گی۔[2]

اگر نمازِ جمعہ نہ پاسکا تو ظہرِ احتیاطی ورنہ نفل

فتح القدیر میں ہے:

وَإِذَا اشْتَبَهَ عَلَى الْإِنْسَانِ ذَلِكَ يَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ أَرْبَعًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ يَنْوِي بِهَا آخِرَ فَرْضٍ أَدْرَكْتُ وَقْتَهُ وَلَمْ أُؤَدِّهِ بَعْدُ، فَإِنْ لَمْ تَصِحَّ الْجُمُعَةُ وَقَعَتْ ظُهْرُهُ وَإِنْ صَحَّتْ كَانَتْ نَفْلًا۔

ترجمہ: اگر کسی انسان کو یہ شک آجائے تو جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھے فرض کی نیت سے، جس کا وقت پایا مگر ادا نہ کی، اگر جمعہ صحیح ہوا تو یہ ظہر کی ورنہ نفل ہو جائے گی۔[3]

الفوائد البھیہ فی تراجم الحنفیہ میں ہے:

عده إبن النجيم في البحر الرائق من أهل الترجيح وعده بعضهم من أهل الإجتهاد وهو راى نجيح تشهد بذلك تصانيفه وتاليفاته، إلخ۔

ترجمہ: صاحب فتح القدیر کو علامہ ابن نجیم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ البحر الرائق میں اہل الترجیح سے قرار دیا ہے، اور بعض نے مجتہد قرار دیا ہے اور یہ اچھی رائے ہے جس پر ان کی تصانیف گواہی دے رہی ہیں۔[1]

---

[1] (فتاویٰ خیریہ، ج۲، ص۳۵۶)

[2] (الدر المنتقی شرح الملتقی، ص۱۳۰)

[3] (فتح القدیر، ج۳، ص۲۰۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

جب علامہ ابن الہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اصحاب ترجیح یا مجتہد ہیں تو اس کے مقابلے میں اصلاح الرسوم کا قول غیر صحیح اور باطل ٹھہرا۔

اور فتح القدیر کے قول سے اصلاح الرسوم کا یہ قول باطل اور غلط ٹھہرا کہ ظہرِ احتیاطی کے بارے میں کسی مجتہد کا قول نہیں ہے، لہٰذا مجتہد کے قول سے انکار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قول سے انکار کے مترادف ہے۔

میزانِ شعرانی میں ہے:

و معلوم ان المجتهدين على مدرجة الصحابة سلكوا فلا تجد مجتهدا الا و سلسلة متصلة بصحابي قال بقوله أو بجماعة منهم، اھ۔

ترجمہ: یہ معلوم ہے کہ مجتہدین حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درجے اور تحقیق پر چلے ہیں۔ آپ کسی مجتہد کو ایسا نہیں پاؤ گے کہ اس کا سلسلہ کسی صحابی سے متعلق نہ ہو یا ان کی جماعت سے۔[2]

مجتہدین کو غلط اور خطا پر کہنا بڑی گمراہی ہے

نیز میزانِ شعرانی میں ہے:

و كان إبن حزم يقول جميع ما استنبطه المجتهدون معدود من الشريعة وإن خفي دليله على العوام و من أنكر ذلك فقد نسب الائمة إلى الخطاء و انهم يشرعون ما لم يأذن به الله و ذلك ضلال من قائله، اھ۔

ترجمہ: ابن حزم کہا کرتے تھے کہ مجتہدین کے تمام استنباطات شریعت کے گنے جاتے ہیں اگرچہ عوام پر اس کی دلیل مخفی ہوتی ہے۔ اور جس نے اس کا انکار کیا تو یہ آئمہ کی طرف خطاء اور غلطی کی نسبت ہے، اور بے شک انہوں نے ان چیزوں کو مشروع (رائج) کیا جن کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی اور یہ قائل کی طرف سے بڑی گمراہی ہے (کہ مجتہدین کو غلط اور خطا کہتے ہیں)۔[3]

ظہرِ احتیاطی پر یہ بھی قول بھی برائے تسلی ملاحظہ فرمائیں تاکہ اصلاح الرسوم کی حقیقت آپ کے سامنے واضح ہو جائے گی۔

---

[1] (الفوائد البهيه في تراجم الحنفيه، ص ۱۸۰)
[2] (ميزان شعراني، ج ۲، ص ۲۴)
[3] (ميزان شعراني، ج ۱، ص ۱۵)

شرح النقایہ میں ہے:

وإذا وقع الشک في صحة أداء الجمعة لفقد بعض الشرائط، ينبغي أن يُصَلّى بعد الجُمُعَة أربع ركعات احتياطاً، ولو بالحرمين الشريفين، وينوي ظهرَ يومه، أو آخر ظهر عليه۔ وهو أحسن۔ لأنه إن لم تُجزیء الجُمُعَة فعليه الظهر، وإن أجزأت كانت الأربع عن ظهر عليه إن كان عليه، وإلاّ فيقع نفلاً. والأحوط أن يقول: نويت آخر ظهر أدركت وقته ولم أُصَلِّهِ بعدُ. لأن ظهر يومه إنما يجب عليه بآخر الوقت، ولأنه يفيد الترتيب أيضاً. والأصح أن يقرأ بالفاتحة والسورة في أربعٍ احتياطاً لاحتمال أن يكون نفل۔

ترجمہ: اگر جمعہ کی کسی شرط کے مفقود ہونے کی وجہ سے صحت میں شک آجائے تو نماز جمعہ کے بعد چار رکعت احتیاطی پڑھ لے، اگرچہ حرمین شریفین میں ہو، اور اس دن کی یا آخری ظہر کی نیت کرے، اور یہی حسن ہے۔ کیونکہ جب جمعہ جائز نہ ہو تو اس پر ظہر فرض ہے، اور اگر جمعہ صحیح تھا تو اس پر جو فرض ظہر کی قضاء تھی وہ ادا ہو جائے گی ورنہ نفل ہو جائے گی۔ اور بہتر یہ ہے کہ نیت اس طرح کرے کہ آخری ظہر جس وقت پایا تھا اور ادا نہیں کی، تو اگر وہ تھی تو ادا ہو گی ورنہ نفل ہو جائے گی، اور صحیح یہ ہے کہ چاروں رکعتوں میں فاتحہ اور سورت پڑھے اس احتمال کی وجہ سے کہ شاید یہ نفل ہو۔[1]

اور فوائد البهيه میں کہا ہے کہ:

عبدالواحد بن محمد السيراني كان أحد المتبحرين، اھ۔

ترجمہ: عبدالواحد بن محمد السیرانی متبحر علماء میں سے ایک تھے۔[2]

تو کیا یہ سارے فقہاء خطاء اور غلطی پر تھے؟ یہ تو اسلام کی بیخ کنی کرنی ہے، دین تو ہمیں ان کے طفیل پہنچا ہے تو ہم ان کو غلط کہہ کر کیسے اسلام کا دعویٰ کر سکتے ہیں؟ مطلب تو یہ ہوا کہ ان تمام فقہاء کرام نے غلط بات پر اجماع کیا ہے، کوئی بھی مسلمان ان ورثاء انبیاء کے بارے میں ایسا تصور نہیں کر سکتا، بلکہ ان کا قول عین دین اور مطابق شریعت ہے۔ اگرچہ ہماری عقل کی رسائی نہیں ہے۔

علماء کا قول نفس الامر میں شریعت کے موافق ہوتا ہے

میزان شعرانی میں ہے:

وقالوا كل قول من أقوال علماء هذه الامة موافق للشريعة في نفس الأمر وإن لم يظهر لبعض المقلدة ذلک كما ان كل قول من أقوال علماء هذه الأمة موافق لشريعة نبى ممن تقدم وان من عمل بها إتفق عليه العلماء كلهم فكانه عمل

---

[1] (شرح النقايه، ج ۱، ص ۴۸۶، المكتبة الفاروقية)

[2] (فوائد البهية، ص ۱۱۳)

بغالب شرائع الأنبياء عليهم السلام وربما كان له من الأجر كاجر جميع إتباع الأنبياء كلهم إكراما لأمة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، اھ۔

ترجمہ: علماء نے فرمایا کہ اس امت کے علماء کا قول نفس الامر میں شریعت کے موافق ہوتا ہے، اگرچہ بعض مقلدین کو اس کا علم نہیں ہوتا۔ جیسا کہ اس امت کے علماء کا قول ما قبل انبیاء کی شریعت کے موافق ہوتا ہے، اور جس نے ان اقوال پر عمل کیا تو گویا اس نے تمام انبیاء کی شریعت پر عمل کیا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس اتباع کرنے والے کو ما قبل تمام انبیاء کے تابعین کے برابر ثواب ملے گا۔ یہ امتِ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی کرامت وشرافت ہے۔[1]

تمام مسلمان قارئین سے درخواست ہے کہ جمعہ کے دن ظہرِ احتیاطی کا اہتمام کریں اور مسلمانوں کو ترغیب دیں ان مقامات میں جہاں جمعہ کی شروط کے بارے میں شکوک وشبہات ہوں خاص کر شہر کا نہ ہونا۔ جیسا کہ آپ کے سامنے اقوالِ فقہاء پیش کر دیئے گئے ہیں اور جن میں علامات، فتویٰ اور ترجیح میں سے **هو الاحسن هو المختار** کے الفاظ بھی ہیں، تاکہ تبلیغ کا ذمہ پورا ہو جائے کیونکہ امور مشتبہ سے اجتناب ضروری ہے دین میں احتیاط کی بناء پر، اور یہ مامور بہ ہے۔

شک والی بات کو چھوڑ کر یقینی بات کو لے لو

جیسا کہ حدیث میں ہے:

دَعْ مَايَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِينَةٌ وَإِنَّ الْكَذِبَ رِيبَةٌ». رَوَاهُ أَحْمَد۔

ترجمہ: جس بات میں شک ہو تو اس کو چھوڑ کر یقینی بات کو لے لو، کیونکہ سچ اطمینان اور جھوٹ شک وریب ہے۔[2]

اسی طرح حدیث میں ہے:

الْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الشبهات استبرَأَ لِدِينِهِ وعِرْضِهِ ومَنْ وقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ۔

ترجمہ: اسی طرح حلال وحرام بیان شدہ ہیں اور درمیان میں کچھ مشتبہ امور ہیں جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے، تو جس نے مشتبہات سے پرہیز کیا اس نے اپنی عزت اور دین کی حفاظت کی اور جو شبہات میں پڑا تو وہ حرام میں پڑا۔[3]

---

[1] (میزان شعرانی، ص ۳۴)

[2] (مشكوٰة المصابيح، ج ۲، ص ۸۴۵، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

[3] (مشكوٰة المصابيح، ج ۲، ص ۸۴۳، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

اور فقہاء کرام نے ان مقامات کے بارے میں کہ جہاں جمعہ کی شرائط نہ ہوں ان احادیث کو مد نظر رکھتے ہوئے ظہر احتیاطی کا قول فرمایا ہے، اور اب ان کے استنباط و مستخرج احکام کو بدعت کہنا گویا کہ احادیث مبارکہ کی تکذیب ہے، یا قصداً و عمداً ان احادیث سے انکار ہے، کیونکہ فقہاء کے اقوال ان کی ذاتی رائے نہیں ہوتے ہیں۔

اب مولوی مفتاح الدین کو دیکھو کہ وہ کیا کہہ رہا ہے کہ ان لوگوں نے کیسے شربت میں ملا کر لوگوں کو پلایا ہے اور اس بارے میں عوام کو جواز کا فتویٰ نہیں دیا جا سکتا ہاں اگر کوئی خواص حضرات اس کو خفیہ طور پر کرنا چاہیں تو عمل کر سکتا ہے، انتہی عبارتہ۔

ہم کئی وجوہ سے جواب دیں گے:

وجہ اول

پہلی وجہ یہ ہے کہ اصلاح الرسوم کی یہ عبارت بعینہٖ منحۃ الخالق کی عبارت کا ترجمہ ہے (اور وہ یہ ہے):

و نحن لا نامر بذلک إمثال ھذہ العوام بل ندل علیہ الخواص, اھ۔

ترجمہ: ہم اس کام کا عوام کو حکم نہیں دیں گے بلکہ خواص کو دلالت کریں گے۔[1]

قارئین حضرات! ملاحظہ فرمائیں کہ یہاں پر مولوی مفتاح الدین نے منحۃ الخالق کی عبارت اپنے دعویٰ پر نقل کی۔ اور حیلۂ اسقاط کے مسئلہ میں منحۃ الخالق کے مصنف جس نے حیلۂ اسقاط کا جواز بیان کیا ہے، کو دھوکہ باز اور فراڈ کہا ہے، کیونکہ وہاں مولوی جورہ کے ذاتی اجتہاد اور دعویٰ کے خلاف قول تھا۔ اور یہاں پر اس دھوکہ باز فراڈ کی عبارت نقل کرتا ہے۔ یہ تو عجیب بات ہے کہ ایک ہی شخص کبھی فراڈی اور دھوکہ باز بن جاتا ہے اور کبھی اس کو مجتہد کے مقام پر لے آتا ہے۔

وجہ دوم

دوسری بات یہ کہ علامہ شامی نے اشتباہ کے مقامات پر ظہرِ احتیاطی کو واجب فرمایا ہے۔

جیسا کہ لکھتے ہیں:

لَكِنْ بَقِيَ الْكَلَامُ فِي تَحْقِيقِ أَنَّهُ وَاجِبٌ أَوْ مَنْدُوبٌ قَالَ الْمَقْدِسِيَ: ذَكَرَ ابْنُ الشِّحْنَةِ عَنْ جَدِّهِ التَّصْرِيحَ بِالنَّدْبِ، وَبَحَثَ فِيهِ بِأَنَّهُ يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ عِنْدَ مُجَرَّدِ التَّوَهُّمِ, أَمَّا عِنْدَ قِيَامِ الشَّكِّ وَالِاشْتِبَاهِ فِي صِحَّةِ الْجُمُعَةِ فَالظَّاهِرُ الْوُجُوبُ۔

---

[1] (منحۃالخالق، ج۲، ص۱۵۴)

ترجمہ: لیکن اس بارے میں کلام باقی ہے کہ یہ ظہرِ احتیاطی واجب ہے یا مستحب؟ مقدسی نے کہا کہ ابن الشحنہ نے کہا اپنے دادا کی روایت سے کہ انہوں نے استحباب پر تصریح کی ہے، اور اس میں یہ بحث کی ہے کہ اس وقت مستحب ہے کہ جب حرف توہم ہو اور اگر شک ہو جمعہ کی صحت میں تو پھر یہ واجب ہے۔[1]

جب شک کی بنیاد پر ظہرِ احتیاطی واجب ہوئی تو پھر یہ خواص کے لئے خاص نہیں، بلکہ تمام مسلمانوں پر لازم ہوئی تا کہ ان کی ذمہ داری پوری ہو جائے اور اس کو جہراً پڑھا جائے نہ کہ خفیہ طور پر۔

وجہ سوم

تیسری وجہ یہ ہے کہ منحۃ الخالق کی یہ عبارت: "**لا نامر بذلک امثال هذه العوام**" مطلق نہیں ہے بلکہ یہ چار رکعت کی ادائیگی کی قید سے مقید ہے۔ جب اس کو بدعت اور اشتہار واطلاقات سے ادا کیا جائے۔

جیسا کہ طحطاوی میں ہے:

نقول إنما نهی عنها إذا أديت بعد الجمعة بوصف الجماعة والاشتهار ونحن لا نقول به، إلخ۔

ترجمہ: ہم کہتے ہیں کہ اس سے اس وقت روکا جائے گا جب اس ظہرِ احتیاطی کو جمعہ کے بعد جماعت اور اشتہار کے طور پر ادا کیا جائے اور ہم اس کا قول نہیں کرتے۔[2]

آپ خود اندازہ لگائیں کہ منحۃ الخالق کا مقصد کیا ہے اور مولوی مفتاح الدین کا مقصد کیا ہے؟ ہم طحطاوی کی تحقیق پر چلیں گے نہ کہ مولوی مفتاح الدین کی اپنے ذاتی مدعا کے لئے بیان کردہ تحقیق پر۔ کیونکہ فقہاء کا قاعدہ یہ ہے کہ مسائل مطلقہ اکثر مقید بالقید ہوتے ہیں مگر وہ قیود عبارت میں مذکور نہیں ہوتے۔

جیسا کہ البحر الرائق میں ہے:

أَنَّ إِطْلَاقَاتِ الْفُقَهَاءِ فِي الْغَالِبِ مُقَيَّدَةٌ بِقُيُودٍ يَعْرِفُهَا صَاحِبُ الْفَهْمِ الْمُسْتَقِيمِ۔

ترجمہ: فقہاء کرام کے اطلاقات غالبًا قیود کے ساتھ مقید ہوتے ہیں جن کو فہمِ مستقیم والے ہی جانتے ہیں۔[3]

مولوی مفتاح الدین نے اصلاح الرسوم، صفحہ نمبر ۴۵ میں لکھا ہے:

بعض متأخرین نے لکھا ہے کہ تعدد یا اشتباہ کی صورت میں جمعہ کے بعد چار رکعت ادا کی جائیں، **انتهى عبارته**۔

---

[1] (ردالمحتار، ج۲، ص ۱۴۶، الناشر: دار الفکر-بیروت)

[2] (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج ۱، ص ۳۲۸، الناشر المطبعۃ الکبری الأمیریۃ ببولاق)

[3] (البحر الرائق، ج ۱، ص ۷۷، الناشر دار المعرفۃ)

ہم کہتے ہیں کہ لفظ "بعض" خود غرضی ہے کیونکہ اس بات کے تمام فقہاء قائل ہیں نہ کہ بعض فقہاء۔ اور کسی بھی ایک فقیہ کا قول صراحتاً ظہرِ احتیاطی کی منع پر موجود نہیں ہے۔ اسی طرح متاخرین کا لفظ بھی کئی وجوہ سے غلط ہے۔

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ آخر الظہر کا ثبوت حدیث نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے ثابت ہے۔

۲۔ دوسری وجہ یہ کہ حسن بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آخر الظہر پر قول فرمایا ہے اختیار کے ساتھ، اور یہی قول بعینہٖ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہے۔ جیسا کہ اس کی تفصیل ماسبق میں گزر چکی ہے لہٰذا آخر الظہر کے بارے میں متقدمین کا قول بھی موجود ہے۔

۳۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ اگر بالفرض متقدمین کا قول موجود نہ ہو جیسے مولوی مفتاح الدین کا گمان ہے تو متاخرین کا قول تو بے خلاف موجود ہے آخر الظہر کے بارے میں۔ اور متاخرین کے قول پر عمل ضروری ہے۔

وَإِذَا لَمْ يُوجَدْ فِي الْحَادِثَةِ عَنْ وَاحِدٍ مِنْهُمْ جَوَابٌ ظَاهِرٌ وَتَكَلَّمَ فِيهِ الْمَشَايِخُ الْمُتَأَخِّرُونَ قَوْلًا وَاحِدًا يُؤْخَذُ بِهِ ، فَإِنْ اخْتَلَفُوا يُؤْخَذُ بِقَوْلِ الْأَكْثَرِينَ ثُمَّ الْأَكْثَرِينَ۔

ترجمہ: اگر کسی مسئلہ میں ان میں سے کسی بھی جواب ظاہراً موجود نہ ہو اور اس مسئلہ کے بارے میں مشائخ متاخرین نے کلام فرمایا ہو اور وہ بھی ایک قول ہو تو اس کو لیا جائے گا۔ اور اگر متاخرین کا اختلاف ہو تو اکثر کا قول لیا جائے گا۔[1]

اصلاح الرسوم، صفحہ نمبر ۴۴ میں لکھا ہے:

ابن عابدین نے بھی اس قول کے رجحان پر قول کیا ہے اور لکھا ہے:

لِأَنَّ جَوَازَ التَّعَدُّدِ وَإِنْ كَانَ أَرْجَحَ وَأَقْوَى دَلِيلًا ، لَكِنْ فِيهِ شُبْهَةٌ قَوِيَّةٌ۔

ترجمہ: کیونکہ متعدد کا جواز اگرچہ ارجح اور اقویٰ ہو دلیل کے طور پر۔[2]

تو مرجوح کے تعدد کا عدم جواز ثابت ہوا، اور مرجوح پر فتویٰ جہل ہے، انتھی عبارتہ۔

ہم کئی وجوہ سے اس کا جواب دیتے ہیں:

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ مولوی مفتاح الدین نے اپنی خود غرضی کی بناء پر شامی کی عبارت کا آخری جزء ذکر نہیں کیا جو تعدد پر عدم جواز کے رجحان پر دلالت کرتا ہے۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۷۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۲، ص ۱۴۵، الناشر: دار الفکر-بیروت)

اگرچہ تعدد کا جواز ہے، اگرچہ ارجح واقویٰ ہو دلیل کے حوالہ سے، لیکن اس میں قوی شبہ ہے۔ اور قوت کی علت یوں بیان کی ہے:

لِأَنَّ خِلَافَهُ مَرْوِيٌّ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ أَيْضًا۔۔۔ وَفِي التَّكْمِلَةِ لِلرَّازِيِّ وَبِهِ نَأْخُذُ ، اهـ فَهُوَ حِينَئِذٍ قَوْلٌ مُعْتَمَدٌ فِي الْمَذْهَبِ لَا قَوْلٌ ضَعِيفٌ۔

ترجمہ: کیونکہ اس کا خلاف امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مروی ہے اور امام رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے تکملہ میں ہے اور یہی قول ہم لیتے ہیں تو اس صورت میں یہ قول مذہب میں معتمد ہے نہ کہ ضعیف ہے۔[1]

پس معلوم ہوا شامی کے قول سے کہ تعدد کے عدم جواز کے قول کا رجحان ثابت ہوا۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر بالفرض تعدد کے عدم جواز کے قول کا عدم جواز ثابت ہو جائے تو پھر جمعہ کے بعد چار رکعت کی ادائیگی اولیٰ ہے کیونکہ اس کا خلاف موجود ہے۔

شامی میں ہے:

فَالْخُرُوجُ عَنْ خِلَافِهِ أَوْلَى فَكَيْفَ مَعَ خِلَافِ هَؤُلَاءِ الْأَئِمَّةِ ، وَفِي الْحَدِيثِ الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ : فَمَنْ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ۔

ترجمہ: میں کہتا ہوں کہ اگر اس کا ضعف تسلیم بھی کیا جائے تو اس کے خلاف سے نکلنا اولیٰ ہے، کیسے نہیں کہ اس کے خلاف یہ آئمہ ہیں۔ اور حدیثِ متفق میں ہے جو شخص شبہات سے دور رہا تو اس نے اپنی عزت و دین کی حفاظت کی۔[2]

میں یہ بھی کہتا ہوں کہ شامی کا قول "ارجح و اقویٰ" اسم تفضیل مذکر ہے۔ جو تعدد کے جواز کی طرف ہے۔ اور اسم تفضیل تقاضا کرتا ہے اصل فعل کے وجود پر جو نفسِ قوت اور ترجیح ہے تعدد کے عدم جواز کی جانب۔ تو اس قاعدہ کے مطابق ہر دو اقوال پر فتویٰ جائز ہے مگر بلا تعیین۔

جیسا کہ شامی میں ہے:

إِذَا كَانَ التَّصْحِيحُ بِصِيغَةِ أَفْعَلِ التَّفْضِيلِ أَفَادَ أَنَّ الرِّوَايَةَ الْمُخَالِفَةَ صَحِيحَةٌ أَيْضًا ، فَلَهُ الْإِفْتَاءُ بِأَيٍّ شَاءَ مِنْهُمَا۔

ترجمہ: جب تصحیح افعل التفضیل کے صیغے سے ہو تو یہ افادہ کرتا ہے کہ روایتِ مخالف بھی صحیح ہے تو اس کے لئے کسی بھی قول پر افتاء جائز ہے۔[3]

---

[1] (ردالمحتار، ج۲، ص۱۴۵، الناشر: دارالفکر-بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج۲، ص۱۴۵، الناشر: دارالفکر-بیروت)

[3] (ردالمحتار، ج۱، ص۷۳، الناشر: دارالفکر-بیروت)

اور بالفرض جو مولوی مفتاح الدین نے کہا اس کی بناء پر اگر یہ قول مرجوح ہو جائے تو احتیاط کے مواقع ومواضع میں مرجوح قول پر بھی عدم اولیٰ ہوتا ہے بخلاف راجح قول کے۔

مرجوح احوط ہو تو مفتی کو مرجوح قول پر فتویٰ دینا جائز ہے

جیسا کہ میزان الشعرانی میں ہے:

إلا أن یکون المرجوح احوط فله أن یفتیه بالمرجوح ولا حرج، اه۔

ترجمہ: مگر یہ کہ مرجوح احوط ہو تو مفتی کو مرجوح قول پر فتویٰ دینا جائز ہے، اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

دین میں زیادہ احوط پر عمل کو ترک کرنا مناسب نہیں

میزان شعرانی کبریٰ میں ہی ہے:

فإن ذلک المرجوح الذي ترک العمل به لا یخلو اما أن یکون أحوط للدین فهذا لا ینبغي ترک العمل۔

ترجمہ: بے شک یہ مرجوح وہ ہے کہ جس پر عمل کرنا ترک کر دیا گیا، اگر یہ دین میں زیادہ احوط (احتیاط والا) ہو تو اس پر عمل کو ترک کرنا مناسب نہیں ہے۔[2]

اب اصلاح الرسوم کا قول کہ قول مرجوح پر فتویٰ جہل اور غلط ہے، کیونکہ اس نے فرق نہیں کیا کہ کس جگہ جہل ہے اور کس جگہ اولیٰ ہے۔

جب آپ کو میزان کے قول کا فرق ظاہر ہوا تو اے مسلمان بھائیو! جان لو کہ مولوی مفتاح الدین نے تمام فقہاء کرام کے اقوال کا مطالعہ نہیں کیا، اور اپنی لاعلمی سے یہ باطل وبے اصل دعویٰ کیا۔ یا اس کا مقصد اظہار حق نہ تھا، بلکہ اپنے جدید اجتہاد وجدید مذہب کا اظہار تھا۔ اس لئے اقوال فقہاء کو پسِ پشت ڈال دیا۔ اور جو اپنے متقدمین فقہاء کے اقوال کے تابع ہیں تو ان ہی کے اقوال پر چلیں گے۔ اور جو فقہاء کے دین سے دل برداشتہ ہوا کہ اس میں احتیاط، تکالیف اور مشقتیں ہیں تو وہ اس نئے مذہب اور نئے امام کی اتباع کرے گا جس میں آسانی اور آرام ہے۔ اور مولوی مفتاح الدین نے متقدمین کی شریعت کے درخت سے تمام ٹہنیاں کاٹ کر ختم کر دیا۔ پتہ نہیں کہ یہ ان لوگوں کی خوش قسمتی ہے یا بدنصیبی۔

---

[1] (میزان شعرانی کبریٰ، ص ۱۴)

[2] (میزان شعرانی کبریٰ، ص ۱۶)

اقوال فقہاء کو پسِ پشت ڈالنا اور ان کی تابعداری نہ کرنا پر

حاشیۂ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

قرآن کریم کی روشنی میں اتباع سلف کی اہمیت

قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے:

وَمَنْ یُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَاتَبَیَّنَ لَهُ الْهُدَی وَیَتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیلِ الْمُؤْمِنِینَ نُوَلِّهِ مَاتَوَلَّی وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِیرًا (النساء ۱۱۵)

ترجمہ: اور جو کوئی رسول کی مخالفت کرے بعد اس کے کہ اس پر سیدھی راہ کھل چکی ہو اور سب مسلمانوں کے راستہ کے خلاف چلے تو ہم اسے اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا ہے اور اسے دوزخ میں ڈال دیں گے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔

سورۃ حشر میں ارشاد خداوندی ہے:

وَالَّذِینَ جَاءُوا مِنْ بَعْدِهِمْ یَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِینَ سَبَقُونَا بِالْإِیمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِی قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِینَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّکَ رَءُوفٌ رَحِیمٌ (الحشر ۱۰)

ترجمہ: اور ان کے لیے بھی جو مہاجرین کے بعد آئے (اور) دعا مانگا کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان داروں کی طرف سے کینہ قائم نہ ہونے پائے۔ اے ہمارے رب! بے شک تو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اس آیت سے مسلمانوں کو یہ سبق ملتا ہے کہ وہ ان لوگوں سے کوئی دلی بعد یا نفرت بالکل نہ رکھے جو ان سے پہلے ایمان لائے تھے، بلکہ اپنے ساتھ ان کے لیے بھی مغفرت کی دعا کرتے رہے۔ مغفرت کی دعا سے محبت اور پھر اعتماد کا رشتہ مضبوط ہو جاتا ہے۔

جس عمل کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے ہاں بھی اچھا ہے

صحابی رسول عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

إنَّ اللہ نظَرَ في قلوب العباد، فوجد قلبَ محمَّدٍ خیرَ قلوبِ العباد، فبَعَثه برسالته، ثمَّ نظر في قلوبِ العباد بعد قلبِ محمَّدٍ، فوجد قلوبَ أصحابه خیرَ قلوبِ العباد، فاختارهم لصُحبةِ نبیِّه ونُصرةِ دینه، فمارآه المسلمون حَسَنًا فهو عند اللہ حَسَنٌ، ومارآه المسلِمون قبیحًا فهو عند اللہ قبیحٌ۔

"اللہ تعالی نے بندوں کے دلوں میں دیکھا، اور ان سب میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو افضل پایا، اور آپ کو رسالت کے لیے منتخب کر لیا۔ پھر دوبارہ دیکھا، تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام کے دلوں کو سب سے بہتر پایا، تو انہیں نبی کریم کی صحبت، دین کی نصرت کے لیے اختیار کر لیا۔ پس جس چیز کو یہ مسلمان اچھا سمجھیں، وہ اللہ کے ہاں بھی اچھا ہے، اور جسے یہ ناپسندیدہ خیال کریں، وہ اللہ کے ہاں بھی ناپسندیدہ ہے"۔[1]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّينَ الرَّاشِدِينَ، تَمَسَّكُوا بِهَا وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ۔

"میری سنت اور میرے خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوطی سے تھام لو"۔[2]

یہاں "سنت" سے مراد وہ طریقہ ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور ان کے طریقے سے موافق اور مطابق ہے۔ یہ مفہوم نہیں کہ خلفائے راشدین کی کوئی الگ سنت ہے جس کی اتباع کی جائے گی۔

اس کی وضاحت ابن حزم نے بڑی تفصیل سے کی ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سلف کے مابین اختلاف ہو تو تین میں سے کوئی ایک صورت ہو سکتی ہے:

اول: سب کی پیروی کی جائے اور یہ عقلاً محال ہے۔

دوسرا: جس کی دل چاہے مان لی جائے باقی کو چھوڑ دیا جائے، یہ شرعاً محال ہے کیونکہ دین کسی کے مرضی پر مبنی نہیں ہے۔ ویسے بھی کسی ایک کی بات کو مان لینا اور باقی سب کو چھوڑ دینا یہ ان کی سنت کی پیروی نہیں کہلائے گا۔

تیسری صورت بچتی ہے کہ جن مسائل پر ان کا اتفاق ہے اس کی اتباع کی جائے۔

سلف صالحین کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ نے کوئی خیر خاص نہیں کی

امامِ اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اصبر نفسَک علی السُّنَّة، وقِفْ حیث وقف القومُ، واسلُکْ سبیلَ السَّلَفِ الصَّالح؛ فإنَّه یَسَعُک ما وَسِعَهم، وقُلْ بما قالوا، وکُفَّ عما کفُّوا، ولو کان هذا خیرًا ما خُصِصتم به دون أسلافِکم؛ فإنه لم یُدَّخر عنهم خیرٌ خُبِّئ لکم دونهم؛ لفضلٍ عندکم۔

---

[1] (مسندالطيالسي، ج ۱، ص ۱۹۹، الناشر: دار هجر-مصر)

[2] (سنن أبي داؤد، ج ۴، ص ۳۲۹، الناشر: دار الكتاب العربي-بيروت)

"سنت پر قائم رہو، اور جہاں سلف صالحین رک جائیں، رک جاؤ، اور ان کے رستے کو اختیار کرو، جو ان کے لیے جائز ہے، وہی آپ کے لیے بھی جائز ہے، جہاں وہ کلام کریں، آپ بھی کریں، جس سے وہ گریز کریں، اس سے اجتناب کریں، اگر کوئی چیز خیر ہوتی، سلف صالحین کو چھوڑ کر، اللہ تعالی نے تمہارے لیے کوئی خیر خاص نہیں کی"۔ [1]

آثار و روایات کی روشنی میں اتباع سلف

اتباع سلف کی اہمیت تو دسیوں نصوص و آثار سے واضح ہوتی ہے، یہاں نمونے کے طور پر چند کو ذکر کیا جاتا ہے۔

"سنن دارمی" میں ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

"اتَّبِعُوا وَ لَا تَبْتَدِعُوا، فَقَدْ كُفِيتُمْ"۔

ترجمہ: تم (سنت کی) پیروی کرتے رہو اور دین میں نئی باتیں ایجاد مت کرو، تمہارے لیے یہ دین کافی ہے۔ [2]

علامہ ابن وضاح قرطبی آپ ہی سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: اتَّبِعُوا آثَارَنَا وَ لَا تَبْتَدِعُوا، فَقَدْ كُفِيتُمْ"۔

ترجمہ: عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہماری راہ کی پیروی کرتے رہو، کسی نئی راہ کو اختیار مت کرو، تمہارے لیے یہ کافی ہے۔ [3]

علامہ ابن وضاح رحمہ اللہ کی اسی کتاب میں ہے کہ کچھ لوگوں نے ذکر و تسبیح کرنے کا ایک نیا طرز شروع کیا، حضرت ابن مسعود نے خود جا کر وہاں ان پر نکیر فرمائی اور پھر ارشاد فرمایا:

وَ الَّذِي نَفْسُ ابْنِ مَسْعُودٍ بِيَدِهِ لَئِنْ أَخَذْتُمْ آثَارَ الْقَوْمِ لَيَسْبِقُنَّكُمْ سَبْقًا بَعِيدًا وَ لَئِنْ حُزْتُمْ يَمِينًا وَ شِمَالًا لَتَضِلُّنَّ ضَلَالًا بَعِيدًا۔

ترجمہ: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں ابن مسعود کی روح ہے! اگر تم نے سلف کا دامن مضبوطی سے پکڑا تو تم بہت آگے بڑھ جاؤ گے اور اگر دائیں، بائیں پھرے تو سخت گم راہ ہو جاؤ گے۔ [4]

حضرت قاضی شریح رحمہ اللہ سے نقل ہے کہ آپ نے فرمایا:

إن السنة سبقت قياسكم فاتبعوا، و لا تبتدعوا، فإنكم لن تضلوا ما أخذتم بالأثر۔

---

[1] الشريعة للآجري، ص ۲۹۴)

[2] (سنن الدارمی، باب فی کراھیة أخذ الرأی: ج ۱، ص ۲۸۸)

[3] (البدع لابن وضاح، باب مایکون بدعة، ج ۱، ص ۳۶)

[4] (البدع لابن وضاح، باب مایکون بدعة: ج ۱، ص ۳۶)

ترجمہ: بے شک سنت قیاس پر مقدم ہے، لہٰذا سنت کی پیروی کرتے رہو، بدعت اختیار نہ کرو، کیوں کہ جب تک تم حدیث پر عمل کرتے رہو گے، کبھی بھی گم راہ نہ ہوں گے۔[1]

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی پیروی فضیلت جان کر اپنی استطاعت کے مطابق کرو

جمع الفوائد میں ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

"من كانَ مستنًا فليستنّ بمن قد ماتَ، فإن الحيَّ لا يؤمنُ عليه الفتنةُ، أولئك أصحابُ محمدٍ - صلى الله عليه وسلم - كانوا أفضلَ هذه الأمةِ: أبرَّهَا قلوبًا، وأعمَقَها علمًا، وأقلَّها تكلفًا، اختارهم الله لصحبةِ نبيه - صلى الله عليه وسلم -، ولإقامةِ دينهِ، فاعرفوا لهم فضلهمُ. واتبعوهم على أثرِهم، وتمسكوا بما استطعتُمْ به من أخلاقِهم وسيرهم، فإنهم كانوا على الهدى المستقيمِ.

ترجمہ: جو اقتدا کرنا چاہے وہ ان کی اقتدا کرلے جو فوت ہوگئے، کیوں کہ زندہ فتنوں سے محفوظ نہیں، یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی ہیں جو اس امت کے افضل ترین لوگ ہیں، جن کے دل انتہائی نیک، علم بہت اونچا اور تکلف بہت کم تھا، جنہیں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت، دین کی اقامت کے لیے منتخب فرمایا، لہٰذا ان کی فضیلت جان کر ان کی پیروی کرو، اپنی استطاعت کے مطابق ان کے اخلاق وعادات کو اپنالو، کیوں کہ وہ صحیح راستے پر قائم تھے۔[2]

سلف صالحین اور تابعین کے بارے میں بد گوئی کرنے والا گمراہ ہی ہے

امام طحاوی رحمہ اللہ عقائد پر مشتمل اپنے مختصر متن میں تحریر فرماتے ہیں:

وَعُلَمَاء السَّلَفِ مِنَ السَّابِقِينَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِينَ أَهْلِ الْخَيْرِ وَالْأَثَرِ وَأَهْلِ الْفِقْهِ وَالنَّظَرِ لَا يُذْكَرُونَ إِلَّا بِالْجَمِيلِ، وَمَنْ ذَكَرَهُمْ بِسُوءٍ فهو على غير السبيل۔

ترجمہ: سلف صالحین اور ان کے بعد تابعین جو اہل حدیث واہل فقہ ہیں، ان کا ذکرِ خیر ہی کیا جائے گا اور جو ان کے بارے میں بد گوئی کرے گا وہ گم راہ ہو گا۔[3]

تعصب عقول پر پردہ ڈال دیتا ہے

شرح المقاصد میں ہے:

وقال التَّفتازانيُّ: التَّعَصُّبُ يُغَطِّي على العُقولِ، وعِندَهُ تَعْمَى القُلوبُ التي في الصُّدورِ۔

---

[1] (جامع بيان العلم وفضله، باب ما جاء فی ذم القول فی دین اللہ تعالی بالرأی والظن والقیاس علی غیر أصل، وعیب الإكثار من المسائل دون اعتبار: ج ٢، ص ١٠٥٠)

[2] (جمع الفوائد من جامع الأصول ومجمع الزوائد، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة: ج ١، ص ٣٠)

[3] (متن الطحاوية، ص ٨٢)

ترجمہ: امام تفتازانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں تعصب عقول پر پردہ ڈال دیتا ہے، اور دل کی بینائی کو اندھا کر دیتا ہے۔[1]

متعصب شخص دل کی آنکھوں سے نابینا ہوتا ہے

فتح القدیر میں ہے:

وقال الشَّوكانيُّ: المُتعَصِّبُ وإن كان بصَرُه صحيحًا فبصيرتُه عَمياءُ، وأذُنُه عن سماعِ الحَقِّ صَمَّاءُ، يدفَعُ الحَقَّ وهو يظُنُّ أنَّه ما دفع غيرَ الباطِلِ، ويحسَبُ أنَّ ما نشأ عليه هو الحَقُّ؛ غَفلةً منه وجَهلًا بما أوجَبه اللهُ عليه من النَّظَرِ الصَّحيحِ۔

ترجمہ: شوکانی کہتے ہیں کہ متعصب شخص اگرچہ اس کی آنکھوں کی بینائی صحیح ہوتی ہے، لیکن دل کی آنکھیں اُس کی نابینا ہوتی ہیں۔ اور اس کے کان حق سننے سے بہرے ہوتے ہیں۔ حق کو دفع کرتا ہے اور اس کا گمان ہوتا ہے کہ وہ باطل کو دفع کر رہا ہے، اور اپنی غفلت اور جہالت کی وجہ سے یہ سوچتا ہے کہ جو چیز اس پر وارد ہوئی ہے وہ حق ہے، اس چیز کے ساتھ جو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے واجب قرار دی ہے نظرِ صحیح سے۔[2]

قیاس کی حجیت کے انکار کرنے والے بعض لوگوں نے سلف پر کچھ طعن کیا، اس کا ذکر کرتے ہوئے امام سرخسی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

فَأَمامن طعن فِي السّلف من نفاة الْقيَاس لاحتجاجهم بِالرَّأْيِ فِي الْأَحْكَام فكَلَامه كَمَا قَالَ الله تَعَالَى ﴿كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا﴾۔

ترجمہ: قیاس کے منکرین میں سے جو شخص سلف پر جو یہ طعن کرے کہ وہ احکام میں رائے کے ذریعے دلیل پکڑتے تھے، تو اس کا قول ایسا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے "کیسی سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے وہ لوگ بالکل جھوٹ کہتے ہیں"۔[3]

علامہ ابن عبد الہادی فرماتے ہیں:

ولا يجوز إحداث تأويل في آية أو سنة لم يكن على عهد السلف ولا عرفوه ولا بينوه للأمة, فإن هذا يتضمن أنهم جهلوا الحق في هذا وضلوا عنه, واهتدى إليه هذا المعترض المستأخر, فكيف إذا كان التأويل يخالف تأويلهم ويناقضه؟۔

---

[1] (شرح المقاصد، ج۲، ص ۱۳۹)

[2] (فتح القدیر، ج۲، ص۲۷۷)

[3] (أصول السرخسی، فصل فی حدوث الخلاف بعد الإجماع باعتبار معنی حادث، ج۲، ص ۱۳۳)

ترجمہ:''آیت و سنت میں ایسی تاویل کرنا جو سلف نے امت کو نہ بیان کی ہو، نہ وہ اسے جانتے ہوں اور نہ وہ ان کے زمانے میں موجود ہو، جائز نہیں۔ کیوں کہ یہ اس بات کا تقاضا ہے کہ وہ اس بارے میں حق سے ناواقف اور بے خبر تھے، جس کو اس بعد والے معترض کا دماغ پہنچا، تو اس کا کیا حال ہو گا جب تاویل ان کی تاویل کی بالکل مخالف اور توڑنے والی ہو؟''[1] **انتھی عبارتہ**۔

متن اعلام المؤمنین

مولوی مفتاح الدین نے صفحہ نمبر ۴۵ میں لکھا کہ کب کسی شہر پر یہ اشتباہ دائمًا برقرار رہتا ہے مثلاً چالیس سال، کون سی جگہ قریہ رہے گا، **انتھی عبارتہ**۔

ہم کہتے ہیں کہ مولوی مفتاح الدین کا یہ قول ''عدم اشتباہ کی بقا'' محض تعصب ہے۔

التلویح میں ہے:

هُوَ عَدَمُ قَبُولِ الْحَقِّ عِنْدَ ظُهُورِ الدَّلِيلِ۔

ترجمہ: یہ دلیل ظاہر ہونے کے بعد حق کو قبول نہ کرنا ہے۔[2]

بلکہ اشتباہ دائمًا باقی ہے کیونکہ اشتباہ کی علت دائمی باقی ہے۔ کیونکہ مصر (شہر) کی تعریف میں فقہاء کا اختلاف یا ادلہ کا تعارض ہے۔

ادلہ میں تعارض یا اختلافِ اقوالِ فقہاء کے باعث حلال و حرام میں اشتباہ ہو سکتا ہے

جیسا کہ اشعۃ اللمعات میں ہے:

واشتباہ میشود کہ حرام اند یا حلال از جہتِ تعارض ادلہ واختلافِ اقوال ومانند آن، اھ۔

ترجمہ: کسی چیز کے حلال و حرام میں اشتباہ ہو سکتا ہے بوجہ ادلہ میں تعارض کے یا اختلافِ اقوالِ فقہاء کے۔[3]

اقوال کے اختلاف کی وجہ اشتباہ کی مثال جیسے جمعہ کی صحت یا عدم صحت کا اشتباہ بوجہ اختلاف فقہاء کے کہ آیا جمعہ کا تعدد جائز ہے یا ناجائز؟ یا کسی شہر کے شہر ہونے یا نہ ہونے میں اشتباہ کہ مصر کی تعریف میں سات تعریفیں ہیں کی وجہ سے اور دونوں

---

[1] (الصارم المنکی فی الرد علی السبکی، مقدمۃ المؤلف، الباب الخامس فی تقریر کون الزیارۃ قربۃ وذلک بالکتاب والسنۃ والإجماع والقیاس: ص ۳۱۸)

[2] (التلویح علی التوضیح، ج ۲، ص ۹۹، الناشر: دار الکتب العلمیۃ بیروت - لبنان)

[3] (اشعۃ اللمعات، ج ۳، ص ۴)

امرین میں ہر امر علت مستقل ہے آخر الظہر کے اثبات میں جمعہ کے بعد بوجہ احتیاط کے کہ دین کے امور میں احتیاط ہے خاص کر نماز میں کہ دین کا ستون ہے۔

اور ادلہ میں تعدد کی وجہ سے اشتباہ کی مثال جیسے گدھے کے جھوٹے کی طہوریت یا نجاست میں اشتباہ اس وجہ سے فقہاء نے وضو اور تیمم دونوں کے کرنے کا حکم دیا ہے برائے احتیاط۔ اور مولوی مفتاح الدین کا اجتہاد تو بہت قوی ہے، شاید وہ اس وجہ سے یہاں بھی ایک قولِ مختار نکال دے تاکہ لوگ وضو اور تیمم دونوں کے جمع کرنے کی مشکل سے بچ جائیں۔

یا حطیم کے بارے میں اشتباہ کہ یہ بیت اللہ میں داخل ہے یا خارج؟ کیونکہ دلائل اس کے دخول اور خروج میں مختلف ہیں۔ جیسا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: فان الحطیم من البیت (حطیم بیت اللہ کا حصہ ہے) سے حطیم بیت اللہ میں داخل ہے اور چار دیواری سے باہر ہونا اس کے بیت اللہ سے خارج ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ تو طواف کے مسئلہ میں اس میں اختلاف کی وجہ سے فقہاء نے اس کے باہر باہر سے طواف کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور حطیم کو اندر کا حصہ قرار دیا ہے بوجہ احتیاط کے، اور نماز کے لئے بیت اللہ سے خارج مانا ہے، لہٰذا صرف اس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا صحیح نہیں۔

کیونکہ نماز میں بیت اللہ کی طرف منہ کرنا فرض ہے نصِ قطعی سے ثابت ہے جیسے:

فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ (البقرۃ ۱۴۴)

ترجمہ: ابھی اپنا منہ پھیر دو۔

اور جس حدیث سے حطیم بیت اللہ میں داخل شمار کیا جاتا ہے تو وہ خبرِ واحد ہے جس پر نص کے مقابلہ میں اکتفاء نہیں کیا جا سکتا۔

جیسا کہ شرح نقایہ میں ہے:

قوله بالإحتياط اى كون الحطيم من الكعبة ثبت بالأحاد فصار كائنة من الكعبة من وجه دون وجه فكان الاحتياط في وجوب الطواف وراءه في عدم صحة استقباله وحده اھ۔

ماتن کا قول: بالاحتیاط یعنی حطیم کا کعبہ میں ہونا خبرِ واحد سے ثابت ہے، لہٰذا اس کا کعبہ سے ہونا من وجہ ثابت ہے اور من وجہ ثابت نہیں ہے، لہٰذا طواف کے وجوب میں احتیاط یہ ہے کہ اس کے باہر طواف کیا جائے اور صرف اس کی طرف منہ کرنے سے استقبالِ قبلہ صحیح نہ ہوگا۔

مولوی مفتاح الدین حج کے لئے گیا تھا مگر پتہ نہیں کہ کس قول کو مختار کیا ہو گا، شاید حطیم کے اندر اندر طواف کیا ہو گا، کیونکہ فقہاء کے احتیاطات ختم ہونے والے نہیں اور فقہاء بھی عجیب لوگ ہیں کہ ہر بات میں شکوک وشبہات پیدا کرتے ہیں۔ اور جب پورا نہیں ہوتا تو احتیاطی احکامات صادر کرتے ہیں یہ کون پورا کرے گا؟

مولوی مفتاح الدین بھائی! تم کہتے ہو کہ ایک شخص چالیس سال جہاں رہے تو وہ نہیں جانتا کہ یہ شہر ہے یا نہیں؟ ہم کہتے ہیں کہ وہ بندہ اسی سال تو کیا دو سو سال بھی وہاں رہے گا تو وہ فیصلہ نہیں کر پائے گا کیونکہ فیصلہ کرنے والے علماء اور وارثین محمد دنیا سے تشریف لے گئے ہیں اور انہوں نے ان اضافی مسائل میں فیصلہ نہیں کیا۔ اور کیا ہے تو وہ احتیاطی احکام ہیں، توجو شخص احتیاط کا دشمن ہے تو وہ بے چارہ کیا فیصلہ کرے گا؟ اگر مولوی مفتاح الدین یہ فیصلہ کر سکتا ہے تو اس کو چاہیئے کہ حطیم اور گدھے کے جھوٹے پانی کے بارے میں فیصلہ کرکے دکھائے۔ اور اکیلے اس بے چارے مولوی مفتاح الدین کا فیصلہ کیا قابلِ اعتبار ہو گا جب تک اس پر فقہاء کا اتفاق نہ ہو، مگر یہ لوگ اس غلط فیصلے پر عوام کو دھوکہ دیتے رہیں گے اور اپنی آخرت تباہ کرتے رہیں گے۔

بہت تعجب کی بات ہے کہ مولوی مفتاح الدین کہتا ہے کہ اقوال میں ایک قول کو کوئی مختار کرے تو آئیں جناب! دیکھیں کہ مصر کی تعریف میں نظر کی جائے تو کس امام کا قول مختار کریں گے؟ ایک امام کا یا دوسرے امام کا؟ جیسا کہ کبیری میں ہے کہ انہوں نے امام ابو یوسف کے قول کو مختار قرار دیا ہے جو ہدایہ میں مذکور ہے۔ اور قاضی خان نے امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تفسیر کو مختار قرار دیا ہے کہ: لا یسع أکبر مساجده۔ کہ وہاں کے رہنے والے بڑی جامع مسجد میں نہیں سما سکتے۔ اور بدائع میں یہ قول کہ: أَنَّهُ بَلْدَةٌ كَبِيرَةٌ فِيهَا سِكَكٌ وَأَسْوَاقٌ۔ بڑا شہر یہ ہے کہ اس میں گلیاں اور بازار ہوں۔[1] اس کو مختار کیا ہے۔

تو آئیں بھائی! آپ انصاف کریں کہ شہر کے بارے میں تین اقوال ذکر ہوئے جو مختار کردہ ہیں تو اب آپ کس کو مختار کرتے ہیں اور کس کو چھوڑتے ہیں۔ یہ ہمارا اور اصلاح الرسوم مُلا کا کام نہیں ہے، اس کام کے شناور حضرات دنیا سے پردہ فرما چکے ہیں، ہمارا کام صرف اور صرف تقلید اور اتباع ہے۔

اگر کوئی نیا مذہب بنانا چاہے تو اختیار رکھتا ہے مگر ہمارے اس ملک میں ہزاروں علماء ومشائخ موجود ہیں جن کی موجودگی میں کسی کا نیا مذہب نہیں چلے گا، بلکہ اس کے منہ پر مارا جائے گا۔ اگر اس کی تمنا ہے تو کسی ایسے ملک میں جائے جہاں اسلام نہ پھیلا ہو تو وہاں سینہ زوری کرے یہاں یہ بدمعاشی فضول ہے۔

---

[1] (بدائع الصنائع، ج ۱، ص ۲۶۰، الناشر دار الکتاب العربي)

جس شخص نے احتیاط سے قدم اٹھایا تو اس کے لئے دوزخ سے کیا ڈر و غم ہے

شریعت کی راہ پر مستقیم چلو، بے احتیاط جانا سارا ماتم و غم ہے

اسلام تو احتیاط، تقویٰ اور زہد کا نام ہے، اگر یہ نہیں تو پھر ہمیشہ متہم ہے

جو احتیاط سے قدم رکھتا ہے تو مقصود تک پہنچتا ہے اور بے باک کے پاؤں سے لٹکا کژدم (بچھو) ہے

متن اعلام المؤمنین بحث نمازِ احتیاطی پر

حاشیۂ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

چار رکعات فرضِ احتیاطی کا بیان

جس شہر یا قصبہ میں جمعہ پڑھا جاتا ہو وہاں احتیاط الظہر کو بلا جماعت ادا کرنا چاہیئے کیونکہ جمعہ کو نیت فرض یا مطلق نیت سے ادا کیا گیا ہے نہ نیت نفل۔

چنانچہ صغیری میں ہے:

"ویکرہ للمعذورین والمسجونین اداء الظہر بجماعة فی المصر یوم الجمعة سواء کان قبل الفراغ من الجمعة او بعدہ"۔

یعنی معذورین اور قیدیوں کے واسطے بروزِ جمعہ یا پیچھے نماز جمعہ کے ظہر کو ادا کرنا مکروہ ہے، اور احتیاط الظہر کو بایں طور ادا کرے کہ چار رکعات فرض جو ذمہ میرے ہے۔

چنانچہ فتح القدیر میں ہے:

أَنْ يُصَلِّيَ أَرْبَعًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ يَنْوِي بِهَا آخِرَ فَرْضٍ أَدْرَكْتُ وَقْتَهُ وَلَمْ أُؤَدِّهِ بَعْدُ۔[1]

اور صاحبِ کبیری نے لکھا ہے:

"ینبغی ان یصلی اربع رکعاتٍ وینوی بہ الظہر"۔

اور غایۃ البیان اور بنایہ شرح ہدایہ میں ہے:

"فثبت ان اداء الاربع فی موضع وقع الشک فی صحتہ الجمعة مروی عن ابی حنیفة رضی اللہ تعالیٰ عنہ رواہ الحسن من زیاد تلمیذ ابی حنیفة واختارہ"۔

---

[1] (فتح القدیر، ج۳، ص ۲۰۲، المکتبۃ الفاروقیۃ)

اور صاحبِ وافی و مواہب نے لکھا ہے:

ینبغی ان یصلی بعدھا اخر ظھر ادرکت وقتہ ولم اصلہ بعد۔

اور علاوہ ان دلائل کے کتبِ معتبرہ جو ذیل میں مختصر طور پر بحوالہ درج ہیں، ان کو مطالعہ کریں۔ محیط، کافی، فتح القدیر، فتاویٰ عالمگیری، ظہیریہ، کبیری، صغیری، قنیہ، بحر الرائق، نہر الفائق، شرح باقانی، میزان شعرانی، رد المحتار، شرح سفر السعادت، عینی شرح ہدایہ، تفسیر احمدی، بنایہ شرح ہدایہ، مقاماتِ امام ربانی، ص ۱۲۰، فتاویٰ عزیزی وحاشیہ چلپی، شرح وقایہ، فتاویٰ نیرہ، فتاویٰ جامع الفوائد، فتاویٰ نادر الجواہر امینیہ، فتویٰ عبد الحیٔ، فتاویٰ رحمانیہ، مجمع الابحار، تکملہ ابو المکارم، تاتارخانیہ، فتاویٰ ابراہیم شاہی، جامع الفتاویٰ، فتاویٰ عتابیہ، خزانۃ العلوم، فتاویٰ محمدیہ، خزانۃ المفتین، فتاویٰ صیر وجواہر الفتاویٰ، بدر السعادت، فتاویٰ صابریہ، مجالس الابرار، فتاویٰ غرائب وغیرہ وغیرہ۔

سبحان اللہ جب کہ احتیاط الظہر کا فتاویٰ جمہور علماء وفقہاء واکثر مشائخ عظام نے بوجہ مفقود ہو جانے شرائط جمعہ واشتباہ شرائط مصر کے دے دیا ہے تو پھر منکرین کی بے اصل بات کو کون صاحبِ عقلِ سلیم مان سکتا ہے؟ اور ناظرین انصاف فرمادیں کہ صاحبِ کافی وہ شخصیت ہیں کہ جن کو ساٹھ ہزار احادیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی نوک زبان یاد تھیں اور چوتھی صدی کی ابتداء میں یہ کتاب لکھی تھی اور امام حاکم ونیشاپوری کے استاد تھے۔

دیہاتوں میں جمعہ کی نماز کے بعد آخر الظہر

(نمازِ ظہر احتیاطی) پڑھنے کا ثبوت

إعلم أن أداء الأربع بعد الجمعة بنية الظهر في موضع الشك، مروي عن بعض أصحاب الإمام أبي حنيفة۔

وذكر في آخر "الحاوي القدسي"

وإذا أخذ بقول واحدٍ منهم يعلم قطعًا أنه يكون به آخذا بقول أبي حنيفة، فإنه روى عن جميع أصحابه من الكبار، كأبي يوسف، ومحمد، وزفر، والحسن، أنهم قالوا: ما قلنا في مسألة قولاً إلا وهو روايتنا[1] عن أبي حنيفة، وأقسموا عليه أيمانًا غلاظًا۔ كذا في "ردالمحتار"۔[2]

وفي الهندية والكبيرى ومنحة الخالق والشامى

جمعہ کے دن آخر الظہر (ظہر احتیاطی) پڑھنا ظاہر الروایۃ ہے۔

---

[1] (في الحاوي: "وهو رواية")

[2] (الحاوي القدسي، ج ۲، ص ۵٦۳، ردالمحتار، ج ۱، ص ٦۸)

ثُمَّ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ وَقَعَ الشَّكُّ فِي جَوَازِ الْجُمُعَةِ لِوُقُوعِ الشَّكِّ فِي الْمِصْرِ أَوْ غَيْرِهِ وَأَقَامَ أَهْلُهُ الْجُمُعَةَ يَنْبَغِي أَنْ يُصَلُّوا بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَنْوُوا بِهَا الظُّهْرَ حَتَّى لَوْ لَمْ تَقَعْ الْجُمُعَةُ مَوْقِعَهَا يَخْرُجُ عَنْ عُهْدَةِ فَرْضِ الْوَقْتِ بِيَقِينٍ، كَذَا فِي الْكَافِي، وَهَكَذَا فِي الْمُحِيطِ ثُمَّ اخْتَلَفُوا فِي نِيَّتِهَا قِيلَ: يَنْوِي آخِرَ ظُهْرٍ عَلَيْهِ وَهُوَ الْأَحْسَنُ وَالْأَحْوَطُ أَنْ يَقُولَ: نَوَيْتُ آخِرَ ظُهْرٍ أَدْرَكْتُ وَقْتَهُ وَلَمْ أُصَلِّهِ بَعْدُ، كَذَا فِي الْقُنْيَةِ. وَفِي فَتَاوَى (آهو) يَنْبَغِي أَنْ يَقْرَأَ الْفَاتِحَةَ وَالسُّورَةَ فِي الْأَرْبَعِ الَّتِي يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ وَفِي دِيَارِنَا، كَذَا فِي التَّتَارْخَانِيَّةِ۔[1]

وفي البناية شرح الهداية

وفي "قنية المنية": "لما ابتلي أهل مرو بإقامة الجمعتين بها، مع اختلاف العلماء في جوازهما، أمروا بإقامتهم بأداء الأربع بعد الجمعة احتياطًا، واختلفوا في نيتها، قيل: الأحوط أن يقول: نويت آخر ظهر، أدركت وقته ولم أصله بعده، وقال الحسن: إختياري أن يصلي الظهر بهذه النية، ثم يصلي أربعًا بنية السنة"۔ كذا في "البناية شرح الهداية"۔[2]

والحسن إذا ذكر في كتب أصحابنا فالمراد به إبن زيادٍ، تلميذ أبي حنيفة، كذا في "غاية البيان"، فثبت أن أداء الأربع في موضع وقع الشك في صحة الجمعة مروي عن أبي حنيفة۔ رواه الحسن بن زياد، تلميذ أبي حنيفة عنه، وأختاره۔

ولذا ذكره أصحاب المتون المعشرة الموضوعة لنقل المذهب ك "المواهب" و "الوافي"۔

قال صاحب "المواهب" في خطبة كتابه: "وقد اعتمدت في الإختيار والتصحيح في المسائل الخلافية على ترجيح محققي الرواية نقلاً والدراية تحريرًا من أهل الترجيح، كشمس الأئمة السرخسي، وصاحب "الهداية"، و "الكافي"، و "قاضي خان" وغيرهم"، انتهى۔[3]

ومنهم[4] المحقق كمال الدين بن الهمام، كما أفاده في قضاء "البحر"[5] بل صرح بعض معاصريه بأنه من أهل الإجتهاد، وكذا في "رد المحتار"[6] في باب التدبير، فهؤلآء الكلمة رجحوا أداء الأربع بعد الجمعة في موضع وقع الشك في شروط الجمعة، كما هو رواية عن الإمام أبي حنيفة، ففي متن "المواهب": "إذا اشتبه استجماع الشرائط، ينبغي أن يصلي بعدها أربعًا ينوي آخر ظهر، أدركت وقته ولم أصله بعد"، انتهى۔

---

[1] (هندية ج ١ ص ٢٠٣ وكبيری ٢٠٠ ومنحة الخالق ص ١٤٣ وشامی ج ١ ص ٧٥٦)

[2] (البناية في شرح الهداية، ج٣، ص ٩٤، قنية المنية، كتاب الصلاة، باب في صلاة الجمعة، ص ٤٩)

[3] (مواهب الرحمٰن في مذهب أبي حنيفة النعمان، ص ١٦٠)

[4] (أي من محققي الرواية)

[5] (كتاب القضاء، فصل في التقليد، ج٦، ص ٢٩٣، بتصرف)

[6] (رد المحتار على الدر المختار، ج٣، ص ٦٨٨)

وفي "الوافي" و"الكافي": "ثم في كل موضع وقع الشک في جواز الجمعة لوقوع الشک في المصر أو غيره، وأقام أهله الجمعة، ينبغي أن يصلوا بعد الجمعة أربع ركعات، "وينووا"[1] بها الظهر، حتى لو لم تقع الجمعة موقعها، يخرج عن عهدة فرض الوقتِ بيقين"، انتهى۔[2]

وقال المحقق إبن الهمام في "فتح القدير": "إِذَا اشْتَبَهَ عَلَى الْإِنْسَانِ ذَلِکَ يَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ أَرْبَعًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ يَنْوِي بِهَا آخِرَ فَرْضٍ أَدْرَكْتُ وَقْتَهُ وَلَمْ أُؤَدِّهِ بَعْدُ. فَإِنْ لَمْ تَصِحَّ الْجُمُعَةُ وَقَعَتْ ظُهْرُهُ وَإِنْ صَحَّتْ كَانَتْ نَفْلًا"، انتهى۔[3]

وفي "شرح المجمع": "لو وقع في المصر تعدد الجمعة، ينبغي أن يصلي بعد الجمعة أربع ركعات وينووا بها آخر الظهر، ليخرجوا عن فرض الوقت بيقين، لو لم تقع الجمعة موقعها"۔ كذا ذكره العلامة الشمني في "شرح مختصر الوقاية"۔

وأما قول إبن نجيم في "البحر": "وقد أفتيت مرارًا بعدم صلاة الأربع بعد الجمعة"، إلى آخر ما قال، كما ذكره في "الدر المختار" و"الغاية على شرح الوقاية" فلا يعارض الكتب المعتبرة المذكورة؛ لما صرحوا بأن ما في المتون مقدم على ما في الشروح، وما في الشروح مقدم على ما في الفتاوي الجامعة للصحيح والسقيم، على أنه لا يعتمد على فتاوى إبن نجيم (المسماة به "الفتاوى الزينية") كما في "رد المحتار"[4] ناقلًا عن أبي السعود الأزهري۔

وأما الطحطاوي فجوابه مذكور في "رد المحتار" مفصلاً، ولا حاجة بنا إلى ذكره ههنا، وإنما نطالب الخصم بجواب من كتاب مماثل في الدرجة والطبقة "للمواهب" و"الكافي" و"شرح المجمع" ليتحقق صورة المعارضة، والتمسک به "حاشية الطحطاوي" و"غاية الحواشي" لا يجدي نفعًا؛ لأن مصنفيهما من الطبقة السابعة، لا مجال لهم أن يقاوموا أهل الترجيح، وأصحاب الرأي النجيح، وقد ذكر في "الدر المختار"[5] ناقلاً عن تصحيح الشيخ قاسم: "الحكم والفتيا بالقول المرجوح جهل وخرق للإجماع"، وانتهى۔[6]

والله أعلم بالصواب، إليه المرجع والمآب

(۱) والاحتياط فی القری (الی قوله) هذا هو الصحیح المختار۔

دیہاتوں میں احتیاط (اسی میں ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد آخر الظہر (نمازِ ظہر احتیاطی) پڑھے) یہی صحیح ہے، یہی مختار ہے۔

بارہ (۱۲) کتب نے اسے نقل کیا ہے، ان سے جو الفاظ صریح ثابت ہوئے قابلِ غور ہیں:

۱۔ قریٰ کے ساتھ لفظ احتیاط۔

---

[1] (في المخطوط والمطبوع: "وينوي")
[2] (الكافي في شرح الوافي، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة لوحة ۴۲، ب)
[3] (فتح القدير لكمال ابن الهمام، ج۳، ص ۲۰۲، المكتبة الفاروقية)
[4] (ردالمحتار، على الدر المختار، ج ۱، ص ۷۰)
[5] (الدر المختار مع ردالمحتار، ج ۱، ص ۷۴)
[6] (التصحيح والترجيح على مختصر القدوري، ص ۱۳۰)

۲۔لفظ صحیح۔

۳۔لفظ مختار۔

(۲)لاشک فی جواز الجمعۃفی البلادو القصبات۔

شہروں اور دیہاتوں میں جمعہ کے جواز میں شک نہیں،جائزہے(بشرطیکہ ظہر احتیاطی پڑھی جائے)۔[1]

(۳)فی الجواھر لو صلوا فی القری لزمھم اداء الظھر۔

اگر مسلمان دیہاتوں میں (جمعہ پڑھیں) توان پر واجب ہے کہ وہ ظہر کی نماز ادا کریں۔[2]

(۴)وعنداصحابنا لاتجب الجمعۃعلی اھل القری لحدیث علی۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کے مطابق ہمارے(احناف بزرگوں نے کہاہے) کہ دیہات میں مسلمانوں پر جمعہ واجب نہیں۔[3]

(۵)وشرط لادائھای لوجوب اداءالجمعۃ(الیٰ قولہ) المصر۔

جمعہ کی نماز کے وجوب کی شرائط میں سے ایک شرط "شہر" ہوناہے۔(شہر کی قید سے دیہات خارج ہوگئے)[4]

(۶)ومنھا المصر حتی لم تجب فی القریٰ۔

(نمازِجمعہ کی شرائط میں سے ایک شرط "شہر" ہوناہے)لہٰذا دیہات میں جمعہ کی نماز پڑھناواجب نہیں۔[5]

(۷)ولوجوبھا شرائط فی المصلی الحریۃ والذکورۃ (الیٰ قولہ) وشرائط فی غیر المصلی المصر و السلطان، الخ۔

جمعہ کے وجوب کی شرائط

جمعہ کے وجوب کی شرائط میں سے ایک "حریت" ہے،(یعنی نمازی کا آزاد ہونا) ذکورۃ(یعنی مردوں پر نماز جمعہ واجب ہے نہ کہ خواتین پر الیٰ قولہٖ) اور عید گاہ کے علاوہ جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لئے ایک تو مصر (شہر ہونا) دوسرا مسلم حاکم کا ہونا شرط ہے۔[6]

---

[1] (فتاویٰ الحجہ ثم الخیریۃ جمعہ، ج ۱، ص ۲۰)
[2] (شامی، جمعہ، ج ۱، ص ۵۴۲، جامع الرموز، ج ۱، ص ۱۱۵)
[3] (سادۃ المتقین، ج ۳، جمعہ، ثم ازالۃ الاوھام والبحر الرائق، ج ۲، جمعہ (۱۴۱) من التجنیس، والبزازیۃ، جمعۃ (۱۶۳)، منحۃ الخالق، ج ۲، جمعہ، ۱۴۱)
[4] (جامع الرموز، ج ۱، جمعہ، ۱۱۵)
[5] (خلاصۃ الفتاویٰ، جمعہ، ج ۱، ص ۱۶۵)
[6] (فتح القدیر، جمعہ، ج ۱، ص ۲۵۷)

میں کہتا ہوں دو چیزیں ذہن نشین ہوں:

ا۔ ایک ہے جمعہ کے وجوب کی شرائط (یعنی جمعہ کس پر کب واجب ہوتا ہے)۔

۲۔ جمعے کے ادا کرنے کی صحت کی شرائط (جمعہ ادا کرنا کہاں کہاں صحیح ہے اور کن کن مقامات پر جمعہ جائز نہیں)۔

سو مذکورہ تمام علماءِ احناف و کتب و متون و شروح سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ جمعہ کی نماز کے وجوب کے لئے (مصر ہونا، اور بادشاہ ہونا، مسلمان ہونا) جہاں شرائطِ مذکورہ نہ پائی جائیں تو وہاں کے مسلمانوں پر جمعہ واجب نہیں، شرائطِ مذکورہ بالا کی موجودگی میں مسلمانوں پر جمعہ واجب ہے۔

اور اگر شرائطِ مذکورہ میں سے ایک شرط بھی مفقود ہو (نہ پائی جائے) تو ان مسلمانوں پر جمعہ کی نماز واجب نہیں۔

جیسے قریہ (دیہات) کہ وہاں بسبب نہ پائے جانے شرائط کے جمعہ کی نماز واجب نہیں مگر جائز ہے۔

کیونکہ:

ا۔ شرائط کا فقدان (جمعہ) کی نفئ وجوب کو مستلزم ہے۔

۲۔ (جمعہ) کی نفئ جواز کو مستلزم نہیں۔

یعنی جہاں شرائط مذکورہ نہ پائی جائیں تو وہاں جمعہ کی نماز واجب نہیں۔

شرائط مفقود ہوں تو جمعہ واجب تو نہ ہوا، لیکن وہاں کے مسلمان اگر پڑھ لیں تو جائز ہے، کیونکہ جمعہ کے وجوب کے احکام اور ہیں، اور جمعہ کے جواز کے احکام وجوب کے احکام سے الگ ہیں۔ لہٰذا اجر و ثواب کے حصول کے لئے جواز کافی ہے۔

متن اعلام المؤمنین

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

عجیب بات یہ ہے کہ ملک افغانستان اور خاص کر ہمارے ضلع سوات میں بعض خود غرض مولویوں نے اپنی شہرت کے لئے بعض احکامِ شرعیہ میں اختلاف پیدا کیا ہے، جس سے دین میں فتنہ وفساد، اختلاف وافتراق پیدا کیا، اور عوام کے ذہن ودل میں سلف صالحین کی اتباع کے بارے میں بدگمانی پیدا کی ہے۔ کیونکہ بہت سارے اعمال جو خواص وعوام میں معمول بھا تھے، ان کو حرام ومکروہ تحریمی قرار دیا ہے۔ ان بدمعاشوں نے معاشرے میں حرامِ قطعی کے مرتکبین پر اتنا تشدد نہیں کیا جتنا تشدد ان خود غرض مولویوں نے احکام کے فاعلین پر کیا ہے۔ مگر یہ سارا زبانی جمع خرچ ہے، ان کے پاس اس بارے میں کوئی دلیل وحجت نہیں ہے، کیونکہ ان متنازع فیہ مسائل میں سے بعض مطلق ہیں، اور بعض قیود وہیئات وتخصیص وکیفیت کے حوالے سے مکروہ تنزیہی بھی نہیں ہیں۔ چہ جائیکہ وہ حرام قطعی یا مکروہ یا بدعتِ سیئہ ہو جائیں۔ کیونکہ مکروہ بھی آٹھ احکامات میں سے ایک حکم ہے جس کے اثبات کے لئے دلیلِ شرعی ضروری ہے، یہ نہیں کہ مکروہ کس کی رائے سے ثابت ہوتا ہے۔ حالانکہ ان خود غرض مولویوں کے پاس ان اعمال کی ممانعت، کراہت اور بدعت ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ ان مسائل میں ایک مسئلہ جن کو ان فرضی مولویوں نے ممنوع فی الشرع کہا ہے۔ وہ نماز ہے جو رمضان المبارک کے جمعۃ الوداع کو ادا کیا جاتا ہے، جس کو قضاء عمری سے موسوم کیا جاتا ہے۔ بعض وہ لوگ جو عبادت کے ذوق وشوق ومٹھاس سے عاری ہوتے ہیں کہتے ہیں کہ اس سے نماز کی شریعت محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم میں کوئی اصل نہیں ہے۔ خواہ انفرادی ہو یا جماعت سے اور فقہ کی کتابوں میں اس کا کوئی ذکر بھی نہیں ہے، بلکہ یہ بدعتِ سیئہ مخترعہ (بنایا ہوا) ہے۔ اور اس کو زمانے کے بعد پیروں (زاہدوں) نے بے دلیل ایجاد کیا ہے، حالانکہ اس کے ثبوت ولزوم پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ یہ محض غلط اور بے بنیاد کام ہے۔ ہم دین میں اس کی کوئی دلیل نہیں جانتے۔

اے میرے دوست مسلمانو! اس نماز کو بدعتِ سیئہ کہنا، مذاق اڑانا، نمازی کا مذاق اڑانا یہ اس قولِ خداوندی کا مصداق ہے:

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ (٦٥) لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ (التوبة ٦٦)

ترجمہ: اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو، بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔

شریعت کا مذاق اڑانا کفر کو واجب کرتا ہے

اسی وجہ سے تفسیر احمدیہ میں ہے:

والمقصود ان الآیة بظاهرها تدل علی ان الإستهزاء بالشرائع یوجب الکفر لانه تعالیٰ رتبه علی استهزائهم بقوله تعالیٰ قد کفرتم بعد ایمانکم، وأیضًا ان من استهزاء باسم من أسماء الله تعالیٰ أو بامر من أوامره یکفر، اھ۔

ترجمہ: اس آیت سے مقصود یہ ہے کہ آیت اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ شریعت کا مذاق اڑانا کفر کو واجب کرتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کفر کو ان کے مذاق اڑانے پر مرتب کیا ہے اپنے اس قول سے کہ تم لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو، اور اسی طرح جو شخص اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک یا اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کا مذاق اڑائے گا کافر ہو جائے گا۔[1]

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ نفسِ نماز خواہ فرض ہے یا نفل، مامور بہ ہے شارع کی طرف سے، فرض کا حکم تو ظاہر ہے۔

اور نفل کے بارے میں فرمانِ الٰہی ہے:

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ (الحج ۷۷)

ترجمہ: اور بھلے کام کرو۔

اور شرعی احکام کا مذاق اڑانے کا حکم کتب میں ظاہر ہے۔

جیسا کہ شرح العقائد النسفی ہے:

بعض لوگ قضاء عمری کے قائل ہیں مگر انفرادی طور پر نہ کہ اجتماعی طور پر، اس لئے وہ کہتے ہیں کہ اجتماعی طور پر قضاء عمری مکروہ اور قبیح ہے۔[2]

اور بعض محبین عاشقین قضاء عمری کے اجتماعی طور پر بھی قائل ہیں کہ اس میں کوئی کراہت نہیں ہے اور لوگوں کو اس کی ترغیب بھی دیتے ہیں تاکہ اس آیت کا مصداق بنیں:

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ (آل عمران ۱۰۴)

---

[1] (تفسیر احمدی، ص ۴۷۰)

[2] (شرح العقائد النسفی، ص ۸۲)

تفسیر احمدی میں ہے:

أي الأفعال الحسنة الموافقة للشريعة ويأمرون بالمعروف أي الشئي الذي يستحسنه الشارع و العقل وينهون عن المنكر أي الشئي الذي يستقبحه الشارع و العقل و المعروف ما وافق الكتب و السنة و المنكر ما خالفها أو المعروف الطاعة و المنكر المعاصي و أولئک هم المفلحون۔

ترجمہ: تم میں سے ایک جماعت ہونی چاہیئے کہ جو شریعت کے موافق اعمالِ حسنہ کی دعوت دیتے رہیں، اور نیکی کا حکم دیتے رہیں۔ یعنی جس کو شریعت و عقل نے اچھا سمجھا ہو اور ان منکر کاموں سے لوگوں کو روکتے رہیں جن کو شریعت و عقل نے قبیح قرار دیا ہو، معروف وہ ہے جو قرآن و سنت کے موافق ہو، اور منکر وہ ہے کہ ان کے خلاف ہو، معروف طاعت اور منکر گناہ ہے، یہی لوگ کامیاب ہیں۔[1]

اس نص قطعی سے حسن و قبیح، طاعت و معصیت اور موافق الکتاب و مخالف الکتاب کے درمیان تقابل معلوم ہو گیا، کہ نفس نماز ایک اچھا امر ہے، نور و برہان ہے جو مؤمن کے ایمان پر دال اور قیامت کے دن مسلمان کی نجات کا وسیلہ ہے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا فَقَالَ: «مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُورًا وَبُرْهَانًا وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمن لم يحافظ عَلَيْهَا لم يكن لَهُ نور وَلَا برهَان وَلَا نجاة وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ قَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَأُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ». رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَان۔

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نماز کے بارے میں فرمایا: جس نے نماز کی حفاظت کی تو اس کے لئے قیامت کے دن نور، برہان اور نجات ہو گی۔ اور جس نے نماز کی حفاظت نہیں کی، اس کے لئے نور، برہان اور نجات نہیں ہو گی قیامت کے دن۔ اور قیامت کے دن یہ نمازی قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔[2]

جب نفسِ نماز نجات کا سبب بنا تو نماز عام ہے خواہ فرض ہو یا نفل یا قضاء شدہ نماز کی ادائیگی اور ان دونوں (اداء و قضاء) کی ادائیگی شارع کی طرف سے مامور بہ ہے۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ اس کی ادائیگی کی کوشش کرے۔ اور یہ نماز یا تو وصف قضاء سے موصوف ہو گی یا وصف نفل سے، اور جو اس کو بدعت اور قبیح کہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اس کی قباحت یا حرمت پر دلیل قائم کرے، کیونکہ حسن و قبیح، حلت و حرمت بغیر دلیل کے ثابت نہیں ہوتا۔ اس کے لئے امر یا نہی صریح ہونی چاہیئے۔

---

[1] (تفسیر احمدی، ص۲۰۷)

[2] (مشكوٰة المصابيح، ج ۱، ص ۱۸۳، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

وجوب وحرمت دونوں کا اعتماد امر ونہی پر ہوتا ہے

فیض الباری شرح صحیح البخاری میں ہے:

والذي يَظْهر أَنَّ الوجوب، والحرمة يتبعان الأمر والنهي، دون النظر المعنوي، فلا يَجِبُ الشيءُ ولا يَحْرمُ إلا بالأمر والنهي۔ أنَّ المأمور به لا بُدَّ أنْ يكونَ نافعًا في النَّظَر المَعْنوي، وكذلك المنهي عنه لا بُدَّ أنْ يكون مُضرًا فيه۔

ترجمہ: ماتن کا قول: وہ بات جو ظاہر ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ وجوب وحرمت دونوں کا اعتماد امر ونہی پر ہوتا ہے نہ کہ نظر معنوی سے، لہٰذا کسی چیز کا وجوب اور حرمت امر ونہی کے بغیر نہیں ہوتا۔ اسی طرح مامور بہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ نظر معنوی میں نافع ہو اور نہی مضر (نقصان دہ) ہو۔[1]

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ قضاء نماز بھی مامور بہ ہے شارع کی طرف سے، کیونکہ اداء کو ثابت کرنے والا قضاء کو بھی ثابت کرتا ہے، اور نفل بھی مامور بہ ہے۔ تو اب ہر مصنف کو چاہیئے کہ وہ انصاف کی نظر سے دیکھے کہ رمضان کے جمعۃ الوداع کو پانچ نمازیں ادا کی جاتی ہیں اس میں نفع ہے یا نقصان؟ اور ہمیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان پانچ نمازوں کے بدلے میں بہت سی نمازوں کا اجر عطا فرمائے گا۔

فرمان الٰہی ہے:

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا (الأنعام ۱۶۰)

ترجمہ: جو ایک نیکی لائے تو اس کے لیے اس جیسی دس ہیں۔

فرمان الٰہی ہے:

وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَشَاءُ (البقرة ۲۶۱)

ترجمہ: اور اللہ اس سے بھی زیادہ بڑھائے جس کے لیے چاہے۔

دوسری بات یہ کہ اس دن جمعۃ الوداع کی شرافت اور اللہ تعالیٰ کے رحم وکرم کی امید وطمع سے کیا بعید ہے؟ بلکہ شان وکرمِ الٰہی اس سے بھی زیادہ عظیم وکثیر ہے۔ اس نیت سے نماز نہیں پڑھنی چاہیئے کہ ان نمازوں کے وسیلے سے نمازوں کو قضاء کرنے کا گناہ ختم ہو جائے گا۔ اور اس ایک نماز کے بدلے میں اس کی زندگی کی تمام قضاء شدہ نمازیں ادا ہو جائیں گی۔ یہ کسی بھی مسلمان کا عقیدہ نہیں ہے، نہ اس طرح کسی نے کہا ہے اور نہ کہتا ہے، ہاں اگر کوئی جاہل اپنی طرف سے فاسد باتیں کرتا ہے تو ان باتوں کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ یہ عقیدہ نصوص قطعیہ اور اجماع کے مخالف ہے۔ اور جاہلوں کی باتوں میں آکر اس نماز کو حرام کہنا

---

[1] (فیض الباری شرح صحیح البخاری، ج ۲، ص ۱۸۸، المکتبۃ الفاروقیۃ)

عوام کو دھوکہ دینا ہے کیونکہ یہ اصلاً حرمت کی دلیل نہیں ہے، کیونکہ کسی چیز کی حلت و حرمت شارع کے قول سے ثابت ہوتی ہے۔ تو مناسب ہے کہ جاہلوں کی باتوں کی اصلاح کی جائے اور راہِ مستقیم پر لانے کی کوشش کی جائے، نہ کہ ان عوام فاسد خیالات و باطل عقائد کی وجہ سے کسی مستحسن امور کو حرام قرار دیا جائے۔ یہ کسی بھی منصف کے علم سے بہت بعید ہے۔

پس قضاء عمری سلف صالحین سے منقول ہے یہ نام ہے احتمالی فوت شدہ نمازوں کی قضاء کا جن کی قضاء کی جاتی ہے۔ اس وجہ سے کہ ادا کردہ نمازوں میں کوئی فساد کا شبہ ہو گیا ہو، اور یہ اپنی عمر کی نمازوں کی احتیاطی قضاء ہے جو امر دین میں احتیاط کرنا ہے۔ اور اہلِ عرف کے ہاں اس کا نام یہ ہے کہ جمعۃ الوداع کو جمعہ کی نماز کے بعد پانچ نمازیں ادا کرنا اذان و اقامت کے ساتھ۔ اور اس کو بدعتِ سیئہ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ فقہاء کرام نے اس کے اصل کو باب قضاء الفوائت میں نقل کیا ہے، کیونکہ قضاء فوائتِ احتمالی کا ہوتا ہے اور اگر فوائت یقینی ہوں تو پھر دلیلِ نقلی اور فعلی کے ساتھ ثابت ہے۔

قضاء کے ثبوت میں دلیلِ فعلی

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا یہ قول مبارک ہے:

مَنْ نَسِيَ صَلَاةً أَوْ نَامَ عَنْهَا فَكَفَّارَتُهُ أَنْ يُصَلِّيَهَا إِذَا ذَكَرَهَا۔

ترجمہ: جو کوئی نماز بھول گیا یا اس سے سو تارہ گیا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب بھی وہ نماز یاد آجائے اس کو پڑھ لے۔[1]

اور قضاء کا ثبوتِ فعلی وہ ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے لیلۃ التعریس کو فجر کی نماز قضاء ہو گئی تھی۔ اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم یوم الخندق کو چار نمازوں سے جہادی امور میں مشغول ہو گئے تھے اور پھر ان نمازوں کی بالترتیب قضاء پڑھی تھی اذان و اقامت کے ساتھ۔ جیسا کہ یہ فقہ حنفی کے باب الاذان میں تفصیلاً مذکور ہے۔

اور رہی بات مجرد احتمال کے طور پر قضاء کا ثبوت بطور احتیاط کے تو وہ سلف صالحین سے منقول ہے جس پر کتبِ فقہ کی عبارات شاہد ہیں۔ اور ہم فقہاء کے اقوال و افعال کے شرعاً تابع ہیں۔ اس کا حکم البحر الرائق، باب قضاء الفوائت، جلد ثانی، فتاویٰ برہنہ علی قاضی خان، ص۵۶، ردالمحتار، ص۴۹۰، طحطاوی، ص۲۴۳، عالمگیری، شرح نقایہ وغیرہ کتب میں ہے۔

عزیز قارئین! جب آپ کے ساتھ قضاء عمری کا ثبوت اجمالی طور پر واضح ہوا تو اب اقوالِ فقہاء کا تفصیلی مطالعہ فرمائیں:

یہاں پر دو باتوں کی معرفت ضروری ہے:

۱۔ قضاء عمری کی نماز کا نفسِ استحباب احادیث و فقہاء کی عبارات سے۔

۲۔ قضاء عمری نماز کا جواز اذان و اقامت سمیت کتبِ فقہ سے۔

---

[1] (مشكوٰة المصابيح، ج ا، ص ۱۹۱، الناشر: المكتب الإسلامي-بيروت)

قضاء عمری کا اثبات احادیث نبوی ﷺ سے

تذکرۃ الواعظین میں ہے:

عن علي أنه قال لو أراد الله أن یعذب المؤمنین من أمة محمد صلی الله تعالیٰ علیه و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم لما أکرمهم بشهر رمضان فشهر رمضان أمان الله لامة محمد صلی الله تعالیٰ علیه و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم فمن صلی الفائتة آخر الجمعة من شهر رمضان بین الظهر و العصر فکانما صلی سبعین سنة۔ اھ۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ امتِ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو عذاب دینے کا ارادہ فرماتا تو ان کو رمضان المبارک کے مہینے کی وجہ سے عزت نہ دیتا، ماہِ رمضان اُمتِ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے لئے امان ہے، پس جس نے جمعۃ الوداع کو ظہر و عصر کے مابین ایک فوت شدہ نماز پڑھ لی تو گویا اس نے ستر سال کی نمازیں پڑھ لیں۔[1]

اس عبارت میں کَاَنَّ تشبیہی سے مراد مماثلتِ حقیقی نہیں۔ جیسا کہ بعض لوگوں کا گمان ہے، بلکہ مراد مبالغہ اور زیادتِ ثواب ہے کہ عمل قلیل اور ثواب زیادہ ہے۔ اور یہ نصوصِ قطعیہ سے ثابت ہے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

فَعَلَیْکُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ۔

ترجمہ: تم پر میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت لازم ہے۔[2]

اور سنت کا اطلاق جیسے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے قول فعل و تقریر پر ہوتا ہے تو اسی طرح صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول، فعل اور تقریر پر بھی ہوتا ہے۔ لہٰذا احادیث سے قضاءِ عمری کا استحباب بلکہ سنت ہونا ثابت ہوا، کیونکہ قضاءِ عمری کی حدیث حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔

رمضان کے جمعۃ الوداع کو پانچ فرض نمازوں کی قضاء ستر سالوں کی قضاء نمازوں کی پٹی

نہایہ میں ہے:

عن النبي علیه السلام أنه قال من قضی خمس صلواتٍ من الفرائض في أخر الجمعة من شهر رمضان کانت جبیرة لکل صلاة فائتة في عمره إلی سبعین سنة و الکل یخسر في الصلاة بوسوسة أو غیر ذلک۔

---

[1] (تذکرۃ الواعظین، باب ۵۵)

[2] (مشکوۃ المصابیح، ج ۱، ص ۵۸، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان کے جمعۃ الوداع کو پانچ فرض نمازوں کی قضاء پڑھی تو یہ اس کے عمر کے ستر سالوں کی قضاء نمازوں کی پٹی ہو جائے گی۔ اور ہر شخص اس نماز میں وسوسہ وغیرہ سے خسارہ میں پڑ جاتا ہے۔

اور فوائد بہیہ میں صاحب نہایہ کے حالات اس طرح لکھے ہوئے ہیں:

صاحب النهاية حسام الدين الحسين بن علي بن حجاج بن علي السغناقي كان عالما فقيها نحويا جدليا قال في كشف الظنون هو من تلاميذ صاحب الهداية، اھ۔

ترجمہ: نہایہ کے مصنف حسام الدین الحسین بن علی بن حجاج بن علی السغناقی ہیں جو عالم، فقیہ اور نحوی تھے، کشف الظنون میں ہے کہ آپ صاحبِ ہدایہ کے شاگرد ہیں۔[1]

اور نہایہ کی عبارت ظاہر پر محمول نہیں ہے کہ پانچ نمازیں ستر سالوں کی نمازوں کے برابر ہیں۔ جیسا کہ بہت سے لوگوں کا یہ گمان ہے، کیونکہ اس ظاہری معنی کی حیثیت سے یہ دیگر احادیث کے ساتھ معارض ہے اور علم اصول کے قواعد کے بھی خلاف ہے۔

قضاء نماز کا کفارہ یہ ہے کہ جیسے ہی یاد آئے فوراً ادا کرے

یہ اس حدیث کے خلاف ہو گی:

من نسي صلاة، أو نام عنها، فكفارتها أن يصليها إذا ذكرها، وفي رواية: لا كفارة لها إلا ذلك۔

ترجمہ: جو نماز بھول گیا یا سو تارہ گیا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جیسے یاد آجائے تو ادا کرے، اس کا یہی کفارہ ہے۔[2]

اصول کتاب کی یہ عبارت ہے، جیسے مولوی یعقوب نے لکھا ہے:

فيطالب المرء بالخروج عن العهدة أن يصرف إليه ما هو مشروع له في وقت آخر ويماثله في الهيئة والأذكار حسا وعقلاً وفي إزالة الإسم شرعًا وإن لم يماثلها في احراز الفضيلة، اھ۔

مرد سے مطالبہ کیا جائے گا کہ اپنی ذمہ داری پوری کرے کہ وہ کسی اور وقت میں اس طرح کا عمل کرے جو اس کے لئے مشروع کیا گیا تھا۔ اور جو ظاہری اور عقلی طور پر طریقہ اور اذکار میں اس کے مثل ہو، اگرچہ اس سے اسم (ادا) ازالہ ہو چکا ہو، اگرچہ ثواب پانے کے حوالہ سے وہ اس کے مثل نہ ہو۔

---

[1] (فوائد بهيه، ص ٦٢)

[2] (مشكوٰة المصابيح، ج٢، ص ٦٢٩)

بلکہ اس حدیث سے مراد ثواب اور اجر کے اضافے میں تاکید اور مبالغہ ہے، جو اس خاص عمل سے حاصل ہوتا ہے۔ جو جمعۃ الوداع کو پانچ نمازوں کی ادائیگی سے حاصل ہوتا ہے۔ جو ستر سالوں کے برابر ثواب کا ملنا ہے۔ اور فقہاء کی اصطلاح میں اس کو ناقص کا کامل سے الحاق کہتے ہیں۔

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسلم: «إن عمْرَة فِي رَمَضَان تعدل حجَّة»۔

ترجمہ: رمضان میں عمرہ حج کے برابر ہے۔[1]

کامل، کامل، کامل حج وعمرہ کا ثواب

نیز آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا فرمان ہے کہ:

مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللَّهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ». قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ». رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔

ترجمہ: جس نے فجر کی نماز جماعت سے پڑھی پھر سورج طلوع ہونے تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا، پھر دو رکعت نوافل پڑھے تو گویا اس کے لئے حج وعمرے کا ثواب واجر ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: کامل، کامل، کامل حج وعمرہ کا ثواب۔[2]

اشعۃ اللمعات میں خاص عمل کثیر عمل کے مماثل ہونے کی بہترین تصریح ہے:

وبالجملۃ ہر کہ دو رکعت دریں وقت بگذارد کانت له کاجر حجة وعمرة واین اگرچہ بحقیقت مثل آن نباشد زیرا کہ اجر بقدر تعب اوست ولیکن مشابہ باوست وچندان ثواب دارد کہ گویا عین آن است واین را از باب الحاق ناقص بکامل گویند۔

ترجمہ: الحاصل یہ کہ جو اس وقت دو رکعت پڑھے گا تو اس کو حج اور عمرہ کے برابر اجر ملے گا، اگرچہ کہ یہ حقیقت میں مماثلت نہیں ہے، کیونکہ اجر تو بمقدار مشقت وتکلیف کے ملتا ہے۔ لیکن چونکہ اس کے مشابہ ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ ثواب واجر رکھتا ہے تو گویا کہ یہ عین وہی عمل ہے اور یہ ناقص کو کامل کے ساتھ الحاق کرنے کے باب سے ہے۔[3]

[1] (مشكوٰة المصابيح، ج ٢، ص ٧٧٢، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)
[2] (مشكوٰة المصابيح، ج ١، ص ٣٠٦، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)
[3] (اشعة اللمعات، ص ٤٥٤)

جمعہ کے دن ہر قدم پر ایک سال کے قیام وصیام کا ثواب

اور حدیث میں آتا ہے کہ:

مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ: أَجْرُ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا". رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ۔

ترجمہ: جس نے جمعہ کو غسل کیا یا غسل کرایا اور پہلے وقت میں مسجد آیا اور خطبہ کو ابتدا سے پایا، پیدل آیا، سوار نہیں ہوا، اور امام کے قریب بیٹھ کر خطبہ سنا اور لغو کام نہیں کیا تو اس کے ہر قدم پر اس کو ایک سال کے قیام وصیام کا ثواب ملے گا۔[1]

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ؟» فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ: «يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ أَوْ يُحَطُّ عَنْهُ أَلْفُ خَطِيئَةٍ». رَوَاهُ مُسلم۔

ترجمہ: کیا تم میں سے کوئی اس سے عاجز ہے کہ روزانہ ہزار نیکی کمائے؟ کسی بیٹھے ہوئے شخص نے پوچھا کیسے ہم ہزار نیکی کمائیں؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: سو بار تسبیح پڑھے گا تو ہزار کا ثواب لکھا جائے گا اور ہزار گناہ معاف ہو جائیں گے۔[2]

اسی طرح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

مَنْ سَبَّحَ اللهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمَنْ حَمِدَ اللهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلَى مِائَةِ فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللهِ وَمَنْ هَلَّلَ اللهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ أَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيل۔

ترجمہ: جس نے صبح وشام سو بار سبحان اللہ پڑھا گویا اس نے سو حج ادا کئے، اور جس نے صبح وشام سو بار لا الہ الا اللہ پڑھا گویا اس نے اولادِ اسماعیل میں سو غلام آزاد کئے۔[3]

ملاحظہ فرمائیں کہ ان احادیثِ مذکورہ میں قربتِ ثواب میں اعمالِ قلیلہ، اعمالِ کثیرہ کے برابر ومساوی ہیں، جس کی صراحت مذکور ہے۔ تو اب اس کے مقابلہ میں مفتاح الدین مُلا کا یہ قول کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ ایک نماز اتنی زیادہ نمازوں کے ساتھ ہیئت واذکار میں حسًا اور عقلاً برابر نہیں ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ مُلا مفتاح الدین کا یہ قول احادیث

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۴۳۷، الناشر: المکتب الإسلامي-بيروت)
[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۲، ص ۲ ۱ ۷)
[3] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۲، ص ۵ ۱ ۷، الناشر: المکتب الإسلامي-بيروت)

کے ظاہر سے مخالف ہے، کیونکہ مُلا مفتاح الدین نے مماثلت سے ہیئت مراد لی ہے، حالانکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی یہ مراد نہیں ہے، بلکہ ان مقامات میں مماثلت فی الاجر مراد ہے۔

اسی طرح تنبیہ الغافلین میں رمضان کی فضیلت میں آیا ہے:

عن سلمان الفارسي رضي اللہ تعالیٰ عنه قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآلہٖ واصحابہٖ وسلم آخر یوم من شعبان فقال یا ایها الناس أنه قد اظلکم شهر عظیم مبارک شهر فیه لیلة القدر وهی خیر من ألف شهر فرض اللہ صیامه وجعل قیام لیلة تطوع فیه بخصلة من الخیر کمن ادی فریضة فیما سواه ومن ادی فریضة فیه کان کمن ادی سبعین فریضة فیما سواه، اھ۔

ترجمہ: حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے شعبان کے آخری دن تقریر فرمائی کہ اے لوگو! تم لوگوں پر ایک عظیم مہینہ نے سایہ کیا جو مبارک مہینہ ہے، اس میں لیلۃ القدر ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے روزے فرض اور رات کا قیام سنت قرار دیا۔ اس میں ایک نیکی فرض کے برابر اور ایک فرض ستر فریضوں کے برابر ہے باقی دنوں کے حساب سے۔[1]

اسی بناء پر ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تذکرۃ الموضوعات میں اور دیگر ناقلین نے جو نہایہ کی حدیث کو موضوع قرار دیا ہے کہ قابلِ اعتبار اور لائقِ احتجاج نہیں ہے، تو یہ بات بالکل صحیح ہے لیکن مطلقاً نہیں۔ ہاں اس وقت ان کا اس کو موضوع قرار دینا صحیح ہو تا جب صاحبِ نہایہ اس حدیث کو ظاہری معنی میں لیتے اور کہتے کہ یہ مماثلتِ حقیقی ہے۔ اور جب اس کو حقیقی معنی سے تاویل کر کے اس سے مراد مماثلت فی الاجر لیا گیا تو پھر اس کو موضوع قرار دینے کی کوئی حاجت نہیں ہے، کیونکہ بہت ساری احادیث ہیں کہ تاویلی معنی پر محمول ہیں، ان سے حقیقی معنی مراد نہیں لیا جا سکتا۔ اور تاویل کے بعد نہایہ کی حدیث جو قضاء عمری کے ثبوت میں وارد ہے بعینہٖ اس کا معنی بھی دیگر احادیث کی طرح ہے۔

آئیں دیکھیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَا یُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتَّی أَکُونَ أَحَبَّ إِلَیْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِینَ۔

ترجمہ: تم میں سے اس وقت تک کوئی مؤمن نہیں ہے جب تک اس کے ہاں میں (محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم) اس کے والد، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔[2]

---

[1] (تنبیہ الغافلین، ص ۱۱۹)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۱۰، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

مسجد کے پڑوسی کی نماز صرف مسجد ہی میں جائز ہے

اسی طرح یہ حدیث کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

لا صلاۃ لجار المسجد۔

ترجمہ: مسجد کے پڑوسی کی نماز صرف مسجد ہی میں جائز ہے۔[1]

تو پہلی مسجد سے ظاہری معنی مراد نہیں ہے کہ مطلق ایمان کی نفی ہو جائے بلکہ مراد تاویلی معنی ہے جو کمالِ ایمان کی نفی ہے، اسی طرح دوسری حدیث میں نفسِ نماز کی نہیں بلکہ کامل نماز کی نفی ہے۔

اس کے مثل نہایہ کی حدیث میں تاویلی معنی مراد ہے جو مماثلت فی الاجر ہے۔ اسی طرح ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا استدلال کہ جو نہایہ کی حدیث پر موضوعیت کا قول کرتا تھا وہ بھی ظاہر و معلوم ہوا، وہ معارض نہیں ہے دیگر احادیث کے ساتھ۔ جیسا کہ آپ نے ماقبل پڑھ لیا ہے۔ اور نہ یہ اجماع کے مناقض ہے، کیونکہ تناقض اس بات سے عبارت ہے کہ جب دو حجتوں کا مقابلہ ہو اور ان دونوں میں جمع ہونا ممکن نہ ہو۔

جیسا کہ ملا محمد یعقوب نے شرح حسامی، باب المعارضہ میں لکھا ہے:

وبالاصطلاح تقابل الحجتین المساویتین علی وجہ لا یمکن جمعھما، اھ۔

ترجمہ: تقابل کا اصطلاحی معنی یہ ہے کہ دو برابر کی حجتوں کا مقابل ہونا اس شان سے کہ ان دونوں میں جمع ہونا ممکن نہ ہو۔

اسی طرح روح البیان میں بھی مذکورہ حدیث کو فرمانِ الٰہی: وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ (الأنعام ۵۵) کی تفسیر میں تاویلی معنی پر حمل کیا ہے:

فمعنی ان اللہ تعالی لا یحاسبہ یوم القیامۃ لا یقول لہ لم اخرت الصلاۃ التی فرضت علیک عن اوقاتھا وذلک ببرکۃ ھذہ الصلاۃ الشریفۃ التی ھی تأکید لتوبتہ وزیادۃ فی اعتذارہ وقد عرف فی الشرع ان العبد کما یحاسب علی ترک الصلوات کذلک یحاسب علی تأخیرھا عن اوقاتھا۔

ترجمہ: اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا قیامت کے دن محاسبہ نہیں فرمائے گا اور یہ نہیں فرمائے گا کہ تم نے نماز کیوں مؤخر کی تھی جو میں نے تم پر وقت وقت میں فرض کی تھی۔ اور یہ تمام (عدم سوال) اس نماز شریف کی برکت سے ہو گی جو اس کی توبہ کی تاکید کے لئے تھی۔ اور اس کی معذرت میں زیادت تھی، اور شریعت میں یہ معلوم ہے کہ بندے کا نماز نہ پڑھنے پر محاسبہ ہو گا اسی طرح مؤخر کرنے پر بھی محاسبہ ہو گا۔[2]

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج۳، ص ۲۱۵)

[2] (روح البیان، ج۳، ص ۴۰، الناشر: دار الفکر - بیروت)

لہٰذا اسی بناء پر کہ جو توجیہ صاحبِ روح البیان نے بیان کی، نہایہ کی حدیث اصولِ شریعت اور اجماعِ اُمت کے خلاف نہیں ہوئی۔

پس یاد رکھیں کہ کہ تذکرۃ الواعظین اور نہایہ کی حدیث خالی نہ ہو گی یا تو صحیح و قوی ہو گی یا سقیم وضعیف، یا جھوٹی موضوع ہو گی۔ اگر صحیح و قوی ہے تو اس پر عمل کرنے میں کوئی کلام نہیں، اور اگر سقیم وضعیف ہے تو علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ضعیف حدیث فضائلِ اعمال میں جائز العمل ہے۔

حدیثِ ضعیف پر عمل کرنا جائز ہے

جیسا کہ رد المحتار شامی میں ہے:

عَلَى أَنَّهُ فِي فَضَائِلِ الْأَعْمَالِ يَجُوزُ الْعَمَلُ بِالْحَدِيثِ الضَّعِيفِ كَمَا مَرَّ أَوَّلَ كِتَابِ الطَّهَارَةِ۔

ترجمہ: فضائل الاعمال میں حدیثِ ضعیف پر عمل کرنا جائز ہے، جیسا کہ کتاب الطہارۃ میں گزرا ہے۔ [1]

اسی طرح ایک اور جگہ ہے:

وَالْعُلَمَاءُ يَتَسَاهَلُونَ فِي ذِكْرِ الْحَدِيثِ الضَّعِيفِ وَالْعَمَلِ بِهِ فِي فَضَائِلِ الْأَعْمَالِ۔

ترجمہ: علماء ضعیف حدیث کو فضائل الاعمال میں اور اس پر عمل کرنے میں تساہل (آسانی) لاتے ہیں۔ [2]

اور روح البیان میں ہے:

والحديث الضعيف يعمل به فى فضائل الاعمال فعلى العاقل ان يموت قبل ان يموت ويحيى بالحياة الطيبة وذلک بظهور سر الحياة له بتربية مرشد كامل۔

ترجمہ: فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کیا جا سکتا ہے لہٰذا عاقل کو چاہیئے کہ مرنے سے پہلے مر جائے اور پاک زندگی سے زندہ ہو جائے اور زندگی کا یہ راز مرشدِ کامل کی تربیت سے حاصل ہوتا ہے۔ [3]

شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مقدمہ اشعۃ اللمعات میں لکھتے ہیں:

واگر از جہت اتہام کذب راوی باشد ودر و فحش خطا بود اگرچہ تعدد طرق داشتہ باشد منجبر نگردد وحدیثے کہ محکوم بضعف باشد در فضائل معمول باشد۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۳۸۵، الناشر: دار الفکر-بیروت)
[2] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۱۳۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)
[3] (روح البیان، ج ۴، سورۃ ابراھیم، آیۃ ۲۷، ج ۴، ص ۴۱۷، الناشر: دار الفکر-بیروت)

ترجمہ: اگر تہمت کی وجہ راوی کا جھوٹ ہو اور اس میں بڑی غلطی ہو اگر چہ طرق کا تعدد بھی ہو اور اس حدیث پر ضعف کا قول ہو تو وہ فضائل اعمال میں معمول ہو گی (یعنی اس پر عمل کیا جائے گا)۔[1]

اس کے مثل مولانا عبد الحئ لکھنوی نے اپنے رسالہ **الاجوبۃ الفاضلۃ للاسئلۃ العشرۃ الکاملۃ** میں فضائل اعمال میں ضعیف حدیث کی قبولیت کی بحث میں لکھا ہے۔

متن اعلام المؤمنین حدیثِ ضعیف پر عمل کرنا جائز ہے پر

حاشیۂ

سیف المؤمنین علی اعناق المنکرین

حدیث ضعیف اور اس کے متعلقات

بعض علماء کا یہ معمول ہے کہ جس حدیث شریف کو اپنے مؤقف کے خلاف دیکھا، فوراً اسے ضعیف کر دیا۔ اس لئے ہم نے مناسب خیال کیا کہ ضعیف حدیث شریف اور اس کے متعلق کچھ لکھ دیا جائے۔

یہ ان لوگوں کی جہالت ہے جو ضعیف کی رٹ لگا کر عوام الناس کو عبادت و ریاضت سے روکتے ہیں۔ عند المحدثین، فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل جائز ہے اور اس سے استحباب ثابت ہو جاتا ہے۔ **ولٰکن الوھابیۃ قومٌ لا یعلمون۔**

خود سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَا جَاءَكُمْ عَنِّي مِنْ خَيْرٍ قُلْتُهُ، أَوْ لَمْ أَقُلْهُ، فَأَنَا أَقُولُهُ، وَمَا أَتَاكُمْ عَنِّي مِنْ شَرٍّ، فَأَنَا لَا أَقُولُ الشَّرَّ۔

"تمہیں جس بھلائی کی خبر پہنچے خواہ وہ میں نے فرمائی ہو یا نہ فرمائی ہو، میں اسے فرماتا ہوں اور اگر تمہیں بری بات پہنچے تو میں بری بات نہیں فرماتا۔"[2]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

من بلغه عن الله شيء فيه فضيلة فأخذ به إيمانا ورجاء ثوابه أعطاه الله ذلك وإن لم يكن كذلك۔

"جس کو اللہ تعالیٰ سے فضیلت کی کوئی خبر پہنچے وہ اپنے یقین اور اس کے ثواب کی امید سے اس بات پر عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے وہ فضیلت عطا فرمائے گا اگر چہ وہ خبر درست نہ ہو۔"[3]

---

[1] (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ، ص۷)

[2] (مسند امام احمد ج۱۴، ص۱۰۴، الناشر: مؤسسۃ الرسالۃ)

[3] (کنز العمال، ج۱۵، ص۷۹۱، الناشر: مؤسسۃ الرسالۃ)

مزید ارشاد فرمایا کہ:

ماقیل من اقول حسن فانا قلته۔

”جو اچھی بات میری طرف سے پہنچائی جائے وہ میں نے فرمائی۔“[1]

وفی روایة خذوا به حدثت به اولم احدث به۔

”عمل کرو چاہے وہ میں نے فرمائی ہو یا نہ فرمائی ہو۔“[2]

امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ محدثین کرام فقہائے عظام علماء نے فرمایا ہے کہ فضائل اور ترغیب وترہیب میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا مستحب ہے۔[3]

امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ ہمارے ائمہ فقہاء اصولین اور حفاظ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ بے شک ضعیف حدیث مناقب میں حجت ہوتی ہے جس طرح علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث حجت ہوتی ہے۔[4]

علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لکھا ہے:

علی أنّه فی فضائل الأعمالِ یجوز عمل بالحدیث الضعیف کما مرّ فی أوّل کتاب الطّهارة۔[5]

اور اسی طرح لکھتے ہیں:

والعلماء یتساهلون فی ذکر الحدیث الضعیف والعمل به فی فضائل الأعمال۔[6]

وفی روح البیان: والحدیث الضعیف یعمل به فی فضائل الاعمال فعل العاقل أن یموت قبل أن یموت ویحیی بالحیوة الطیبة وذلک بظهورِ سرّ الحیوة له بتربیة مرشدٍ کاملٍ۔[7]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مقدمہ اشعت اللمعات شرح مشکوۃ میں لکھتے ہیں:

اگر از جہت اتہام کذب راوی باشد در فحش خطا بود اگرچہ تعدد طرق داشتہ باشد منجبر نگردد وحدیث محکوم بہ ضعف باشد در فضائل معمول باشد۔[8]

---

1 (سنن ابن ماجہ ص ۴)

2 (کنز العمال ج ۱۰ ص ۲۲۹)

3 (کتاب الاذکار ص ۵)

4 (تطهیر الجنان ص ۱۳)

5 (ردالمختار، ص ۲۹، ج ۱)

6 (ردالمحتار، ص ۲۹، ج ۱)

7 (روح البیان، ص ۲۷۳، ج ۲، بحوالہ اعلام المؤمنین ص ۶۹)

8 (اشعت اللمعات ص ۷)

امام خطیب بغدادی اور محدث بصیل امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ محدثین وغیرہم علماء کے نزدیک ضعیف اسناد میں تساہل اور بے اظہار ضعف موضوع کے علاوہ ہر قسم کی روایت اور اس پر عمل فضائل اعمال وغیرہ امور میں جائز ہے۔[1]

امام سخاوی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن عبد البر نے کہا ہے:

فضائل میں ضعیف حدیث پر عمل جائز ہے امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کہا ہے کہ احتیاط کے مواقع پر بھی ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے۔۔۔امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کئی کتب میں لکھا ہے کہ محدثین کا اس بات پر اجماع ہے کہ فضائل میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے۔[2]

ابن کثیر لکھتے ہیں:

موضوع کے سوا احادیث کو ترغیب وترہیب، قصص، مواعظ اور ایسے دیگر امور میں بیان کرنا جائز ہے۔[3]

حافظ زین الدین عراقی نے بھی یہی بیان کیا ہے۔[4]

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ اور رجب کے مہینوں کی فضیلتوں میں حدیثیں ضعیف سندوں سے آئی ہیں ان پر عمل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں پس اگر اپنی جان میں قوت پائے تو ان پر عمل کرے۔[5]

اس مفہوم کی عبارات کے لئے ہم صرف حوالہ جات پر خوف طوالت کی وجہ سے اکتفا کر رہے ہیں۔[6]

خود اکابرینِ وہابیہ کی گواہی

وہابیہ کے مجدد نواب صدیق حسن بھوپالی لکھتے ہیں کہ:

احادیث ضعیفہ در فضائل اعمال معمول بہا است۔[7]

---

1 (تدریب الراوی ص ۲۹۸ الکفایہ فی علم الروایہ ص ۱۳۳)
2 (فتح المغیث ص ۳۳۴، ۳۳۲، ج ۱)
3 (اختصار علوم الحدیث ص ۷۲)
4 (التبصرہ والتذکرہ ص ۲۹۱، ج ۱)
5 (الانتباہ فی سلاسل الاولیاء ص ۲۶)
6 (علم الحدیث ص ۹۳، تقریب النواوی ج ۱ ص ۲۹۸، موضوعات کبیر ص ۶۳، مقدمہ ابن صلاح ص ۴۸، مصطلح الحدیث ص ۶۴، شرح مسلم ص ۲۱، ج ۱، مرقاۃ المناتیح ص ۸۳ ج ۲، قوت القلوب ص ۳۶۳ ج ۱، مقدمہ مشکوٰۃ شیخ عبد الحق ص ۵، شرح المہذب ص ۲۲۲ ج ۳)
7 (مسک الختام ص ۵۷۲ ج ۱)

فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے

وہابیہ کے محدث عبد اللہ روپڑی لکھتے ہیں:

"فضائل اعمال میں ضعیف حدیث معتبر ہے۔"[1]

روپڑی صاحب ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

"حدیث اگرچہ ضعیف ہے مگر محدثین کا اصول ہے کہ ایسے مسائل میں ضعیف حدیث پر بھی عمل درست ہے۔"[2]

وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری شب برأت کی عبادت کے متعلق لکھتے ہیں :

"اس رات کے متعلق ضعیف روایتیں ہیں اس دن کوئی کار خیر کرنا بدعت نہیں ہے بلکہ بحکم **انما الاعمال بالنیات** مؤجب ثواب ہے۔"[3]

وہابیہ کے مولوی عبد الستار دہلوی نے لکھا ہے:

"ضعیف حدیث بھی قابل عمل ہوتی ہے۔"[4]

وہابیہ کے مولوی عبد الغفور اثری نے امام سخاوی سے نقل کیا ہے کہ جائز اور مستحب ہے کہ فضائل اعمال اور ترغیب و ترہیب میں ضعیف حدیث پر عمل کیا جائے۔[5]

وہابیہ کے محدث نذیر حسین دہلوی نے لکھا ہے:

"ضعیف حدیث فضائل میں مقبول ہے۔"[6]

وجواز بر حدیث ضعیف مجمع علیہ آئمہ اسلام است در فضائل۔

"ائمۂ اسلام کا اجماع و اتفاق ہے کہ فضائل میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے۔"[7]

"وہابیہ کے لسان العصر مولوی بشیر الرحمن سلفی نے اپنے وہابیہ کو اس متعلق خوب تبرک دیا ہے۔ چند ایک جملے درج کئے جاتے ہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ بعض مدعیان علم ضعیف حدیث کو تنِ مردہ سے تشبیہ دے کر اسے بالکل نظر انداز کرنے کے

---

[1] (فتاویٰ اہل حدیث ص ۵۲، ۱۳۷، ج ۲، فتاویٰ علماء کے حدیث ص ۲۵۷ ج ۴)

[2] (فتاویٰ اہل حدیث ج ۱ ص ۲۷۸)

[3] (فتاویٰ ثنائیہ ص ۶۵۲ ج ۱)

[4] (فتاویٰ ستاریہ ص ۳۷ ج ۴)

[5] (احسن الکلام ص ۴۴)

[6] (فتاویٰ نذیریہ ص ۳۰۳ ج ۱)

[7] (رسالہ تراویح ص ۲۴)

قائل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مردے بیس بھی جمع ہو جائیں تو ایک زندہ کا بھی مقابلہ نہیں کرسکتے۔ یہ بات غلط ہے ضعیف حدیث کو مردہ نہیں کمزور کہنا چاہئے، یہی ضعیف کا مفہوم ہے۔ ضعیف اور موضوع حدیث میں زمین وآسمان کا فرق ہے، حق یہ ہے کہ دو کمزور مرد ایک طاقت ور کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔"[1]

"کسی ضعیف حدیث کا ہر گز یہ مطلب نہیں ہوتا کہ یہ لازماً ناقابل عمل ہے۔"[2]

احادیث شریف کو ضعیف کہہ کر انہوں نے اپنے خبثِ باطن کا اظہار اور دل کا غبار اتار لیا ہے۔۔۔ نہ جانے کس ملحد و زندیق نے ضعیف احادیث کے بارے میں یہ زہر افشانی کر کے دین کے اکثر و بیشتر حصے کو ناقابل اعتبار بنانے کی مذموم ونامشکور کوشش کی ہے۔ ضعیف احادیث اگر اس احمقانہ انداز سے ناقابل اعتبار ہو جائیں تو حافظ ابن حجر بلوغ المرام میں مسلکِ محدثین کے ثبوت میں بہت سے مقامات پر ضعیف احادیث سے استدلال نہ کرتے۔ امام بخاری اپنی مایہ ناز کتاب صحیح البخاری میں ضعیف احادیث کو ترجمہ الباب میں تائید کے لئے پیش نہ فرماتے۔ حق یہ ہے کہ تمام آئمہ ھدیٰ نے احادیث ضعاف کو معرض استدلال میں دلیل بنایا ہے۔[3]

وہابیہ کے محدث زبیر علی زئی کے نزدیک بھی ضعیف حدیث شرائط کے ساتھ فضائل میں معتبر ہے۔[4]

اہل علم کا عمل اور ضعیف حدیث کی تقویت:

اہل علم کے عمل کی وجہ سے بھی حدیث ضعیف کو تقویت مل جاتی ہے۔

"محدثِ جلیل ملا علی قاری علیہ الرحمۃ ایک حدیث کی بابت لکھتے ہیں کہ امام نووی نے کہا کہ اس کی اسناد ضعیف ہیں اس کو میرک سے نقل کیا ہے۔ امام ترمذی اہل علم کے عمل کی وجہ سے اس حدیث شریف کی تقویت کا ارادہ کرتے ہیں۔"[5]

امام حاکم صلوٰۃ التسبیح کی حدیث کے متعلق لکھتے ہیں:

"جس بات سے اس حدیث کی صحت پر استدلال کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ تبع تابعین سے ہمارے دور تک ہمارے مقتدا دوام کے ساتھ اس پر عمل کرتے رہے اور لوگوں کو اس پر عمل کی تلقین کرتے رہے، ان میں حضرت عبد اللہ بن مبارک (رحمۃ اللہ علیہ) بھی ہیں۔"[1]

---

[1] (الدعا صفحہ ۲۴)

[2] (الدعا صفحہ ۲۷، ۲۶)

[3] (الدعا ص ۲۷)

[4] (نماز نبوی ص ۲۹ حاشیہ)

[5] (مرقاۃ المفاتیح ج ۳ ص ۹۸)

وہابی اکابر کی گواہی:

وہابیہ کے محدث نذیر حسین دہلوی نے لکھا ہے: "اس حدیث شریف میں اگرچہ قدرے ضعف ہے مگر تعامل اہل علم کا اس حدیث شریف کے ضعف کو رفع کرتا ہے جیسا کہ اصول حدیث میں ہے کہ تعامل اہل علم سے حدیث کا ضعف رفع ہوتا ہے۔"[2]

وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری نے ایک حدیث شریف کے ضعیف ہونے کے جواب میں لکھا ہے:

"امام بیہقی اور امام ابن منذر کا روایت کرکے اس سے استدلال کرنا اور پھر صدیوں سے محدثین کا اس پر تعامل قابل عمل ہے۔"[3]

دوسرا اصول:

امت کے تلقی یا قبول سے ضعیف حدیث بھی مقبول ہوتی ہے۔

امام سخاوی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں: جب امت کسی ضعیف حدیث کو قبول کرلے تو صحیح یہ ہے کہ اس پر عمل کیا جائے گا، اور وہ حدیث شریف بمنزل حدیث متواتر ہوگی، اور اس سے کسی قطعی حکم کو منسوخ کردیا جائے گا اور اس طرح حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ یہ حدیث "وارث کے لئے وصیت نہیں" ائمہ حدیث کے نزدیک ثابت نہیں مگر اس حدیث پر سب نے عمل کیا ہے یہاں تک کہ اس حدیث سے ایک وصیت کو منسوخ قرار دیا ہے۔"[4]

امام سخاوی نے امام شافعی کا جو قول نقل کیا ہے وہ موجود ہے۔[5]

ابن کثیر لکھتے ہیں:

"ہم نے ابن تیمیہ کی ایک عبارت دیکھی جس میں لکھا ہوا تھا: "جو حدیث شریف جماعات آئمہ سے نقل کی گئی ہو اور امت نے اسے قبول کرلیا ہو وہ حدیث بھی قطعی ہے۔۔۔ تمام محدثین کا یہی مذہب ہے۔"[6]

امام ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ کا بھی یہی قول ہے۔[7]

---

1 (التقریر والتحبیر ج ۲ ص ۲۴۹)

2 (فتاویٰ نذیریہ ص ۲۱۱ ج ۱)

3 (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۲۵)

4 (فتح المغیث ج ۱ ص ۳۳۳)

5 (الرسالہ، ص ۱۴۲)

6 (اختصار علوم الحدیث ص ۳۰، ۲۹)

7 (التکست علی ابن صلاح صفحہ ۳۷۶ ج ۱)

وہابی اکابر کی گواہی:

وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امر تسری لکھتے ہیں کہ:

”ضعیف (حدیث) کے معنی یہ ہیں کہ جس میں صحیح کی شرائط نہ پائی جائیں، وہ کئی قسم کی ہوتی ہیں۔ اگر اس کے مقابل میں صحیح حدیث نہیں تو اس پر عمل کرنا جائز ہے جیسے نماز کے شروع میں "سبحنک اللھم" پڑھنے والی حدیث ضعیف ہے مگر عمل ساری امت کرتی ہے۔“[1]

وہابیہ کے محدث حسین بن محسن الانصاری الیمانی نے لکھا ہے کہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا:

”مقبول وہ حدیث شریف ہے جسے علی نے قبول کر لیا ہو اگرچہ اس کی کوئی بھی سند صحیح نہ ہو۔“[2]

مزید لکھا ہے:

”امام سخاوی نے شرح الالفیہ میں ذکر کیا ہے جب امت نے ضعیف حدیث شریف کو قبول کر لیا ہو تو صحیح مذہب کی بنیاد پر وہی ضعیف حدیث معمول بنالی جائے گی۔ یہاں تک کہ وہ بمنزلہ متواتر قرار پا کر نص قطعی کو بھی منسوخ کر سکے گی۔“

تیسرا اصول:

اگر ضعیف حدیث شریف کی اسناد معتمد ہوں تو متعدد طرق سے اس کو تقویت حاصل ہو جاتی ہے۔

خوفِ طوالت کی وجہ سے اب ہم صرف وہابیہ کے اکابر کے حوالہ جات پر ہی اکتفا کریں گے وہابیہ کے محدث ابو سعید شرف الدین دہلوی نے ایک ضعیف حدیث کی دو اسناد ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے:

”اگرچہ ان دنوں میں کچھ کلام ہے مگر دونوں روایتوں اور دو سندوں کے ملنے سے ہر ایک کو دوسری سے تقویت حاصل ہو گئی گویا ہر دادو حسن تفسیرہ کے حد میں ہے لہٰذا قابل عمل ہے۔“[3]

وہابیہ کے محدث عبد اللہ روپڑی کے نزدیک اگر ضعف تھوڑا ہو تو ضعیف حدیث نہ صرف حسن بلکہ صحیح کے درجہ کو پہنچ جاتی ہے۔

چنانچہ لکھا ہے کہ:

”اگر ضعف تھوڑا ہو تو مل کر حسن یا صحیح کے درجہ کو پہنچ جاتا ہے۔“[1]

---

[1] (فتاویٰ ثنائیہ ص ۷۶ ج ۲)

[2] (تحفۃ المرضیہ ج ۳ ص ۱۷۸)

[3] (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۲۵، فتاویٰ علمائے حدیث ج ۴ ص ۱۷۹)

مزید لکھا ہے:

”اگرچہ یہ روایت بھی ضعیف ہے مگر مذکورہ بالا روایات کی مؤید ہے ہر صورت عمل میں کوئی حرج نہیں۔“[2]

وہابیہ کے محقق عبداللہ عفیف نے لکھا ہے:

”واضح ہو کہ حدیث صلوٰۃ التسبیح کی اسنادی حیثیت ہی میں سخت اختلاف ہے، نہ صرف اس کی صحت وضعف میں بلکہ بعض آئمہ نے اس حدیث کو موضوع تک کہا ہے۔۔۔ معلوم ہوا کہ اس حدیث کی اسنادی حیثیت سخت مخدوش ہے تاہم ہمارے نزدیک تعدد طرق کی وجہ سے یہ حدیث قابل عمل ہے۔“[3]

وہابیہ کے لسان العصر مولوی بشیر الرحمن سلفی نے امام ابن حجر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حوالہ سے لکھا ہے:

”طرق ضعیفہ باہم مل کر تقویت حاصل کر لیتے ہیں۔“[4]

وہابیہ کے مولوی غلام رسول آف قلعہ میاں سنگھ لکھتے ہیں:

”بلکہ متعدد طرق بمرتبہ حسن میرسد“۔

”بلکہ تعدد طرق کی وجہ سے (ضعیف حدیث) حسن کے درجہ کو پہنچ جاتی ہے۔“[5]

وہابیہ کے شیخ الحدیث ثناء اللہ مدنی نے لکھا ہے:

”ان ضعیف احادیث کو آپس میں ملایا جائے تو برکاتہ کی زیادتی کو مشروعیت کو تقویت حاصل ہوتی ہے، مقصد یہ ہے کہ کچھ اس کا اصل موجود ہے جس کی بناء پر یہ روایت قابل عمل ہو سکتی ہے۔“[6]

وہابیہ کے مولوی عبدالوہاب دہلوی بھی ضعیف حدیث پر عمل جائز کرتا ہے۔[7]

---

[1] (فتاویٰ اھل حدیث ج ۲ ص ۱۳۷)
[2] (فتاویٰ اھل حدیث ج ۲ ص ۱۳۷)
[3] (صلوٰۃ التسبیح ص ۱۱)
[4] (الدعاء ص ۴۹)
[5] (رسالہ تراویح ص ۲۴)
[6] (ہفت روزہ الاعتصام لاھور ۲۹ نومبر ۱۹۹۶ء ص ۸)
[7] (مکمل نماز ص ۵۶۶)

ضعیف حدیث من گھڑت نہیں ہوتی اور اس سے ثابت مسائل بدعت نہیں ہوتے:

وہابیہ کا بات بات میں ضعیف کی رٹ لگانا اور پھر لوگوں کے سامنے یہ باور کرانے کی کوشش کرنا کہ یہ جعلی حدیث ہے سراسر جہالت و حماقت ہے حالانکہ اصول حدیث میں ہے کہ ضعیف حدیث موضوع نہیں ہوتی۔ اس سے ثابت شدہ مسائل بدعت نہیں ہوتے۔

وہابیہ کے اپنے اکابر کی زبانی سن لیجئے:

"حدیث ضعیف فضائل میں مقبول ہے اور اس کو موضوع نہیں کہنا چاہیئے۔"[1]

وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری نے ایک حدیث کے متعلق لکھا ہے کہ:

" صحیح نہیں ہے مگر بناوٹی بھی نہیں ہے کیونکہ بناوٹی موضوع کو کہتے ہیں البتہ ضعیف ہے۔"[2]

مزید لکھاہے:

"ضعیف حدیث کے ساتھ بھی جو فعل ثابت ہو وہ بدعت نہیں ہو گا۔"[3]

وہابی مولوی بشیر سلفی نے لکھا ہے:

"ضعیف اور موضوع حدیث میں زمین آسمان کا فرق ہے۔"[4]

ضعیف حدیث سے استحباب کا ثبوت ہے:

وہابیہ کے شیخ الکل مولوی نذیر حسین دہلوی نے لکھا ہے:

"حدیث ضعیف سے جو موضوع نہ ہو استحباب و جواز ثابت ہوتا ہے۔"[5]

القول الصواب فی مسئلۃ ایصال ثواب میں ہے:

بعض محدثین کچھ احادیث کو ضعیف کہتے ہیں لیکن اصول حدیث میں ہے کہ حدیث صحیح نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ حدیث موضوع ہی ہے۔

---

1 (فتاویٰ نذیریہ ج ۱ ص ۳۰۳)

2 (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۲۲۴)

3 (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۱۰)

4 (الدعاء ص ۲۴)

5 (فتاویٰ نذیریہ، ص ۵۶۴ ج ۱، فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۰۷)

چنانچہ ملا علی قاری لکھتے ہیں:

لا یلزم من عدم صحّتہٖ وجود الوضع کما لا یخفیٰ۔

یعنی کھلی بات ہے کہ حدیث کے صحیح نہ ہونے سے اس کا موضوع ہونا لازم نہیں آتا۔[1]

مزید فرماتے ہیں:

قلت لا یلزم من عدم صحتہ ثبوت وضعہ و غایتہ انّہ ضعیفٌ۔

میں کہتا ہوں کہ اس کے صحیح نہ ہونے سے موضوع ہونا لازم نہیں غایت یہ ہے کہ وہ ضعیف ہو۔[2]

علامہ زرکشی فرماتے ہیں:

قال الزرکشی: بین قولنا لم یصح و قولنا موضوعٌ بونٌ بین فانّ الوضع اثبات الکذب۔ و قولنا یصح انّما ھو اخبارٌ عن عدم الثّبوت و لا یلزم منہ اثبات العدم۔

یعنی علامہ زرکشی نے کہا ہے کہ ہم محدثین کا کسی حدیث کو یہ کہنا کہ یہ صحیح نہیں اور کسی کو یہ کہنا کہ یہ موضوع ہے اس میں بڑا فرق ہے۔ موضوع کہنے کے معنی یہ ہیں کہ یہ روایت جھوٹی بنائی ہوئی ہے اور جب ہم یہ کہیں کہ یہ صحیح نہیں (یعنی ضعیف) اس کے یہ معنی نہیں کہ یہ حدیث جھوٹی بنائی ہوئی ہے بلکہ اس کا حال تو سلب ثبوت ہے۔[3]

ابو طالب محمد بن علی مکی فرماتے ہیں:

الاحادیث فی فضائل الاعمال و تفضیل الاصحاب متقبّلةٌ محتملةٌ علیٰ کل حالٍ مقاطیعھا و مراسیلھا لا تعارض و لا تردّ، کذٰلک کان السّلف یفعلون۔

یعنی فضائل اعمال و تفضیل صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثیں کیسی ہی ہوں، ہر حال میں مقبول و ماخوذ ہیں۔ مقطوع ہوں خواہ مرسل، نہ ان کی مخالفت کی جائے گی اور نہ انہیں ردّ کیا جائے گا، آئمہ سلف کا یہی طریقہ تھا۔[4]

ابن عبد البر فرماتے ہیں:

و قد قال ابن عبد البر: انھم یتساھلون فی الحدیث اذا کان من فضائل الاعمال۔

”اور تحقیق ابن عبد البر نے کہا جب حدیث فضائل اعمال کے بارے میں ہو تو علماء اس میں تساہل (نرمی) فرماتے ہیں“۔[5]

---

[1] (موضوعات الکبری ص ۴۴۳)
[2] (موضوعات الکبری ۴۷)
[3] (موضوعات الکبری ۴۷، بحوالہ القول الصواب ص ۷۷)
[4] (قوت القلوب فی معاملۃ محبوب ج ۱ ص ۱۷۸)
[5] (المقاصد الحسنۃ ص ۶۳۵)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

امام احمد بن حنبل، امام ابن مہدی، امام ابن مبارک اور امام جلال الدین سیوطی: ویجوز عند اھل الحدیث وغیرھم التّساھل فی الاسانید الضعیفة وروایة ماسوی الموضوع من الضعیف والعمل به۔

"اور محدثین وغیر ہم علماء کے نزدیک ضعیف سندوں میں تساہل (نرمی) اور ہر قسم کی ضعیف حدیث کی روایت اور اس پر عمل فضائل اعمال وغیرہ امور میں جائز ہے جبکہ موضوعی حدیث میں یہ جائز نہیں"۔[1]

اسی صفحہ پر ہے:

ابن حنبل وابن مھدی وابن المبارک قالوا اذا روینا فی الحلال والحرام شددنا واذا روینا فی الفضائل ونحوھا تساھلنا۔

یعنی امام احمد بن حنبل، امام ابن مہدی اور امام ابن مبارک وغیر ہم سے اس کی تصریح منقول ہے، وہ فرماتے ہیں جب ہم حلال وحرام میں حدیث روایت کرتے ہیں تو سختی کرتے ہیں اور جب فضائل میں روایت کرتے ہیں تو نرمی کرتے ہیں۔[2]

فضائل اعمال میں حدیث ضعیف پر عمل نہ صرف جائز بلکہ مستحب ہے۔

امام ابوزکریا نووی شرح مسلم میں لکھتے ہیں:

قال العلماء من المحدثین والفقھاء وغیرھم یجوز ویستحب العمل فی الفضائل والتّرغیب والترھیب بالحدیث الضعیف مالم یکن موضوعاً۔

یعنی محدثین وفقہاء وغیر ہم علماء نے فرمایا کہ فضائل اور نیک باتوں کی ترغیب اور بری بات سے خوف دلانے میں حدیث ضعیف پر عمل جائز و مستحب ہے جبکہ موضوع نہ ہو۔[3]

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

والضعیف یعمل به فی فضائل الاعمال اتفاقاً، ولذا قال ائمّتنا، أنّ مسح الرّقبة مستحبٌ او سنّةٌ۔

یعنی اور ضعیف احادیث پر فضائل اعمال میں بالاتفاق عمل کیا جاتا ہے اسی لئے ہمارے آئمہ کرام نے فرمایا کہ وضو میں گردن کا مسح مستحب یا سنت ہے۔[4]

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

ورد فی فضائل رجب الاحادیث باسانید ضعیفة لا بأس بالعمل بھا فان وجد فی نفسه قوة فلیعمل بھا۔

---

[1] (تدریب الراوی ص ۲۹۸)
[2] (تدریب الراوی ۲۹۸)
[3] (اذکار المنتخبة من کلام سید الابرار ﷺ، ص ۷)
[4] (الموضات الکبریٰ)

ترجمہ: اور رجب کے مہینے کی فضیلتوں میں احادیث ضعیف سندوں سے آئی ہیں، ان پر عمل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں پس اگر اپنی جان میں قوت پائے تو ان پر عمل کرے۔[1]

شارح شفا علامہ خفاجی فرماتے ہیں:

الذی یصلح للتّعویل علیه ان یقال اذا وجد حدیث فی فضیلة عمل من الاعمال لا یحتمل الحرمة و الکراهیة یجوز العمل به و یستحب لانّه مأمون الخطر و مرجوّ النّفع۔

ترجمہ: یعنی اعتماد کے قابل یہ بات ہے کہ جب کسی عمل کی فضیلت میں کوئی حدیث پائی جائے اور وہ حرمت و کراہت کے قابل نہ ہو تو اس حدیث پر عمل جائز و مستحب ہے کہ اندیشہ سے امان ہے اور نفع کی امید ہے۔[2]

ابن ماجہ میں ہے:

ما قیل من قولٍ حسنٍ فانا قلته۔

ترجمہ: جو نیک بات میری طرف سے پہنچائی جائے وہ میں نے فرمائی ہے۔[3]

و فی روایةٍ خذوا به حدثت به اولم احدث به۔

یعنی اس پر عمل کرو چاہے وہ میں نے فرمائی ہو یا نہ۔[4]

اہل علم کے عمل کرنے سے بھی ضعیف حدیث قوی ہو جاتی ہے

رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب و العمل علی هذا عند اهل العلم۔ قال النووی و اسناده ضعیف نقله میرک فکان الترمذی یرید تقویة الحدیث بعمل اهل العلم۔ و العلم عندالله تعالیٰ کماقَالَ الشَّیْخُ مُحْیِي الدِّینِ بْنُ الْعَرَبِيِّ: أَنَّهُ بَلَغَنِي «عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ سَبْعِینَ أَلْفًا غُفِرَ لَهُ، وَمَنْ قِیلَ لَهُ غُفِرَ لَهُ أَیْضًا»، فَکُنْتُ ذَکَرْتُ التَّهْلِیلَةَ بِالْعَدَدِ الْمَرْوِيِّ مِنْ غَیْرِ أَنْ أَنْوِيَ لِأَحَدٍ بِالْخُصُوصِ، بَلْ عَلَى الْوَجْهِ الْإِجْمَالِيِّ، فَحَضَرْتُ طَعَامًا مَعَ بَعْضِ الْأَصْحَابِ، وَفِیهِمْ شَابٌّ مَشْهُورٌ بِالْکَشْفِ، فَإِذَا هُوَ فِي أَثْنَاءِ الْأَکْلِ أَظْهَرَ الْبُکَاءَ فَسَأَلْتُهُ عَنِ السَّبَبِ فَقَالَ: أَرَى أُمِّي فِي الْعَذَابِ فَوَهَبْتُ فِي بَاطِنِي ثَوَابَ التَّهْلِیلَةِ الْمَذْکُورَةِ لَهَا فَضَحِکَ وَقَالَ: إِنِّي أَرَاهَا الْآنَ فِي حُسْنِ الْمَآبِ، قَالَ الشَّیْخُ: فَعَرَفْتُ صِحَّةَ الْحَدِیثِ بِصِحَّةِ کَشْفِهِ، وَصِحَّةَ کَشْفِهِ بِصِحَّةِ الْحَدِیثِ۔

یعنی امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اہل علم کا اس پر عمل ہے سید میرک نے امام نووی سے نقل کیا کہ اس کی سند ضعیف ہے تو گویا امام ترمذی عملِ اہلِ علم سے حدیث کو قوت دینا چاہتے ہیں، و اللہ اعلم اس کی نظیر وہ ہے کہ سیدی شیخ اکبر

---

[1] (انتباہ فی سلاسل اولیاء ص ۲۹)

[2] (نسیم الریاض شرح شفا ج ۱ ص ۴۳)

[3] (ابن ماجہ ۴)

[4] (کنزل عمال ج ۱۰ ص ۲۲۹ برقم ۲۹۲۱۰)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

امام محی الدین ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مجھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے حدیث پہنچی ہے کہ جو شخص ستر ہزار بار لا الہ الا اللہ کہے اس کی مغفرت ہو اور جس کے لئے پڑھا جائے اس کی مغفرت ہو۔ میں نے لا الہ الا اللہ اتنی بار پڑھا تھا اس میں کسی کے لئے خاص نیت نہ تھی اپنے بعض رفیقوں کے ساتھ ایک دعوت میں گیا ان میں ایک جوان جس کے کشف کا شہرہ تھا کھانا کھاتے کھاتے رونے لگا۔ میں نے سبب پوچھا کہا ماں کو عذاب میں دیکھتا ہوں۔ میں نے اپنے دل میں کلمہ کا ثواب اس کی ماں کو بخش دیا فوراً وہ جوان ہنسنے لگا اور کہا اب میں اسے اچھی جگہ دیکھتا ہوں۔ امام محی الدین قدس سرہٗ فرماتے ہیں تو میں نے حدیث کی صحت اس جوان کے کشف کی صحت سے پہچانی اور اس کے کشف کی صحت حدیث کی صحت سے جانی۔[1]

اس سے معلوم ہوا کہ اہل علم کے عمل کے ساتھ کشف سے بھی ضعیف حدیث کو تقویت مل جاتی ہے۔

محدثِ جلیل امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں :

"معتمد علماء نے تصریح فرمائی ہے کہ اہل علم کی موافقت حدیث شریف کی صحت کی دلیل بن جاتی ہے اگرچہ اس کے لئے کوئی سند قابل اعتماد نہ ہو۔"[2]

امام سیوطی تعقبات میں امام بیہقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے نقل فرماتے ہیں:

تداولها الصالحون بعضهم عن بعض وفي ذالك تقوية الحديث المرفوع۔

یعنی صالحین نے ایک دوسرے سے اخذ کیا اور ان کے اخذ میں حدیث مرفوع کی تقویت ہے۔[3]

اسی میں فرمایا:

قد صرح غير واحدٍ بان من دليل صحة الحديث قول اهل العلم به وان لم يكن له اسناد يعتمد على مثله۔

یعنی معتمد علماء نے تصریح فرمائی ہے کہ اہل علم کی موافقت صحت حدیث کی دلیل ہوتی ہے اگرچہ اس کے لئے کوئی سند قابل اعتماد نہ ہو۔[4]

یہ ارشاد علماء احادیث کے بارے میں ہے پھر احادیث فضائل تو احادیث فضائل ہیں۔[5]

عبد الستار غیر مقلد ایک سوال کے جواب میں کہتا ہے کہ ضعیف حدیث بھی قابل عمل ہوتی ہے۔

---

[1] (مرقاۃ المفاتیح، ج۳، ص ۹۷۸، الناشر: دار الفکر، بیروت، لبنان)
[2] (تعقبات علی الموضوعات ص ۱۲)
[3] (تعقبات علی الموضوعات ۱۳)
[4] (تعقبات علی الموضوعات ص ۱۲)
[5] (فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۴۷۷)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

من تمسک بسنتی عند فساد امتی فله اجر مائة شهيد۔

یعنی سنت پر مضبوطی سے عمل کرتے رہنے کی حدیث میں تاکید ہے خصوصاجب لوگ اس پر عمل نہ کرنے دیں بلکہ فساد کریں ایسے وقت توضرور ہی عمل کرنا چاہیئے۔[1]

امام یحیٰ بن شرف النووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

انهم قديروون عنهم احاديث الترغيب والترهيب وفضائل الاعمال والقصص واحاديث الزهد ومكارم الاخلاق ونحو ذلک مما لا يتعلق بالحلال والحرام وسائر الاحكام وهذا الضرب من الحديث يجوز عند اهل الحديث وغيرهم التساهل فيه ورواية ماسوى الموضوع منه والعمل به لان اصول ذلک صحيحة مقررة فى الشرع معروفة عند اهله۔

”حضرات محدثین ضعیف راویوں سے ترغیب ترہیب، فضائل اعمال، قصہ جات، زہد، اور مکارم اخلاق میں احادیث روایت کرتے ہیں لیکن حلال و حرام کے احکام سے تعلق رکھنے والی احادیث ایسے راویوں سے بالکل روایت نہیں کرتے۔ اس قسم کی احادیث ضعیف راویوں سے روایت کرنا اور ان پر عمل کرنا محدثین کے نزدیک جائز ہے کیونکہ یہ اصولِ شریعت میں صحیح و مقرر اور اہل شریعت کے ہاں معروف ہے“۔[2]

یہی امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اپنی دوسری کتاب الاذکار صفحہ ۷ پر لکھتے ہیں:

قال العلمآء من المحدثين والفقهآء وغيرهم يجوز ويستحبّ العمل فى الفضائل والترغيب والترهيب بالحديث الضعيف مالم يكن موضوعًا۔

محدثین، فقہاء اور دیگر علماء کرام فرماتے ہیں کہ فضائل اعمال ترغیب اور ترہیب کے باب میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز و مستحب ہے جبکہ وہ حدیث موضوع نہ ہو۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں:

ويجوز عند اهل الحديث وغيرهم التساهل فى الاسانيد الضعيفة ورواية ماسوىٰ الموضوع من الضعيف والعمل به۔

---

[1] (فتاویٰ ستاریہ ۳۷۴ کراچی)

[2] (شرح مسلم نووی ص ۲۱، ج ۱)

یعنی اور محدثین وغیرہم علماء کے نزدیک ضعیف اسناد میں تساہل اور بے اظہار ضعف موضوع کے سوا ہر قسم کی حدیث کی روایت اور اس پر عمل فضائلِ اعمال وغیرہ امور میں جائز ہے۔[1]

امام ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

الذی اطبق علیہ ائمّتنا الفقہاء و الاصولیون و الحفّاظ أنّ الحدیث الضعیف حجۃٌ فی المناقب کما أنّہ ثمّ بأجماع من یعتدبہٖ حجّۃٌ فی فضائل الاعمال۔

یعنی ہمارے ائمہ، فقہاء، اصولیین، اور حفاظ کا اس پر اتفاق ہے کہ مناقب میں بھی حدیثِ ضعیف حجت ہوتی ہے جس طرح قابل اعتماد علماء کا اس پر اجماع ہے کہ فضائل اعمال میں حدیثِ ضعیف حجت ہوتی ہے۔[2]

متن اعلام المؤمنین

احادیث کو ترک کرنے کا دروازہ کھولنا احکامِ شرعیہ کا ایک بہت بڑا حصہ ضائع کرنے کا سبب بن سکتا ہے

میزان الشعرانی میں ہے:

و قد إحتج جمہور المحدثین بالحدیث الضعیف، و لو اننا فتحنا باب الترک لحدیث کل راوٍ تکلم بعض الناس فیہ بمجرد الکلام لذھب معظم أحکام الشریعۃ۔

ترجمہ: جمہور محدثین نے دلیل کی ہے کہ حدیث ضعیف ہے اگر ہم تمام راویوں پر کسی کے اعتراضات کی بناء پر حدیثوں کو ترک کرنے کا دروازہ کھولیں گے تو احکامِ شرعیہ کا ایک بہت بڑا حصہ ضائع ہو جائے گا۔[3]

اور اگر نہایہ کی یہ حدیث جھوٹی موضوع بھی ہو تو پھر بھی ہمارے مقصد کو ضرر و نقصان نہیں پہنچتا کیونکہ کذب کی دو اقسام ہیں:

۱۔ کذب علیہ ۲۔ کذب لہٗ

کذب علیہ

کذب علیہ یہ ہے کہ جس کی وجہ سے قواعدِ اسلام منہدم، شریعت میں فساد اور احکامِ شرعیہ کو باطل کرنا لازم آئے گا۔

[1] (تدریب الروی ص ۲۹۸)

[2] (تطہیر الجنان و اللسان، ص ۱۳)

[3] (میزان الشعرانی، ص ۵۵، ۵۶)

کذب لہٗ

کذب لہٗ اس کو کہتے ہیں کہ جو اس طرح نہ ہو بلکہ لوگوں کو عمل پر ابھارنا اور ترغیب دینا ہوتا ہے تاکہ شریعت پر عمل اور اعمالِ حسنہ کی اتباع کریں، اور یہ قسمِ ثانی فضائلِ اعمال میں معمول و مقبول ہے۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

وان كانت موضوعة فقد ذكر الحاكم وغيره ان رجلا من الزهاد انتدب فى وضع الاحاديث فى فضل القرآن وسوره فقيل له فلم فعلت هذا فقال رأيت الناس زهدوا فى القرآن فاحببت ان ارغبهم فيه فقيل له ان النبى صلى الله عليه وسلم قال «من كذب علىّ متعمدا فليتبوأ مقعده من النار»، فقال انا ما كذبت عليه انما كذبت له كما فى شرح الترغيب والترهيب المسمى بفتح القريب اراد ان الكذب عليه يؤدى الى هدم قواعد الاسلام وافساد الشريعة والاحكام وليس كذلك الكذب له فانه للحث على اتباع شريعته واقتفاء اثره فى طريقته۔
قال الشيخ عز الدين بن عبد السلام الكلام وسيلة الى المقاصد فكل مقصود محمود يمكن التوصل اليه بالصدق والكذب جميعا فالكذب حرام فان امكن التوصل اليه بالكذب دون الصدق فالكذب فيه مباح ان كان تحصيل ذلك المقصود مباحا وواجب ان كان ذلك المقصود واجبا فهذا ضابطه، انتهى۔ وقال اللطيفى:

دروغی کہ جان ودلت خوش کند　　　　بہ از راستی کان مشوش کند

كذا في قطب الارشاد۔

ترجمہ: اگر وہ موضوع ہو تو حاکم وغیرہ نے فرمایا کہ بزرگوں میں ایک شخص فضائلِ قرآن یا سورت کے بارے میں حدیث گھڑتا تھا تاکہ لوگ اس کی طرف راغب ہو جائیں، تو کسی نے کہا کہ تم ایسا کیوں کرتے ہو؟ تو اس نے کہا میں نے لوگوں کو قرآن میں رغبت کرتے دیکھا تو میں نے ان کی رغبت میں اضافہ کے لئے ایسا کیا، تو ان سے کہا گیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر قصداً جھوٹ باندھے تو وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنائے۔ تو اس نے کہا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پر جھوٹ نہیں باندھتا بلکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے لئے جھوٹ باندھتا ہوں۔۔۔ اس نے یہ ارادہ کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پر جھوٹ باندھنا اسلام کے قواعد کو ڈھانا اور شریعت کو فاسد کرنا ہے، یہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے لئے جھوٹ باندھنے کی طرح نہیں ہے۔ کیونکہ یہ شریعت کی اتباع پر ابھارنا ہوتا ہے اور شریعت کے اصول پر چلنے کے لئے ہوتا ہے۔

شیخ عزالدین بن عبدالسلام نے کہا: کلام مقاصد کا وسیلہ ہے، ہر مقصودِ محمود ہوتا ہے، خواہ اس تک پہنچنا سچ سے ہو یا جھوٹ سے، جھوٹ اگرچہ حرام ہے لیکن اگر جھوٹ کی وجہ سے مقصد تک پہنچنا ہوتا ہے اور سچ کی وجہ سے نہیں تو پھر جھوٹ بولنا جائز ہو

جاتا ہے، اگر وہ مقصود حاصل کرنا مباح ہو تو۔ اور کبھی جھوٹ بولنا واجب ہوتا ہے جب مقصود کو حاصل کرنا واجب ہو، یہ ضابطہ و قانون ہے۔

لطیفی نے فرمایا:

وہ جھوٹ جو تیری جان و دل کو خوش کرے

اس سچ سے اچھا ہے جو دل و جان کو مشوش کرے[1]

ہمیں چاہیئے کہ ہم اکابرین پر حسنِ ظن رکھتے ہوئے نہایہ کی حدیث پر عمل کریں کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے مؤمنوں پر حسنِ ظن رکھنے پر مأمور ہیں۔

فرمانِ الٰہی ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ (الحجرات ۱۲)

ترجمہ: اے ایمان والو بہت گمانوں سے بچو بے شک کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے۔

اچھا گمان رکھنا ایمان کا حصہ اور قطعی طور پر بدگمانی کفر ہے

روح البیان میں ہے:

وفی الحدیث: " ان حسن الظن من الایمان " وأیضًا ولو قطع کان کفرا وکظن السوء بالمؤمنین خصوصا بالرسول علیہ السلام وبورثتہ الکمل وھم العلماء۔

ترجمہ: اور حدیث میں ہے کہ اچھا گمان رکھنا ایمان کا حصہ ہے۔ اسی طرح ہے کہ اگر کسی نے قطعی طور پر بدگمانی کی تو یہ کفر ہے، جیسے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پر یا علماء کاملین پر بدگمانی کہ جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے ورثاء ہیں۔[2]

علماء کرام نے بھی اکابرین پر حسنِ ظن رکھنا اچھا سمجھا ہے۔

مستور الحال مؤمنوں پر حسن ظن رکھنا بہتر و اولیٰ ہے

میزان شعرانی میں ہے:

قالوا وأیضًا ان احسان الظن بجمیع الرواۃ المستورین اولی کما قالو ان مجرد الکلام في شخص لا یسقط مرویۃ۔

---

[1] (روح البیان، ج۳، ص۵۴۸، الناشر: دار الفکر –بیروت، قطب الارشاد، ص ۳۳۲)

[2] (روح البیان، ج۹، الحجرات ۱۲، ص ۸۴، الناشر: دار الفکر -بیروت)

ترجمہ: علماء نے فرمایا: تمام مستور الحال مؤمنوں پر حسن ظن رکھنا بہتر واولیٰ ہے، جیسا کہ کسی کے بارے میں صرف لوگوں کا کہنا، اس سے وہ شخص روایت کرنے کے مقام سے نیچے نہیں آتا۔[1]

نہایہ اور تذکرۃ الواعظین کی حدیث پر عمل واجب ہے۔ کیونکہ اس میں دو باتیں ہیں:

ایک تو فوت شدہ نمازوں کی قضاء ہے، اور قضاء پڑھنے پر نص وارد ہے، کیونکہ جو نص وجوب ادا کا ہے وہی وجوبِ قضاء کا بھی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جمعۃ الوداع کے بعد پانچ نمازیں پڑھنی ہیں کیونکہ اس وقت کی شرافت وعظمت کی وجہ سے اس کا اجر وثواب بہت زیادہ ہے، اور یہی مضمون عین قرآن وحدیث کا ذکر کردہ مضمون ہے۔

قرآن عظیم الشان میں ہے:

مَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ (البقرۃ ۲۶۱)

ترجمہ: ان کی کہاوت جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اُس دانہ کی طرح جس نے اوگائیں سات بالیں ہر بال میں سو دانے۔

مطلب یہ کہ جو شخص جہاد فی سبیل اللہ میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک روپیہ ادا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو سات سو دانوں، سات سو پیسوں، سات سو روپے کے برابر اجر عطا فرمائے گا۔

روایت میں ہے کہ ایک شخص نے جہاد فی سبیل اللہ کے لئے اپنی اونٹنی دے دی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اس سے فرمایا کہ آپ کو قیامت کے دن اس طرح کی سات اونٹنیاں دی جائیں گی۔

فرمان الٰہی ہے:

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا (الأنعام ۱۶۰)

ترجمہ: جو ایک نیکی لائے تو اس کے لیے اس جیسی دس ہیں۔

اور وہ احادیث جو پہلے گزر چکی ہیں کہ جن میں عملِ قلیل کے بدلے اجرِ کثیر ملنے کا بیان ہے۔ تو جب قرآن وحدیث سے عملِ قلیل کے بدلے اجرِ کثیر ملنا ثابت ہوا تو جو حدیث نہایہ اور تذکرۃ الواعظین میں وارد ہے قضاءِ عمری کے ثبوت میں وہ قرآن وحدیث کے ساتھ معارض ومقابل نہ ہوئی بلکہ موافق ہوئی کہ عملِ قلیل پر اجرِ کثیر ملتا ہے۔ اور جو خبرِ واحد کتاب اللہ اور سنتِ مشہورہ کے موافق ہو تو وہ مقبول ہوتی ہے۔

---

[1] (میزان شعرانی، ص ۵۵)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

حدیث اگر کتاب اللہ کے موافق ہو تو قبول کرو اور مخالف ہو تو رد کرو

اصول الشاشی میں ہے:

قلنا شرط العمل بخبر الواحد أن لا یکون مخالفا للکتاب والسنة المشھورة وان لا یکون مخالفا للظاھر۔۔۔۔
قال علیه السلام تکثر لکم الاحادیث من بعدي فإذا روی لکم عني حدیث فاعرضوه علی کتاب اللہ تعالیٰ فما وافق فاقبلوه وما خالف فردوه. کذافي فصول الشاشي۔

ترجمہ: ہم کہتے ہیں کہ خبر واحد پر عمل کرنے کے لئے شرط یہ ہے کہ وہ کتاب اللہ اور سنتِ مشہورہ کی مخالف نہ ہو اور ظاہر کی بھی مخالف نہ ہو۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد آپ لوگوں کے لئے کثرت سے احادیث سنائی جائیں گی تو جب کوئی حدیث سنو تو اس کو کتاب اللہ پر پیش کرو، اگر موافق ہو تو قبول کرو، اور جو مخالف ہو تو اس کو رد کرو۔ [1]

تو مولوی مفتاح الدین اور دیگر علماء جو قضاء عمری کے مانعین ہیں کہ جنہوں نے علاقہ طورو میں اس کے خلاف اشتہار بازی کی ہے، اور عباراتِ اصولیہ کو بطور استدلال ذکر کیا ہے تو آپ لوگ خود نظرِ انصاف سے دیکھیں کہ یہ قواعدِ اصلیہ اور احادیثِ نبویہ قضاء عمری کی نماز کے ثبوت پر دلالت کرتی ہیں نہ کہ اس کی نفی پر۔

اگر کوئی یہ کہے کہ نہایہ اور تذکرۃ الواعظین میں مذکور احادیث موضوع ہیں اور موضوع حدیث پر عمل باطل ہے۔

جیسا کہ الدر المختار میں ہے:

و أما الموضوع فلایجوز العمل به بحال۔

ترجمہ: موضوع روایت پر کسی بھی حال میں عمل جائز نہیں ہے۔ [2]

ہم دو وجوہات سے اس کا جواب دیتے ہیں:

۱۔ ایک وجہ یہ کہ مراد موضوع حدیث سے موضوع مصطلحہ (اصطلاحی موضوع) ہے اور یہی مراد صاحبِ الدر المختار کی ہے، اور اس موضوع روایت سے مراد وہ روایت ہے کہ جو "کذب علیہ" ہے نہ کہ "کذب لہ" ہے۔ جیسا کہ یہ روح البیان کی عبارت سے واضح ہوا ہے۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم مانتے ہیں کہ موضوع روایت پر عمل باطل ہے مگر مطلقاً نہیں۔ بلکہ اس وقت کہ جب یہ شریعت کے قواعد کے خلاف ہو۔ کیونکہ اگر یہ موافق ہو گی تو پھر وہاں اس پر عمل کیا جائے گا۔

---

1 (فصول الشاشی، ص ۳۶۵، المکتبة الحقانیة، بشاور)

2 (الدر المختار، ج ۱، ص ۱۲۸، دار الفکر، بیروت)

رد المحتار شامی میں ہے:

حَيْثُ كَانَ مُخَالِفًا لِقَوَاعِدِ الشَّرِيعَةِ، وَأَمَّا لَوْ كَانَ دَاخِلًا فِي أَصْلٍ عَامٍّ فَلَا مَانِعَ مِنْهُ لَا لِجَعْلِهِ حَدِيثًا بَلْ لِدُخُولِهِ تَحْتَ الْأَصْلِ الْعَامِّ۔

ترجمہ: یہ اس وقت ہے کہ جب وہ قواعد شرعیہ کی مخالف ہو، ہاں اگر یہ اصل عام میں داخل ہو تو پھر اس پر عمل مانع نہیں ہے، بوجہ اس کے نہیں کہ اس کو حدیث بنائیں گے بلکہ بوجہ اس کے کہ یہ اصلِ عام کے تحت آئے گا۔[1]

اشعۃ اللمعات میں ہے:

وروایت مخالف بقواعد معلومہ ضروریہ شرع نیز ہمین حکم دارد، اھ۔

ترجمہ: جو روایت شریعت کے قواعدِ ضروریہ کے مخالف ہو تو اس کا بھی وہی حکم ہے۔[2]

اس قول کی حد اور تعریف جس کو اللہ ورسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پسند نہ کرتے ہوں

میزانِ شعرانی میں ہے:

فإن قلت فما حد القول الذي لا يرضاه الله ورسوله فالجواب حده أن يخرج عن قواعد الشريعة الثابتة عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآلهٖ واصحابهٖ وسلم فكل ما شهدت له الشريعة بالصحة وموافقة القواعد فهو معدود من الشريعة وإن لم يصرح به الشارع۔

وعبارة البيهقي في باب القضاء من سنة الكبرىٰ اعلم ان الراي المذموم هو كل ما لا يكون مشبها باصل قال وعلىٰ هذا يحمل كل ما جاء في ذم الراي، اھ۔

ترجمہ: اگر آپ یہ کہیں کہ اس قول کی حد اور تعریف کیا ہے کہ اس کو اللہ ورسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پسند نہ کرتے ہوں؟ تو جواب یہ ہے کہ اس کی حد یہ ہے کہ وہ عمل ان قواعد کے مخالف نہ ہو جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے ثابت ہیں، لہٰذا جس بات کی صحت کی گواہی شریعت ہے اور قواعد کے موافق ہو تو وہ شریعت میں داخل ہے۔ اگرچہ شارع نے اس کی تصریح نہ کی ہو۔

اور بیہقی کی عبارت جو باب القضاء میں ہے کہ جان لو مذموم رائے وہ ہے کہ جس کی اصل سے بالکل مشابہت نہ ہو، فرمایا اس پر حمل کیا جائے گا ہر وہ کلام جو کسی رائے کی مذمت میں آجائے۔[3]

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۱۲۸، الناشر: دارالفکر-بیروت)

[2] (اشعۃ اللمعات، ص ۵)

[3] (میزان شعرانی، ص ۴۵)

حدیث یامسئلہ اگر اصول کے موافق ہے تو اس پر عمل جائز ہے

تبیان العارفین میں ہے:

للفقیه الزاهد الكامل مولانا شيخ نصير الدين محمد بن إبراهيم السمرقندي على هامش تنبيه الغافلين ولو أن رجلا سمع حديثا أو سمع مسئلة فإن لم يكن القائل ثقة فلا يسع أن يقبل منه إلا أن يكون قولا يوافق الأصول فيجوز العمل به ولا يقع به العلم فكذلك لو وجد حديثًا مكتوبا او مسئلة مكتوبة فإن كان موافقا للأصول جاز له أن يعمل به والافلا۔ اھ۔

ترجمہ: اگر کسی نے حدیث یامسئلہ سناتو اگر سنانے والا ثقہ نہ ہو تو اس کو قبول نہ کرے، ہاں اگر وہ قول اصول کے موافق ہو تو پھر اس پر عمل جائز ہے، اور اس سے علم واقع نہیں ہوتا، اسی طرح اگر کسی نے لکھی ہوئی حدیث یامسئلہ دیکھا تو اگر وہ اصول کے موافق ہے تو اس پر عمل اس کے لئے جائز ہے ورنہ نہیں۔[1]

اور اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ نہایہ کی قضاء عمری والی حدیث ضعیف ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ کسی دوسری حدیث سے اس نہایہ والی حدیث کا ضعف ثابت کرے، کیونکہ حدیث کا ضعف حدیث ہی سے معلوم ہوتا ہے۔

جیسا کہ اشعۃ اللمعات میں ہے:

ومراد بکذب روایت آن است کہ ثابت شدہ باشد کذب وے از حدیث نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، اھ۔

ترجمہ: کسی روایت کا جھوٹ ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس کا جھوٹا ہونا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حدیث سے ثابت ہو۔[2]

جب دلائل سے قضاء عمری کا استحباب ثابت ہوا تو علماء اس کو بدعت کہنے سے احتراز کرنا چاہیے تاکہ وہ شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اس قول کا مصداق نہ بنیں:

بہ نیم بیضہ کہ سلطان ستم روادارد   زنند لشکریانش ہزار مرغ بہ سیخ

ترجمہ: اگر سلطان بادشاہ آدھے انڈے کی وجہ سے بھی ظلم قرار دے گا تو اس کا لشکر ہزاروں مرغیوں کو سیخ میں پرو دے گا۔

---

1 (تبیان العرفان، ص ۱۴)

2 (اشعۃ اللمعات، ص ۵)

قضاء عمری کے بارے میں فقہاء کرام کے اقوال

قضاء عمری کے بارے میں فقہاء کرام کے اقوال درج ذیل ہیں:

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

من قضى صلاة عمره مع أنه لم يفته شيء منها احتياطا قيل يكره وقيل لا لأن كثيرا من السلف قد فعل ذلك لكن لا يقضي في وقت تكره فيه النافلة والأفضل أن يقرأ في الأخيرتين السورة مع الفاتحة لأنها نوافل من وجه فلأن يقرأ الفاتحة والسورة في أربع الفرض على احتماله أولى من أن يدع الواجب في النفل ويقنت في الوتر ويقعد قدر التشهد في ثالثته ثم يصلي ركعة رابعة فإن كان وترا فقد أداه وإن لم يكن فقد صلى التطوع أربعا ولا يضره القعود وكذا يصلي المغرب أربعا بثلاث قعدات والاشتغال بقضاء الفوائت أولى وأهم من النوافل۔

ترجمہ: جو اپنی زندگی کی نمازوں کی قضاء کرتا ہے اگرچہ اس سے کوئی نماز فوت نہیں ہوئی تو ایک قول یہ ہے کہ مکروہ ہے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ مکروہ نہیں ہے، کیونکہ بہت سے سلف صالحین نے ایسا کیا ہے، لیکن مکروہ وقت میں ادا نہیں کرے گا۔ افضل یہ ہے کہ آخری رکعتوں میں بھی فاتحہ کے ساتھ سورت ملائے کیونکہ یہ نماز من وجہ نفل ہے۔ تو فرض کی چار رکعتوں میں بھی فاتحہ وسورت پڑھنا بہتر واولیٰ ہے بجائے اس کے نفل میں واجب کو ترک کردے، اور وتر میں قنوت پڑھے گا اور تشہد کی مقدار بیٹھ کر پھر چوتھی رکعت کے لئے کھڑا ہو گا، کیونکہ وتر اس نے ادا کئے اگرچہ اس نے نفل نہیں پڑھی اور وتر قعدہ کرنے سے کوئی نقصان نہیں ہے، اسی طرح مغرب کی نماز بھی چار رکعت پڑھے گا اور تین قعدے کرے گا۔ اور قضاء کی ادائیگی میں مشغول ہونا نوافل پڑھنے سے بہتر ہے۔[1]

اگر مانعین یہ کہیں کہ طحطاوی کی عبارت مستحب اور کراہت میں متردد ہے۔ اور جس کی یہ حالت ہوتی ہے تو اس کو ترک کرنا بہتر ہے، کیونکہ مستحب کو چھوڑنا مکروہ کی ادائیگی سے بہتر ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ ہم بھی اس بات کو مانتے ہیں کہ حکم یہی ہے مگر طحطاوی کی عبارت میں تردد حقیقتاً نہیں ہے، بلکہ مستحب والا پہلو راجح ہے، بخلاف کراہت کے پہلو کے، کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فعل مندوبہ کو ترجیح دی ہے، جس کی تفصیل آئندہ سطور میں آنے والی ہے۔

---

[1] (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج۳، ص ۸۹، دار الکتب العلمیۃ بیروت-لبنان)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

فتاویٰ قاضی خان میں ہے:

رجل يقضي صلوات عمره مع أنه لم يفته شيء منها قال بعضهم يكره و بعضهم بأنه لا يكره لأنه أخذ باحتياط والصحيح أنه يجوز لكن لا يقضي بعد صلاة العصر ولا بعد صلاة الفجر لأنها نفل ظاهراً وقد فعل كثير من السلف رحمهم الله تعالى لشبهة۔

ترجمہ: ایک شخص اپنی زندگی کی قضاء نمازیں پڑھنا چاہتا ہے حالانکہ اس پر کوئی قضاء نماز نہیں ہے، بعض نے کہا اس کے لئے مکروہ ہے اور بعض نے کہا مکروہ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ احتیاط والا پہلو لے رہا ہے، اور صحیح یہ ہے کہ یہ جائز ہے لیکن عصر کے بعد نہیں پڑھے گا اور فجر کے بعد بھی نہیں پڑھے گا کیونکہ بظاہر یہ نفل ہے اور بہت سے اسلاف نے یہ کیا ہے بوجہ شبہ کے۔[1]

دیکھو علامہ قاضی خان نے جانبِ جواز کو ترجیح دی ہے اور کراہت نہیں کہا، جیسے کہ فرمایا کہ وہ احتیاط کے پہلو کو لے رہا ہے۔ اور صحیح یہ ہے کہ بہت سے اسلاف نے یہ فعل فرمایا ہے تو تردد کہاں ہے؟

الفتاویٰ الہندیہ، باب قضاء الفوائت میں ہے:

فِي الْعَتَّابِيَّةِ عَنْ أَبِي نَصْرٍ - رَحِمَهُ اللَّهُ - فِيمَنْ يَقْضِي صَلَوَاتِ عُمْرِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ فَاتَهُ شَيْءٌ يُرِيدُ الِاحْتِيَاطَ فَإِنْ كَانَ لِأَجْلِ النُّقْصَانِ وَالْكَرَاهَةِ فَحَسَنٌ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لِذَلِكَ لَا يَفْعَلُ، وَالصَّحِيحُ أَنَّهُ يَجُوزُ إلَّا بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَالْعَصْرِ وَقَدْ فَعَلَ ذَلِكَ كَثِيرٌ مِنْ السَّلَفِ لِشُبْهَةِ الْفَسَادِ، كَذَا فِي الْمُضْمَرَاتِ وَيَقْرَأُ فِي الرَّكَعَاتِ كُلِّهَا الْفَاتِحَةَ مَعَ السُّورَةِ، كَذَا فِي الظَّهِيرِيَّةِ۔

ترجمہ: ابو نصر سے مروی ہے کہ جو اپنی زندگی کی قضاء پڑھنا چاہے اگرچہ اس پر قضاء نماز نہیں بلکہ احتیاطی طور پر پڑھتا ہے تو اگر یہ بوجہ نقصان و کراہت کے ہو تو اچھا ہے، اور اگر ایسا نہ ہو تو نہ کرے، اور صحیح یہ ہے کہ یہ نماز فجر و عصر کے بعد جائز نہیں ہے، اور بہت سے اسلاف نے بوجہ شبہ اس کو ادا کیا۔۔۔ اور ہر رکعت میں فاتحہ و سورت پڑھے گا۔[2]

البحر الرائق میں ہے:

الْحَاصِلُ أَنَّ من تَرَكَ وَاجِبًا من وَاجِبَاتِهَا أو ارْتَكَبَ مَكْرُوهًا تَحْرِيمِيًّا لَزِمَهُ وُجُوبًا أَنْ يُعِيدَ في الْوَقْتِ فَإِنْ خَرَجَ الْوَقْتُ بِلَا إعَادَةٍ أَثِمَ وَلَا يَجِبُ جَبْرُ النُّقْصَانِ بَعْدَ الْوَقْتِ فَلَوْ فَعَلَ فَهُوَ أَفْضَلُ۔

ترجمہ: الحاصل یہ کہ جس نے واجب چھوڑا یا مکروہ تحریمی کا ارتکاب کیا تو اس پر وقت کے اندر اس کا اعادہ واجب ہے، اگر ادا نہ کیا تو گناہ گار ہو گا اور نقصان کا جبیرہ وقت کے بعد واجب نہیں لیکن اگر کرے گا تو اچھا ہے۔[3]

---

[1] (فتاویٰ قاضی خان، ج ۱، ص ۵۵، فصل في الاستخلاف)
[2] (الفتاویٰ الهندية، ج ۴، ص ۹۳، مكتبة أهل السنة والجماعة)
[3] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۸۷، الناشر دار المعرفة، بيروت)

اسی طرح ردالمحتار شامی میں ہے:

لَكِنْ رَأَيْتُ فِي فَصْلِ قَضَاءِ الْفَوَائِتِ مِنْ التَّتَارْخَانِيَّةِ أَنَّ الصَّحِيحَ جَوَازُ هَذَا الْقَضَاءِ إلَّا بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَالْعَصْرِ، وَقَدْ فَعَلَهُ كَثِيرٌ مِنْ السَّلَفِ لِشُبْهَةِ الْفَسَادِ. اھ۔

ترجمہ: لیکن میں نے تاتارخانیہ کی فصل قضاء الفوائت میں دیکھا کہ صحیح یہ ہے کہ اس قضاء کا پڑھنا جائز ہے مگر فجر و عصر کے بعد نہیں، بہت سے اسلاف نے بوجہ فساد کے شبہ کے اس کو پڑھا ہے۔[1]

توفقہاء کرام کے ان اقوال سے جانبِ جواز کو ترجیح حاصل ہے اور کراہت وتردد بالکل نہیں ہے۔

جمع الفوائد میں ہے:

امیر المؤمنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمود کہ از سید المرسلین وخاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم شنیدم کہ فرمود ہر کہ نماز قضاء عمری بگذارد نمازہائے قضاء شدہ اورا کفارہ شوند معدن جلالی نقلاً عن الشامل عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم من قضى آخر الجمعة في شهر رمضان خمس صلوات ويختم بالوتر كان كمن صلى صلوات سبعين سنة، اھ۔

ترجمہ: امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سید المرسلین حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے سُنا کہ جو شخص قضاء عمری پڑھے گا تو اس کی قضاء شدہ نمازوں کا کفارہ ہو جائے گا۔۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان کے جمعۃ الوداع کو پانچ نمازوں کی قضاء کی اور ساتھ میں وتر بھی پڑھ لئے تو گویا اس نے ستر سالوں کی نمازیں پڑھیں۔[2]

توعزیز قارئین کرام! فقہاء کرام کی درج بالا عبارات کو ملاحظہ فرمائیں کہ جن میں صراحت ہے کہ:

أحبه السلف و فعله كثير من السلف و استحسنه السلف وغيره۔

اسلاف نے اس کو پسند کیا، بہت سے سلف نے ادا کیا، سلف نے اس کو مستحسن جانا وغیرہ۔

تو یہ سارے الفاظ قضاء عمری کے استحباب پر دلالت کرتے ہیں۔

اور مستحب یہ ہے کہ:

مَا أَحَبَّهُ السَّلَفُ۔

---

[1] (ردالمحتار، ج۲، ص۳۸، الناشر: دار الفکر-بیروت)

[2] (جمع الفوائد، ص۴۷)

ترجمہ: جس کو سلف نے محبوب جانا ہو۔[1]

تو اس کو بدعتِ سیئہ کہنا بالکل غلط ہے۔

صاحب البحر الرائق نے بھی قضاء عمری کے استحباب پر قول کیا ہے:

في مَآلِ الْفَتَاوَى ولما لم يَفُتْهُ شَيْءٌ من الصَّلَوَاتِ وَأُحِبُّ أَنْ يَقْضِيَ جَمِيعَ الصَّلَوَاتِ التي صَلَّاهَا مُتَدَارِكًا لَا يُسْتَحَبُّ له ذلک إذا كان غَالِبُ ظَنِّهِ فَسَادُ ما صلى وَرَدَ النَّهْيُ عنه۔

ترجمہ: اگر کسی سے کوئی نماز قضاء نہ بھی ہو اور وہ یہ پسند کرتا ہے کہ میں اپنی تمام پڑھی ہوئی نمازوں کی قضاء کروں تاکہ پھر پالوں تو اس کے لئے یہ مستحب نہیں ہے، ہاں اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس کی پڑھی ہوئی نماز میں فساد آیا ہے تو پھر جائز ہے۔[2]

اور کسی ایک واجب کے ترک سے یا کراہت کے ارتکاب سے نماز کا اعادہ واجب ہے۔

البحر الرائق میں ہے:

فَالْحَاصِلُ أَنَّ تَكْرَارَ الصَّلَاةِ إنْ كان مع الْجَمَاعَةِ في الْمَسْجِدِ على هَيْئَتِهِ الْأُولَى مكروه (((فمكروه)))وَإِلَّا فَإِنْ كان في وَقْتٍ يُكْرَهُ التَّنَفُّلُ بَعْدَ الْفَرْضِ فَمَكْرُوهٌ كما بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ وَإِلَّا فَإِنْ كان لِخَلَلٍ في الْمُؤَدَّى فَإِنْ كان ذلک الْخَلَلُ مُحَقَّقًا إمَّا بِتَرْكِ وَاجِبٍ أو بِارْتِكَابِ مَكْرُوهٍ فَغَيْرُ مَكْرُوهٍ بَلْ وَاجِبٌ كما قَدَّمْنَاهُ مِرَارًا ، وَصَرَّحَ بِهِ في الذَّخِيرَةِ وقال إنَّهُ لَا يَتَنَاوَلُهُ النَّهْيُ۔

ترجمہ: حاصل یہ کہ نماز کی تکرار جماعتِ اولیٰ کی شکل میں باجماعت ادا کرنا مکروہ ہے اسی طرح اگر مکروہ وقت میں ادا کر رہا ہے تو پھر بھی مکروہ ہے جیسے فجر وعصر کے بعد۔ ہاں اگر یہ پڑھنا کسی اس خلل کی وجہ سے ہو جو ادا کردہ نماز میں آیا تھا بوجہ واجب کے ترک کرنے کے یا مکروہ کے ارتکاب کرنے سے تو پھر اس کی قضاء کرنا واجب ہے جیسا کہ ماقبل میں نے بار بار ذکر کیا ہے۔ ذخیرہ میں ہے کہ اس کے ساتھ نہی شامل نہیں ہے۔[3]

اس نماز کا اعادہ واجب ہے جو کراہت کے ساتھ ادا کی گئی ہو

فصول الشاشی میں ہے:

وفي فصول الشاشي كوجوب اعادة الصلاة التي أديت مع الكراهة۔

---

[1] (الدر المختار، ج ۱، ص ۱۲۴، الناشر دار الفکر، بیروت)

[2] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۴۴، الناشر دار المعرفة، بیروت)

[3] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۶۷، الناشر دار المعرفة، بیروت)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

ترجمہ: جیسے اس نماز کا اعادہ واجب ہے جو کراہت کے ساتھ ادا کی گئی ہو۔ [1]

اور وقت کے اندر اعادہ واجب اور وقت نکلنے کے بعد اعادہ مستحب ہے۔ یہ اس وقت ہے کہ اس نماز میں مکروہ تحریمی کا ارتکاب ہو گیا ہو، جس پر عباراتِ فقہاء ناطق ہیں۔ اور مکروہِ تنزیہی کے ارتکاب سے اس نماز کا اعادہ مستحب ہے۔

اگر کسی نے مکروہ تنزیہی کے ساتھ نماز ادا کی تو اس کا اعادہ افضل ہے

جیسا کہ منحۃ الخالق میں ہے:

بقی ھھنا شئي لم یتعرض له المؤلف وھو أنه لو أداھا مع کراھة التنزیه فالأفضل إعادتھا ایضًا کما ذکره الشرنبلالي في إمداد الفتاح مستدلا بعموم قول التجنیس کل صلاة ادیت مع الکراھة فانھا تعاد لا علی وجه الکراھة قال وھذا شامل للإعادة بکراھة التنزیه إلا قوله النکرة في سیاق النفي بقوله تعاد علی وجه لیس فیه کراھة تعم المکروه تنزیھا وتحریمًا, انتھی کلام الشرنبلالي قلت ویوافقه ما قال القھستاني وفي التمرتاشي لو صلی الا قوله وفي مکروھات الصلاة من فتح القدیر والحق التفصیل بین کون تلک الکراھة کراھة تحریما فتجب الإعادة أو تنزیھا فتستحب, اھ۔

ترجمہ: یہاں ایک بات رہ گئی ہے جس کی طرف مؤلف نے التفات نہیں کیا، وہ یہ کہ اگر کسی نے مکروہ تنزیہی کے ساتھ نماز ادا کی تو اس کا اعادہ افضل ہے۔۔۔ ہر وقت جو کراہت کے ساتھ ادا کی جائے تو اس کو بغیر کراہت کے ساتھ ادا کرنا ہوگا۔ اور یہ شامل ہے اس نماز کے اعادے کو بھی جو کراہتِ تنزیہی کے ساتھ ادا کی گئی ہو۔ اور یہ قاعدہ کہ نکرہ جب سیاقِ نفی میں آجائے جیسے تعاد علی وجه لیس فیه کراھة۔ اس طریقے سے کہ اس میں کراہت نہ ہو۔ یہ تمام مکروہ خواہ تحریمی ہوں یا تنزیہی کو شامل ہے۔۔۔ حق تفصیل یہ ہے کہ اگر یہ کراہتِ تحریمی ہے تو اعادہ واجب ہے اور اگر تنزیہی ہے تو مستحب ہے۔ [2]

اور قضاء نمازوں کی ادائیگی کے لئے شارع نے پوری زندگی کا وقت دیا ہے۔

تین اوقاتِ ممنوعہ کے علاوہ تمام زندگی کے اوقات قضاء نمازوں کا وقت ہے

الدر المختار میں ہے:

وجمیع أوقات العمر وقت القضاء إلا الثلاثة المنھیة کما مر, اھ۔

ترجمہ: تمام زندگی کے اوقات قضاء نمازوں کا وقت ہے سوائے تین اوقاتِ ممنوعہ کے۔ [3]

---

[1] (فصول الشاشي ص ٦٤)

[2] (منحة الخالق, ج ٢, ص ٨٧)

[3] (الدر المختار, ج ٢, ص ٦٦, الناشر دار الفکر, بیروت)

تو جس طرح ہر فرض نماز کے بعد قضاء پڑھنا جائز ہے بوجہ اس کے کہ اس پڑھی ہوئی نماز میں فساد کا شبہ ہو تو اسی طرح پوری زندگی بھی قضاء نماز پڑھ سکتا ہے۔ اور پھر خاص کر فضیلت والے ایام و اوقات میں جیسے کہ رمضان المبارک کا آخری عشرہ ہو۔

جیسا کہ صاحب تفسیر بیضاوی آیت کریمہ: أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنسَوْنَ أَنفُسَكُمْ (البقرة ۴۴) کے تحت لکھتے ہیں:

والمراد بها حث الواعظ على تزكية النفس والإقبال عليها بالتكميل لتقوم فيقيم غيره، لا منع الفاسق عن الوعظ فإن الإخلال بأحد الأمرين المأمور بهما لا يوجب الإخلال بالآخر، هكذا في تفسير الأحمدی۔

ترجمہ: کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو؟ اس میں مقرر کو ترغیب دینی ہے کہ مکمل طور پر اپنا تزکیۂ نفس کرے اور اس کے لئے آگے بڑھے تاکہ وہ قائم رہے تو تم بھی قائم رہو۔ لیکن اس میں فاسق کو وعظ سے منع کرنے کا بیان نہیں ہے، کیونکہ اگر ایک مامور بہ کام ترک کر دیا جائے تو اس سے دوسرے مامور بہ کی ادائیگی میں خلل نہیں آتا۔[1]

جمعۃ الوداع کو قضاء عمری ادا کرنا مستحب ہے

الحاصل یہ کہ جمعۃ الوداع کو قضاء عمری ادا کرنا مستحب ہے کیونکہ نہایہ کی حدیث میں اس کی ادائیگی کی تصریح کی گئی ہے۔ کیونکہ قاعدہ و قانون یہ ہے کہ آئمہ کرام میں اگر کوئی امام کسی مسئلہ میں ایک قید کی تصریح کرے اور دیگر آئمہ سے اس قید کے خلاف تصریح نہ پائی گئی ہو تو اس قید کا اعتبار لازم ہے، خاص کر احتیاط کی جگہوں پر۔

جیسا کہ کبیری میں ہے:

وإذا صرح بعض الائمة يفيد لم يرو عن غيره منهم تصريح بخلافه يجب أن يعتبر سيما والموضع موضع إحتياطٍ، اه۔ کذا في الشامي۔

ترجمہ: اگر کوئی امام تصریح کرے تو فائدہ دیتا ہے اور کسی دوسرے امام سے اس کے خلاف کوئی تصریح نہ پائی جائے تو اس قید کا اعتبار واجب ہے، خاص کر احتیاط کے مقامات میں۔[2]

اگر مانعین یہ اعتراض کریں کہ یہ نماز معروف نہیں ہے، بلکہ ہر نماز کی ادا اس کی پہلی مثل کی طرح ہو گی۔ جیسے ظہر و عصر میں، اور صرف توہم کی وجہ سے پہلی نماز کی طرح نماز ادا نہیں کی جائے گی کیونکہ حدیث میں یہ ممنوع ہے: ولا يصلي بعد الصلاة مثلها۔ نماز کے بعد اس کی مثل نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

تو ہم جواب میں کہتے ہیں اس حدیث مذکور میں نہی عام ہے، جس میں کئی معانی کا احتمال ہے۔

---

[1] (تفسیر بیضاوی، ج ۱، ص ۷۷، الناشر: دار إحياء التراث العربي – بيروت، التفسیر الأحمدی، ص ۲۰۸)

[2] (کبیری، ص ۱۶۲، ردالمحتار، ج ۱، ص ۲۲۴)

جیسا کہ طحطاوی میں نہی عمومی مراد نہیں ہے کیونکہ اس نہی سے بعض محتملات خارج کر دیئے گئے ہیں۔

جیسا کہ البحر الرائق میں ہے:

وَبِمَا قَرَّرْنَاهُ ظَهَرَ أَنَّ ذِكْرَ الْمُصَنِّفِ فِي الْمُخْتَصَرِ لَفْظَ الحديث مع أَنَّ عُمُومَهُ ليس بِمُرَادٍ مِمَّا لَا يَنْبَغِي۔

ترجمہ: اور ہم نے کہا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصنف نے مختصر میں لکھا ہے کہ حدیث کے لفظ سے باوجود اس کی عمومیت کے وہ مراد نہیں ہے کہ جو مناسب نہیں ہے۔[1]

توجب نہی مذکور جو حدیث میں ہے کے لئے محتملات ہیں تو واجب ہے کہ نہی کو دیگر محتملات پر حمل کیا جائے گا نہ کہ نماز متعارضہ پر، اس وجہ سے تاکہ سلف صالحین کا وہ فعل صحیح وسالم باقی رہ جائے جو کتب فقہ میں منقول ہے۔

جیسا کہ ردالمحتار شامی میں ہے:

لَكِنْ رَأَيْتُ فِي فَصْلِ قَضَاءِ الْفَوَائِتِ مِنْ التَّتَارْخَانِيَّةِ أَنَّ الصَّحِيحَ جَوَازُ هَذَا الْقَضَاءِ إلَّا بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَالْعَصْرِ، وَقَدْ فَعَلَهُ كَثِيرٌ مِنْ السَّلَفِ لِشُبْهَةِ الْفَسَادِ اهـ وَعَلَى هَذَا لَا يَصِحُّ حَمْلُ الْحَدِيثِ عَلَى الْوَجْهِ الثَّالِثِ۔

ترجمہ: میں نے تاتارخانیہ کے باب قضاء الفوائت میں دیکھا کہ اس قضاء کا جواز صحیح ہے مگر عصر وفجر کے بعد مکروہ ہے، کیونکہ بہت سے اسلاف نے بوجہ فساد کے شبہ کے اس کو ادا کیا ہے، لہٰذا اس وجہ سے حدیث کو حمل کرنا وجہ ثالث پر صحیح نہیں ہے۔[2]

جب درج بالا عبارات سے نفسِ قضاءِ عمری کا استحباب معلوم ہوا تو اب اس کو باجماعت پڑھنے کے جواز کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

مجموعۃ الفتاویٰ قلمی میں عیون کے حوالہ سے ہے:

وفي العيون للفقيه أبي الليث وبعد الفراغ من ذلک أي النفل يصلي خمس صلوات مبتدأ من وقت الصبح إلى وقت العشاء مع صلاة الوتر ويخير في أداء تلک الصلوات بين الأداء بالإنفراد وعلى وجه الجماعة لكن الأداء بالجماعة اولى تيسيرا على الناس لكن الوتر يصلون منفردين فيكون ذلک جبيرة منه لما فات من الصلوات في عمره سهوًا أو خطأ لا لما تركها قصدًا وعمدًا، انتهى۔

ترجمہ: نوافل سے فارغ ہونے کے بعد پانچ نمازیں پڑھی جائیں، ابتداء فجر سے کی جائے عشاء تک وتر سمیت اور اس نماز کے انفرادی اور باجماعت پڑھنے کا اختیار ہے لیکن جماعت سے پڑھنا آسان ہے لوگوں پر اور اولیٰ ہے۔ لیکن وتر انفرادی

---

[1] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۶۷، الناشر دار المعرفۃ، بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۲، ص ۳۸، الناشر: دار الفکر-بیروت)

پڑھیں گے تو یہ اس کی تمام عمر کی نمازوں کا جبیرہ ہو جائے گا خواہ وہ بھول کر رہ گئی ہو یا غلطی سے، مگر قصداً چھوٹی ہوئی نمازوں کا جبیرہ نہ ہو گا۔[1]

جامع الفوائد میں ہے:

اگر این نمازہا بجماعت بگذارد در ہر نماز جہری امام قرأت بلند خواند و اگر تنہا خواند مخبر است خواہ بلند خواند خواہ آہستہ، اھ۔

ترجمہ: اگر اس نماز کو باجماعت پڑھے تو قرأت کو بلند آواز سے پڑھے اور اگر تنہا پڑھے تو اس کو اختیار ہے کہ جہراً پڑھے یا سرّاً۔[2]

ان کتب سے قضاءِ عمری کی جماعت بھی معلوم ہوئی۔ یہ کتب اگرچہ لوگوں کے درمیان مشہور و متداول نہیں ہیں۔ مگر عدم شہرت سے لازم نہیں آتا کہ اس کے قول پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اگر کسی غیر مشہور کتاب میں کوئی مسئلہ موجود ہو اور مشہور کتب میں اس کے خلاف تصریح موجود نہ ہو تو اس پر عمل کرنا جائز ہے۔

جیسا کہ البحر الرائق میں ہے:

فَحِينَئِذٍ انْقَطَعَ اخْتِلَافُ الْمَشَايِخِ لِأَنَّ الْمَسْأَلَةَ حَيْثُ لم تُذْكَرْ في ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَثَبَتَتْ في رِوَايَةٍ أُخْرَى تَعَيَّنَ الْمَصِيرُ إلَيْهَا، كذافي الشامي۔

ترجمہ: یہاں مشائخ کا اختلاف ختم ہو گیا کیونکہ جو مسئلہ ظاہر الروایۃ میں ذکر نہ کیا جائے اور کسی اور کتب میں ثابت ہو تو اس پر عمل کی تعیین ہو گی۔[3]

اور اگر کوئی مانعین یہ کہیں کہ قضاء عمری کی ادائیگی اذان و اقامت کے ساتھ باجماعت پڑھنا بالکل غلط ہے، کیونکہ قضاء کی ادائیگی پوشیدہ طور پر کی جائے گی اور اس کا اظہارِ گناہ ہے۔

جیسا کہ الدر المختار، باب الاذان میں ہے:

ویکرہ قضاؤھا فیہ لأن التأخیر معصیۃ فلا یظھرھا، وھکذا في آخر باب قضاء الفوائت۔

ترجمہ: اور اس میں قضاء پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ تاخیر گناہ ہے اور اس کو ظاہر نہیں کیا جائے گا۔[4]

---

[1] (مجموعۃالفتاویٰ قلمی، ص ۳۰۹)

[2] (جامع الفوائد، ص ۴۶)

[3] (البحر الرائق، ج ۲، ص ۸۹، الناشر دار المعرفۃ، بیروت، ردالمحتار، ص ۵۰)

[4] (الدر المختار، ج ۱، ص ۳۹۱، الناشر دار الفکر، بیروت)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

ہم کہتے ہیں کہ اگر قضاء ادا کی طرح ہو تو جس طرح جماعت مشروع و جائز ہے ادا میں تو اسی طرح قضاء میں بھی جائز ہے، جو نصوص اور اقوال فقہاء سے ثابت ہے۔ اور جو نماز باجماعت جائز ہو تو اس کی ادائیگی مسجد میں بہتر ہے۔

جیسا کہ اس پر الدر المختار، باب الوتر والنوافل کے آخر میں تصریح ہے:

و کل ما شرع بجماعة فالمسجد فیه أفضل، اھ۔

ترجمہ: ہر نماز جو باجماعت مشروع ہے تو اس میں مسجد افضل ہے۔[1]

اور الدر المختار کی یہ علت کہ:

لأن التأخیر معصیة۔

ترجمہ: تاخیر معصیت ہے۔[2]

تو اس سے مراد اپنے اوقات سے تاخیر کرنا ہے قصداً و عمداً۔ کیونکہ عمداً تاخیر معصیت ہے نہ کہ مطلقاً۔ اور مذکورہ تعلیل عموم کے اعتبار سے نہیں ہے۔ حتٰی کہ یہ تمام مقامات جاری ہو جائیں۔

جیسا کہ حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح، باب ادراک الفریضہ میں ہے:

و التعلیل بأن القضاء معصیة فلا یظهرها لا یطرد۔

ترجمہ: اور یہ علت کہ قضاء کرنا معصیت ہے لہٰذا اس کو ظاہر نہ کیا جائے تو اس کی وجہ سے اس کو چھوڑا نہیں جائے گا۔[3]

اسی طرح کی تعلیل رد المحتار شامی، باب الاذان میں بھی ہے:

إِنَّمَا يَظْهَرُ أَنْ لَوْ كَانَ الْأَذَانُ لِجَمَاعَةٍ، أَمَّا إذَا كَانَ مُنْفَرِدًا وَيُؤَذِّنُ بِقَدْرِ مَا يُسْمِعُ نَفْسَهُ فَلَا۔

ترجمہ: بے شک ان کو ظاہر کیا جائے گا اگر اذان جماعت کے لئے ہو، ہاں اگر وہ انفرادی ہو یا اس انداز سے اذان دی گئی کہ وہ اس کو سنتا ہے تو پھر اذان کو ظاہر نہ پڑھا جائے۔[4]

اسی طرح البحر الرائق میں ہے:

لِأَنَّ الْقَضَاءَ يَحْكِي الْأَدَاءَ وَلِهَذَا يَجْهَرُ الْإِمَامُ بِالْقِرَاءَةِ إنْ كانت صَلَاةً يُجْهَرُ فيها وَإِلَّا خَافَتَ بها وَذَكَرَ الشَّارِحُ أَنَّ الضَّابِطَ عِنْدَنَا أَنَّ كُلَّ فَرْضٍ أَدَاءً كان أو قَضَاءً يُؤَذَّنُ له وَيُقَامُ سَوَاءٌ أدي مُنْفَرِدًا أو بِجَمَاعَةٍ۔

---

[1] (الدر المختار، ج ۲، ص ۴۵، الناشر دار الفکر، بیروت)
[2] (الدر المختار، ج ۱، ص ۳۹۱، الناشر دار الفکر، بیروت)
[3] (حاشیة الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج ۱، ص ۲۹۰، الناشر المطبعة الکبری الأمیریة ببولاق)
[4] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۳۹۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)

ترجمہ: کیونکہ قضاء ادا کی حکایت کرتا ہے لہٰذا اگر جہری نماز ہو تو امام اس میں جہر کرے گا، اور خاموش والی میں اخفاء کرے گا۔ شارح نے لکھا کہ ضابطہ یہ ہے کہ ہر فرض خواہ ادا ہو یا قضاء اس کے لئے اذان دی جائے گی خواہ انفرادی پڑھی جائے یا باجماعت۔[1]

اسی طرح ردالمحتار شامی میں ہے:

التَّفْوِيتُ لِأَمْرٍ عَامٍّ فَالْأَذَانُ فِي الْمَسْجِدِ لَا يُكْرَهُ لِانْتِفَاءِ الْعِلَّةِ۔

ترجمہ: ہاں اگر نماز کا فوت ہونا کسی عام معاملہ (پریشانی) کی وجہ سے ہو تو مسجد میں اذان دینا مکروہ نہیں ہے، کیونکہ علت منتفی ہو گئی۔[2]

جو اپنے اوقات سے قصداً تاخیر ہے۔ لہٰذا اس عبارت سے قضاء عمری کی ادائیگی مسجد میں اذان واقامت سمیت باجماعت جائز ہوئی، دو وجوہات سے:

ا۔ وجہ یہ ہے کہ قضاء عمری میں اپنے اوقات سے تاخیر مطلقاً موجود نہیں ہوئی۔ کیونکہ یہ احتمال فوت شدہ نمازوں کی قضاء ہے۔ اور اس کی ادائیگی دین میں احتیاطی پر ہوتی ہے۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ قضاء عمری میں وجہ فرض ہے، کیونکہ اس پر قضاء کے اسم کا اطلاق صحیح ہے، اور یہ احتمال بھی ہے کہ اس شخص پر یہ نماز باقی ہو۔ اور من وجہ یہ نفل ہے جیسا کہ فقہاء کرام کے اقوال سے معلوم ہوا ہے کہ: لانها نوافل من وجه۔ یہ من وجہ نفل ہے۔ یا لانها نفل ظاهر۔ کہ ظاہری نفل ہے۔

اگر مانعین یہ کہیں کہ قضاء عمری نفل ہے تو نفل تداعی تین افراد سے زائد کے ساتھ مل کر باجماعت جائز نہیں ہے، بغیر تراویح، سورج گرہن اور نماز استسقاء کے۔

تو ہم دو وجوہات سے جواب دیتے ہیں:

ا۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ یہ بات قابل قبول نہیں کہ نفل تداعی کے ساتھ مطلقاً مکروہ ہے۔ بلکہ نوافل قطعیہ مکروہ ہیں۔

جیسا کہ الدر المختار، باب سجود السہو میں ہے:

وَالْجَوَابُ أَنَّهُ لَمْ يَشْرَعْ فِي هَذَا النَّفْلِ قَصْدًا، وَمَا ذَكَرْته مِنْ الْكَرَاهَةِ وَوُجُوبِ الْإِتْمَامِ خَاصٌّ بِالتَّنَفُّلِ قَصْدًا۔

---

[1] (البحر الرائق، ج ۱، ص ۲۷۶، الناشر دار المعرفة، بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۳۹۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)

ترجمہ: جواب یہ ہے کہ یہ قصداً نفل میں مشروع نہیں ہے۔ اور ہم نے جو کراہت ذکر کی ہے اور پورا کرنا واجب ہے وہ خاص ہے قصداً تنفل کے ساتھ۔[1]

اور قضاء عمری احتمالی فوت شدہ نمازوں کی ہے جس میں نفل کی جہت بھی ثابت ہے، پس نفل کی جہت کے احتمال سے فوت شدہ نمازوں کے ضمن میں قضاء سے، فوت شدہ نمازوں کی باجماعت ادائیگی سے ضمنی احتمالی کراہت لازم ہوتی ہے، اور بارہا بارہا اللہ تعالیٰ ضمنی جنایت کو معاف فرما دیتا ہے۔ اگرچہ کہ قصداً جنایت کو معاف نہیں فرماتا۔

جیسا کہ حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

و لأنہ یغتفر ضمنا ما لا یغتفر قصدا۔

ترجمہ: ضمناً گناہ کی مغفرت فرماتا ہے مگر قصداً گناہ کی نہیں۔[2]

لہٰذا اگر قضاء عمری میں باجماعت ادائیگی سے ضمناً کراہت ثابت ہو جائے تو امید ہے کہ معاف ہو جائے گی۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر میں نفل میں تداعی کے ساتھ جماعت کو مکروہ مان لوں خواہ قصدی ہو یا ظنی ہو یا ضمنی ہو۔ لیکن پھر بھی یہ کراہتِ تنزیہی ہے، تحریمی نہیں ہے۔

جیسا کہ رد المحتار شامی، باب الوتر و النوافل میں ہے:

وَفِي حَاشِيَةِ الْبَحْرِ لِلْخَيْرِ الرَّمْلِيِّ: وَالنَّفَلُ بِالْجَمَاعَةِ غَيْرُ مُسْتَحَبٍّ لِأَنَّهُ لَمْ تَفْعَلْهُ الصَّحَابَةُ فِي غَيْرِ رَمَضَانَ اهـ وَهُوَ كَالصَّرِيحِ فِي أَنَّهَا كَرَاهَةُ تَنْزِيهٍ تَأَمَّلْ، کذا في منحة الخالق حاشية بحر الرائق۔

ترجمہ: خیر الدین رملی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے بحر کے حاشیہ میں ہے: نفل بالجماعت مستحب نہیں ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ایسا نہیں کیا ہے سوائے رمضان کے، اور یہ صریح ہے کہ کراہتِ تنزیہی ہے۔ اور کراہتِ تنزیہی بھی حصولِ ثواب کے منافی نہیں ہے۔[3]

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

و الاقتداء بہ أولی من الإنفراد علی أن الکراھۃ لا تنافي الثواب أفادہ العلامۃ نوح۔

ترجمہ: انفرادی پڑھنے سے اولیٰ اقتداء میں پڑھنا ہے، کیونکہ کراہت ثواب کے منافی نہیں ہے۔[4]

---

1 (رد المحتار، ج۵، ص ۳۷۵)

2 (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج ۱، ص ۲۹۲، الناشر المطبعۃ الکبری الأمیریۃ ببولاق)

3 (رد المحتار، ج ۲، ص ۴۹، الناشر: دار الفکر-بیروت، منحۃ الخالق حاشیۃ بحر الرائق، ج ۲، ص ۷۵)

4 (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج ۱، ص ۲۰۴، الناشر المطبعۃ الکبری الأمیریۃ ببولاق)

الحاصل یہ کہ فقہاء کے نفل بالجماعت کے دو اقوال ہیں:

۱۔ تداعی کے ساتھ مکروہِ تنزیہی ہے اور بغیر تداعی کے جائز ہے بلا کراہت۔

جیسا کہ خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے:

وأصل هذا ان التطوع بالجماعة إذا كان على سبيل التداعي يكره في الأصل للصدر الشهيد أما إذا صلوا بجماعة بغير أذان وإقامة في ناحية المسجد لا يكره وقال شمس الائمة الحلواني ان كان سوى الإمام ثلثة لا يكره بالاتفاق وفي الاربع إختلف المشائخ والأصح أنه لا يكره, اھ۔

ترجمہ: اس کی اصل یہ ہے کہ نفل بالجماعت اگر تداعی سے ہو تو مکروہ ہے۔۔۔ہاں اگر انہوں نے باجماعت پڑھی بغیر اذان واقامت کے مسجد کے کونے میں تو مکروہ نہیں ہے۔۔۔اگر امام کے علاوہ تین مقتدی ہوں تو مکروہ نہیں بالاتفاق اور چار میں اختلافِ مشائخ ہے مگر اصح یہ ہے کہ مکروہ نہیں۔[1]

۲۔ دوسرا قول یہ ہے کہ نفل کی جماعت تداعی یا بلا تداعی بلا کراہت جائز ہے۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

وصلاة التطوع بالجماعة جائزة من غير كراهة لو صلوا بغير تداع وهو الأذان والإقامة كما في الفرائض صرح بذلك كثير من العلماء قال شرح النقاية وغيره وفي المحيط لا يكره الاقتداء بالامام في النوافل مطلقاً نحو القدر والرغائب وليلة النصف من شعبان ونحو ذلك لأن ما رأه المؤمنون حسناً فهو عند الله حسن فلا تلتفت إلى قول من لا مذاق لهم من الطاعنين فإنهم بمنزلة العنين لا يعرفون ذوق المناجاة وحلاوة الطاعات وفضيلة الأوقات۔

ترجمہ: نفل بالجماعت بلا کراہت جائز ہے، اگر بغیر تداعی یعنی بغیر اذان واقامت کے ادا کریں۔ جیسا کہ فرائض میں ہوتے ہیں۔ اس پر کثیر علماء نے تصریح فرمائی ہے۔۔۔ نفل میں مطلقاً جماعت مکروہ نہیں ہے۔ جیسے لیلۃ القدر، رغائب، پندرہ شعبان کے نفل ہوئے۔ کیونکہ جو کام مؤمنوں کے ہاں اچھا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اچھا ہے۔ لہٰذا بے ذوق علماء کی باتوں کی طرف التفات نہ کیا جائے گا کیونکہ ان کی مثال عنین کی طرح ہے جو مناجات وعبادات کے ذوق سے کورے ہیں۔[2]

دستور القضاۃ میں ہے:

وفي تجنيس النوازل في باب الصلاة في القسم الثاني قال إذا كان الرجل قاريًا فاجب أن يصلي التطوع وحده وأن يصلي بجماعة فحسن وفي الكافي في صلاة النوافل ويكره صلاة التطوع بجماعة قيل معناه يكره اعتياد فعلها بالجماعة واستدعاء الناس إلى فعلها جماعة فأما إذا اقتدى بمتنفل يجوز لان بن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما إقتدى

---

[1] (خلاصۃ الفتاویٰ، ج ۱، ص ۱۲۴)

[2] (روح البیان، ج ۱۰، ص ۳۷۲، دار النشر/دار إحیاء التراث العربی)

برسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم في تطوعه بالليل هو الأصح فإنه عليه السلام قال لأبي الدرداء رضي اللہ تعالیٰ عنہ اجعل صلاتک معهم سبحة أي نافلة۔

ترجمہ: اگر کوئی شخص قاری ہو اور وہ چاہتا ہے کہ نفل انفرادی پڑھوں تو جائز ہے مگر جماعت کے ساتھ اچھا ہے۔۔۔ نفل بالجماعۃ مکروہ ہے، اس کا معنیٰ یہ ہے کہ جماعت کی عادت بنالینا مکروہ ہے اور لوگوں کو دعوت دینا مکروہ ہے، ہاں اگر وہ نفل پڑھنے والے کی اقتداء کرلے تو جائز ہے، کیونکہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رات کی نفل نماز میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اقتداء کی تھی، اور یہی اصح ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ ان کے ساتھ نفل پڑھیں۔[1]

وہ بات جو اصلاح الرسوم، صفحہ نمبر ۳۵ میں ہے کہ نفلی جماعت میں شرعاً مقتدیوں کی تعداد تین سے زیادہ ممنوع ہے۔ تو یہ قول فقہاء کرام کے اقوال کے مخالف ہے کہ ان فقہاء نے یا مطلقاً جائز یا کراہتِ تنزیہی کے ساتھ جائز قرار دیا نہ کہ مطلقاً ممنوع ہے۔

مانعینِ قضاء عمری کی طرف سے ایک قوی اعتراض یہ ہے کہ نماز کی صحت کے لئے امام و مقتدی کا تحریمہ یکساں ہونا شرط ہے، جبکہ یہ قضاءِ عمری میں نہیں ہے۔ کیونکہ امام پر ہو سکتا ہے قضاء ہی نہ ہو۔ اور اگر بالفرض ہو تو ہو سکتا ہے کہ وہ پیر کی ظہر ہو اور مقتدی پر جمعرات کی ظہر کی قضاء ہو تو پیر کے ظہر پڑھنے والے کے پیچھے جمعرات کی ظہر پڑھنے والے کی نماز کیسے صحیح ہو گی؟

ہم جواب دیتے ہیں کہ ہم مانتے ہیں کہ تحریمہ کا اتحاد شرط ہے اقتداء کی صحت کے لئے جو قضاء عمری میں موجود ہے۔ کیونکہ اتحاد کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ محض عینیت کے معنی میں　　　　۲۔ عدم انفکاک کے معنی میں

یعنی امام کا تحریمہ مقتدی کے تحریمہ کو متضمن ہے، اور قضاء میں ان دونوں معنی میں اتحاد موجود ہے لیکن مطلقاً نہیں، بلکہ مقتدیوں کی نیت کے وقت۔

فقہاء کرام کے ہاں مختار نیت

اور فقہاء کرام کے ہاں مختار نیت وہ ہے کہ جو قاضی خان نے ذکر کیا ہے:

والأحسن أن يقول نويت أن أصلي مع الإمام مايصلي الإمام۔

---

[1] (دستور القضاۃ، ص ۷)

ترجمہ: بہتر یہ ہے کہ وہ ایسے کہے کہ میں نے نیت کی کہ وہ نماز پڑھوں جو امام صاحب پڑھتے ہیں۔[1]

اور دونوں معنی میں اتحاد کی تفصیل یہ ہے کہ یہ نماز چار حالات سے خالی نہیں ہے۔

ا۔ یا تو امام و مقتدی تمام فرض ادا کرنے والے ہوں گے اور حقیقت میں ان ادا کی جانے والی نمازوں میں متحد ہوں گے جو جمعۃ الوداع کو ادا کی جارہی ہے۔

۲۔ یا تمام نفل پڑھنے والے ہوں گے، اور اس نماز پر قضاء کا اطلاق اس اعتبار سے ہو گا کہ احتمال ہے کہ یہ نماز ان پر واجب ہو چکی ہو گی بوجہ خلل اور نقصان آنے کے ان کی نمازوں میں جو انہوں نے ادا کی تھیں، اور ان کو اس نقصان کا علم نہ تھا۔ تو ان کے مابین اتحاد موجود ہوا پہلے معنی کے لحاظ سے جو محض عینیت ہے ان دونوں صورتوں میں یقیناً۔ کیونکہ پہلی صورت میں سب فرض پڑھنے والے اور دوسری صورت میں سب نفل پڑھنے والے ہیں۔

۳۔ یا امام فرض پڑھنے والا اور مقتدی نفل پڑھنے والے ہوں گے۔ تو متنفل کی اقتداء مفترض کے پیچھے ہوئی جو بالاتفاق جائز ہے۔ اس صورت میں اتحاد دوسرے معنی میں ہے جو ضمنی اتحاد ہے۔ کیونکہ قوی ضعیف کو متضمن ہوتا ہے، اور فرض نفل کو متضمن ہوتا ہے۔ اور مقتدیوں کی تحریمہ اگرچہ اصل نماز کے لئے منعقد ہوئی ہے جو فرض کے وصف کے ساتھ ہے، لیکن فرض کے وصف کے بطلان سے اصل نماز کا بطلان لازم نہیں آتا۔

جیسے البحر الرائق میں ہے:

وَقَيَّدَ بِفَسَادِ الْفَرِيضَةِ لِأَنَّهُ لَا يُبْطِلُ أَصْلَ الصَّلَاةِ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَعِنْدَ مُحَمَّدٍ يُبْطِلُ لِأَنَّ التَّحْرِيمَةَ عُقِدَت

لِلْفَرْضِ فَإِذَا بَطَلَتْ الْفَرْضِيَّةُ بَطَلَتْ التَّحْرِيمَةُ أَصْلًا وَلَهُمَا أَنَّهَا عُقِدَتْ لِأَصْلِ الصَّلَاةِ بِوَصْفِ الْفَرِيضَةِ فَلَمْ يَكُنْ مِنْ ضَرُورَةِ بُطْلَانِ الْوَصْفِ بُطْلَانُ الْأَصْلِ كَذَا فِي الْهِدَايَةِ عَلَى قَوْلِ الْجُمْهُورِ، لِأَنَّهُ يَلْغُو الْوَصْفُ وَيَبْقَى الْأَصْلُ۔

ترجمہ: فریضہ کے فساد کی قید سے مقید کیا، کیونکہ اصل نماز باطل نہیں ہوتی شیخین کے ہاں۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں باطل ہوتی ہے۔ کیونکہ تحریمہ فرض کے لئے منعقد ہوا ہے، جب فریضہ ہی بدل گیا تو تحریمہ بھی باطل ہوا اصلاً۔ اور شیخین کی دلیل یہ ہے کہ تحریمہ اصل نماز کے لئے منعقد ہوئی تھی جو فرض کے وصف سے تھی، تو وصف کے بطلان سے اصل کا بطلان لازم نہیں آتا۔۔ جمہور کا قول یہ ہے کہ یہ وصف لغو ہے اور اصل باقی ہے۔[2]

---

[1] (فتاؤ قاضی خان، ج ا، ص ۱۱۵)

[2] (البحر الرائق، ج ۴، ص ۴۱۲، مکتبۃ أھل السنۃ والجماعۃ، الدر المختار، ج ا، ص ۲۸۰)

رد المحتار میں ہے:

وَأَمَّا مَا فِي الْمِنَحِ مِنْ قَوْلِهِ إنَّهُ مُفَرَّعٌ عَلَى بَقَاءِ أَصْلِ الصَّلَاةِ عِنْدَ فَسَادِ الِاقْتِدَاءِ فَكَأَنَّهُ سَبْقُ قَلَمٍ لِأَنَّ الِاقْتِدَاءَ صَحِيحٌ، وَإِنَّمَا فَسَدَتْ نِيَّتُهَا الْفَرْضِيَّةَ وَبَقِيَ اقْتِدَاؤُهَا أَصْلُ صَلَاةِ الْإِمَامِ وَهُوَ النَّفَلُ وَإِنْ زَادَ عَلَيْهَا الْإِمَامُ بِوَصْفِ الْفَرْضِيَّةِ كَمَا قُلْنَا أَفَادَهُ الرَّحْمَتِيُّ۔

ترجمہ: یہ اصل صلوٰۃ کی بقاء پر مفرّع ہے جب اقتداء فاسد ہو جائے۔ گویا کہ یہ قلم کی غلطی ہے کیونکہ اقتداء صحیح ہے۔ اور فرضیت کی نیت فاسد ہو گئی اور اصل نماز جو نفل ہے اس کی اقتداء باقی ہے، اگرچہ امام اس نماز پر فرضیت کے وصف کا اضافہ کرے۔[1]

۴۔ یا امام متنفل اور مقتدی مفترض ہوں گے، کہ ان کو واجب کا علم ہو گا۔ اس صورت میں اتحاد کا پہلا معنی موجود ہوا۔ کیونکہ مقتدیوں نے اس نماز کی نیت کی جو امام پڑھ رہا ہے، اور اپنا تحریمہ امام کے تحریمہ کے ساتھ بناء کیا ہے، اور اصحاب ترجیح جیسے قاضی خان کے ہاں مختار ہے، تو مقتدیوں کی نماز امام کی نماز کی طرف لوٹائی جائے گی، اگرچہ ان کو اپنے امام کی نماز کا علم نہ ہو۔

جیسا کہ قاضی خان، باب افتتاح الصلاۃ میں ہے:

وذكر في باب الحدث إذا اقتدى بالإمام ينوي صلاة الإمام ولا يعلم أن الإمام في أية صلاة في الظهر أو في الجمعة أجزأه أيتهما كانت لأنه نوى الدخول في صلاة الإمام مقتدياً به فيصير شارعاً في صلاته۔

ترجمہ: اگر کسی نے کسی امام کی اقتداء کی اور مقتدی کو پتہ نہ چلا کہ امام کون سی نماز پڑھ رہا ہے ظہر ہے یا جمعہ؟ تو جو بھی نماز تھی صحیح ہو گی۔ کیونکہ اس نے امام کی نماز میں داخل ہونے کی نیت کی تو وہ اس کی نماز میں شروع کرنے والا ہو گا۔[2]

البحر الرائق میں ہے:

حَتَّى لَوْ نَوَى الِاقْتِدَاءَ بِالْإِمَامِ أَوْ الشُّرُوعَ فِي صَلَاةِ الْإِمَامِ وَلَمْ يُعَيِّنْ الصَّلَاةَ فَإِنَّهُ لَا يَجُوزُ وَهُوَ قَوْلُ الْبَعْضِ وَالْأَصَحُّ الْجَوَازُ كَمَا نَقَلَهُ الشَّارِحُ وَغَيْرُهُ وَيَنْصَرِفُ إلَى صَلَاةِ الْإِمَامِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لِلْمُقْتَدِي عِلْمٌ بِهَا ؛ لِأَنَّهُ جَعَلَ نَفْسَهُ تَبَعًا لِصَلَاةِ الْإِمَامِ۔

ترجمہ: اگر کسی نے کسی امام کی نماز کی نیت کی یا اس کی نماز میں شروع ہو گئے اور نماز کا تعین نہ کیا تو یہ جائز نہیں ہے، اور یہ بعض علماء کا قول ہے اصح قول یہ ہے کہ جائز ہے۔۔۔ اور اس کی نماز امام کی نماز کی طرف پھر جائے گی، اگرچہ مقتدی کو اس نماز کا علم نہ ہو کیونکہ اس نے اپنے آپ کو امام کی نماز کا تابع بنا دیا ہے۔[1]

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۴۲۷، الناشر: دار الفکر - بیروت)

[2] (فتاویٰ قاضی خان، ج ۱، ص ۱۱۵)

حکم ثالث اور رابع سے باقی دو صورتوں کا حکم بھی معلوم ہوا کہ ایک صورت میں امام مفترض ہے جیسا کہ شق ثالث میں ہے اور بعض مقتدیوں کا مفترضین ہوتا ہے اور بعض کا متنفلین ہونا۔ اور ثانی امام کا متنفل ہونا ہے جیسے صورتِ رابع میں ہے، اور بعض مقتدیوں کا مفترضین اور بعض کا متنفلین ہونا ہے۔

جب قضاء عمری کا استحباب سلف کے اقوال وافعال سے ثابت ہوا تو اس کو بدعتِ سیئہ کہنا صحیح نہیں ہوا۔ کیونکہ بدعتِ سیئہ اس فعل کو کہتے ہیں کہ جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے طریقے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ومشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے طریقے کے خلاف ہو۔

جیسا کہ روح البیان میں ہے:

ثم ان البدعة و الهوی عندنا معاشر الصوفية خلال العمل بسنة النبی علیه السلام و سنة الاصحاب العظام و سنة المشایخ الکرام و الاتباع بالعقل الجزئی و الطبع فی کل فعل و ترک۔

ترجمہ: بدعت اور ھویٰ ہمارے صوفیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں سنتِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے خلاف عمل کو کہتے ہیں۔ اسی طرح سنت صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ومشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے خلاف عمل کو کہتے ہیں۔[2]

علماء عارفین نے جن کاموں کو ایجاد کیا ہے وہ بدعت نہیں

تفسیر روح البیان میں ہے:

جمیع ما ابتدعه العلماء و العارفون مما لم تصرح الشریعة بالأمر به لا یکون بدعة إلا أن خالف صریح السنة فإن لم یخالفها فهو محمود ففي الصحیح من سن سنة حسنة فله اجرها و أجر من عمل بها، اھ۔

ترجمہ: علماء عارفین نے جن کاموں کو ایجاد کیا ہے اگرچہ شریعت نے اس کے کرنے کی صراحت نہ کی ہو تو وہ بدعت نہیں ہے، ہاں اگر وہ نیا کام صریح سنت کے خلاف ہو تو پھر بدعت ہو گا۔ اور اگر مخالف نہ ہو تو وہ اس حدیث پر محمول ہو گا کہ جس نے اچھا کام ایجاد کیا تو اس کو اس کا اور اس پر عمل کرنے والے والوں کے برابر اجر ملے گا۔[3]

مشائخ کرام ذوالجناحین ہیں

اس مضمون کو روح البیان میں یوں بیان کیا گیا ہے:

علی أن عمل المشایخ یکفي سنداً فإنهم ذوو الجناحین و قد أفردت لهذا الباب جزءاً واحداً شافیاً۔

---

[1] (البحر الرائق، ج ۱، ص ۲۹۸، الناشر دار المعرفة، بیروت)

[2] (تفسیر روح البیان، ج ۴، ص ۱۹۲، الناشر: دار الفکر - بیروت)

[3] (تفسیر روح البیان، ج ۹، ص ۳۸۴، الناشر: دار الفکر - بیروت)

ترجمہ: سند کے اعتبار سے مشائخ کے عمل کفایت کرتے ہیں۔ پس تحقیق کے ساتھ مشائخ کرام ذوالجناحین (وہ اشخاص جنہوں نے علومِ ظاہری اور علومِ باطنی یعنی علمِ شریعت اور علمِ طریقت سے حصہ لیا ہے) ہیں۔[1]

اور جب قضاءِ عمری اسلاف سے فعلاً ثابت ہے تو ان کی اتباع لازم ہے، کیونکہ اگر آج مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے اقوال وافعال سے کنارہ کریں گے تو کل فقہاء کے اقوال سے بھی کنارہ کش شروع کر دیں گے بلکہ انکار تک بات چلی جائے گی، کیونکہ برائی برائی ہوتی ہے۔

مؤمن اپنے آپ پر گناہ کا دروازہ نہ کھولے تا کہ کفر تک بات نہ جائے

تفسیر روح البیان میں ہے:

قال أرباب المعاملات: من ابتلي بترک الأدب وقع في ترک السنن ومن ابتلی بترک السنن وقع في ترک الفريضة ومن ابتلی بترک الفريضة وقع في استحقار الشريعة ومن ابتلی بذلک وقع في الکفر. فعلی المؤمن أن لا يفتح باب المعصية علی نفسه خوفاً مما يؤدي إليه.

صاحبِ اربابِ معاملات نے لکھا ہے: جو مستحب کو ترک کرنے میں مبتلا ہوا تو ترک سنن واقع ہوگا، اور جو ترکِ سنن میں مبتلا ہوا تو ترکِ فریضہ واقع ہوگا اور جو ترکِ فریضہ میں مبتلا ہوا تو شریعت کو حقیر جانے گا اور جو اس میں گرفتار ہوا تو کفر میں واقع ہو جائے گا تو مؤمن کے لئے ضروری ہے کہ اپنے آپ پر گناہ کا دروازہ نہ کھولے تا کہ کفر تک بات نہ جائے۔[2]

قارئین حضرات! روح البیان کی یہ مشفقانہ نصیحت قبول کرو کیونکہ اعمال حسنہ کی کوئی حد نہیں ہے۔

قضاء عمری پڑھنے کا طریقہ

اولا قبل ادائے صلوۃ جمعہ بعد از دخول وقت نماز پیشین چار رکعت نفل خالصۃً للہ بگذارد ودر ہر رکعتِ آن یکبار الحمد ویکبار آیۃ الکرسی وسہ بار سورۂ کوثر بخواند ونیت چنان بکند کہ چار رکعت نفل میگذارم برائے خدا تا کفارۂ نمازہائے قضا شدہ ماشود اللہ اکبر۔

وقت داخل ہونے کے بعد جمعہ کی نماز سے پہلے چار رکعت نفل پڑھے، ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی، تین بار سورۃ الکوثر پڑھے، نیت یوں کرے: چار رکعت نفل برائے اللہ تعالیٰ پڑھتا ہوں تا کہ میرے ذمہ تمام قضاء نمازوں کا کفارہ ہو جائے۔۔ اللہ اکبر۔

---

[1] (تفسير روح البيان، ج ۹، ص ۱۱۵، دار النشر/دار إحياء التراث العربی، ميزان الشعراني، ص ۱۵)

[2] (تفسير روح البيان، ج ۲، ص ۲۵، دار النشر/دار إحياء التراث العربی)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

وبعد از فراغت ازین نفل بکمال عجز وصدق دل استغفار ودعائے حاجات بکند پس ازان بطریقہ خود از ادائے نمازِ جمعہ فارغ گردد اذان بخواند چنانچہ برائے قضائے فوائت خواندنِ اذان مسنون شریعت است بعد ازان امام بہ نیت خود وقوم بہ نیت خود چنانچہ ہنوز در ہموں ورق نیت ہر دو از امام ومقتدی معلوم شدہ است بعد از تمام اقامت اولا نمازِ فجر باجماعت آغاز نماید بعد از فراغت از نماز صبح اکتفاب اقامت کردہ نمازِ ظہر وبعدہ بہمین طریقہ نمازِ عصر بگذارد ودر نمازِ مغرب بعد از قعدۂ رکعتِ سوم تا تشہد استادہ رکعت چہارم ضم کند بعد ازان نمازِ عشاء بخواند ونماز وتر ہمچون نمازِ مغرب بگذارد ودر ہمہ رکعتہا بعد فاتحہ سورۂ اخلاص یا کدام سورتے دیگر خواندہ باشد وطریقۂ نیت این است دو رکعت نماز آخر صباح کہ بذمۂ من ماندہ باشد خالص برائے خدا میگذارم اللہ اکبر ومقتدی چنین نیت بکند کہ نماز یکہ امام میگذارد وپسِ این امام خالصًا للہ تعالیٰ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین۔

یہ چار رکعت نفل برائے توبہ اور رجوع الی اللہ مقرر ہوئے ہیں۔ نفل کے بعد عجز وانکساری سے دعا کرے، پھر نماز جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد اذان دے کہ قضاء نمازوں کے بعد اذان دینا مسنون ہے۔ پھر امام اور مقتدی نیت کریں جو اوپر معلوم ہو گئی ہے۔ اقامت کے بعد فجر کی نماز باجماعت پڑھے، پھر اقامت کرکے ظہر کی نماز پڑھے، پھر اسی طریقے پر عصر کی نماز پڑھے، پھر مغرب کی پڑھے، دوسرے قعدہ میں تشہد کے بعد قیام کرے، چوتھی رکعت پڑھے، پھر عشاء کی نماز پڑھے، پھر وتر کو مغرب کے طریقے پر پڑھے، ہر رکعت میں فاتحہ، اخلاص اور کوئی سورت پڑھے۔ نیت کا طریقہ یہ ہے کہ: دو فجر کی رکعات آخری فجر کی جو میرے ذمہ پر ہیں خالص اللہ تعالیٰ کے لئے پڑھتا ہوں، اللہ اکبر! مقتدی یوں نیت کریں کہ امام جو نماز پڑھتا ہے وہ ادا کرتا ہوں خاص اللہ تعالیٰ کے لئے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ وازواجہٖ اجمعین

متن اعلام المؤمنین بحث قضائے عمری پر

حاشیہ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

ثبوتِ قضاء عمری

جاننا چاہئے کہ قضاء عمری کا مفہوم یہ ہے کہ پانچ نمازوں کی قضاء وتروں کے ساتھ رمضان کے آخری جمعہ میں بعد نمازِ جمعہ کرنا۔ اور اس کی غرض حصولِ ثواب کثیرہ اور نمازوں میں تاخیر کے گناہ کی معافی اور نقصانات کا جَبیرہ ہے۔ اور ان پانچ نمازوں کی قضاء کرنے سے مسلمان اپنے ذمہ سے فارغ ہو جاتا ہے۔ (یعنی نمازوں میں جو سُنتیں چھوٹ گئیں یا جن مکروہات کا ارتکاب ہوا تو اس وقت (یعنی رمضان) اور اس نماز (یعنی قضاء عمری) کی برکت سے ان نقصانات کی تلافی ہو جاتی ہے)۔ کیونکہ وقت اور زمانے کی شرافت کی عظیم تاثیر ہے عملِ قلیل پر ثوابِ کثیر کے لئے۔

جیسے کہ حدیثِ مبارکہ میں آیا ہے جس کو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا ہے:

"وعن السلمان الفارسی رضی اللہ تعالی عنہ قال خطبنا رسول اللہ ﷺ فی آخر یوم من شعبان فقال یا ایّھا الناس قد اظلکم شھر عظیم شھر مبارک شھر فیہ لیلۃ خیر من الف شھر جعل اللہ صیامہ فریضۃ و قیام لیلتہ تطوعا من تقرب فیہ بخصلۃ من الخیر کان کمن ادّٰی فریضۃ فی ما سواہ و من ادّٰی فریضۃ فیہ کان کمن ادّٰی سبعین فریضۃ فی ما سواہ"۔[1]

حدیثِ مبارکہ میں "کان کمن ادّٰی" سے مراد مماثلتِ حکمی ہے یعنی عملِ قلیل پر ثوابِ کثیر کا ترتب۔ اور مماثلت حقیقی نہیں ہے۔ اور قضاء عمری میں اضافت، اضافتِ ظرفی ہے یعنی قضاء فی العمر یا اضافتِ لامی ہے بمعنی لام ہے اَیْ قضاء للعمر یعنی کثرتِ ثواب کے اعتبار سے یہ اس طرح ہے گویا کہ اس نے تمام عمر کی قضاء کرلی ہو نہ کہ یہ مطلب کہ اس کے ذمہ سے وہ نمازیں قضاء ہوئیں ان کو ادا کرنا لازم ساقط ہو گئیں بلکہ جو نمازیں قضاء ہوئیں ان کو ادا کرنا لازم ہے۔ نفس قضاء ثابت ہے آیاتِ مبارکہ، احادیثِ کریمہ اور اقوالِ فقہائے کرام سے۔

---

[1] (مشکوٰۃ شریف: جلد: ۱: صفحہ: ۱۷۳)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

آیاتِ مبارکہ سے جیسا کہ "وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ (البقرة ۴۳)" نماز قائم کرو۔ اس حکم میں ادا اور قضاء تمام نمازیں شامل ہو گئیں۔ کیونکہ جن دلائل سے ادا ثابت انہی سے قضاء بھی ثابت ہے۔ قضاء عمری میں قضاء نمازوں کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ لہٰذا قضاء عمری اس آیت مبارکہ سے ثابت ہو گئی اس لئے کہ ادا کی نص بعینہٖ قضاء کی نص ہے۔

جیسا کہ البحر الرائق میں ہے:

"القضاء يجب به الاداء على مذهب الصحيح"۔

صحیح مذہب کے مطابق جن دلائل سے ادا ثابت ہے انہی دلائل سے قضاء بھی ثابت ہے۔[1]

جیسا کہ رد المحتار شامی میں ہے کہ قضاء کی تین اقسام ہیں:

(۱) فوات الذات۔

(۲) فوات وصف محقق۔

(۳) فوات وصف موھومہ۔[2]

یعنی قضاء کی تین اقسام بیان کی گئی ہیں:

یقینی ظنی وہمی

یقینی یہ ہے کہ جو عین نماز فوت ہو جائے اس کا قضاء کرنا فرض عین ہے۔

ظنی یہ ہے کہ جماعت فوت ہو جائے یا کوئی اور فساد پیدا ہو جائے یا نقصِ ظنی آ جائے تو وہ ظنی ہے۔ یہ قضاء ظنی ہے وھمی یہ ہے کہ اس میں نماز فوت ہو جائے یا نقص آ جائے وھم کے ساتھ اور یہ قضاء احتیاطی ہے۔

احادیثِ مبارکہ سے قضاء کا ثبوت

سنن ابی داؤد میں ہے:

"عن عبدالله بن مسعود: أنَّ المُشركينَ شَغَلوا رسولَ اللهِ ﷺ عن أربعِ صلواتٍ يومَ الخندقِ، حتّى ذهَبَ مِن اللّيلِ ما شاء اللهُ، فأمَرَ بلالًا فأذَّنَ، ثمَّ أقام فصَلّى الظُّهرَ، ثمَّ أقام فصَلّى العصرَ، ثمَّ أقام فصَلّى المغربَ، ثمَّ أقام فصلّى العشاءَ"۔

---

1 (بحر الرائق، ج ۲، ص ۸۵، الراجح طحاوی، ص ۲۶۴، در مختار، ج ۱، ص ۲۸۷)

2 (شامی، ج ۱۰، ص ۴۹۵، باب قضاء الفوائت)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مشرکین نے خندق کے دن حضور پر نور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اتنا مشغول اور مجبور کیا کہ حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے چار نمازیں رہ گئیں یہاں تک کہ رات کا بھی ایک حصہ بمشیتِ الٰہی گزر گیا سو حضور اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا حکم فرمایا تو حضرت بلال نے اذان دی پھر اقامت کہی تو حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ظہر کی نماز ادا کی پھر حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا حکم فرمایا تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دی اور اقامت کہی حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے نمازِ عصر ادا کی پھر حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا حکم فرمایا تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان کہی پھر اقامت کہی تو حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے نمازِ مغرب ادا کی۔ پھر حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا حکم دیا تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان کہی پھر اقامت کہی تو حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے نمازِ عشاء ادا کی۔[1]

حدیثِ مبارکہ مذکورہ بالا سے ثابت ہوا کہ قضاء نمازوں کی ادائیگی کے لئے اذان دینا اقامت کہنا، جماعت کے ساتھ اداء کرنا ثابت و جائز ہے۔

قضاء عمری کی رمضان کے ساتھ تخصیص کے بارے میں احادیثِ مبارکہ

تذکرۃ الواعظین میں ہے:

۱۔"عن علیؓ رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لو اراد اللہ ان یعذّب امّۃ محمد ﷺ من المؤمنین لما اکرمھم بشھر رمضان فمن صلّٰی الفائتۃ فی اٰخر جمعۃ من رمضان بین الظھر و العصر فکانّما صلّٰی سبعین سنۃ۔

ترجمہ: اگر اللہ تعالیٰ امتِ محمدیہ ﷺ کو عذاب دینے کا ارادہ کرتا تو اسے شہر رمضان کے ساتھ کیوں مکرم فرماتا پس جس نے رمضان کے آخری جمعہ میں ظہر و عصر کے درمیان فوت شُدہ نماز ادا کی تو گویا کہ اس نے ستر سال کی نمازیں ادا کیں۔[2]

۲۔"عن رسول اللہ ﷺ من قضٰی خمس صلوات فی آخر جمعۃ رمضان و یختم بالوتر کان کمن ادّٰی ای صلّٰی سبعین سنۃ کذا فی الشامل۔

---

[1] (ابو داؤد و نسائی، و نصب الرایۃ: جلد: ۱: قضاء الفوائت: صفحہ: ۲۹۹)
[2] (تذکرۃ الواعظین باب شرف رمضان: صفحہ: ۱۵۲)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ جس نے رمضان کے آخری جمعہ میں پانچ نمازوں کی قضاء کی اور وتر پر ختم کی تو گویا کہ اس نے ستر سال کی نمازیں ادا کیں۔ اسی طرح امام کبیر بیہقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شامل میں ذکر کیا ہے۔ جو کوئی اس حدیث کو موضوع کہتا ہے تو اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور علمائے کرام کو گالی دینا ہے۔ (معاذ اللہ)[1]

۳۔ "قال رسول اللہ ﷺ من قضا خمس صلوات فی آخر جمعة من رمضان کان ذٰلک جابر الکلّ صلوٰة فائتة فی عمرہ الی سبعین سنة کذا فی النہایة شرح الھدایة"۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے رمضان کے آخری جمعہ میں پانچ نمازوں کی قضاء کی تو یہ اس کی ہر فوت شدہ نماز کے لئے جبیرہ ہو گا ستر سال تک۔ اور اسی طرح نہایہ شرح ہدایہ میں بھی ہے۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ:

"لا عبرة لنقل صاحب النہایة لھذا الحدیث لانہ لیس بمحدث"۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات درست نہیں ہے اس لئے کہ صاحب نہایہ محدث ہے۔

الفوائد البھیہ میں ہے:

"صاحب النہایة نحویٌ جدلیٌ مدرسٌ محدّثٌ"۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ وہ خود بھی محدث نہیں ہیں۔[2]

جیسا کہ عبد الحیؒ صاحب نے مجموعۃ الفتاویٰ، ج ۱، ص ۶۱ میں ذکر کیا ہے۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ عبد الحیؒ صاحب نے اپنے رسالہ **"ھدیة الاخوان فیما احدثوہ فی شھر رمضان"** میں ذکر کیا ہے کہ **"لا عبرة لنقل صاحب النہایة لانہ لیس بمحدّث"** اس کا جواب یہ ہے کہ عبد الحیؒ صاحب کے قول میں تناقض ہے۔ کہ ایک جگہ نہایہ کو محدث کہتا ہے اور دوسری جگہ کہتا ہے کہ محدث نہیں ہے۔ لہٰذا متناقض قول شرعاً مقبول نہیں ہے۔

حدیثِ قضائِ عمری ایک طرف تو امام سغناقی نے نہایۃ میں لائی ہے تو دوسری طرف فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے عیون میں۔[3]

اور یہ دونوں مرتبہ اجتہاد کو پہنچ چکے ہیں۔

---

[1] مصنفہ امام کبیر بیھقی اسماعیل بن الحسین الحنفی فی الفوائد البھیة: صفحہ: ۸۹" میں ہے کہ الشامل کا مصنف امام کبیر بیہقی اسماعیل بن الحسین الحنفی ہے۔

[2] (الفوائد البھیة، ص ۶۷")

[3] (البرھان النفس الامری ص ۵)

محمد بن محمود بن احمد الحنفی (غفر اللہ لہ ولوالدیہ) فرماتے ہیں:

"انی اروی کتاب الهدایة عن شیخی العلامة امام الهدی، معدن التقی، فرید عصره و وحید دهره، قدوة العلماء، عمدة الفضلاء، قوام الحق و الملة و الدین الکاکی قدس الله روحه و نوّر ضریحه وهو یرویه عن شیخیه العلامین الامامین الهمامین المجتهدین مولانا علاء الدین عبدالعزیز صاحب الکشف و مولانا حسام الدین حسین السغناقی صاحب النهایة اه"۔ و کان السغناقی من طبقة الثالثة من المجتهدین وهو طبقة المجتهدین فی المسائل کما فی کتب طبقات۔[1]

سمرقندی کے بارے میں فتاویٰ برھنہ میں ہے:

"کان امامًا جلیلًا ورعًا و کان یحفظ مائة الف حدیث"۔[2]

حموی شرح اشباہ میں لکھتے ہیں:

"و مجتهد الفتوی هو الذی یقدر علی استخراج احکام الحوادث التی لم ینص علیها الامام و لا اصحابه من قواعدهم و اصولهم کنصر ابن یحیی و الفقیه ابی اللیث"۔[3]

یعنی صاحبِ نہایہ و سمرقندی دونوں مجتہد ہیں۔

ملا علی قاری خود اسی موضوعات میں تحریر فرماتے ہیں:

"ان المجتهد اذا استدل بحدیث علی حکم من الاحکام فلا یتصور ان لا یکون صحیحًا او حسنًا عنده ثم لا یضره دخول ضعف او وضع فی سنده"۔

مجتہد جب ایک حکم میں ایک حدیث سے استدلال کرے تو یہ متصور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حدیث ان کے ہاں صحیح یا حسن نہ ہو پھر اس کی سند میں ضعف یا وضع کا داخل ہونا اس کی صحت کو مُضر نہیں۔[4]

اور مشکوٰۃ کی شرح مرقات میں کہتے ہیں:

"ان اخذ المجتهد به یدل علی قوته و لا یضر ضعف حدث بالحدیث بعدهٗ"۔

مطلب یہ ہے کہ مجتہد کا کسی حدیث سے استدلال کرنا اس حدیث کی قوت پر دلیل ہے اور استدلال کے بعد اس میں ضعف پیدا ہونا استدلال کو مُضر نہیں ہے۔[5]

---

[1] (عنایہ بر فتح القدیر ج ۱ ص ۲)

[2] (فتاوی برھنہ، ج ۲ ص ۲۶۵)

[3] (حموی شرح اشباہ، ص ۱۳، شامی ص ۵۱-۵۳)

[4] (موضوعات، ص ۶۷)

[5] (مرقاۃ المفاتیح، ج ۳ ص ۳۰۶)

شامی میں ہے:

"ان المجتهد اذا استدل بحديث كان تصحيحًا له۔ كمافي التحرير۔اھ"۔

یہ ہوئے ملا علی قاری وغیرہ کے فتوے کہ نہایۃ کی حدیث صحیح ہے اور قابلِ عمل ہے۔[1]

(۵)جواب یہ ہے کہ ملا علی قاری و مولانا عبد الحیؒ صاحب کا یہ کہنا کہ:

"ثم لا عبرة بنقل النهاية ولا ببقية شراح الهداية فانهم ليسوا من المحدثين۔۔۔الخ"۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ صاحبِ نہایۃ اور دوسرے کئی شراح ہدایہ محدثین ہیں۔ مولانا عبد الحیؒ صاحب نے یہ بات تسلیم کی ہے کہ اگر صاحبِ کتاب محدث ہو تو اس کی بیان کی ہوئی حدیث پر اعتماد ممکن ہے ہمیں چاہیئے کہ ہم مولانا عبد الحیؒ ہی کی کتب کی طرف رجوع کریں کیونکہ آپ ہی کی بات سے آپ پر حجت قائم کرنا زیادہ موئثر ہو گا۔

آپ کی کتاب فوائد البهيه فی تراجم الحنفيه میں ہے:

"واجتمع بقاضي القضاة ناصر الدين محمد بن عمر بن العديم واجاز له جميع مروياته ومسموعاته من تصانيفه النهاية وهو ابسط شروح الهداية واشملها قد احتوى على مسائل كثيرة وفروع لطيفة"۔[2]

اس عبارت سے دو باتیں واضح ہوتی ہیں ایک یہ کہ صاحبِ نہایۃ محدث تھے۔ دوسری یہ کہ نہایۃ کی توثیق میں شاندار الفاظ استعمال کیے ہیں۔ (اب مفتی صاحب خود سوچیں اور اٹکل فتووں سے اجتناب کریں)

"كان عالمًا فقيهًا نحويًا جدليًا وهو اول من شرح الهداية۔اھ۔: والسمع من اول مراتب التحديث وارفعها واصرحها والاجازة سادس طرق التحديث"۔[3]

اس سے ثابت ہوا کہ آپ کامل محدث تھے۔ مولانا عبد الحیؒ کے علاوہ مولانا ابو الفتح عزیزی نے بھی آپ کو محدثین میں شمار کیا ہے۔ ان کی تحریر ہے: امام ابو حفص کبیر اور امام ابو سلیمان جوزجانی چونکہ فقہ حنفی کے ارکانِ نقل ہیں اس لیے کتاب الآثار کے تمام نسخوں میں ان ہی حضرات کی روایت کو زیادہ فروغ حاصل ہوا۔

کاتب الحروف بھی امام کی کتاب الاثار کو امام ابو حفص کبیر ہی کے طریقہ سے روایت کرتا ہے جس کی سند درج ذیل ہے:

"اجازني الشيخ الفقيه العالم المحدث مولانا ابو الوفاء الافغاني الٰى ان قال الحافظ احمد بن علي بن حجر العسقلاني انا بها ابو عبدالله الجريري محمد بن علي بن صلاح انا القوام امير كاتب بن امير عمر بن غازي الاتقاني انا البرهان احمد بن اسعد بن محمد البخاري والحسام حسين بن علي السغناقي قالا۔۔۔الخ"۔[4]

---

[1] (شامی ج۴ ص ۴۱)

[2] (فوائد البهيه فی تراجم الحنفيه، ص ۶۲)

[3] (شرح نخبه الفكر ص ۱۰۳، ۱۰۴ ومقدمه الترمذی ص ۴)

[4] (مقدمه كتاب الآثار مطبع محمد سعيد كراچی ص ۲۶)

اسی طرح شاہ ولی اللہ محدثِ دہلوی شاگردِ مولانا شیخ الشیوخ غوث الزمان عبد الغفور صاحب مشہور بہ سید و بابا، اپنی کتاب الانتباہ فی سلاسل اولیاء میں رقمطراز ہیں:

"واما الاحادیث و الآثار التی علیها بناء مذهب ابی حنیفة فقدر أیتهما مسلسلًا بالفقهاء الحنفیین فی ضمن کتاب الآثار للامام محمد بن الحسن الیٰ ان قال اخبرنا القوام ابو حنیفة امیر کاتب بن عمر الاتقانی قال اخبرنا الحسام حسین بن علی السغناقی وعن احمد بن سعد البخاری۔۔۔الخ"۔[1]

اگر ہم تسلیم کر لیں کہ ملا علی قاری اور عبد الحیٔ صاحب نے یہ گواہی دی ہے کہ صاحبِ نہایۃ وغیرہ محدثین نہیں ہیں اور مولانا ابو الفتح و شاہ ولی اللہ نے گواہی دی ہے کہ آپ محدث ہیں تو شرعاً عمل کس کی گواہی پر ہو گا۔

اس کا جواب امام بخاری سے ہی لیجئے آپ نے فرمایا:

"اذا شهد شاهد او شهود بشیٔ فقال أخرون ما علمنا ذالک یحکم بقول من شهد قال الحمیدی هٰذا کما اخبرنا بلال رضی اللہ تعالی عنه ان النبی ﷺ صلّٰی فی الکعبة و قال الفضل لم یصل فاخذ الناس بشهادة بلال کذالک ان شهد شاهدان ان لفلانٍ علی فلان الف درهم فشهد أخران بالف و خمس مائة یقضٰی بالزیادة لان سکوت الاخرٰی عن خمس مائة فی حکم نفیها (ج ۱ ص ۳۶۰) فاخذوا بقول بلال رضی اللہ تعالی عنه وترک قول الفضل (بخاری ج ص ۲۰۱) قوله فاخذ الناس بشهادة بلال رضی اللہ تعالی عنه فرجحوها علی روایة الفضل لان فیها زیادة (قس) ان المثبت مقدم علی النافی وهو وفاق من اهل العلم الا من شذ۔اھ۔(فتح الباری)"۔

یعنی جب ایک گواہ یا کئی گواہوں نے کسی چیز پر گواہی دی اور دیگر گواہوں نے کہا کہ ہمیں اس کا کوئی علم نہیں تو گواہی دینے والوں کے قول پر حکم کیا جائے گا۔ حمیدی نے کہا ہے کہ یہ ایسا ہی ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ کی خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے کی خبر دی اور فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے خانہ کعبہ میں نماز ادا نہیں کی تو لوگوں نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گواہی پر عمل کیا۔ اس کی شرح قسطلانی وغیرہ نے یوں کی کہ لوگوں نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گواہی پر اس لیے عمل کیا اور اس کو ترجیح دی اور حضرت فضل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گواہی قبول نہیں کی کیونکہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس کے متعلق زیادہ علم تھا اور اگر دو گواہوں نے یہ گواہی دی کہ فلاں شخص کا فلاں پر ہزار روپیہ ہے اور دیگر لوگوں نے گواہی دی کہ پندرہ سو روپیہ ہے تو فیصلہ پندرہ سو پر ہو گا کیونکہ دیگر گواہوں کا سکوت پانچ سے اس کی نفی کے حکم میں ہے۔ اس لیے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول پر عمل کیا گیا اور حضرت فضل

[1] (الانتباہ فی سلاسل اولیاء، ص ۱۲۲، ۱۲۱)

بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول چھوڑ دیا گیا۔ صاحبِ فتح الباری نے فرمایا ہے کہ ثابت کرنے والا نفی کرنے والے پر مقدم ہے۔ عمل مُثبت کے قول پر ہو گا۔

اور اسی قاعدے کو علامہ عبد الحیؒ قبول کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

"ھٰذہ شھادة علی النفی لا تقبل اصلاً فان المثبت مقدم علی النفی و الشھادة للاثبات لا للنفی۔ اھ"۔[1]

سوال: کوئی یہ کہے کہ پانچ نمازوں کی قضاء کس طرح ستر سال کی نمازوں کے مساوی ہو سکتی ہے۔؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد معادلہ حقیقی نہیں ہے کہ اس طرح کرنے والے سے ستر سال کی نمازوں کا ذمہ ساقط ہو گیا۔ بلکہ مراد **معادلہ فی الثواب** ہے یعنی اس کو ثواب ستر سال کا دیا جائے گا۔ جیسا کہ "لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ خَيۡرٌ مِّنۡ أَلۡفِ شَهۡرٍ (القدر ۳)" سے مراد ہزار مہینوں کا ثواب مراد ہے نہ کہ یہ مراد ہے کہ وہ ہزار مہینوں کی نمازوں کو چھوڑ دے اس لئے کہ حدیث شریف میں "**جابرا**" مذکور ہوا ہے۔ نہ کہ "**قائما**"، **مساویا، عادلا** اور نہ **بدلا** ذکر ہے۔ لہٰذا یہاں اعتراض وارد ہی نہیں ہوتا۔

اور اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشۡرُ أَمۡثَالِهَا (الانعام ۱٦۰)

یعنی جس نے ایک نیکی کی اسے دس گُنا ثواب ملے گا۔

یعنی اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر کسی نے ایک نماز ادا کی تو اس سے دس نمازیں ساقط ہو گئیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک نماز کا اسے دس گنا ثواب دیا جائے گا۔

وَ اللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنۡ يَّشَآءُ (البقرة ۲٦۱)

مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ انّ عمرة فی رمضان تعدل حجة۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ بے شک رمضان المبارک میں ایک عمرے کا ثواب حج کے برابر ہے۔ اس کا ہر گز یہ مطلب نہیں ہے کہ رمضان میں ایک عمرہ ادا کرنا حج کی فرضیت کو ساقط کر دیتا ہے۔[1]

[1] (عمدۃ الرعایۃ ج ۱ ص ۳٦۸)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

قال رسول اللہ ﷺ من صلّی رکعتین کانت لہ کاجر حجۃ وعمرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ تامّۃ تامّۃ تامّۃ۔

ترجمہ: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھے پھر بیٹھا رہے اور اللہ کا ذکر کرتا رہے یہاں تک سورج نکل آئے پھر دو رکعت ادا کرے تو اس کے لئے ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا تامۃ تامۃ تامۃ۔ یہ تین مرتبہ فرمایا۔[2]

(یعنی ایک حج وعمرے کا مکمل ثواب ہے) اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دو رکعت پڑھنے سے اس سے حج وعمرہ ساقط ہو گئے۔

ان سب کا حاصل یہ ہے کہ یہاں مراد معادلہُ حقیقی نہیں ہے۔ اور امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی قضاء عمری ثابت ہے۔

فتاویٰ فضلی میں ہے:

”انّ ابا حنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ جوّز قضاء خمس صلوات فی أخر جمعۃ رمضان من الفجر الی العشاء مع الوتر لتکون جبیرۃ لکل صلوٰۃ فاتتہ فی عمرہ علی سبعین سنۃ لا بدلا“۔

ترجمہ: امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی رمضان کے آخری جمعہ میں پانچ نمازیں مع الوتر کو جائز قرار دیا ہے تاکہ وہ ہر نماز جو اس کی عمر میں قضاء ہوئی ہو اس کے لئے جبیرہ ہو ستر سال تک اور یہ ان کا بدلہ نہیں ہے۔

الدر المختار میں ہے:

”اذا جائت الجمعۃ الاخیرۃ من رمضان ینبغی للمسلم ان یطّھر بدنہ تطھیرا کاملا ثم یؤدّی جمعتہ و بعد الفراغ من ذالک یصلّی خمس صلوات من الصبح الی العشاء مع الوتر یخیّر فی الاداء بالجماعۃ او الانفراد لکن اداء بالجماعۃ اولی یسیرا علی الناس ویکون ذالک جبیرۃ لما فات من الصلوٰۃ فی عمرہ بالجماعۃ۔ عیون الفقیہ ابی اللیث سمرقندی: جلد: ۱ :باب الجمعۃ و کذا باب المرتد۔ ویصلی الوتر و المغرب بثلٰثۃ قعدات و ضمّ الرکعۃ الرابعۃ و کذا فی الفتاوٰی الحجۃ لقاضی خان۔ و کلما شرع بالجماعۃ فالمسجد فیہ افضل“۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۲۲۱)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ص ۸۹)

ترجمہ: ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جب رمضان المبارک کا آخری جمعہ آئے تو مسلمان کو چاہیئے کہ وہ اپنے بدن کو پاک کرے مکمل طہارت کے ساتھ پھر نماز جمعہ پڑھے اور اس سے فارغ ہونے کے بعد پانچ نمازیں صبح سے عشاء تک وتر کے ساتھ ادا کرے اور اسے اختیار ہے کہ چاہے یہ نمازیں جماعت کے ساتھ پڑھے یا تنہا پڑھے لیکن جماعت کے ساتھ پڑھنا لوگوں کے لئے باعثِ آسانی ہے اور یہ ان نمازوں کے لئے جبیرہ ہو گا جو اس کی عمر میں جماعت سے چھوٹ گئی تھیں۔

(عیون الفقیہ میں، ابو اللیث سمرقندی (باب المرتد) فرماتے ہیں کہ وہ وتر اور مغرب کو تین قعدوں کے ساتھ ادا کرے گا اور ان کے ساتھ چوتھی رکعت بھی ملائے گا۔ اور اسی طرح تحفۃ المواعظ مصنفہ مولانا یعقوب چرخی میں بھی مذکور ہے اور اسی طرح فتاوی الحجۃ لقاضی خان میں بھی ہے، ہر وہ نماز جس میں جماعت مشروع ہے اس کے لئے مسجد (میں ادا کرنا) افضل ہے۔[1]

شرح الوقایہ میں ہے:

"فان قیل ان قضاء عمری فی المسجد ممنوع بدلیل قولھم ویکرہ قضاءہ فی المسجد لان التاخیر معصیۃ فلایظھرھا"۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ قضاء معصیت ہے اور اظہار معصیت ناجائز ہے تو مسجد میں جماعت کے ساتھ یہ نماز پڑھنا ناجائز ہے۔ جواب یہ ہے کہ یہ بات بالکل غلط ہے کیونکہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے چار نمازیں اذان اور اقامت کے ساتھ مسجد میں ادا کیں ہیں اگر یہ معصیت ہوتا تو حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ایسا نہ کرتے۔[2]

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

"التعلیل لان القضاء معصیۃ لایطرّد ای غیر شامل للاحوال کلھا بل اذا کان قصدّیا و اذا کان ضمنیّا غیر قصدیّا فلااثم لقولھم یغتفر فی الضمنیات مالا یغتفر من القصدیات"۔

ترجمہ: اس کی تعلیل یہ ہے کہ کیونکہ قضاء معصیت ہے لیکن تمام احوال کو شامل نہیں ہے بلکہ صرف قصداً قضاء کو شامل ہے اور اگر یہ قضاء ضمنی غیر قصدی ہو تو پھر کوئی گناہ نہیں ہے۔[1]

---

[1] (درمختار تراویح، ص ۴۷۳ و طحطاوی تراویح)

[2] (ابو داؤد، نظم الرایہ، ج ۱، باب قضاء الفوائت) شرح وقایہ باب قضاء الفوائت میں بھی ذکر کیا گیا ہے۔

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

حاشیۃ طحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:

"والثانی ان قضاء عمری قضاء شرع فیه الجماعة كما مرّ من الاحاديث وماشرع بجماعة فالمسجد فيه افضل"۔

اور قضاء عمری ایسی قضاء ہے جس میں جماعت کو مشروع کیا گیا ہے جیسا کہ احادیثِ مبارکہ میں گزرا اور جو چیز جماعت کے ساتھ مشروع ہو اس کے لئے مسجد افضل ہے (یعنی مسجد میں ادا کرنا افضل ہے)۔[2]

اور فقہائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

"محل الجماعة المسجد"۔

یعنی جماعت کا مقام مسجد ہے۔[3]

"فظهر ان قضاء عمری فی المسجد افضل"۔

پس اس سے ظاہر ہوا کہ قضاء عمری مسجد میں پڑھنا افضل ہے۔[4]

الہدایہ میں ہے:

"والثالث ان قول العلماء ان القضاء يحكى الاداء"۔

یعنی علماء کرام کا یہ قول ہے کہ قضاء، اداء کی حکایت ہے۔ (یعنی قضاء کرنا گویا کہ اداء کرنا ہے)

"والاداء فی المسجد محمود فكذا القضاء فی المسجد محمود فبطل الدعوی"۔

اور اداء مسجد میں محمود یعنی پسندیدہ ہے پس اسی طرح قضاء بھی مسجد میں پسندیدہ ہے پس دعویٰ باطل ہے۔[5]

البحر الرائق میں ہے:

والرابع ان قضاء العمری فرض وقد قال رسول الله ﷺ افضل صلوٰة المرء فی بيته الا المكتوبة۔۔۔الخ۔

اور چوتھی بات یہ ہے کہ قضاء عمری فرض ہے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ فرض نماز کے علاوہ آدمی کی سب سے افضل نماز اس کے گھر میں ہے۔

---

[1] (طحطاوی علی المراقی الفلاح، ص ۲۴۴)

[2] (طحاوی المراقی، تراویح، ص ۲۴۷، درمختار، ج ۱، تراویح، ص ۴۷۲، ردالمحتار، ج ۱، تراویح، ص ۴۷۷، کبیری، تراویح، ص ۴۵۱)

[3] (شامی: ج ۱، نوافل، ص ۴۵۸)

[4] (منحۃ الخالق، اذان، ص ۱۰۲)

[5] (الهداية، البحر، الكافی، المبسوط، الهندية، ج ۱، اذان، ص ۷۴)

فثبت به افضلیة قضاء عمری فی المسجد"۔

پس اس سے قضاء عمری کا مسجد میں پڑھنا افضل ثابت ہوا۔[1]

نور الانوار میں ہے:

"والخامس ان القضاء والاداء من اقسام المامور به"۔

"ولابد لمامور به من صفة الحسن ضرورتا ان الاٰمر حکیم کالتصدیق والصلوٰة والزکوٰة"۔

"فثبت ان قضاء عمری حسن فلا معصیة فبطل التعلیل والدعوی"۔

اور پانچویں بات یہ ہے کہ قضاء اور اداء دونوں مامور بہ کی اقسام میں سے ہیں۔ اور مامور بہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اچھی اور پسندیدہ صفت سے ہو کیونکہ اٰمر (حکم دینے والا) حکیم ہے جیسا کہ تصدیق اور نماز اور زکوٰۃ میں اچھی صفت ہے۔

پس ثابت ہوا کہ قضاء عمری پسندیدہ ہے معصیت نہیں ہے لہٰذا تعلیل اور دعویٰ دونوں باطل ہیں۔[2]

"ان لفظ فلا یظهرها الخ فی هٰذا المقام غیر صحیح لانه مضارع معلوم من الافعال لا من المجرد اللازم بقرینة ذکر الضمیر المؤنث المنصوب المتصل به الراجع الی المعصیة فلا جرم یکون معناه فلا یقصد اظهار المعصیة ولا شک ان المقصود بقضاء عمری هو اظهار العبادة بحصول الثواب الکثیر وجبر النقصانات ورفع اثام التاخیرات وفراغ الذمّة من خمس صلوات کما مرّ فبطل التعلیل والدعوی"۔

ترجمہ: اس جگہ لفظ "فلا یظهرها" غیر صحیح ہے کیونکہ یہ مضارع معلوم ہے افعال میں سے نہ کہ مجرد لازم میں سے، قرینے کے ساتھ جو کہ ضمیر مؤنث منصوب متصل ہے اور راجع ہے کہ معصیت کی طرف تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ یہ معنی کیا جائے کہ اظہار معصیت کا ارادہ نہ کرے اور بلاشُبہ قضاء عمری کا مقصد اظہارِ عبادت ہے ثواب کثیر کے حصول کے ساتھ اور نقصانات کا جبیرہ اور تاخیر کے گناہوں کا دور کرنا اور پانچوں نمازوں سے اپنے ذمّہ کو فارغ کرنا ہے جیسا کہ گزرا۔ لہٰذا تعلیل اور دعویٰ دونوں باطل ہوئے۔

"انه علی فرض تسلیم لزوم ظهور التاخیر مع القضاء فلا یصحّ التعلیل لان المعصیة هو الاظهار لا الظهور ولان دلیل المانع بجمیع مقدماته جارٍ: (۱) فی اسلام الکافر للزوم ظهور الکفر معه (۲) وفی توبة العاصی للزوم ظهور المعصیة معها (۳) واجراء الحدود والقصاص للزوم ظهور الجرائم الموجبة لها معه والحکم فی کل واحد منها فبطل التعلیل والدعوی"۔

---

[1] (بحر الرائق، ج۲، تراویح، ص ۶۸)

[2] (نور الانوار، ص ۴۴، الحسامی، ص، ۳۳۵)

اور دسویں بات یہ ہے کہ بالفرض یہ تسلیم کر لیا جائے کہ یہ قضاء کے ساتھ لزوم ظہور التاخیر ہے تو پھر تعلیل صحیح نہیں ہو گی کیونکہ معصیت اظہار کرنا ہے نہ کہ ظہور (خود بخود ظاہر ہونا) اور کیونکہ مانع کی دلیل تمام مقدمات میں جاری ہے:

(۱) کافر کے اسلام میں اس کے ظہور کفر کے لزوم کے ساتھ۔

(۲) اور گناہ گار کی توبہ میں ظہور معصیت کے لزوم کے ساتھ۔

(۳) اور حدود و قصاص کے جاری کرنے میں ظہور الجرائم الموجبہ لھا کے لزوم کے ساتھ۔

اور ان میں سے ہر ایک کا حکم مختلف ہے پس دلیل و دعویٰ باطل ہوا۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ امام اور مقتدی کے درمیان اتحاد شرط ہے اور قضاء عمری میں اتحاد نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ امام کی قضاء ہو اور مقتدی کی قضاء نہ ہوئی ہو یا اس کے برعکس ہو یا امام ایک نماز کی قضاء کر رہا ہو اور مقتدی دوسری نماز کی قضاء کر رہا ہو؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اس کی چار صورتیں ہیں۔ پہلی صورت یہ ہے کہ امام کی بھی قضاء ہو اور مقتدی کی بھی قضاء ہو تو یہ مفترض کی مفترض کے پیچھے اقتداء ہے۔ اور یہ جائز ہے۔ دوسری صورت دونوں کی قضاء نہ ہوئی ہو تو یہ متنفل کی متنفل کے پیچھے اقتداء ہے اور یہ بھی جائز ہے۔ جبکہ امام کے نفل قصدی نہ ہوں اور یہاں قصدی نہیں ہیں بلکہ قضاء کی نیت کی گئی ہے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ امام مفترض اور مقتدی متنفل ہو اور متنفل کی اقتداء مفترض کے پیچھے درست ہے۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ امام متنفل ہو اور مقتدی مفترض ہو اور اس میں بھی اتحاد خالص ہے کیونکہ مقتدی یہ نیت کرتا ہے کہ جو نیت امام کی ہے وہی نیت میری بھی ہے۔ اور اس نے امام کی تکبیر تحریمہ پر اپنی تکبیر تحریمہ کی بناء کی ہے۔

اور قاضی خان نے بھی ذکر کیا ہے:

”وذکر فی باب الحدث اذا اقتدی بالامام ینوی صلوٰۃ الامام ولایعلم ان الامام فی ایۃ صلوٰۃ فی الظھر او فی الجمعۃ اجزاہ ایتھما کانت لانہ نوی الدخول فی صلوٰۃ الامام مقتدیًا بہ فیصیر شارعًا فی صلوٰتہ الخ“۔

ترجمہ: اور قاضی خان نے باب الحدث میں ذکر کیا ہے کہ جب کوئی مقتدی امام کی اقتداء کرے تو وہ امام کی نماز کی نیت کرے اور اگر وہ یہ نہیں جانتا کہ امام کس نماز میں ہے ظہر میں یا جمعہ میں تو یہ نیت ہی کافی ہو جائے گی کیونکہ اس نے امام کی نماز میں داخل ہونے کی نیت کی ہے پس یہ مشروع ہو گی نماز میں۔[1]

وایضا فی البحر: حَتَّى لَوْ نَوَى الِاقْتِدَاءَ بِالْإِمَامِ أَوْ الشُّرُوعَ فِي صَلَاةِ الْإِمَامِ وَلَمْ يُعَيِّنْ الصَّلَاةَ فَإِنَّهُ لَا يَجُوزُ وَهُوَ قَوْلُ الْبَعْضِ وَالْأَصَحُّ الْجَوَازُ كَمَا نَقَلَهُ الشَّارِحُ وَغَيْرُهُ وَيَنْصَرِفُ إلَى صَلَاةِ الْإِمَامِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لِلْمُقْتَدِي عِلْمٌ بِهَا ؛ لِأَنَّهُ جَعَلَ نَفْسَهُ تَبَعًا لِصَلَاةِ الْإِمَامِ۔

ترجمہ: اور بحر میں ہے کہ یہاں تک کہ اگر کوئی امام کی اقتداء کی نیت کرے یا امام کے ساتھ نماز شروع کرے اور نماز کو متعین نہیں کیا تو یہ جائز نہیں ہے اور یہ بعض لوگوں کا قول ہے اور اصح قول یہ ہے کہ یہ جائز ہے۔ جیسا کہ شارح وغیرہ نے نقل کیا ہے اور پھیرا جائے گا اسے امام کی نماز کی طرف اگرچہ مقتدی کو اس نماز کا علم نہ ہو کیونکہ اس نے اپنے آپ کو امام کی نماز کے تابع کر دیا ہے۔[2]

"وفی العتابیۃ عن ابی نصر رضی اللہ تعالی عنہ فیمن یقضی صلوۃ عمرہ من غیر ان فاتہ شئ یرید الاحتیاط فان کان لاجل النقصان والکراھۃ فحسن وان لم یکن لذالک لا یفعل والصحیح انہ یجوز الا بعد العصر والفجر وقد فعل ذالک کثیر من السلف رضی اللہ تعالی عنھم لشبھۃ الفساد وکذا فی المضمرات الخ۔

ترجمہ: عتابیہ میں ابی نصر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اس کے بارے میں جو اپنی زندگی کی نمازوں کی قضاء کرے اگرچہ اس سے قضاء نہ ہوئی ہو احتیاطاً پس اگر یہ نقصان اور مکروہات کی وجہ سے ہو (یعنی ان کو دور کرنے کے لئے) تو بہتر اور پسندیدہ ہے اور اگر اس نیت سے نہ ہو تو یہ فعل نہ کرے۔ اور صحیح یہ ہے کہ یہ جائز ہے سوائے نماز، فجر و عصر کے بعد اور یہ عمل بہت سے سلفِ صالحین نے کیا ہے فساد کے شبہ کی وجہ سے۔[3]

اور اسی طرح مضمرات میں ہے پھر ھندیہ میں ہے:

"ومن قضى صلاة عمره مع أنه لم يفته شيء منها احتياطا قيل: يكره وقيل: لا لأن كثيرا من السلف قد فعل ذلک لكن لا يقضي في وقت تكره فيه النافلة الخ"۔

---

[1] (فتاویٰ قاضی خان، باب افتتاح الصلوٰۃ، ص ۴۰)

[2] (البحر الرائق، ج ۱، ص ۲۹۸، الناشر دار المعرفۃ، بیروت)

[3] (الھندیہ، ج ۱، باب قضاء الفوائت، ص ۱۲۴)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

اور جو اپنی عمر کی نمازوں کی قضاء کرے احتیاطاً اگرچہ اس سے کوئی چیز فوت نہ ہوئی ہو تو کہا گیا کہ مکروہ ہے اور بعض لوگوں نے کہا ہے کہ مکروہ نہیں ہے۔ کیونکہ کثیر سلفِ صالحین نے اس طرح کیا ہے مگر یہ خیال رہے کہ یہ قضاء اس وقت میں نہ پڑھے جس وقت نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے۔[1]

فتاویٰ قاضی خان میں ہے:

"رجل يقضي صلوات عمره مع أنه لم يفته شيء منها قال بعضهم يكره وبعضهم بأنه لا يكره لأنه أخذ باحتياط والصحيح أنه يجوز لكن لا يقضي بعد صلاة العصر ولا بعد صلاة الفجر لأنها نفل ظاهراً وقد فعل كثير من السلف رحمهم الله تعالى لشبهة"۔

ترجمہ: کسی شخص نے اپنی عمر کی نمازوں کی قضاء کی اگرچہ اس سے کوئی چیز فوت نہ ہوئی ہو تو بعض لوگوں نے کہا کہ یہ مکروہ ہے اور بعض نے کہا کہ مکروہ نہیں ہے کیونکہ انہوں نے احتیاط کو اختیار کیا ہے اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ جائز ہے (یعنی بغیر کراہت کے دونوں اقوال کے مقابلے میں) لیکن یہ خیال رہے کہ یہ قضاء فجر اور عصر کے بعد نہ ہو کیونکہ ظاہراً یہ نفل ہے۔ اور کثیر سلف صالحین نے اس پر عمل کیا ہے شبہ کی وجہ سے۔[2]

" لكن رأيت في فصل قضاء الفوائت من التتارخانية أن الصحيح جواز هذا القضاء إلا بعد صلاة الفجر والعصر، وقد فعله كثير من السلف لشبهة الفساد الخ"۔

ترجمہ: مگر میں نے تاتارخانیہ کی فصل قضاء الفوائت میں دیکھا کہ صحیح ہے اس قضاء کا جائز ہونا مگر فجر و عصر کی نماز کے بعد اور کثیر سلفِ صالحین نے فساد کے شبہ کی وجہ سے اس پر عمل کیا ہے۔[3]

مذکورہ بالا دلائل سے ثابت ہوا کہ قضاء عمری سلف صالحین سے عملًا بھی ثابت ہے۔

اور سلفِ صالحین کا فعل قوی حجت اور دلیل ہے۔

زیلعی میں ہے:

"فعل السلف من اقوی الحجج"۔

سلف صالحین کا فعل (یعنی جو فعل ان سے صادر ہوا وہ مسلمانوں کے لئے) قوی دلیل ہے۔[1]

---

[1] (طحطاوی المراقی فوائت:صفحہ:۲۶۸)

[2] (قاضی خان:جلد:۱:فصل فی قضاءالمتروکات:صفحہ:۵۶)

[3] (شامی:جلد:۱:نوافل:صفحہ:۴۶۹،بحر الرائق:جلد:۱:شروط:صفحہ:۲۸۲،زیلعی:جلد:۱:صفحہ:۱۰۰)

رد المحتار میں ہے:

”کل خیر فی اتباع من سلف“۔

گزرے ہوئے مسلمانوں کی پیروی کرنے میں ہی خیر ہے۔[2]

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

”وقال ابنُ مَسعودٍ: مَن کان مُستَنًّا فلْیَستَنَّ بمَن قدمات“۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص چاہتا ہے کہ میں کس طریقے کی پیروی کروں تو اسے چاہئے کہ گزرے ہوئے بزرگوں کی پیروی کرے۔[3]

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ قضاء عمری نفل ہے اور نفل کی جماعت مکروہ تحریمی ہے؟

جواب یہ ہے کہ:

”ان قضاءعمری فرض کمامر ثبوت فریضیته فلم لا یستحی المعترض من اسمه المذکور فیه لفظ قضاء“۔

یعنی قضاء عمری تو فرض ہے جیسا کہ اس کی فرضیت کا ثبوت گزر چکا ہے تو معترض اس کے اس جو مذکور ہے لفظ قضاء کے ضمن میں، سے حیا کیوں نہیں کرتا (یعنی قضاء عمری نفل نہیں بلکہ فرض ہے اور فرض کی جماعت مکروہ نہیں ہوتی)

”وھٰذا الکراھة فی التطوع القصدی واما التبعی (ای الاحتمالی) کما اذا نوی القضاء ولم یفت منه شئ لٰکن یصلی الاحتیاط علی ماھو الصحیح او للتجبیر فلاخلاف جواز الجماعة باذان واقامة وجمع الخ“۔

یعنی اور یہ کراہت قصدی نفل کی جماعت میں ہے اور جہاں تک تبعی یعنی احتمالی کی بات ہے جیسا کہ کوئی قضاء کی نیت کرے اگرچہ اس سے کوئی چیز فوت نہ ہوئی ہو مگر وہ احتیاطاً پڑھتا ہے صحیح بات یہ ہے یا پھر نقصانات کے جبیرہ کے لئے پڑھتا ہے تو پس اذان اور اقامت کے ساتھ اس کی جماعت میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔[4]

”وقد یجاب بان الکراھة مختصة بالنفل المقصود الخ“۔

اور یہ جواب بھی ہے کہ یہ کراہت نوافل مقصودہ کے ساتھ خاص ہے۔[5]

---

1 (زیلعی، ج ا، ص ۹۳)

2 (ردالمحتار شامی، ج ا، ص ۲۸۸)

3 (رواه ابو داؤد رزین مشکوٰۃ اعتصام: صفحه: ۳۰ ا، شعیب الأرنؤوط (ت ١٤٣٨)، تخریج شرح السنة ١/٢١٤• تخریج مشکاة المصابیح ١٩١)

4 (منیة المفتی ثم رسالة مولانا شاہ منصور: صفحه: ۴۷)

5 (شامی: جلد: ا: سهو: صفحه: ۵۰۲)

”قال ابن العابدین وھذا کلہ لو کان الکل متنفلین، أما لو اقتدی متنفلون بمفترض فلا کراھۃ الخ“۔

علامہ ابن عابدین نے کہا ہے کہ یہ بات اس وقت ہو گی (یعنی نفل کی جماعت مکروہ ہو گی) جب کہ تمام کے تمام نفل ادا کر رہے ہوں جبکہ متنفل کی نماز مفترض کے پیچھے (یعنی اس کی اقتداء میں) بلا کراہت جائز ہے۔[1]

”وقالوا لایوتر ولا التطوع بجماعۃ خارج رمضان ای یکرہ“۔

اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ نماز وتر اور نماز نفل کی جماعت غیر رمضان میں نہیں ہے یعنی غیر رمضان میں مکروہ ہے۔

”فظھر بہ ان الوتر والتطوع بجماعۃ فی رمضان غیر مکروہ“۔

پس اس عبارت سے ظاہر ہوا کہ وتر اور نفل کی جماعت رمضان میں مکروہ نہیں ہے۔[2]

”لاخلاف فی صحۃ الاقتداء (فی النفل) اذلا مانع۔ نھر الخ“۔

نھر میں ہے کہ نفل میں اقتداء کی صحت میں کوئی اختلاف نہیں ہے جبکہ کوئی مانع نہ ہو۔

”وانما الکلام فی الکراھۃ“۔

اور کلام تو اس کی کراہت میں ہے۔[3]

”والتطوع بالجماعۃ اذا کان علی سبیل التداعی یکرہ الخ“۔

اور نوافل کی جماعت علی سبیل التداعی یعنی (لوگوں کو بُلا کر) مکروہ ہے۔[4]

”لٰکن صلوٰۃ التطوع بالجماعۃ جائزۃ بغیر کراھۃ لو صلوا بغیر تداع الخ“۔

مگر نوافل کی جماعت بغیر کراہت کے جائز ہے جبکہ اسے بغیر بُلائے پڑھا جائے۔[5]

”ثم ان کان ذٰلک (النفل) بالتداعی علی سبیل المواظبۃ کان بدعۃ مکروھۃ لانہ خلاف المتوارث وعلیہ یحمل ما ذکرہ القدوری فی مختصرہ لایجوز وان کان احیانًا کما فعل عمر رضی اللہ تعالی عنہ فی الوتر (وکما فی قضاء عمری) کان مباحًا غیر مکروہ وعلیہ یحمل ما ذکرہ القدوری فی غیر مختصرہ لایکرہ الخ“۔

---

1 (شامی:جلد:۱:تراویح:صفحہ:۴۷۶)

2 (تنویر الابصار ودرمختار:جلد:۱:تراویح:صفحہ:۴۷۶)

3 (درمختار:جلد:۱:تراویح:صفحہ:۴۷۶)

4 (عالمگیری:جلد:۱: امامت:صفحہ:۱۱۴: والسرخسی ثم الخلاصۃ:جلد:۱: امامت:صفحہ:۱۲۴: وکبیری: صفحہ:۷۰: وذخیرۃ العقبیٰ: صفحہ:۹۵)

5 (روح البیان سورۃ القدر ثم خزینۃ الاسرار فضائل النوافل:صفحہ:۳۹:وخلاصۃ:جلد:۱:امامۃ:صفحہ:۱۲۴:وبرجندی:جلد:۱:امامت:ص ۱۴۱)

بحث قضاء عمری (قضاء عمری کی بحث)

ترجمہ: پھر اگر نفل بالتداعی مواظبت کے ساتھ ہوں تو بدعت مکروہہ ہے کیونکہ یہ خلاف متوارث ہے اور قدوری نے جو اپنی مختصر میں ذکر کیا ہے کہ یہ جائز نہیں ہے تو اسے اس پر محمول کیا جائے گا۔ اور اگر یہ کبھی کبھار ہو جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وتر کی نماز میں کیا (اور جیسا کہ قضاء عمری میں ہے) تو یہ مباح ہے اور غیر مکروہ ہے اور امام قدوری نے جو اپنی کتاب (مختصر کے علاوہ) ہے میں ذکر کیا ہے کہ یہ مکروہ نہیں ہے تو اسے اس پر محمول کیا جائے گا۔[1]

"ویؤید ایضًا ما فی البدائع من قولہ ان الجماعۃ فی التطوع لیست بسنۃ الا فی قیام رمضان الخ۔ فان نفی السنۃ لایستلزم الکراھۃ نعم ان کان مع المواظبۃ کان بدعۃ فیکرہ وفی حاشیۃ البحر للخیر الرملی علل الکراھۃ فی الضیاء والنہایۃ بان الوتر نفل من وجہ حتی وجبت القراءۃ فی جمیعھا وتؤدی بغیر اذان واقامۃ والنفل بالجماعۃ غیر مستحب لانہ لم تفعلہ الصحابۃ فی غیر رمضان الخ۔ وھو کالصریح فی انھا کراھۃ تنزیہ تامل الخ"۔

اور بدائع میں مذکور بات بھی اس کی تائید کرتی ہے اور وہ یہ ہے کہ نوافل کی جماعت رمضان کے علاوہ سنت نہیں ہے۔

اور یہ نفی (سنت ہونے کی نفی) کراہت کو مستلزم نہیں ہے۔ اور اگر نوافل کی جماعت پر مواظبت کی جائے تو یہ بدعت ہے اور مکروہ ہے۔ بحر کے حاشیہ میں الرملی نے کراہت کی علت جو ضیاء اور نہایۃ میں بھی ہے، یہ بیان کی ہے کہ وتر من وجہٍ نفل ہے یہاں تک کہ اس میں ہر رکعت میں قرأت واجب ہے اور اس کو بغیر اذان واقامت کے ادا کیا جائے گا اور نفل جماعت کے ساتھ غیر مستحب ہے کیونکہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے رمضان کے علاوہ یہ کام نہیں کیا اور یہ بات اس میں صریح ہے کہ یہ کراہت تنزیہی ہے۔

"فدعوی کراھۃ التحریم غلط من المانع لانھا فی الکراھۃ المطلقۃ وھٰھنا مقیّدۃ بالتنزیہ کما مر ثم اختلفوا فی التعریف التداعی علی قولین احدھما ما قالہ کثیر من العلماء المتقدمین والمتاخرین من ان التداعی ھو الاذان والاقامۃ کما فی الفرائض صرح بہ کثیر من العلماء الخ"۔

پس مانع کا کراہت تحریمہ کا دعویٰ غلط ہے کیونکہ یہ بات کراہۃ مطلقۃ میں ہے جبکہ یہاں یہ کراہت مقید ہے تنزیہ کے ساتھ جیسا کہ گزر چکا ہے۔ پھر تداعی کی تعریف کے بارے میں اختلاف ہے اور اس میں دو قول ہیں۔ پہلا قول جسے کثیر علماء متقدمین ومتاخرین نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ تداعی سے مراد اذان اور اقامت ہے جیسا کہ فرائض میں کثیر علماء نے اس کی تصریح کی ہے۔[2]

---

[1] (شامی: جلد: ۱ :تراویح:صفحہ:۴۷۶)

[2] (روح البیان سورۃ القدر ثم خزینۃ الاسرار، فضائل النوافل، ص ۳۹)

”وفی الاصل للصدر شھید رحمۃ اللہ تعالی علیہ اما اذا صلوا بجماعۃ بغیر اذان و اقامۃ فی ناحیۃ المسجد لا یکرہ الخ“۔

اور صدر شہید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ”الاصل“ میں ہے کہ اگر یہ جماعت کے ساتھ بغیر اذان و اقامت کے مسجد کی ایک طرف پڑھی جائے تو مکروہ نہیں ہے۔[1]

”و ثانیھما ماقالہ الحلوانی من ان التداعی جماعۃ النفل فوق الثلاثۃ الخ“۔

اور دوسرا قول یہ ہے جو حلوانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ تداعی یہ ہے کہ نفل کی جماعت تین آدمیوں سے زیادہ ہو۔[2]

”فلابد من المرجح للعمل باحد القولین فالقول الاول راجح بوجوہ الاول ان القول الاول ظاھر الروایۃ لان الاصل المذکور من الظواھر التی ھی الطبقۃ الاولی و القول الثانی قول الحلوانی الذی ھو من الواقعات التی ھی الطبقۃ الثالثۃ من طبقات المسائل کما فی رسم المفتی من الشامی و رسائلہ“۔

لہٰذا یہ لازمی ہوا کہ دونوں اقوال میں سے راجح قول کو عمل کے لئے اختیار کیا جائے اور وہ قول اول ہے بہت سی وجوہات کی بناء پر۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ قول اول ظاہر الروایہ کا ہے کیونکہ اصل ظواہر میں مذکور ہے جو کہ طبقۂ اُولیٰ میں شامل ہیں۔ اور دوسرا قول حلوانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے جو کہ طبقۂ ثالثہ من المسائل میں سے ہے۔ جیسا کہ شامی کے رسائل میں سے رسم المفتی میں مذکور ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ قولِ اول حقیقت ہے اس دلیل سے کہ یہ ظاہر الروایہ سے ہے اور قولِ ثانی مجاز ہے جیسا کہ علامہ شامی نے فرمایا کہ تداعی یہ ہے کہ بعض لوگ بعض کو بُلائیں جیسا کہ مغرب میں ہے اور اس کی تفسیر کثرت سے کی گئی ہے اور وہ اس کے معنیٰ کو لازم ہے۔[3]

تیسری وجہ یہ ہے ”ان الفتوی علی قول الاصل الخ۔ حسب المفتیین وغیرہ ثم رسالۃ مولانا شاہ منصور وھو الاصح حیث قالوا وفی الاربع اختلف المشائخ و الاصح انہ لا یکرہ الخ۔

فتویٰ قولِ اصل پر ہوگا۔ مولانا شاہ منصور کے رسالہ میں ہے کہ وہ زیادہ صحیح ہے جو کچھ ان لوگوں نے کہا۔ اور ”الاربع“ میں ہے کہ اس میں مشائخ نے اختلاف کیا ہے جو کہ اصح اور مفتیٰ بہ مذہب کے خلاف ہے۔[4]

---

[1] (خلاصہ: جلد: ۱: امامت: صفحہ: ۱۲۴: و الھندیہ امامۃ: صفحہ: ۱۱۴)

[2] (ملخصًا خلاصہ: جلد: ۱: امامت: صفحہ: ۱۲۴: و درمختار: جلد:: نوافل: صفحہ: ۴۷۶: و ھندیہ: جلد: ۱: امامۃ: صفحہ: ۱۱۴)

[3] (ردالمحتار: جلد: ۱: تراویح: صفحہ: ۴۷۶)

[4] (خلاصہ امامت: صفحہ: ۱۲۴: و الھندیہ امامت: صفحہ: ۱۱۴“)

"فالحاصل من المذکور ان کراهة التطوع بجماعة فی ای کتاب کان مقیّدا بخمسة قیود الاول کونه قصدیا والثانی کون کلهم متنفلین والثالث کونه خارج رمضان والرابع کونه بالتداعی والخامس کونه بالمواظبة فلو لم یوجد واحد من القیود المذکورة فلا کراهة کما مر"۔

پس حاصلِ کلام یہ ہے کہ نوافل کو جماعت کے ساتھ کسی بھی کتاب میں مکروہ کہا ہے تو وہ کراہت پانچ قیود کے ساتھ مقید ہو گی پہلی کہ وہ قصداً ہو دوسری کہ امام و مقتدی تمام متنفل ہوں تیسری رمضان کے علاوہ ہو چوتھی بالتداعی (لوگوں کو بُلا کر اکٹھا کرنا) ہو اور پانچویں یہ کہ اس پر مواظبت ہو۔ لہٰذا مذکورہ پانچ قیود میں سے ایک بھی نہ ہو تو پھر کراہت نہیں ہو گی جیسا کہ گزرا۔

"واما قول الحلبی وغیرہ فعلم ان کلا من صلوٰۃ الرغائب لیلۃ اول جمعة من رجب وصلوٰۃ البراءۃ لیلۃ النصف من شعبان وصلوٰۃ لیلۃ القدر لیلۃ السابع والعشرین من رمضان وغیرها بالجماعة بدعة مکروهة الخ۔

اور قول حلبی اور اس کے علاوہ دوسروں کا اس طرح کے قول سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ صلوٰۃ الرغائب یعنی رجب کے پہلے جمعے کی رات اور پندرہ شعبان کی رات اور لیلۃ القدرت جو رمضان کی ستائیسویں شب ہے وغیرھا میں باجماعت نوافل مکروہ اور بدعت ہیں۔[1]

پس یہ کراہت قیود خمسہ مذکورہ کے ساتھ مقید ہو گی جیسا کہ پچھلی عبارات میں گزر چُکا ہے۔

کہ نفل بالجماعة علی سبیل التداعی مکروہ ہے۔[2]

لہٰذا مطلق پر اس کا اجراء کرنا غفلت ہے یا جہالت ہے۔

"ولهذا قال فی شرح النقایة وغیرہ وفی المحیط لایکرہ الاقتداء بالامام (اذا انتفی واحد من القیود الخمسة المذکورة) فی النوافل مطلقًا نحو القدر والرغائب ولیلة النصف من شعبان ونحو ذالک لان ماراہ المؤمنون حسنا فهو عند الله حسن"۔

اور اس لئے شرح النقایۃ وغیرہ میں کہا ہے کہ اور محیط میں ہے کہ امام کی اقتداء نوافل میں مطلقا مکروہ نہیں ہے (جبکہ منتفی ہو مذکورہ پانچ قیود میں سے کوئی ایک بھی) جیسے کہ لیلۃ القدر اور لیلۃ رغائب اور لیلۃ البراءۃ اور اسی طرح دوسری راتیں وغیرہ کیونکہ جس چیز کو مؤمنین اچھا جانیں وہ اللہ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے۔

---

[1] (کبیری نوافل: صفحہ: ۴۸۲")

[2] (کبیری نوافل: ص: ۴۸۲

”فلاتلتفت الی قول من لامذاق لهم من المطاعنين فانهم بمنزلة العنّين لايعرفون ذوق المناجات وحلاوة الطاعات وفضيلة الاوقات كذافى روح البيان فى سورة القدر۔الخ۔

لہٰذا ان کے قول کی طرف التفات مت کرو جو طعن کرنے والے ہیں اور انہیں ذوق حاصل نہیں ہے پس وہ بمنزلۃ نامرد ہیں جو ذوقِ مناجات، حلاوتِ طاعات اور فضیلت اوقات کو نہیں جانتے جیسا کہ روح البیان میں سورۃ القدر کے تحت بیان ہوا ہے۔[1]

الدر المختار میں ہے:

”العوام فلايمنعون من تكبير ولاتنفل اصلا لقلة رغبتهم فى الخيرات وكذا صلوٰة الرغائب والبراءة والقدر لان عليًّا رضى الله تعالى عنه رأى رجلا يصلى بعد العيد فقيل اما تمنعه يا امير المؤمنين فقال اخاف ان ادخل تحت الوعيد قال الله تعالى أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (۹) عَبْدًا إِذَا صَلَّى (العلق ۱۰)“۔

ترجمہ: عوام کو تکبیر کہنے اور نفل وغیرہ پڑھنے سے منع نہیں کیا جائے گا کیونکہ ان میں نیکیوں کی رغبت کم ہوتی ہے اور اسی طرح صولٰۃ الرغائب، اور شبِ قدر وبرأت میں نفل وغیرہ پڑھنا کیونکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو نمازِ عید کے بعد نفل پڑھتے ہوئے دیکھا تو ان سے پوچھا گیا کہ آپ اسے منع کیوں نہیں کرتے تو آپ نے فرمایا کہ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں اس وعید میں داخل نہ ہو جاؤں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا تم دیکھتے ہو اس شخص (ابو جہل) کو جو منع کرتا ہے بندہ کامل (محمد ﷺ) کو جب وہ نماز پڑھتا ہے۔

آگے لکھتے ہیں:

”ان الكسالى العوام اذا صلوا الفجر عند طلوع الشمس لايمنعون لأنهم اذا منعوا تركوها اصلًا واداءها مع تجويز اهل الحديث لها اولى من تركها أصلا“۔

ترجمہ: سُست عوام اگر نمازِ فجر سورج نکلتے وقت پڑھے تو اسے منع نہیں کیا جائے گا کیونکہ اگر اسے منع کر دیا گیا تو وہ اسے بالکل چھوڑ دیں گے اور بعض اصحاب وائمہ حدیث کے نزدیک اس کا ادا کرنا جائز ہے اور اس کو چھوڑ دینے سے بہتر ہے۔[2]

---

[1] (ثم خزينة الاسرار باب فضائل النوافل: ص: ۳۹“)

[2] (درمختار، ص ۲۱۴)

حدیقۃ الندیہ میں ہے:

”ومن ھٰذا القبیل نھی الناس عن صلوٰۃ الرغائب بالجماعۃ وصلوٰۃ لیلۃ القدر ونحو ذالک وان صرح العلماء بالکراھۃ بالجماعۃ فیھا فلایُفتٰی بذلک العوام لئلّاتقل رغبتھم فی الخیرات وقد اختلف العلماء فی ذلک فصنف فی جوازھا رسالۃ مستقلۃ ای بعدم الکراھۃ منھم ابن الصلاح من آئمۃ الشافعیۃ وھو من الکبار المحدثین فابقاء العوام راغبین فی الصلوٰۃ اولٰی من تنفیرھم منھا“۔

ترجمہ: لوگوں کو نمازِ رغائب باجماعت ادا کرنے اور لیلۃ القدر کے موقع پر نماز وغیرہ پڑھنا بھی اسی قبیل سے ہے اگرچہ علماء نے ان کی جماعت کے بارے میں کراہت کی تصریح کی ہے مگر عوام کو یہ فتویٰ نہ دیا جائے تاکہ ان کی نیکیوں میں رغبت کم نہ ہو۔ علماء نے اس مسئلے میں اختلاف کیا ہے اور اس بارے میں ایک مستقل رسالہ لکھا ہے ان میں سے ابن الصلاح شافعی ہیں جو کبار محدثین میں سے ہیں۔ اور عوام کو نماز کی طرف راغب رکھنا انہیں نفرت دلانے سے کہیں بہتر ہوتا ہے۔[1]

اور آخر میں وہ یہ کہتے ہیں کہ تداعی کے ساتھ نوافل کی جماعت میں علماء کا اختلاف رہا ہے بعض اسے ”جائز“ اور بعض ”مکروہ“ کہتے ہیں۔ اور جہاں اسے مکروہ کہا گیا ہے وہاں مکروہ تنزیہی ہے اور مکروہ تنزیہی فعل کرنا ”خلافِ اولیٰ“ ہوتا ہے اور خلافِ اولیٰ کا ارتکاب گناہ و حرام نہیں۔

امام اہلسنت مجددِ وقت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتاویٰ رضویہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ کراہتِ تنزیہیہ کا حاصل خلافِ اولیٰ یعنی بہتر نہیں، نہ یہ کہ ”ناجائز وممنوع“ ہو۔[2]

بعض علمائے لکھنو نے جو اپنے بعض رسائل میں مکروہ تنزیہی کو گناہ صغیرہ لکھ دیا سخت ذلتِ کبیرہ ہے جس کے بطلان پر صدہا کلماتِ ائمہ اور دلائل شرعیہ ناطق۔ بعض علمائے کرام ومفتیانِ عظام کہتے ہیں کہ نہایہ کی حدیث موضوع ہے۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ کیوں کہ مجتہد جب کوئی حدیث حکمِ شرعی کیلئے نقل کرتا ہے تو وہ حدیث صحیح ہوتی ہے موضوع نہیں ہوتی۔ میرے بھائیو! نہایہ کا مصنف مجتہد، محدث اور فقیہہ ہے اور وہ حدیث نقل کرتا ہے جس کی اصل کتبِ حدیث میں موجود ہو۔ اور موضوع حدیث کا نقل کرنا اہلِ معقول کی اصطلاح ہے کیونکہ وہ حدیث اور غیر حدیث میں فرق نہیں کرسکتے۔[3]

---

[1] (الحدیقۃ الندیۃ، ص ۱۵۰)

[2] (فتاویٰ رضویہ، جلد ۴ (قدیم))

[3] (فیض الباری: جلد: ۱: ص: ۲۰۲)

موضوع حدیث کی موضوعیت دوسری حدیث معلوم ہوتی ہے نہ کہ ملا علی قاری، شوکانی اور ابن حزم وغیر ھم کے اقوال سے۔

جیسا کہ لمعات میں ہے:

ومراد بکذب روایت آنست کہ ثابت شدہ باشد کذب وے از حدیثِ نبوی ﷺ ۔

کسی روایت کا کذب حدیث نبوی ﷺ سے ثابت ہوتا ہے اور اسی طرح مظاہرِ حق اور خطبہ مشکوٰۃ شریف میں بھی ہے۔[1]

اب جو لوگ نہایہ کی حدیث کو موضوع کہتے ہیں انہیں چاہئے کہ وہ اس کی موضوعیت کو حدیث سے ثابت کریں نہ کہ ابنِ حزم، شوکانی اور ابن جوزی وغیر ھم کے قول سے۔ کیونکہ یہ لوگ غیر مقلد ہیں اور غیر مقلدین کا قول مقبول نہیں ہے۔

"کمافی غایۃ التحقیق شرح حسامی بحث السنۃ"۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ابن حزم، امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے تعصب رکھتا تھا۔

نبراس میں ہے کہ ابن حزم کو حضور اکرم ﷺ نے روحانی طور پر دُرّے بھی مارے تھے کیونکہ یہ شخص امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے تعصب رکھتا تھا۔ امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے وقت کے مجدد تھے۔ اور شوکانی نے حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تعصب کیا ہے۔[2]

متعصب شخص کی شہادت مقبول نہیں ہے

فیض الباری میں ہے:

"وفی البحر لاتقبل شهادة الاشراف من اهل العراق لانهم قوم يتعصّبون وعلى هذا كله تعصب لاتقبل شهادته"۔[3]

---

[1] (لمعات، ص ۵، مظاھر حق وفی خطبۃ مشکوٰۃ شریف: صفحہ: ۵)

[2] (نبراس، ص ۳۸۹، ۳۸۸)

[3] (فیض الباری، ج ۱، ص ۲۸۱، البحر، ج ۷، ص ۹۹)

ابن جوزی نے بھی نہایہ کی حدیث کو ضعیف کہا ہے۔ اور یہ بھی متعصب ہے اور متعصب کا قول مقبول نہیں ہے اور حضور ﷺ نے نفسِ مسلمان پر لعنت بھیجنے سے منع کیا اور ابن جوزی نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کاتبِ وحی پر لعنت کی ہے۔

"کما فی نبراس و بعضھم اطلق اللعن علیہ منہ ابن جوزی"۔ [1]

کوئی اگر یہ کہے کہ نہایہ کی حدیث کو ملا علی قاری صاحب نے بھی موضوع قرار دیا ہے۔ تو ہم یہ کہیں گے کہ مولانا عبد الحئ نے ملا علی قاری کو "تعلیق المجمد علی موطا امام محمد" پر خود ہی اسے متعصب کہا ہے۔

"و لہ تصانیف کلھا جامعۃ مفیدۃ حاویۃ علی فوائد لطیفۃ و لو لا فی بعضھا من رأیۃ التعصب المذھبی لکان اجود"۔ [2]

نہایہ کی حدیث کو بعض لوگوں نے موضوع کہا ہے جن میں سے عبد الحئ لکھنوی، مفتی فرید وغیرھم ہیں اور ان تمام حضرات نے ملا علی قاری سے روایت کی ہے اور ملا علی قاری نے شوکانی سے روایت کی ہے۔ اور شوکانی کے بارے میں آئندہ تفصیل بیان کی جائے گی۔

"ان شوکانی الذی ینکر علی تقلید الائمۃ الاربعۃ ثم یُریدھو ان یدعو الناس الی تقلیدہ"۔ [3]

اور فیض الباری: جلد: ۴: صفحہ: ۱۷۳: میں ہے کہ پھر شوکانی نے نو شادیوں کو جائز قرار دیا ہے قرآن کریم کی اس آیت کریمہ سے استدلال کرتے ہوئے کہ "مثنٰی و ثلٰث و رُبٰع۔۔۔ الخ" یعنی دو اور تین، پانچ ہوئیں اور رُبٰع (چار) مِلا کر نو ہو گئیں۔ یہ غلط اور فاحش ہے۔

ابن حزم رمضان کے روزوں کے فدیہ کا قائل نہ تھا۔ جیسا کہ "عینی شرح بخاری: جلد: ۵: صفحہ: ۲۸۷: قال لا اصل لہ او صٰی بذالک و لم یو ص بہ" ابن حزم اور شوکانی وغیرہ صاحبِ نہایہ کی حدیث کو موضوع کہتے تھے اور ان پر طعن کرتے تھے۔ اور طعن کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) طعن مبہمہ۔ (۲) طعن مفسرہ (مبیّنہ)۔ طعن مبہمہ سے بالاتفاق راوی پر جرح ثابت نہیں ہوتی۔ اور طعن مفسرہ اس وقت مقبول ہو گی جب طعن کرنے والا نصیحت و تقویٰ میں مشہور ہو اور اگر طعن کرنے والا تعصب میں مشہور ہو جیسے کہ ابن جوزی، ابن حزم اور شوکانی وغیرہ تو ان کا طعن کرنا مقبول نہیں ہو گا۔

---

[1] (نبراس، ص ۵۵۳)

[2] (تعلیق: صفحہ: ۲۷۶)

[3] (فیض الباری: جلد: ۱: صفحہ: ۱۵۱)

شرح حسامی میں ہے:

"وطعن المبهم بان يقال هٰذا الحديث غير ثابت او منكرا او مجروح لايجب اى طعن جرح فى الرّاوى كما لايجيبه اى كما لا يجب الطعن المبهم جرحا فى الشاهد و لا يمنع العمل به اى بالحديث الا اذا وقع الطعن مفسرًا بما هو جرح متفق عليه ويكون الطاعن ممن اشتهر بالنصيحة و الاتقان دون التعصب و العداوة وفى التلويح التعصب هو عدم قبول الحق عند ظهور الدليل بناء على الميل الى جانب البطلان كابن جوزى وغيره لانهم متعصبون وفى النامى شرح حسامى:صفحه:١٥٤: ومع كون الجرح متفق عليه يجب ان يصدر ممن اشتهر بالنصيحة و الاتقان دون التعصب و العداوة لان المتعصبين قد خربوا الدين حيث جعلوا الاحاديث الصحاح موضعة كابن جوزى و الفروز آبادى و الدار قطنى و الخطيب و الشوكانى و ابن حزم و ابن جوزى فلااعتبار بجرح هٰؤلآء من آئمة لحديث بيان لقوله ممن اشتهر اى يصدر الجرح ممن اشتهر بالنصيحة و الاتقان من آئمة الحديث و ايضا فى حاشية خيالى"۔

ترجمہ: طعن المبھم یہ ہے کہ کہا جائے کہ یہ حدیث غیر ثابت ہے یا مُنکر ہے یا مجروح ہے یہ طعن راوی میں جرح کو واجب نہیں کرتا جیسا کہ طعن المبھم واجب نہیں کرتا جرح کو شاہد میں اور اس حدیث پر عمل کرنے سے نہیں روکتا مگر جبکہ وہ طعن، طعنِ مفسر واقع ہو جرح میں یہ بات متفق علیہ ہے۔ اور طاعن (طعن کرنے والا) کو مشہور ہونا چاہئے نصیحت واتقان میں بغیر تعصب اور عداوت کے۔ تلویح میں ہے کہ تعصب یہ ہے کہ دلیل کے واضح ہونے کے بعد بھی قبولِ حق نہ کرے اس وجہ سے کہ اس کا میلان باطل کی طرف ہو جیسا کہ ابن جوزی وغیرہ کیونکہ یہ لوگ متعصب ہیں۔ النامی شرح حسامی: صفحہ:۱۵۴: میں ہے کہ متفق علیہ بات یہ ہے کہ جرح اس سے صادر ہو جو نصیحت واتقان میں مشہور ہو نہ کہ تعصب اور عداوت میں کیونکہ متعصبین نے دین کو خراب کیا ہے اس طرح کہ صحیح احادیث کو موضوع کہا ہے جیسے کہ ابن جوزی، فیروآبادی والدار قطنی والخطیب اور شوکانی اور ابن حزم وغیرہ تو ان لوگوں کا جرح کرنا ناقابلِ قبول ہے اس قول کی وجہ سے کہ جس سے جرح صادر ہو وہ نصیحت واتقان میں مشہور ہو آئمہ حدیث میں سے۔[1]

راوی پر طعن کرنے کی پانچ اقسام ہیں

"الاول المشهور بالكذب و الثانى باتهامه بالكذب بان يكون مشهورا بالكذب و معروفا به فى كلام الناس اى فى كلام نفسه اى غيره و لم يثبت كذبه فى الحديث البنوية و الثالث بالفسق اى باظهار الفسق و الرابع بالجهالة اى ان لايعرف فيه تعديلا تجريح معين و الخامس بالبدعة اى بوضع الحديث فى الاحاديث"۔

[1] (شرح حسامی، ص ۳۹۳، حاشية خيالى، ص ۱۳۸)

یعنی پہلی قسم یہ ہے کہ راوی مشہور بالکذب ہو۔ دوسری یہ ہے کہ متہم بالکذب ہو۔ تیسری یہ ہے کہ اظہارِ فسق پایا جائے چوتھی جہالت ہو مثلا ''اخبرنی رجل او اخبرنی شیخ'' اور پانچویں قسم بدعت ہے یعنی ''وضع الحدیث فی الاحادیث'' عادل کی عدالت اس وقت ختم ہوتی ہے جب ان مذکورہ پانچ باتوں میں سے کوئی ایک بھی پائی جائے۔ اور نہایہ کی حدیث کو موضوع قرار دینے والوں نے صاحبِ نہایہ میں ان باتوں میں سے کوئی بات بھی ثابت نہیں کی۔ لہٰذا ان تمام لوگوں کے فتوے شر عامر دود ہیں۔

جیسا کہ گزر چکا ہے کہ مولانا عبدالحئیؒ لکھنوی نے فوائد بھیہ میں صاحبِ نہایہ کو نحوی، جدلی، محدث اور فقیہ کہا ہے۔[1]

فوائد بہیہ میں ہے:

''واجازلہ جمیع مروياتہ ومصنوعاتہ وسمع منہ السغناقی''۔[2]

اور صاحبِ نہایہ یقینا محدث تھے۔

کتاب الآثار میں ہے:

''عن الحافظ ابن حجر العسقلانی انا ابوعبداللہ انا القوام امیر کاتب انا البرھان احمد البخاری والحسام حسین بن علی السغناقی قالا انا فخر الحرمین الشریفین''۔[3]

اور حدیثِ منقولہ محدث کی بلاسند مقبول ہے جیسا کہ مولانا عبدالحئیؒ صاحب نے خود اقرار کیا ہے۔ ''عمدۃ الرعایۃ بحث قضاء عمری: صفحہ: ۱۳'' میں اس قول کے ساتھ ''اذا کان المؤلف ذالک الکتاب من المحدثین امکن ان یعتمد علی حدیثہ الذی ذکر فیہ'' لہٰذا مولانا عبدالحئیؒ صاحب کی دونوں کتابوں عمدۃ الرعایہ اور فوائد بھیہ کی شہادت کی بناء پر حدیثِ منقولہ ثقہ، محدث اور فقیہ اور مجتہد صاحب نہایہ کی حدیث خود بخود مقبول ہو گئی۔ اور حدیثِ نہایہ ملا علی قاری، شوکانی اور ابن جوزی وغیرہ کے قول سے ضعیف یا موضوع نہیں بن سکتی۔

اور صاحبِ نہایہ کے مجتہد ہونے پر صاحبِ عنایہ نے فتح القدیر کے حاشیہ: صفحہ: ۲ پر تصریح کی ہے:

''الامامین الھمامین المجتھدین مولانا علاء الدین عبدالعزیز صاحب الکشف ومولانا حسام الدین السغناقی صاحب النھایۃ''۔

---

1 (فوائدبھیہ، ص ۲۹)

2 (فوائدبھیۃ، ص ۴۳)

3 (مقدمہ کتاب الآثار، ص ۲۶)

مرقاۃ المفاتیح میں ہے:

"ان اخذ المجتهد به يدل على قوته و لا يدل ضعفا حدّث بالحديث بعده۔[1]

اور ملا علی قاری کی اپنی بات یہ گواہی دیتی ہے کہ صاحبِ نہایہ کی حدیث مقبول ہے۔

لہٰذا قضاء عمری مستحب ہے کوئی اس پر عمل کرے تو ثواب ہے اور اگر نہ کرے اس کی اپنی مرضی۔ لیکن ایک امر مستحب کو واجب الترک کہنا اور لوگوں کو اس سے روکنا اور اس کے حوالے سے صاحبِ نہایہ جیسے بزرگ کی حدیث کو موضوع قرار دینا بالکل نامناسب ہے۔

جو حضرات مروجہ قضاء عمری سے منع کرتے ہیں تو وہ ابو جہل کے پیروکار ہیں اور اس آیت کی وعید میں داخل ہیں:

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (٩) عَبْدًا إِذَا صَلَّى (العلق ١٠)

بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے بندہ کو جب وہ نماز پڑھے۔

کیا سورۃ العلق کے پہلی پانچ آیات کے علاوہ ساری سورت ابو جہل اور رسول مقبول ﷺ کے بارے میں نازل نہیں ہوئی؟

علمائے دیوبند کے حکیم الامت اشرف علی تھانوی اور مفتی شفیع دیوبندی کی تفسیر بیان القرآن اور معارف القرآن ملاحظہ ہو تو آپ کو پتہ چلے گا کہ نماز ادا کرنے والے رسول مقبول ﷺ تھے اور منع کرنے والا ابو جہل تھا۔

تو جس نماز سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے منع نہیں فرمایا اور آپ منع کرتے ہیں تو یقیناً اس وعید میں داخل ہیں:

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (٩) عَبْدًا إِذَا صَلَّى (العلق ١٠)

بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے بندہ کو جب وہ نماز پڑھے۔

کیا ماہ رمضان کے آخری جمعہ میں نماز جمعہ کے بعد پڑھنے سے اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے؟

اگر فرمایا ہو تو مانعین قضاء عمری بتائیں ورنہ اس وعید خداوندی کی زد میں ضرور بالضرور آئیں گے۔

خلیفہ راشد حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم جن کے بارے میں رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

عن العرباض بن سارية عليكم بسُنَّتي و سُنَّةِ الخلفاءِ الراشدِينَ۔[2]

---

[1] (مرقاۃ المفاتیح، ج ۲، ص ۲۱۸، حاشیہ نسائی، ج ۲، ص ۲۰۱)

[2] (أخرجه أبو داود (٤٦٠٧)، و الترمذي (٢٦٧٦)، و ابن ماجه (٤٢)، و أحمد (١٧١٤٥) مطولاً)

وہ تو لوگوں کو نماز جو کہ عید کے دن عید گاہ میں نفل ہے منع نہیں فرماتے تھے تا کہ وعید خداوندی مذکور کی زد میں نہ آجاؤں۔

ملاحظہ ہو: بدائع والصنائع فی احکام الشرائع ج ا ص۲۹۷ ومبسوط سرخسی ج ا ص ۱۵۹ وشامی ج ا ص ۲۱۴ وکشف الغمة عن جمیع الامة لعبدالوهاب شعرانی ج ا ص ۱۹۱ وفیض الباری ج ۲ ص ۳۷۲ و ۳۵۹ وروح المعانی ج ۳۰ ص ۲۱۵ وغیرہ۔

بلکہ اللہ تعالیٰ سورۃ العلق کی آخری آیت شریفہ میں ارشاد فرماتا ہے:

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (العلق ۱۹)

ہاں ہاں اس کی نہ سنو اور سجدہ کرو اور ہم سے قریب ہو جاؤ۔

اس طرح اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا (الانعام ۷۰)

اور چھوڑ دے ان کو جنہوں نے اپنا دین ہنسی کھیل بنالیا۔

رئیس المفسرین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں اس آیت کی تفسیر کچھ یوں منقول ہے:

{ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ } يعني اليهود) والنصارى ومشركي العرب اتخذوا دين آبائهم المؤمنين { لعبا } ضحكة { ولهوا } استهزاء۔

"یعنی ان لوگوں کو چھوڑ دو جنہوں نے اپنے دین کو پکڑا یعنی یہود و نصاری اور مشرکین عرب کو چھوڑ دو انہوں نے اپنے آباؤ اجداد کے دین کے ساتھ ہنسے اور استہزاء کیا۔"[1]

محترم قارئین! یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ سلفِ صالحین جن میں مانعین قضاء عمری کے اجداد بھی ہیں قضاء عمری کرتے تھے اور اب مانعین قضاء عمری ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اس لئے بنص قرآن ایسے لوگوں کی اتباع جائز اور روا نہیں ہے کیونکہ یہ لوگ یہود و نصاریٰ و مشرکین عرب کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ باقی تفصیل پہلے ذکر ہو چکی ہے اور قضاء عمری مستحب ہے اور مستحب کا قبیح جاننا کفر ہے۔

---

[1] (الانعام ۷۰ تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

اور عصام علی البیضاوی میں ہے:

استقباح المستحب کفر۔

یعنی مستحب کا استقباح (قبیح جاننا یا کہنا) کفر ہے۔[1]

[1] (عصام علی البیضاوی، نفائس مطلوبہ ص ۲۲)

متن اعلام المؤمنین

بحث تبیین الضاد القویہ عن الظاد الرّدیّہ

نحمدک یا من لا ناقض لما أعطیت و لا معارض لما قضیت و لا شاھد لاثبات ما نفیت و لا سند لمنع ما اثبت و لا مغیر لما انزلت قرآنا عربیا و جعلت تجویدہ حتما مقضیا و الصلاۃ و السلام علی افصح من نطق بالضاد و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ المتأدبین بآدابہ تقیا نقیا۔

و بعد فیقول العبد الفقیر إلی اللہ النصیر سید أحمد شاہ میاں ساکن اخون کلي ھذہ الرسالۃ في تمییز الضاد عن الظاء علی السنۃ الغراء البیضاء مشتملۃ علی دیباجۃ و مقدمۃ و ثلاث مقاصد و خاتمۃ و باللہ اعتصم عما یصم في البدایۃ و النھایۃ۔

کہتا ہے بندۂ فقیر اللہ تعالیٰ نصیر کی بارگاہ میں سید احمد شاہ میاں ساکن، اخون کلے، کا یہ رسالہ ضاد اور ظاء کی تمیز اور فرق میں ہے جو روشن وسفید سنت کے مطابق ہے، یہ رسالہ ایک دیباچہ، مقدمہ، تین مقاصد اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کی ذات کو مضبوطی سے پکڑتا ہوں (مدد چاہتا ہوں) ہر اس فعل سے جو ابتداء وانتہاء میں بہرا کرتا ہے۔

دیباچہ

دیباچہ علم تجوید کی تعریف، موضوع، غرض وغایہ، فائدہ اور حکم پر مشتمل ہے۔

النشر میں ہے:

التجوید لغۃ تحسین الفاظہ و إصطلاحا اعطاء حروف القرآن حقھا و مستحقھا و ردھا إلی مخارجھا من غیر اسرافٍ و لا تعسف و لا افراط و لا تکلف۔

ترجمہ: تجوید کا لغوی معنی اچھا وحسین کرنا ہے الفاظوں کو۔ اور اصطلاحی معنی یہ ہے کہ حروف کو ان کا حق دینا ہے، اور ان کا حق یہ ہے کہ ان کو ان کے مخارج سے ادا کیا جائے بغیر اسراف وظلم وافراط وتکلف کے۔[1]

تجوید کا موضوع کلماتِ قرآنیہ اور مقصد کلام اللہ تعالیٰ میں غلطی سے زبان کو محفوظ کرنا ہے

زینۃ الانسان میں ہے:

و موضوع التجوید الکلمات القرآنیۃ وفائدۃ الفوز بسعادۃ الدنیا و الآخرۃ وغایۃ التجوید صون اللسان عن الخطاء في کلام اللہ تعالیٰ و حکمہ فرض کفایۃ و العمل بہ فرض عین۔

[1] (نشر، ص ۲۱۲، منح الفکریہ، ص ۱۹)

تجوید کا موضوع کلماتِ قرآنیہ ہیں اور اس کا فائدہ دونوں جہاں میں کامیابی ہے۔ اور تجوید کی غرض و مقصد کلام اللہ تعالیٰ میں اپنی زبان کو غلطی سے محفوظ رکھنا ہے، اور اس کا حکم فرضِ کفایہ ہے اور اس پر عمل کرنا فرضِ عین ہے۔[1]

تمام اہلِ علم پر یہ بات اظہر وواضح ہے کہ علماء کی جماعت عوام کی اصلاح کرتی ہے اور ضرر و شرر کو دور کرتی ہے۔ کیونکہ ان کے پاس دین و دنیا کے مسائل آتے ہیں۔ اور ان علماء کرام کی برکت سے حق و باطل میں فرق آتا ہے۔

بُروں سے بُرے بُرے علماء اور اچھوں سے اچھے اچھے علماء

جیسا کہ مرقاۃ المفاتیح میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے قول کی تشریح میں ہے:

أَلَا إِنَّ شَرَّ الشَّرِّ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَإِنَّ خَيْرَ الْخَيْرِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ۔

ترجمہ: بے شک بروں سے برے بُرے علماء ہیں، اور اچھوں سے اچھے، اچھے علماء ہیں۔[2]

اور اچھے و بہترین علماء وہ ہیں کہ جو حق کے ساتھ وابستہ اور باطل و مشتبہات سے مجتنب ہوتے ہیں، اور برے علماء ان کے برعکس ہوتے ہیں۔ اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ قرآن میں لڑنا، جھگڑنا (اختلاف کرنا) حق کے دائرے سے خروج ہے۔

قرآن میں لڑنا (اختلاف کرنا) کفر ہے

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِرَاءُ: أَيِ: الْجِدَالُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: قرآن میں لڑنا (اختلاف کرنا) کُفر ہے۔[3]

اور یہ بات بھی ثابت شدہ ہے کہ قرآن میں اختلاف امتِ مرحومہ کی ہلاکت کا سبب ہے۔

ماقبل لوگ آسمانی کتب میں اختلاف سے ہلاک ہوئے

جیسا کہ حدیث شریف میں ہے:

فَلَا تَخْتَلِفُوا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قبلكُمُ اخْتلفُوا فهلكوا، رَوَاهُ الْبُخَارِيّ۔

ترجمہ: تم لوگ قرآن میں اختلاف نہ کرو، کیونکہ ماقبل لوگوں نے (آسمانی کتب میں) اختلاف کیا تو ہلاک ہو گئے۔[4]

---

[1] (زينة الإنسان في تجويد القرآن، ص ۵)

[2] (مرقاۃ المفاتيح، ج ۱، ص ۳۳۳، الناشر: دار الفكر، بيروت - لبنان)

[3] (مرقاۃ المفاتيح، ج ۱، ص ۳۱۱، الناشر: دار الفكر، بيروت - لبنان)

[4] (مشكوٰة المصابيح، ج ۱، ص ۶۷۷، الناشر: المكتب الإسلامي - بيروت)

اور دوسری حدیث میں ہے:

إِنَّمَا هَلَکَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ باختلافهم فِي الْكتاب. رَوَاهُ مُسلم۔

ترجمہ: ماقبل لوگ اس لئے ہلاک ہو گئے کہ انہوں نے اپنی کتاب میں اختلاف کیا جو ان کے نبی پر نازل ہوئی تھی، ہر شخص نے جو چاہا بولا۔[1]

اور یہ بات بھی حقیقت ہے کہ قرآن مجید اختلاف کی جگہ نہیں ہے۔

فرمانِ الٰہی ہے:

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا (النساء ۸۲)

ترجمہ: اور اگر وہ غیر خدا کے پاس سے ہوتا تو ضرور اس میں بہت اختلاف پاتے۔

قارئین کرام دیکھیئے! قرآن مجید میں اختلاف کیسے نفی ہوگئی؟ جیسے قرآن کریم کا غیر اللہ سے ہونا منتفی ہے، اور اس پر "لَوْ" کا قرینہ دلالت کرتا ہے۔ لیکن جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم جو مخبرِ صادق ہیں نے پیشن گوئی فرمائی کہ امتِ مرحومہ مسلمہ بھی بنی اسرائیل کی طرح فرقے فرقے ہوگی۔

جیسا کہ مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ۔

ترجمہ: بالکل جوتے کا جوتے کے ساتھ برابری کی طرح۔[2]

اسی طرح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں صرف اسلام کا نام اور قرآن مجید کی صرف رسم رہے گی، اور علماء کرام سے فتنے نکلیں گے اور ان ہی کی طرف واپس لوٹیں گے۔

تو ان درج بالا احادیث کے مقتضٰی کے مطابق آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی پیشن گوئی کے مطابق بعض علماء کرام نے اپنے اغراض ومقاصد کے لئے، اور عوام میں شہرت پانے کے لئے، اور ان کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے، فتنہ وفساد پیدا کیا ہے۔

حالانکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے:

أو يصرف به أي بالعلم وجوه الناس إليه أدخله الله النار۔

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۵۴، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

[2] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۶۱، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

ترجمہ: اس علم کے ذریعے لوگوں کے چہرے اپنی طرف پھیریں گے، اللہ تعالیٰ ایسے علماء کو جہنم میں داخل فرمائے گا۔[1]
حالانکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اختلاف وافتراق کے ذریعے فتنہ پیدا کرنے سے منع فرمایا ہے۔

فتنہ بیدار کرنے والے پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے

فرمانِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم میں ہے:

الفتنۃ نائمۃ لعن اللہ من ایقضھا۔

ترجمہ: فتنہ سویا ہوا ہے جو اس کو بیدار کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔[2]

یہ حدیث مبارکہ اس شخص کے بارے میں ہے کہ جو کہتے ہیں کہ قرآن کی تلاوت اور نماز پڑھنا بغیر تجوید کے جائز نہیں ہے، حالانکہ علماء کرام نے ایک روایت کی روشنی میں بغیر تجوید کے نماز پڑھنے کے جواز پر فتویٰ دیا ہے تاکہ درج بالا حدیث کا مصداق نہ بنے۔ جیسا کہ روح البیان، ص ۲۴۱ اور طریقۂ محمدیہ، ص ۱۸۵ میں ہے۔

اور یہی بعض علماء یعنی "ظادیان" اپنے مقاصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات پر قسمیں بھی اٹھاتے ہیں، تاکہ عوام گمراہ ہو سکیں۔ اور کہتے ہیں کہ "ضاد" کی جگہ "ظاء" پڑھنا حق و صحیح ہے، اگر تم کو "ظاء" پڑھنے میں کوئی نقصان یا گناہ ملا تو قیامت کے دن اس کے ذمہ دار ہم ہوں گے۔ اور یہ جھوٹ بولتے ہیں کہ "ضاد" کو جب اپنے مخرج سے اپنی تمام صفات کے ساتھ ادا کیا جائے تو اس سے نکلنے والی آواز "ظاء" ہے، اور سامع بھی اس کو "ظاء" ہی سمجھتے ہیں مگر حقیقت میں یہ "ظاء" نہیں ہے۔ اور ان ظادی علماء نے ایک حرف کی مشابہت کو علت بنا دیا دوسرے حرف کے ساتھ، آواز اور سماعت (سننے) میں کہ دو حرفوں کا اکثر صفات میں اشتراک ہوتا ہے بوجہ اس کے کہ ان دونوں کا مخرج یا تو ایک ہوتا ہے یا قریب المخرج ہوتا ہے، جیسا کہ مولانا عبد الحق باجوڑی نے لکھا ہے۔

اے مسلمان بھائی! اس مزین کردہ دعویٰ اور تشابہ کی علت کے ذریعہ تم نے مجھے حیران کر دیا کہ تم میں خلط اور ضبط آ گیا ہے یا تم ہمیں بچے سمجھنے لگے، جیسے بڑے بچے چھوٹوں کو دھوکہ دینے کے لئے مٹھی بند کر کے کہتے ہیں کہ آجاؤ لے لو، اور جب بچے آتے ہیں تو ہاتھ میں کچھ نہیں ہوتا۔ (فاعتبروا یا اولی الأبصار)

یہ ظادی مولوی تمام علماء و مشائخ بلکہ مشرق تا مغرب تمام مسلمانوں اور اپنے آباؤ اجداد کو رواج پسند کہتے ہیں۔ یہ نعوذ باللہ کتنی بد تہذیبی ہے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

---

[1] (مشکوٰۃ المصابیح، ج ۱، ص ۱۵۷)
[2] (تفسیر روح البیان، ج ٦، ص ٢٦٨، دار النشر / دار إحیاء التراث العربی)

حالانکہ اسلاف کے اعمال کو خلافِ شرع کہنا ممنوع ہے، کیونکہ ہمیں تو ان اسلاف کی اقتداء کا حکم دیا گیا ہے۔

لوگوں کی رائے سے اپنے آپ کو بچاؤ اگر چہ ان کا قول مزین ہو

جیسا کہ میزان الشعرانی میں ہے:

وکان رضي الله تعالیٰ عنه یقول علیکم بآثار من سلف وإیاکم ورای الرجال وإن زخرفوه بالقول۔

ترجمہ: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ تم لوگوں پر اسلاف کا طریقہ اپنانا ہے اور لوگوں کی رائے سے اپنے آپ کو بچاؤ اگر چہ ان کا قول مزین ہو۔[1]

اس حدیث کی بناء پر علمِ اصول کے بزرگوں نے ان لوگوں کو بدعتی اور گمراہ کہا ہے کہ جو سلف صالحین کی طرف غلطی اور خطا کی نسبت کرتے ہیں۔

علماء کرام کو غلط اور خطا پر کہنا بدعت و گمراہی ہے

جیسا کہ فصول الشاشی میں ہے:

إلا ان في انکاره تخطیة لأهل العصر الثاني في قبولهم ایاه وتخطیه العلماء یکون بدعة وضلالة۔

ترجمہ: خبر دار اس کے انکار میں دوسرے زمانے کے لوگوں کو غلطی کی طرف منسوب کرنا ہے اور علماء کرام کو غلط اور خطا پر کہنا بدعت و گمراہی ہے۔[2]

دوسری بات یہ کہ ظادی مولویوں کی سینہ زوری ملاحظہ فرمائیں کہ مستھجن قبیح حروف کو قوی فصیح کا لبادہ ولباس پہناتے ہیں۔

جیسا کہ جاربردی میں ہے:

ضاد ضعیفہ قبیحہ وہ ہے کہ جس کو ضادِ قویہ کی قوت نہ دی جائے، اور ضاد قویہ وضاد ضعیفہ کے مابین پڑھا جائے جو ظاء کے مشابہ ہے۔ کیونکہ حرف بین بین وہ ہوتا ہے کہ جس کو دو حرفوں کی آواز دی جاتی ہے۔

اور اصولِ اکبریہ میں ہے:

والخامس ضاد معجمة أي کالظاء المعجمة فیجعلون الضاد بینهما وبین الظاء۔

ترجمہ: پانچواں: ضاد معجمہ یعنی ظاء معجمہ کی طرح، گویا ضاد کو اس کے اور ظاء کے درمیان کر دیتے ہیں۔[3]

---

[1] (میزان شعرانی، ص ۴۷)
[2] (فصول الشاشی، ص ۳۵۵)
[3] (اصول اکبریہ، ص ۱۷۷)

اور دوسری بات یہ کہ مشابہت اور اشتراک کی علت دو حرفوں کی آواز اور سماعت میں خالی نہیں پڑھی جائے گی، یا تو صفات کے اتحاد کے ساتھ پڑھا جائے گا فقط، یا فقط مخرج کے اتحاد یا قربِ مخرج کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ یا اکثر صفات کے اتحاد کے ساتھ مع مخرج کے اتحاد کے ساتھ پڑھا جائے گا، یا مخرج کے قرب کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ یا کل صفات کے اتفاق کے ساتھ پڑھا جائے گا، مخرج کی وحدت کے ساتھ۔ پہلی کی تین شقیں باطل ہیں کیونکہ میم اور نون کے مابین صفات کا اتحاد ہے، کیونکہ یہ دونوں مجہول ہیں شدت اور رخاوت کے مابین، اور مستفلتان، منفتحتان، مذلقتان ہیں۔

اسی طرح جیم اور دال میں صفت کا اتحاد ہے، جہر وشدت وانفتاح وانخفاظ واحمات وقلقلہ ہیں۔ اور ثاء، ظاء اور ذال کے مابین اتحاد مخرج ہے۔

اسی طرح طاء، دال، تاء اور باء و میم میں، اور صاد و سین میں اور خاء و غین میں اتحاد مخرج ہے۔ باوجود اس کے کہ ان دونوں میں اکثر صفات میں اتفاق ہے جو رخاوت، استعلاء انفتاح ہے، بغیر ایک صفت کے کہ جو غین مجہورہ اور ثاء مہمولہ ہے۔

اسی طرح جیم، شین اور یاء مخرج کے بعض صفات میں مشترک ہیں۔[1]

اور ایک دوسرے کے ساتھ آواز میں مشابہت نہیں ہے اور نہ سامع ان پر ایک دوسرے کا گمان کرتا ہے تو ضاد میں کیا وجہ ہے کہ سامعین اس پر ظاء کا گمان کرتے ہیں، حالانکہ ان دونوں میں قربِ مخرج بھی نہیں ہے۔

اور اگر رابع لیتے ہوں یعنی دو حروف کا کل صفات میں متفق ہونا مخرج کی وحدت کے ساتھ تو یہ بات مانی جاسکتی ہے مگر اس قسم کے حروف موجود نہیں ہیں علم تجوید میں۔ جیسا کہ رعایہ، ج ۲۰، ص ۱۹ میں ہے۔

دوسری بات یہ کہ اکثر اہل سنت ضاد قویہ کو ظاء سے مشابہ کئے بغیر ادا کرتے ہیں، یعنی یہ آواز میں مشابہت ہے نہ سننے میں۔ اور ہم پر ان علماء کرام کی اتباع واجب ہے۔

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

اتَّبِعُوا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ۔

ترجمہ: بڑی جماعت کی اتباع کرو۔[2]

اس حدیث کی شرح میں صاحبِ مرقات لکھتے ہیں:

يُعَبِّرُ بِهِ عَنِ الْجَمَاعَةِ الْكَثِيرَةِ، وَالْمُرَادُ مَا عَلَيْهِ أَكْثَرُ الْمُسْلِمِين۔

---

[1] (اتقان، ج ا، ص ۱۰۱)

[2] (مشکوۃ المصابیح، ج ا، ص ۶۲، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

ترجمہ: بڑی جماعت کی تعبیر فرمائی اور وہ یہ ہے کہ جس پر عام واکثر مسلمان گامزن ہوں۔[1]

اور علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لکھا:

وَكَذَا لَوْ كَانَ أَحَدُهُمَا قَوْلَ الْأَكْثَرِينَ۔

ترجمہ: اسی طرح اگر ان دونوں میں ایک قول اکثر حضرات کا ہو۔[2]

اور میزان شعرانی میں ہے:

والعبرة بحال غالب الخلق لا بأفراد من الناس۔

ترجمہ: عبرۃ خلق کے غلبہ کا ہے نہ کہ لوگوں کی افرادی قوت کا۔[3]

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ثِنْتَانِ وَسَبْعُونَ فِي النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ وَهِيَ الْجَمَاعَةُ۔

ترجمہ: بہتر فرقے آگ میں اور ایک جنت میں ہے، اور وہ جماعت ہے۔[4]

جماعت کی شرح از ملا علی قاری

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جماعت کی شرح میں فرماتے ہیں:

أَيْ: أَهْلُ الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ الَّذِينَ اجْتَمَعُوا عَلَى اتِّبَاعِ آثَارِهِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فِي النَّقِيرِ وَالْقِطْمِيرِ، وَلَمْ يَبْتَدِعُوا بِالتَّحْرِيفِ وَالتَّغْيِيرِ۔

ترجمہ: یعنی جماعت سے مراد اہل فقہ واہل علم ہیں، جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے آثار کی اتباع پر جمع ہیں، یعنی نقیر اور قطمیر کے برابر، اور انہوں نے دین میں تحریف وتغییر کی بدعت جاری نہیں کی۔[5]

اسی طرح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

وأيضًا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ۔

ترجمہ: اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: قرآن کو اپنی زبان سے مزیّن کرو۔[6]

---

[1] (مرقاة المفاتيح، ج ۱، ص ۲۶۱، الناشر: دار الفكر، بيروت-لبنان)

[2] (رد المحتار، ج ۱، ص ۷۲، الناشر: دار الفكر-بيروت)

[3] (ميزان الشعراني)

[4] (مشكوة المصابيح، ج ۱، ص ۶۱، الناشر: المكتب الإسلامي-بيروت)

[5] (مرقاة المفاتيح، ج ۱، ص ۲۶۰، الناشر: دار الفكر، بيروت-لبنان)

[6] (مشكوة المصابيح، ج ۴، ص ۱۵۰۱، الناشر: دار الفكر، بيروت-لبنان)

لمعات التنقیح شرح مشکوٰۃ المصابیح میں ہے:

المراد بالقرآن قراءته، وهو فعل العبد، وفيه أن تحسين الصوت بالقرآن مستحب، وذلک مقيد برعاية التجويدوعدم التغير۔

ترجمہ: اس سے مراد قرآن کریم کی قرأۃ ہے اور یہ بندے کا فعل ہے، اور اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن کو خوبصورت آواز میں پڑھنا مستحب ہے، اور یہ تجوید کی رعایت اور عدم تغییر سے مقید ہے۔[1]

اور کسی قادر ممیز قاری کا ضاد کی جگہ ظاء پڑھنا یا ضاد کو ظاء سے مشابہ کرنا آواز اور سننے میں تو یہ محض تغییر و تحریف ہے، کیونکہ پہلے سے معنٰی بدلتا ہے اور دوسرا اظاء قبیحہ ضعیفہ ہے۔

دوسری بات یہ کہ فصحاء عرب سے ضاد قویہ کی ادا منقول ہے، جس میں آواز یا سمع میں ظاء سے کوئی مشابہت نہیں ہے۔

اور یہ بات ان تمام مسلمانوں پر ظاہر ہے کہ جنھوں نے حرمین شریفین میں قرأ حضرات سے قرآن سنا ہے۔ اور یہ تمام ہزاروں، لاکھوں حجاج و معتمرین خبر دیتے ہیں کہ وہاں تلاوت یوں کی جاتی ہے تو اس سے ہمیں علم یقینی حاصل ہو جاتا ہے۔

جیسا کہ فصول میں ہے:

فإن الحجاج أو أهل الجامع لو أخبروا عن واقعة صرفتهم عن الحج أو عن الصلاة يحصل العلم بخبرهم۔

ترجمہ: بے شک حجاج اور اہل الجامع (جامع مسجد کے نمازی) ایسے واقعہ کے بارے میں حج یا نماز کے بعد آنے کے بعد خبر دیں تو ان کی خبر سے علم حاصل ہوتا ہے۔[2]

جب عرب کی قرأت میں ضاد کی مشابہت ظاء سے نہیں ہے تو ہم پر ان کی اتباع واجب ہے۔

تین اسباب سے عرب سے محبت کرو

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

أَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ: لِأَنِّي عَرَبِيٌّ, وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ, وَكَلَامُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ۔

ترجمہ: تین اسباب سے عرب سے محبت کرو، کیونکہ میں (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم) عربی ہوں، قرآن عربی ہے اور جنتیوں کا کلام عربی ہے۔[3]

---

[1] (لمعات التنقیح شرح مشکوٰۃ المصابیح، ج۴، ص۵۹۳، الناشر: دار النوادر، دمشق-سوریا)

[2] (فصول، ص۳۵۳)

[3] (شعب الایمان للبیهقی، ج۳، ص۳۴، الناشر: مکتبة الرشد بالریاض، بالتعاون مع الدار السلفیة ببومبای)

النشر میں ہے:

وزینوہ بأحسن الأصوات واعربوہ فإنہ عربي واللہ یحب ان یعرف بہ۔

ترجمہ: قرآن کو خوبصورت آواز سے مزیّن کرو، اور اس کو عربی انداز سے پڑھو کہ قرآن عربی ہے اور اللہ قرآن کو عربی پڑھنا پسند فرماتا ہے۔[1]

الحاصل یہ کہ قرآن ہم تک تواتر سے پہنچا ہے۔

قرآن ہم تک اس تواتر سے پہنچا جو لوحِ محفوظ میں ہے

جیسا کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

وھکذا منہ إلینا وصلا أي وصل القرآن من اللہ إلینا علی لسان الجبرئیل ببیان متواتر من اللوح المحفوظ وبیان النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتعلم التابعین ثم اتباعھم منھم وھلم جرّ إلی مشائخنا رحمھم اللہ متواترا۔

ترجمہ: اسی طرح قرآن، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے ہم تک پہنچا، یعنی قرآن اللہ تعالیٰ سے بواسطۂ جبریل علیہ السلام (بواسطہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے) ہم تک پہنچا اور یہ اسی تواتر سے ہے جو لوحِ محفوظ میں ہے، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا فرمان کہ قرآن تابعین کو پھر ان کے بعد آخر تک پہنچاؤ۔[2]

اور امت نے بھی قرآن کو حفظ کرنے کے بعد بغیر کسی حرف کے تغیر کے ہم تک تواتر سے نقل فرمایا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآن کی حفاظت فرماتا ہے اس میں تغیّر وتبدّل سے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ (الحجر ۹)

ترجمہ: بے شک ہم نے اتارا ہے یہ قرآن اور بے شک ہم خود اس کے نگہبان ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی خبر پر صدق کا یقین رکھنا واجب ہے

نور الانوار میں ہے:

وخبر اللہ تعالیٰ یجب أن یکون صادقا ویستحیل علیہ الکذب ولا سیما انہ تعالیٰ اکد خبر حفظہ الذکر الحکیم بالجملۃ الإسمیۃ وان واللام ففیہ تاکیدات الھیۃ ثلثۃ الفتویٰ المحمدیۃ۔

[1] (النشر، ص ۲۱۰)

[2] (جزری، ص ۲۰)

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ کی خبر پر صدق کا یقین رکھنا واجب ہے کہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ کا ہونا محال ہے۔ خاص کر اللہ تعالیٰ نے قرآن کی حفاظت کا قول مؤکد فرمایا جملہ اسمیہ کے انداز سے ذکر کر کے، اور لام کی تاکید کے ساتھ ذکر کر کے، تو اس میں تین تاکیدات ہیں۔[1]

اور آئمہ سے یہ شہرت کے ساتھ منقول ہے کہ ضاد ظاء کے ساتھ آواز اور سننے میں غیر مشابہ ہے۔ تو یہ ہمارے حق میں معمول ہوا۔

وہ قرأتیں جو آئمہ سے منقول ہیں ان کی مخالفت کی کوئی وجہ نہیں

جیسا کہ اتقان میں ہے:

ومنه أي من القراءات ما إشتهر عن ائمة هذا الشان القراءة به قديما وحديثا فهذا لا وجه للمنع منه، كذا في المنح الفكرية۔

ترجمہ: اور وہ قرأتیں جو آئمہ سے منقول ہیں، وہ اسی طرح قرأت کرنا ہے قدیم و دورِ حاضر میں، اور اس کی مخالفت کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اسی طرح المنح الفکریہ میں بھی ہے۔[2]

جب عام مسلمانوں کے ہاں یہ مشہور و معلوم ہوا کہ ظاء اور ضاد میں کوئی مشابہت نہیں ہے، اور اس کا منقول بالتواتر ہونا بھی ثابت ہوا تو اب تواتر سے انکار ایسا ہے کہ جیسے کوئی شخص اپنے ماں باپ سے انکار کرے۔

تواتر سے انکار اس طرح ہے گویا اپنے ماں باپ سے انکار کرنا

فصول میں ہے:

فيثبت أنه أي المتواتر لا سبيل إلى إنكاره ورده إلا لمن ينكر أمه واباه۔

ترجمہ: تواتر سے انکار کرنا ایسا ہے جیسے کوئی اپنے ماں باپ سے انکار کرے۔[3]

اے میرے بھائی! غیر متعصب شخص کے لئے یہ اجمالی بیان کافی ہے، کہ ضاد اور ظاء میں کوئی مشابہت نہیں ہے، اس کی تفصیل مقصد اول میں آئے گی۔

---

[1] (نور الانوار، ص ۳۰)

[2] (اتقان، ج ۱، ص ۸۱، المنح الفکریۃ، ص ۲۳)

[3] (فصول، ص ۳۵۴)

مقدمہ

مخرج، حرف اور آواز کی معرفت اور دانتوں کی اقسام کے بارے میں

اس مقام پر مخرج کا جاننا اور ضاد قویہ اور ظاد، دال کے مابین فرق کا جاننا ضروری ہے۔

لفظ مَخْرَج اس ظرف کا صیغہ ہے بمعنی محلِ خروج۔ یا لفظ مخرج مصدر میمی ہے، بمعنی نکلنا۔ اور اصطلاح میں مخرج اس جگہ کو کہتے ہیں کہ منہ کا وہ مقام کہ جہاں سے حروف نکلتے ہیں۔ اور ہر حرف کے مخرج کی معرفت کی کیفیت یہ ہے کہ پہلے حرف کو ساکن کرو، اس کے بعد اس پر ہمزۂ وصلیہ داخل کرو۔ اس کے بعد اس پر تلفظ کرو، تو منہ کے جس مقام تک آواز پہنچ جائے تو وہ اس حرف کا مخرج ہے۔

عربی کے حروف تہجی انیتس (۲۹) ہیں۔ امام سیبویہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں اور امام مبرد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں اٹھائیس (۲۸) ہیں۔

اور حروف کے اجمالی مخارج تین ہیں:

۱۔ حلق　　　۲۔ وسط　　　۳۔ مشفت

اور تفصیلی مخارج تقریباً سولہ ہیں امام سیبویہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں اور امام خلیل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں سترہ (۱۷) ہیں۔ اور تمام حروف کے مخارج حقیقی ایک دوسرے سے مغیّر ہیں، ورنہ ایک حرف بعینہ دوسرا ہو جائے گا، اور حروف کا امتیاز بالکل نہیں آئے گا۔[1]

لیکن جمہور کا مذہب مختار یہ ہے کہ انہوں نے حروفِ متعددہ کے لئے ایک مخرج کو جائز رکھا ہے۔ کیونکہ صفات کے اختلاف سے امتیاز حاصل ہو جاتا ہے۔[2]

جان لیں کہ انسان کے منہ میں بتیس (۳۲) دانت ہوتے ہیں، جن کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ ثنایا　　　۲۔ رباعی　　　۳۔ انیاب　　　۴۔ اضراس

۱۔ ثنایا: یہ سامنے کے پہلے والے چار دانت ہیں، جو زبان کے درمیانی حصہ کے مقابل ہیں، دو اوپر، دو نیچے۔

۲۔ رباعی: ثنایا کے اطراف میں چار دانت ہیں، دو اوپر دو نیچے۔

۳۔ انیاب: یہ بھی وہ چار دانت ہیں جو رباعی کے ساتھ متصل ہیں، دو اوپر دو نیچے۔

---

1 (جاربردی، ص ۲۰۳)

2 (المنح الفکریۃ، ص ۱۰)

۴۔ اضراس: یہ وہ بیس دانت ہیں جو انیاب کے ساتھ متصل جبڑوں والے دانت ہیں، دو اطراف میں پانچ اوپر، پانچ نیچے۔

ضاد قویہ کا مخرج ہے کہ طرفِ زبان اضراس کے ساتھ ملے آخر تک، اور ضاد کی ادائیگی داڑھ کے دونوں طرف سے ہوتی ہے، اور یہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاصہ ہے۔ لیکن بائیں طرف سے اکثر ادا کیا جاتا ہے۔[1]

اور ظاء کا مخرج زبان کا سرا اور دونوں سامنے والے دانتوں یعنی ثنایا وعلیا کا سرا ہے۔ اور ضاد ضعیفہ کا مخرج زبان کا طرف ہے جب وہ تین دانتوں کے ساتھ ملائی جائے ان میں ایک ضاحک ہے، دوسرا انیاب اور تیسرا رباعی ہے۔[2]

اور دال کا مخرج زبان کا سِرا اور ثنایا علیا کی جڑ ہے۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ آواز تمام حروف میں ایک مشترک امر ہے۔ اور حروف کا ایک دوسرے سے فرق اور امتیاز صفات سے ہوتا ہے۔ لہٰذا مخرج حرف کے لئے ممیّزِ ذاتی ہے جیسا کہ فصل نوع کے لئے۔ بشرطیکہ مابین دو حرفوں میں مخرج کا اتحاد نہ ہو۔ اور صفات ممیزِ عارضی ہیں بمنزلہ نوع کے لئے خاصہ اور عرضِ عام کے۔ بشرطیکہ دو حروف میں مخرج کا اتحاد ہو۔

جیسا کہ جہد المقل میں ہے:

یعنی الحرف صوت معتمد علی المخرج فالصوت مشترک بین جمیع الحروف وإنما الممیز الاعتماد علی المخرج فالاعتماد علی المخرج کالفصل الممیز للنوع عن مشارکاته فی الجنس وأما الصفات فهی بمنزلة العوارض الممیزة۔

ترجمہ: حرف صوت یعنی آواز ہے جس کا اعتماد مخرج پر ہے، پس صوت وآواز تمام حروف میں مشترک ہیں۔ اور ممیّز مخرج پر اعتماد کرنا ہے، پس مخرج پر اعتماد فصلِ ممیّز کی طرح ہے نوع کے لئے کہ وہ جنس میں اس کے مشارکات سے تمیز لاتا ہے، اور رہیں صفات تو وہ عوارضِ ممیزہ کے منزل ومقام پر ہیں۔[3]

معلوم ہوا کہ الحرف صوت ہے۔

حرف کی تعریف

النشر میں ہے:

فکل حرف شارک غیره في مخرج فإنه لا یمتاز عن مشارکه إلا بالصفات وکل حرف شارک غیره في الصفات فإنه لا یمتاز عنه إلا في المخرج۔

---

[1] (نوادر الاصول، ص ۱۷۹، منح الفکریہ)

[2] (شرح جهد المقل، ص ۱۰۱)

[3] (جهد المقل، ص ۲۸)

ترجمہ: ہر وہ حرف کہ غیر کے ساتھ مخرج میں شریک ہو تو وہ اپنے شریک سے ممتاز والگ نہیں ہو سکتا مگر صفات کی وجہ سے، اور جو حرف دوسرے کے ساتھ صفات میں شریک ہو تو وہ اپنے شریک سے الگ نہیں ہو سکتا مگر مخرج میں۔ [1]

جب آپ قارئین کو مخرج وحرف کی تعریف اور دانتوں کی اقسام کا علم حاصل ہوا تو اب صوت (آواز) کی تعریف ملاحظہ فرمائیں۔

صوت (آواز) کی تعریف

منح فکریہ میں ہے:

والصوت ھواء بتموج یتصادم الجسمین فقال الذي علیه أهل السنة ان الصوت کیفیة تحدث محض خلق الله تعالیٰ من غیر تاثیر لتموج الھواء والفرع والقلع خلا فاللحکماء في زعمهم ان الصوت کیفیة في الھواء تحدث بسبب تموج۔

ترجمہ: آواز ہوا ہے جو دو جسموں کے ساتھ تصادم کی وجہ سے مؤجزن ہو جاتی ہے، تو وہ تحقیق جو اہل سنت نے کی ہے کہ صوت (آواز) ایک ایسی کیفیت ہے جو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے پیدا ہوتی ہے اس میں ہوا کی موجوں، فرع اور قلع کا کوئی اثر نہیں ہوتا، لیکن حکماء اپنی عقل کے مطابق اس میں اختلاف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ موجوں کے سبب سے پیدا ہوتی ہے۔

مقصدِ اول

اس بیان میں ہے کہ ضاد قویہ ظاء کے ساتھ آواز میں مشابہ نہیں ہے، اور نہ سامع اس پر ظاء کا گمان وشک کرتا ہے، جیسا کہ بعض نادان یہ سمجھتے ہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کی ہے کہ:

اقرؤوا الْقُرْآنَ بِلُحُونِ الْعَرَبِ وَأَصْوَاتِهَا۔

ترجمہ: قرآن کو عرب کے لب ولہجہ سے اور ان کی آواز میں پڑھو۔ [2]

اور علمِ تجوید، علمِ تفسیر اور علمِ صرف کی تصریحات کے مطابق ضاد کی آواز ظاء کے مشابہ نہیں ہے۔

---

[1] (النشر، ج ۱، ص ۲۱۴)

[2] (مشکوۃ المصابیح، ج ۱، ص ۶۷۵، الناشر: المکتب الإسلامي - بیروت)

علمِ تجوید کی کتابوں کی تصریحات

علمِ تجوید کی کتابوں کی تصریحات درج ذیل ہیں:

الجزریہ میں ہے:

وَالضَّادَبِاسْتِطَالَةٍوَمَخْرَجِ مَيِّزْمِنَ الظَّاءِوَكُلُّهَاتَجِي

ترجمہ: ضاد استطالہ ہے اور اس کا مخرج ظاء کے مخرج سے الگ ہے اور تمام آرہے ہیں۔[1]

ضاد کو صفتِ استطالہ اور مخرج کی وجہ سے ظاء سے وجوبًا الگ کرو۔

جیسا کہ الجزریہ، باب تحذیرات میں ہے:

وَإِنْ تَلَاقَيَا الْبَيَانُ لَازِمُ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ يَعَضُّ الظَّالِمُ

ترجمہ: اگر دونوں ملتے ہیں تو بیان لازم ہے، اپنی کمر جھکاؤ گے تو ظالم کاٹ دے گا۔[2]

اس شعر کی شرح میں شرح جزریہ میں ہے:

والمعني الزم بيان مخرجهما وصفتهما ليمتاز كل منهما۔

ترجمہ: معنی یہ ہے کہ ان دونوں کا بیان اور صفت لازم کرو، تاکہ دونوں ممتاز والگ ہو جائیں۔[3]

یعنی اگر ضاد اور ظاء دونوں کلام میں جمع ہو جائیں تو قاری پر واجب ہے کہ ضاد اور ظاء کا مخرج اور صفت و طرق بیان کرے، اور فرق سے مراد یہ ہے کہ ضاد کو ظاء کی طرف منقلب نہ کرے اور دونوں کو مشابہ نہ کرے ایک دوسرے کے ساتھ آواز اور تلفظ میں۔

علامہ جزری نے نشر میں فرمایا ہے:

وَالضَّادُ: انْفَرَدَ بِالِاسْتِطَالَةِ، وَلَيْسَ فِي الْحُرُوفِ مَا يَعْسُرُ عَلَى اللِّسَانِ مِثْلُهُ. فَإِنَّ أَلْسِنَةَ النَّاسِ فِيهِ مُخْتَلِفَةٌ، وَقَلَّ مَنْ يُحْسِنُهُ فَمِنْهُمْ مَنْ يُخْرِجُهُ ظَاءً، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْزُجُهُ بِالذَّالِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَجْعَلُهُ لَامًا مُفَخَّمَةً، وَمِنْهُمْ مَنْ يُشِمُّهُ الزَّايَ. وَكُلُّ ذَلِكَ لَا يَجُوزُ، وَالْحَدِيثُ الْمَشْهُورُ عَلَى الْأَلْسِنَةِ "أَنَا أَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ" لَا أَصْلَ لَهُ وَلَا يَصِحُّ. فَلْيَحْذَرْ مَنْ قَلَبَهُ إِلَى الظَّاءِ، لَا سِيَّمَا فِيمَا يُشْتَبَهُ بِلَفْظِهِ نَحْوَ: ضَلَّ مَنْ تَدْعُونَ، يُشْتَبَهُ بِقَوْلِهِ: ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا، وَلْيُعْمِلِ الرِّيَاضَةَ فِي إِحْكَامِ لَفْظِهِ خُصُوصًا إِذَا جَاوَرَهُ ظَاءٌ۔

---

[1] (الجزریہ، ج ۱، ص ۸)

[2] (الجزریہ، ج ۱، ص ۹)

[3] (شرح جزری، ص ۴۳)

ترجمہ: ضاد استطالہ کی وجہ سے منفرد ہے اور حروف میں زبان پر اس حرف سے زیادہ مشکل کوئی اور حرف نہیں ہے، کیونکہ لوگوں کی زبانیں اس بارے میں مختلف ہیں، اور بہت کم لوگ اس کو اچھے طریقے سے پڑھتے ہیں، کوئی اس کو ظاء نکالتا ہے اور کوئی دال سے ملا کر پڑھتا ہے، اور کوئی اس کو لام مفخمہ پڑھتا ہے، اور کوئی اس کو زاء کے مشابہ پڑھتا ہے، اور یہ تمام صورتیں ناجائز ہیں، اور وہ حدیث جو لوگوں کی زبانوں پر مشہور و عام ہے کہ میں اس سے زیادہ فصیح ہوں جو اس کو ضاد پڑھتا ہے، اس حدیث کی اصل نہیں ہے، اور نہ صحیح ہے، لہٰذا ظاء کی طرف دل میں بھی میلان نہ کرنا، خاص کر جب وہ کسی لفظ کے مشابہ ہو، جیسے ضَلَّ من تدعون کہ یہ مشابہ ہے ظلّ وجھه مسودا، اور چاہیئے کہ لفظ کے احکام میں عمل کے لئے ریاضت و کوشش کرے خاص کر جب اس کے ساتھ ظاء آجائے۔[1]

منح الفکریہ میں ہے:

وزادفیه ومنهم من یشیر بها بالظاء المعجمة۔

ترجمہ: اور اس میں یہ فائدہ ہے کہ ان علماء میں ایسے بھی ہیں کہ جو اس کی طرف ظاء معجمہ سے اشارہ کرتے ہیں۔[2]

اور ظاء اور ضاد کو مشابہ کرنا آواز میں یہ قاری کی کمزوری ہے کہ وہ ضاد کی صفات میں کوتاہی کرتا ہے۔[3]

اور ترجمۃ المفید میں ہے:

بیان تفصیل آن است کہ حرف ضاد باظا مشتبہ ومنقلب نشود۔

تفصیل یہ ہے کہ لفظ ضاد، ظاء کے ساتھ مشتبہ اور بدل نہ جائے۔

شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حکایت فرمائی ہے کہ ایک عالمِ دین حجاج بن یوسف کی امامت کر رہا تھا تو اس کے ڈر کے مارے وہ امام پوری زندگی سورۃ انشراح نہیں پڑھتا تھا۔

درۃ الفرید کی عبارت یہ ہے:

ویمیز الضاد المعجمة من الظاء بالمخرج وصفة الاستطالة دائما لا سیما إذا إجتمعا بلا فصل نحوا نقض ظهرک وحکا لی بعض المشائخ أن رجلا کان یؤم الحجاج بن یوسف الثقفي فلم یقرء في صلاته ما دام یؤمه سورة الم نشرح خوفا منه علی لحنه فی قوله تعالیٰ انقض ظهرک لئلا یاخذه علیه۔

---

[1] (النشر، ج ا، ص ۲۲۰، الناشر: المطبعۃ التجاریۃ الکبری)

[2] (منح الفکریہ، ص ۳۸)

[3] (رعایہ، ص ۴۶)

ترجمہ: ظاء اور ضاد کے مخرج میں تمیز کریں اور صفت استطالہ دائماً ہوگی، خاص کر جب وہ دونوں بلا فصل ہو جائیں، جیسے انقض ظھرک۔ بعض مشائخ نے مجھے حکایت بیان کی کہ ایک امام صاحب حجاج بن یوسف کی امامت کرتا تھا تو اس نے اپنی امامت میں کبھی سورۃ انشراح نہ پڑھی اس ڈر کی وجہ سے کہ غلطی واقع ہو جائے گی اس آیت میں: "انقض ظھرک" تاکہ حجاج میری گرفت نہ کرے۔[1]

اسی طرح کا تعجب اور افسوس درۃ الفرید کے مصنف نے فرمایا اس شخص پر کہ جو صاد اور سین اور ضاد اور ظاء میں جدائی اور فرق نہیں لاتا۔

افسوس ہے ان پر کہ کیسے قرآن پڑھتے ہیں

فرمایا ہے:

و لیس احدھما ممن یطلبه و یعتني به یقرؤن القرآن و لا یفرقون بین السین و الصاد و یتلونه و لا یمیزون بین الظاء و الضاد ھیھات ھیھات این من یتلو القرآن۔

ترجمہ: اور ان دونوں میں ایک بھی ایسا نہیں ہے کہ اس سے اس کو طلب کرے، اور اس سے مراد یہ ہے کہ قرآن پڑھتے ہیں اور سین اور صاد میں فرق نہیں کرتے، اور تلاوت کرتے ہیں اور ظاء اور ضاد میں فرق نہیں کرتے افسوس ہے ان پر کہ کیسے قرآن پڑھتے ہیں۔[2]

ضاد اور ظاء کو ایک دوسرے سے الگ کرنا قاری پر لازم ہے تاکہ نماز باطل نہ ہو جائے

شیخ زکریا انصاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح جزری میں فرمایا ہے:

وإن تلاقیا أي الضاد و الظاء فقل البیان لاحدھما من الآخر لازم للقاري لئلا یختلط احدھما بالآخر فتبطل صلاته۔

ترجمہ: جب ضاد اور ظاء دونوں ملیں تو ایک کو دوسرے سے الگ کرنے کا بیان کرنا قاری پر لازم ہے یا ایک حرف دوسرے سے مختلط نہ ہو جائے ورنہ نماز باطل ہو جائے گی۔[3]

اور اختلاط عبارت ہے دونوں کا ایک دوسرے سے الگ نہ کرنے سے۔

---

[1] (در الفرید، ص ۳۴)

[2] (درۃ الفرید، ص ۲)

[3] (دقائق محکمہ، ص ۲۳)

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح جزری میں لکھتے ہیں:

وليحترز من عدم بيانها فانه لو ابدل ضادا بظاء او بالعكس بطلت صلاته لفساد المعنى وقال المصري فلو ابدل ضادا بظاء في الفاتحة لم تصح قرأته بتلك الكلمة منح فكرية۔

ترجمہ: ان دونوں کے بیان نہ کرنے سے بچیں، کیونکہ اگر ضاد کو ظاء سے بدلا یا اس کا عکس کیا تو نماز باطل ہو جائے گی معنی کے فساد کی وجہ سے، مصری نے کہا اگر فاتحہ میں ضاد کو ظاء سے بدلا تو اس کلمہ کی وجہ سے اس کی نماز صحیح نہیں ہے۔[1]

اور مقاماتِ قطبیہ میں ہے:

ضاد دشوارن ترین حروف است بر زبان پس باید کہ اورانیک رعایت کند تاکہ مشابہ ظاء یاذال یازانہ شود۔

ترجمہ: ضاد دشوار ترین حرف ہے زبان پر لہٰذا چاہیئے کہ اس کو اچھا پڑھا جائے تاکہ ظاء ذال یازاء کے مشابہ نہ ہو جائے۔[2]

ہدیۃ الوحید فی علم التجوید میں ہے:

اس حرفِ ضاد کو مشابہ ذال یا دال پڑھنا یا ظاء منقوطہ یا غیر منقوطہ وغیرہ پڑھنے کے متعلق کوئی مضمون نہیں لکھا جاتا کیونکہ زبانی لکھنے پڑھنے سے بلا مشق ومشاقی کے مقصود حاصل نہیں ہو سکتا، الخ۔[3]

اسی طرح ظاء کو غیر مشابہ ضاد کے پڑھنا واجب ہے۔

جیسا کہ زینۃ القاری میں لکھا ہے:

ضاد کو حرفوں سے زبان پر مشکل ہے چاہیئے کہ خوب ادا کرے تاکہ مشابہ ظاء یاذال یازاء کے نہ ہو جائے۔[4]

زینۃ القاری میں ہے:

ظاء کو خوب نگاہ رکھے کہ ضاد اور زاء اور زاء اور ذال کی بو نہ آوے۔[5]

ولی القاری میں ہے:

اور مشکل زیادہ مخارج سے مخرج ضاد کا ہے چاہیئے کہ نیک ادا کرے تاکہ مشابہ ظاء وذال وزاء نہ ہو جائے، ورنہ صورت فسادِ صلوٰۃ پیدا ہو گی۔[1]

---

1 (النشر، ص ۲۱۹، درۃ الفرید، ص ۲۴، منح فکریہ، ص ۳۸)

2 (مقاماتِ قطبیہ، ص ۳۳۴)

3 (ھدیۃ الوحید في علم التجوید، ص ۲)

4 (زینۃ القاری، ص ۳۲)

5 (زینۃ القاری، ص ۳۳)

مفید القاری میں ہے:

اور ضاد کو خوب اپنی صفتِ استطالت اور اپنے مخرج سے ادا کرے تا کہ مشابہ ظاء اور ذال اور زاء کے نہ ہو جائے۔[2]

الشرح الھندیہ للجزری میں ہے:

و الضاد باستطالة و مخرج میز من الظاء و کلھا تجی۔

اور ضاد معجمہ کو ساتھ صفتِ استطالت کی صفت میں اور مخرج میں اکیلا ہے اس صفت اور اس مخرج کا کوئی حرف نہیں سوا اس ضاد کو ہمیشہ تمیز یعنی فرق کرنا اور جدا کرنا ظاء معجمہ سے تا کہ مشابہ ظاء کے نہ ہو جائے۔[3]

و أیضًا و إن تلاقیا البیان لازم انقض ظھرک یعض الظالم۔

اور ظاء معجمہ اور ضاد معجمہ آپس میں ملاقات کریں یعنی پاس پاس ایک جگہ پر آویں تو دونوں کا روشن پڑھنا اور ظاہر کرنا واجب ہے تا کہ ضاد ظاء نہ ہو، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ: **انقض ظھرک** کے سورۃ الم نشرح میں ہے، **یعض الظالم** کے سورۃ الفرقان میں ہے۔[4]

اور صاحب الحواشی المفہمہ نے اس شعر کی تفصیل میں فرمایا ہے:

اذا التقی الضاد و الظاء لزم بیان مخرجھما فی اللفظ۔

ترجمہ: جب ضاد اور ظاء مل جائیں تو لفظ میں دونوں کے مخارج کا بیان لازم ہے۔[5]

اور المنح الفکریہ میں ہے:

ما کان تمیزہ عن الظاء مشکلا بالنسبة إلی غیرہ أمر الناظم بتمییزہ عنه نطقا۔

ترجمہ: لیکن جب اس کی تمیز ظاء سے مشکل ہے بنسبت دیگر حروف کے تو ناظم نے حکم دیا ہے کہ اس کے درمیان تمیز لائی جائے۔[6]

اور جہد المقل کے مصنف نے رعایہ سے نقل کیا ہے:

و لا بد للقاری من التحفظ بلفظ الضاد حیث وقعت و ھو امر یقتصر فیه أکثر من القراء۔

---

1 (ولی القاری، ص ۵۰، ۵۲، ۸۰)

2 (مفید القاری، ص ۲۱، ۷۱)

3 (الشرح الھندیہ للجزری، ص ۳۹)

4 (الشرح الھندیہ للجزری، ص ۴۵، ۴۶)

5 (الحواشی المفھم، ص ۳۲)

6 (المنح الفکریہ، ص ۳۸)

ترجمہ: قاری کے لئے ضروری ہے کہ لفظ ضاد کو ایسا یاد رکھے جیسے وہ ادا کیا جاتا ہے اور یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس میں اکثر قرآ کمی وسستی کرتے ہیں۔[1]

اس کے بعد ضاد کی صفات بیان کی ہیں، فرمایا ہے:

ومتی فرط في ذلک اتی بلفظ الظاء او بلفظ الذال فیکون مبدلا ومغیرا۔

ترجمہ: اور جب اس حرف میں افراط وسستی آگئی تو حرفِ ضاد کی جگہ ظاء اور ذال لے آئے تو یہ حرف کو بدلنا اور متغیر کرنا ہے۔[2]

اور جہد المقل کے تجوید الفاتحہ میں مرعشی نے فرمایا:

واحذر عن تلفظها کالظاء المهملة وعن جعلها ظاء معجمة وذلک باخراجها من مخرج الظاء المعجمة وترک استطالتهما۔

ترجمہ: اس کے تلفظ سے بچو جیسے ظاء مہملہ، اور اس کو ظاء معجمہ بنانے سے بچو، کہ یہ اس کو اس کے مخرج سے نکالنا ہے، اور اس کے استطالہ سے نکالنا ہے۔[3]

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ نے منح فکریہ میں فرمایا ہے:

الزم بیان مخرجهما وصفتهما لیمتاز کل واحد منهما عن الآخر ولا یجوز الادغام لبعد مخرجهما۔

ترجمہ: ان دونوں کے مخرج اور صفات کا بیان لازم ہے تا کہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں، اور ان دونوں میں ادغام جائز نہیں ہے کہ ان دونوں کا مخرج بعید ہے۔[4]

اور کشاف میں ہے:

وبینهما بون بعید۔

ترجمہ: ان دونوں میں بہت دور کی جدائی ہے۔[5]

اور اتقان میں ہے:

وافترق مخرجا وانفرد الضاء بالاستطالة۔

[1] (جهدالمقل، ص ٤٦)

[2] (جهدالمقل، ص ٤٦)

[3] (جهدالمقل، ص ٢٦٧)

[4] (منح فکریه، ص ٤٣)

[5] (الکشاف، ص ٥٢٨)

ترجمہ: اور مخرج میں افتراق ہے، اور ضاد استطالہ کی وجہ سے منفرد ہے۔[1]

اور صاحبِ رعایہ نے فرمایا:

إذا وقعت الظاء بعد الضاد كان بيان الظاء وتمييزها عن الضاد اكد۔

ترجمہ: جب ضاد کے بعد ظاء واقع ہو جائے تو ظاء کا بیان اور اس کو ضاد سے الگ کرنا زیادہ مؤکد ہے۔

اور ضاد اور ظاء کے مابین جدائی کا معنی یہ ہے کہ ہر سامع (سننے والا) ضاد کو دیگر حروف سے الگ سنیں، خاص کر ظاء سے الگ سمجھے، کیونکہ یہ دونوں اکثر صفات میں شریک ہیں۔

جیسا کہ مصنف رعایہ نے فرمایا ہے:

فلابد للقاري ان يبين للسامع الضاد و الظاء على حسب حق كل حرف منهما۔

ترجمہ: قاری کے لئے ضروری ہے کہ وہ سننے والے کے لئے ضاد اور ظاء کو ظاہر کرے، اس طرح کہ ہر حرف کو اس کا حق دے۔[2]

اور خلاصۃ التفاسیر میں ہے:

ترتیل یعنی قرآن صاف صاف حرف واضح پڑھنا کہ نہ خود سمجھ میں تردد اور نہ سامع کو شبہ ہو۔[3]

ان تمام عبارات کا خلاصہ یہ ہوا کہ ضاد کو اپنی تمام صفات کے ساتھ اپنے مخرج سے اور ظاء کو اپنے صفات کے ساتھ اپنے مخرج سے ایسا ادا کیا جائے کہ قاری اور سامع کو شک اور تردد میں واقع نہ کرے کہ آیا یہ ضاد یا ہے یا ظاء؟

ضاد اپنے مخرج و استطالت کی وجہ سے ظاء سے منفرد و جدا ہے

اور وسیلۃ القاری کے مصنف نے فرائد الفؤاد میں شرح جزریہ سے نقل کرکے فرمایا ہے:

ضاد منفرد است بمخرج و استطان از ظاء ودر جملہ حروف ہیچ حرف از وے دشوار تر نیست بجہت آنکہ زبانہائے مردمان دران مختلف است، الخ۔ پس باید کہ حذر کند کہ مشتبہ بظاء نشود۔

---

[1] (الاتقان، ج ا، ص ۱۰۱)
[2] (رعايه، ص ۷۰)
[3] (خلاصة التفاسير، ص ۲۶)

ترجمہ: ضاد اپنے مخرج واستطالت کی وجہ سے ظاء سے منفرد وجدا ہے، اور تمام حروف میں اس جیسا کوئی اور حرف نہیں کہ جس کا اپنے مخرج سے پڑھنا دشوار ہو کہ لوگوں کی زبانیں اس سے متعلق مختلف ہیں لہٰذا احتیاط کریں کہ ضاد ظاء کے مشابہ نہ ہو جائے۔[1]

پس جب کتبِ تجوید سے ان دو حروف کے مابین جدائی کا وجوب ولزوم ثابت ہوا تو اس وجہ سے فقہاء کرام رحمھم اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے پیچھے نماز پڑھنے سے منع فرمایا کہ جو ضاد اور ظاء میں فرق نہیں کرتا۔

جیسا کہ ابو عمر دانی نے مقنع میں فرمایا:

و قد کان بعض الفقہاء من أصحابنا لا یقرء الصلاۃ خلف من لم یمیز الضاد من الظاء و ذلک لاختلاف المعنی۔

ترجمہ: ہمارے اصحاب احناف میں سے بعض فقہاء اس شخص کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے جو ضاد اور ظاء میں تمیز نہیں کرتے، اور یہ معنیٰ کے اختلاف کی وجہ سے ہے۔[2]

اے مسلمان بھائی! ضاد اور ظاء کو الگ کرنا واجب ولازم ہے، اور الگ کرنے سے مراد یہ ہے کہ ضاد کو ظاء سے نہ بدلا جائے، اور ان دونوں کو ایک دوسرے کے مشابہ نہ کیا جائے آواز وسننے میں، جیسا کہ ماقبل عبارات سے معلوم ہو چکا ہے۔ اب اگر امام ومقتدی میں یہ اختلاف آجائے کہ امام کہے کہ میں نے ضاد ادا کیا ہے لیکن تم نے ظاء سنا ہو گا، اور مقتدی کہے کہ تم نے بالکل صاف طور پر ظاء پڑھا ہے، کیونکہ میں بہرہ نہیں ہوں اور نہ پاگل ہوں تو اعتبار مقتدی کا ہو گا۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

وَهَذَا بِنَاءً عَلَى أَنَّ الْعِبْرَةَ لِرَأْيِ الْمُقْتَدِي وَهُوَ الْأَصَحُّ۔

ترجمہ: اس اختلافی صورت میں اعتبار مقتدی کے قول کا ہو گا، اور یہی اصح قول ہے۔[3]

اسی طرح ردالمحتار میں ہے:

لِيَشْمَلَ مَا لَوْ أَخَلَّ بِشَرْطٍ أَوْ رُكْنٍ، وَإِلَى أَنَّ الْعِبْرَةَ بِرَأْيِ الْمُقْتَدِي حَتَّى لَوْ عَلِمَ مِنْ إمَامِهِ مَا يَعْتَقِدُ أَنَّهُ مَانِعٌ وَالْإِمَامُ خِلَافُهُ أَعَادَ، وَفِي عَكْسِهِ لَا۔

---

1 (فرائدالفواد، ص ۶۴، ۶۵، قواعدالقرآن یادمحمدسمرقندی، ص ۸، تحفہ نذریہ، ص ۳، تبیین الضاد، ص ۳۸، بدرالانوار، ص ۳۰)

2 (مقنع، ص ۱۶۸، ۱۶۹، ۲۰۶، مفیدالقاری، ص ۷۱)

3 (ردالمحتار، ج ۱، ص ۵۶۳، الناشر: دارالفکر-بیروت)

ترجمہ: اور اسی طرح تاکہ یہ شامل ہو جائے اس صورت کہ کہ اگر خلل واقع ہو جائے کسی شرط یا رکن کی وجہ سے اور یہ کہ اعتبار مقتدی کی رائے کا ہو گا حتی کہ اگر اس کو پتہ چلا امام سے ایسے عمل کا کہ اس سے نماز نہیں ہوتی اور امام کا مذہب اس کے خلاف تھا، تو وہ اس نماز کا اعادہ کرلے گا، اور اگر مسئلہ اس کا عکس تھا تو اعادہ نہ کرے۔ [1]

اسی طرح ردالمحتار میں ہے:

وَيَظْهَرُ لِي الْأَوَّلُ لِأَنَّ الْأَرْجَحَ أَنَّ الْعِبرَةَ لِاعْتِقَادِ الْمُقْتَدِي, وَهَذِهِ الصَّلَاةُ فِي اعْتِقَادِهِ مَكْرُوهَةٌ۔

ترجمہ: اسی طرح مجھے پہلے والا ظاہر ہوا، کیونکہ ترجیح یہ ہے کہ اعتبار مقتدی کے اعتقاد کو ہے اس نماز میں کہ اس کے اعتقاد میں یہ مکروہ ہے۔ [2]

اسی طرح یار محمد قندھاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے قواعد القرآن، ص ۲۳، ۲۴ میں تصریح فرمائی، اور قاری علی جونپوری نے شرح جزری، ص ۱۳ اور ص ۳۹ میں، غایۃ البیان، حواشی ازہریہ اور ہدیہ نبویہ میں تصریح فرمائی گئی۔

منکرین کو یہ ساری تصریحات نظرِ انصاف سے دیکھنی چاہئیں۔

مفسرین حضرات رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی ضاد اور ظاء کو الگ کرنے کا لزوم ووجوب بتایا ہے۔

ضاد اور ظاء میں یقینی فصل کرنا واجب ہے

علامہ زمخشری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تفسیرِ کشاف، سورۃ التکویر میں فرمایا ہے:

وإتقان الفصل بين الضاد والظاء: واجب. ومعرفة مخرجيهما مما لا بد منه للقارئ, فإنّ أكثر العجم لا يفرّقون بين الحرفين, وإن فرقوا ففرقا غير صواب, وبينهما بون بعيد, ولو استوى الحرفان لما ثبتت في هذه الكلمة قراءتان اثنتان واختلاف بين جبلين من جبال العلم والقراءة, ولما اختلف المعنى والاشتقاق والتركيب۔

ترجمہ: ضاد اور ظاء میں یقینی فصل کرنا واجب ہے، اور دونوں کے مخارج کی معرفت قاری کے لئے ضروری ہے۔ کیونکہ اکثر عجمی لوگ ان دونوں حروف میں امتیاز و فرق نہیں کرتے اور اس کے بارے میں فرقہ پرستی میں واقع ہوئے جو صحیح نہیں ہے۔ اور ان دونوں کے مابین بہت جدائی ہے، اگر یہ دونوں حروف برابر ہوئے تو اس کلمہ میں دو قرأتیں نہ ہوتیں اور معنی اشتقاق اور ترکیب میں اختلاف نہ ہوتا۔ [3]

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۵۹۱، الناشر: دار الفكر-بيروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۲، ص ۴۹، الناشر: دار الفكر-بيروت)

[3] (تفسير كشاف، ج ۴، ص ۷۱۳، الناشر: دار الكتاب العربي-بيروت)

اسی طرح تفسیر حقانی میں سورۃ التکویر میں فرمایا کہ ان دونوں حروف میں خوب جدائی لازم ہے۔[1]

اور تفسیرِ عزیزی میں ہے:

وفرق درمیان مخرج ضاد وظاء بسیار مشکل است اکثر خوانندگانِ این دیار ہر دو را یکسان مے برآرند نہ در مقامِ ضاد ظاء میشوند ونہ در مقامِ ظاء ضاد مخرج این ہر دو حرف را جدا جدا شناختن قاری قرآن راضروریست۔

ترجمہ: ضاد اور ظاء کے مخرج میں بہت فرق ہے اور مشکل فرق ہے۔ اس علاقے کے لوگ اکثر ان دونوں کو ایک جیسا پڑھتے ہیں نہ کہ ضاد کی جگہ ظاء ہو سکتی ہے نہ اس کا عکس ان دونوں کے مخارج الگ الگ ہیں، اور قاری کو ان کا جاننا ضروری ہے۔[2]

معلوم ہوا کہ ضاد کو ظاء اور اس کا عکس پڑھنا باطل ہے۔

اور تفسیر یعقوب چرخی سورۃ التکویر میں ہے:

ہر یکے جدا جدا است ومخرج نیز جدا جدا ونیز ہر دو را یکجا جمع کردن جائز نیست۔

روح البیان میں ہے:

فان قیل فان وضع المصلی أحد الحرفین مکان الآخر قلنا قال فی المحیط البرهاني إذا أتی بالظاء مکان الضاد او علی العکس فالقیاس أن تفسد صلاته وهو قول عامة المشایخ وقال مشایخنا بعدم الفساد للضرورة فی حق العامة خصوصا العجم فان أکثرهم لا یفرقون بین الحرفین وان فرقوا ففرقا غیر صواب وفی الخلاصة لو قرأ بالظاء مکان الضاد او بالضاد مکان الظاء تفسد صلاته عند أبی حنیفة ومحمد واما عند عامة المشایخ کأبی مطیع البلخي ومحمد بن سلمة لا تفسد صلاته۔

ترجمہ: اگر کہا جائے کہ اگر نمازی نے ایک حرف کو دوسرے حرف کی جگہ رکھا تو ہم کہتے ہیں کہ محیط برہانی میں ہے کہ اگر ضاد کی جگہ ظاء کو پڑھا تو قیاس کا تقاضا ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی اور یہی عام مشائخ کا قول ہے، ہمارے مشائخ نے ضرورت کی بناء پر عدم فساد کا قول کیا ہے عوام کے لئے خصوصًا عجمیوں کے لئے۔ کیونکہ اکثر عجمی ان دونوں حروف میں تمیز نہیں کر سکتے۔ اور اگر فرق کرتے بھی ہیں تو وہ صحیح نہیں ہوتا۔ اور خلاصہ میں ہے اگر ضاد کی جگہ ظاء پڑھایا اس کا عکس کیا تو امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ

[1] (تفسیر حقانی، سورۃ التکویر، ص ۵۴)
[2] (تفسیر عزیزی، ص ۷۲)

علیہ وامام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی، اور عام مشائخ جیسے ابی مطیع بلخی اور محمد بن سلمہ کے ہاں نماز فاسد نہ ہو گی۔[1]

معلوم ہوا کہ ان دو حروف میں سے ایک کی جگہ دوسرا پڑھنا مفسدِ نماز ہے طرفین کے نزدیک۔ اور یہی اصح القولین ہے۔ جیسا کہ درج بالا کتب سے ظاہر ہوا۔ اس کی تفصیل مقصدِ ثانی میں آرہی ہے۔ اور بعض ماہرین قرأ نے ضاد کو ظاء کے مشابہ کرنے کو شیعہ وروافض کا مذہب بتایا ہے۔

مشابہ ضاد کو ظاء کے پڑھنا شعارِ روافض ہے

جیسا کہ فتاویٰ نظامیہ میں مولوی عبد الجبار غزنوی امر تسری نے لکھا ہے:

ضالین کو ظالین اور مشابہ ضاد کو ظاء کے پڑھنا شعارِ روافض ہے اور یہ تمام علمائے حرمین شریفین و قرأ عرب وجمہور آئمہ دین کے خلاف ہیں اور میں بالکل اس کا قائل نہیں ہوں۔[2]

اور ایران کے شیعہ جو ضاد کو ظاء کے مشابہ یا اس کا عکس کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ضاد ظاء کے ساتھ رسم الخط قدیم میں مشابہ ہے۔ مگر یہ محض غلط ہے، بلکہ مشابہت ان دونوں کے بعض اوصاف میں ہے۔

جیسا کہ تفسیر حقانی میں ہے:

یہاں سے آپ کو یہ بھی معلوم ہو گیا ہو گا کہ جو لوگ قرآن شریف میں ضاد کو ظاء پڑھتے ہیں اور کتبِ قرأت سے یہ دلیل لاتے ہیں کہ ضاد کو ظاء کے مشابہ لکھا ہے، محض غلطی کرتے ہیں۔ مشابہت صرف وصفِ اطباق میں ہے سو وہ ضاد اور ظاء میں بھی ہے، پھر بھی کوئی ضاد یا ظاء پڑھ سکتا ہے عرب میں کوئی اس طرح نہیں پڑھتا۔ یہ صرف ایران کے شیعوں کی تقلید ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے احیاء العلوم میں فرمایا ہے:

ویجتهدفي الفرق بين الضادو الظاء۔

ترجمہ: ضاد اور ظاء کے مابین فرق کرنے میں کوشش کریں۔[3]

---

[1] (روح البیان، ج۱۰، ص۳۵۳، الناشر: دار الفكر - بيروت)
[2] (فتاویٰ نظامیہ، ج۲، ص۲۲۷)
[3] (احياء علوم الدين، ج۱، ص۱۵۴، الناشر: دار المعرفة - بيروت)

ان تمام مفسرین وفقہاء نے ان دونوں حروف کے مابین فرق کرنے پر تصریح فرمائی ہے، اور فرق کی تعریف گزر چکی ہے۔

رہی بات کتبِ علمِ صرف کی تصریحات کی جن میں ضاد اور ظاء میں مشابہت نہیں ہے، وہ یہ ہیں:

علامہ ابن حاجب نے شافیہ میں لکھا ہے:

و الضاد ضعیفة فمستهجنة۔

ترجمہ: ضاد ضعیفہ ہے پس مستہجنہ ہے۔[1]

نظامیہ شرح شافیہ میں ہے:

هذه الحروف المتفرعة الغير الفصيحة لا توجد في القرآن العزيز و الكلام الفصيح۔

ترجمہ: یہ حروف متفرعہ جو غیر فصیحہ ہیں یہ قرآن عزیز کے کلام فصیح میں نہیں پائے جاتے۔

اسی طرح تصریح علامہ زمخشری نے مفصل، ص۲۰۰ میں، جاربردی، ص۲۰۷ میں، مفتی سعد اللہ صاحب نے نوادر الاصول میں، مصنف کفایہ علامہ رضی، مصنف جہد المقل نے اپنی تصانیف میں بیان فرمایا ہے۔

جہد المقل میں ہے:

و أن الضاد المعجمة إذا شابه لفظها لفظ الظاء المعجمة تكون ضادا ضعيفة و هى من الحروف المستهجنة۔

ترجمہ: جب ضاد معجمہ ظاء معجمہ کے ساتھ مشابہ ہو جائے تو ضاد ضعیفہ ہو جاتا ہے اور یہ حروف مستہجنہ میں سے ہے۔[2]

علمِ صرف کے آئمہ نے فرمایا کہ یہ عجمی لفظ ہے یعنی یہ مولدین کی لغت ہے نہ کہ فصحاء عرب کی۔ جب دورِ فاروقی میں عجمیوں کے علاقے فتح ہوئے اور عرب عجم کی عورتوں کو اپنی قید میں اپنے علاقوں میں لے گئے اور ان سے اولاد پیدا ہوئی اور ضاد کو یہ فصحہ تلفظ و قرأت نہ کر سکے بلکہ ضاد کو ظاء کے مشابہ کر کے پڑھنے لگے تو اس وجہ سے یہ ضاد ضعیف مستہجن قبیح کے نام سے موسوم ہوا۔ اور اس مشابہت کی وجہ سے یہ شاذ ہوا۔ اور قرآن میں قرأت شاذ حرام ہے۔ اور اس کی حرمت پر فقہاء اور اصولیوں نے اجماع فرمایا ہے۔

ابن جزری نے التمہید میں فرمایا ہے:

و ما قرء به و كان متواترا فجائز و إن اختلف لفظه و ما كان شاذا فحرام تعاطيه و ما خالف ذلک فكذا ويكفر متعمده۔

---

[1] (شافیہ، ص۱۴۸)

[2] (جہدالمقل، ص۱۰۱)

ترجمہ: اور اگر قرآن کو تواتر قرأت سے پڑھے تو جائز ہے اگر لفظ مختلط ہو جائے، اور جو شاذ ہے تو وہ حرام ہے اور قصداً پڑھنا کفر ہے۔

اور بعض علماء نے لفظ عربی سے عجمی کی طرف عدول کرنے کو گناہِ عظیم قرار دیا ہے۔

فصیح عربی پڑھنے والا عجمی و نبطی لفظ فاسد کی طرف عدول کرے تو بلاشک گناہ گار ہے

جیسا کہ جزری کی نشر میں ہے:

فمن قدر علی تصحیح کلامه تعالیٰ باللفظ الفصیح العربي وعدل اللفظ إلی الفاسد العجمي او النبطی فانه مقصر بلاشک و آثم بلا ریب و غائش بلا مریة مختصر المفید۔

ترجمہ: جو شخص قرآن کے فصیح عربی لفظ کے پڑھنے پر قادر ہو اور وہ اس عربی لفظ سے عجمی و نبطی لفظ فاسد کی طرف عدول کرتا ہے تو بلاشک کمی کرنے والا ہے اور یقیناً گناہ گار ہے، ملاوٹ کرنے والا ہے۔[1]

مقصدِ دوم

ضاد کی جگہ ظاء پڑھنے سے نماز کا فاسد ہونا یا اس کا عکس، اور اس شخص کا کافر ہونا جو قرآن کے حروف میں کمی یا زیادتی کرتا ہے یا تغیر و تبدیلی لاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

أن من نقص منه حرفاً قاصداً لذلک، أو بدله بحرف آخر مکانه، أو زاد فیه حرفاً مما لم یشتمل علیه المصحف الذي وقع الإجماع علیه، و أجمع علی انه لیس من القرآن عامداً لکل هذا أنه کافر۔

ترجمہ: بے شک اہل اسلام کا اجماع ہے... کہ جس نے قرآن کا کوئی حرف عمداً گھٹایا یا اس کے عوض دوسرا بڑھایا یا کوئی ایسا حرف زائد کیا جو مصحف شریف کا نہیں اور عمداً ایسے کیا تو وہ شخص بالاتفاق کافر ہے۔[2]

امام شعرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میزان کبریٰ میں لکھتے ہیں:

و قد امر اللہ ان یبین للناس ما نزل إلیهم أي ما أمروا به بأن یبلغه إلیهم و ذلک لا یکون إلا بأن یبلغ إلیهم اللفظ و المعني تبلیغا شافیا بحیث ینجلي لهم أمره فلا یلتبس علیهم منه شیئا۔

---

[1] (جزری، ص ۱۰۰)

[2] (الشفا بتعریف حقوق المصطفی للقاضي عیاض، ج ۱، ص ۴۷۲)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ وہ لوگوں کے لئے نازل شدہ کتاب کو بیان کریں یعنی حکم دیا کہ لوگوں کو دین و قرآن پہنچائیں اور یہ پہنچانا یہ ہے کہ لفظ اور معنی دونوں کو پہنچادو، ایسی شافی تبلیغ کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات روشن ہو جائیں، اور کوئی بات ان پر مشکوک نہ رہے۔[1]

امام شعرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مزید لکھتے ہیں:

فإن كل باب لم يفتح الشارع فليس لأحد ان يفتحه وقد اجمع العلماء على أنه لا يصح من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يبلغ القرآن بلغة اخرىٰ خلاف ما انزل۔

ترجمہ: ہر وہ دروازہ جو شارع نے نہیں کھولا تو کسی کو اس کے کھولنے کی اجازت نہیں ہے۔ اور علماء کا اس پر اجماع ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے قرآن کو عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں قرآن پہنچائے۔[2]

اور منح فکریہ میں ہے:

وهكذا أي بالتجويد إلينا وصلا ببيان متواتر وهلم جرا إلى مشائخنا متواترا۔

ترجمہ: اسی طرح تجوید کے ذریعے ہم تک قرآن کا بیان تواتر سے پہنچا ہے اور چلتے چلتے ہمارے مشائخ تک۔[3]

پس اگر ضاد اور ظاء میں کوئی مشابہت ہوتی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم پر نازل ہوتی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے وہ ثابت ہوتی، اور ہم تک تواتر کے ساتھ نقل ہوتی۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم قرآن کے لفظ و معنی حوالے سے پہنچانے کے لئے مبعوث ہوئے ہیں، لیکن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے منقول نہیں ہے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ تشبہ دین میں نیا دروازہ کھولنا ہے جس کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے نہیں کھولا، اور یہ نقل واجماع سے ممنوع ہے۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شفا شریف میں اس شخص پر کفر کا حکم لگایا ہے کہ جو ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلتا ہے:

أن جميع ما فيه حق، وأن من نقص منه حرفاً قاصداً لذلک، أو بدله بحرف آخر مكانه، أو زاد فيه حرفاً فأنه كافر۔

ترجمہ: تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ قرآن میں جو کچھ ہے وہ حق ہے، اور جس نے اس میں سے ایک حرف بھی نقصان کے ارادے سے بدلا، ایک حرف کے بدلے دوسرے حرف کو بدلا یا ایک حرف زیادہ کیا، تو وہ کافر ہے۔[4]

---

[1] (میزان کبریٰ، ص ۹۲)

[2] (میزان کبریٰ، ص ۱۲۵)

[3] (منح فکریہ، ص ۲۰)

[4] (الشفا بتعريف حقوق المصطفى للقاضي عياض، ج ۱، ص ۴۷۲)

منجد میں ہے:

أن الاجماع منعقد علی ان من زاد حرکۃ او حرفا في القرآن او نقص من تلقاء نفسہ مصرا علی ذلک یکفر باللہ جل وعلا۔

ترجمہ: اس پر اجماع مقرر ہے کہ جس نے قرآن میں ایک حرکت یا حرف کا اضافہ کیا یا اپنی طرف سے کمی کی تو اس نے اللہ تعالیٰ کا انکار کیا۔[1]

النشر میں ہے:

فانہ من کفر بحرفٍ منہ کفر بہ کلہ۔

ترجمہ: اور جس نے ایک حرف کا انکار گویا اس نے سارے قرآن کا انکار کیا۔[2]

اسی طرح زینۃ الانسان اور السیوف الساحقہ، ص ۱۴ میں بھی ہے۔

اور یہ بات شرعًا مقرر ہے کہ جس نے قرآن میں کمی یا زیادتی کی تو یہ حرام بلکہ کفر ہے۔

الفتویٰ المحمدیہ میں ہے:

وتصویر الحروف من الوحي وقد ثبت أنہ علیہ السلام کان یرشد کتبۃ الوحي إلی رسم الحروف والکلمات۔

ترجمہ: حروف کی شکلیں وحی سے آئی ہیں اور یہ بات ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کاتبین وحی کو حروف وکلمات کی تعلیم دیتے تھے۔[3]

اب جب یہ معلوم ہوا کہ حروف کی شکلیں بذریعہ وحی آئی ہیں تو اس وجہ سے یہ درج بالا امور حق سے نکلنے کے اسباب بنے۔

اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح فقہ اکبر میں فرمایا:

وفي المحیط سئل الإمام الفضلي عما یقرء الظاء المعجمۃ مکان الضاد المعجمۃ قال لا تجوز امامتہ ولو تعمد یکفر اما کون التعمد کفر افلا کلام فیہ۔

ترجمہ: محیط میں ہے کہ امام فضلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ جو ضاد کی جگہ ظاء پڑھتا ہے تو فرمایا کہ اس کی امامت جائز نہیں اور اگر قصداً یوں کرتا ہے تو کافر ہو جائے گا اور قصداً پڑھنے سے کافر ہونے میں کسی کا اختلاف وکلام نہیں ہے۔[1]

---

[1] (منجد، ص ٢٦)

[2] (النشر، ص ۵۱)

[3] (الفتوىٰ المحمدیہ، ص ۳۴)

اسی طرح ایسے شخص کے کفر پر جامع الفصولین میں بھی حکم دیا گیا ہے کہ:

او يقرء الظاء مكان الضاد لم تجز امامته ولو تعمد يكفر۔

ترجمہ: جس نے ضاد کی جگہ ظاء پڑھی تو اس کی امامت ناجائز اور اگر قصداً پڑھا تو کافر ہو جائے گا۔[2]

درج بالا عبارات سے معلوم ہوا کہ ضاد قویہ صحیحہ کو ظاء سے بدلنے سے نماز فاسد بالاتفاق ہے۔

و محل الاختلاف في الخطأ والنسيان أما في العمد فتفسد به مطلقا بالاتفاق۔

ترجمہ: علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اختلاف کی صورت تب ہے کہ جب غلطی اور بھول کر ظاء پڑھے، اگر قصداً ظاء پڑھا تو نماز بالاتفاق فاسد ہو گئی۔[3]

نشر میں ہے:

و اختلفوا في صلاة من يبدل حرفا بغيره سواء تجانسا اھ۔

ترجمہ: اس شخص کی نماز میں اختلاف ہے کہ جو حرف کو کسی اور حرف سے بدلے، خواہ ایک جنس کا ہو یا قریب ہو۔[4]

نشر میں ایک اور جگہ ہے:

تقاربا و اصح القولين عدم الصحة كمن قرء الحمد بالعين او الدين بالتاء او المغضوب بالخاء او الظاء وفي المنح الفكرية وليحترز من عدم بيانها فانه لو ابدل ضادا بظاء او بالعكس بطلت صلاته على الأصح لفساد المعنى۔

ترجمہ: اور اصح قول نماز کا صحیح نہ ہونا ہے، جیسے کسی نے الحمد کو العمد، یا الدین کو التین، یا مغضوب کو مخضوب یا مغظوب پڑھا۔ اور المنح الفریہ میں ہے کہ اس کے عدم بیان سے احتراز کریں، کیونکہ اگر کسی نے ضاد کو ظاء سے بدلا یا اس کا عکس کیا تو اصح قول کے مطابق نماز فاسد ہو جائے گی۔[5]

حواشی مفہمہ میں ہے:

وليحترز من عدم بيانها فلو ابدل ضادا بظاء او بالعكس بطلت صلاته۔

ترجمہ: ان دونوں کے عدم بیان سے احتراز کریں اگر کسی نے ضاد کو ظاء سے بدلا یا اس کا عکس کیا تو نماز باطل ہو گئی۔[6]

---

[1] (شرح فقہ اکبر، ص ۲۰۱، فصول عمادی، ص ۵۲۶، البحر الرائق،، ج۵، ص ۱۲۴)

[2] (جامع الفصولین، ص ۳۱۶)

[3] (حاشية الطحطاوی علی المراقی الفلاح، ج ۲، ص ۳۳۶، الناشر: دار الكتب العلمية بيروت—لبنان، اسی طرح فتاویٰ رشیدیہ، ج۳، ص۱۰۷ میں رفع التضاد، ص۱۵ سے نقل ہے۔)

[4] (النشر، ج ۱، ص ۲۱۱)

[5] (النشر، ج ۱، ص ۴۳)

[6] (حواشي مفهمه، ص ۳۲)

پس جان لو کہ ضاد کی جگہ ظاء پڑھنا اگر بلا اختیار ہو تو خالی نہیں ہے یا تو بھول کر ہو گا یا غلطی سے، اور یا بوجہ عجز و کمزوری کے ہو گا تو اس میں چھ اقوال ہیں: دو اقوال متقدمین کے اور چار متأخرین کے ہیں۔

پہلا قول امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔ ان کے ہاں اعتبار معنی کا ہے تو اگر حرف بدلنے سے اس کا معنی ایسا بدلا کہ اس کا اعتقاد رکھنا کفر ہو، یا یہ معنی بوجہ تغییر فاحشہ کے بہت بعید و مغیر ہو کہ ان دونوں معانی میں کوئی مناسبت نہ ہو جیسے **هذا الغبار** کی جگہ **هذا الغراب** کہا، یا تغییر فاحش نہ ہو مگر معنی اپنے اصل سے بعید ہو، یا یہ بدلا ہوا لفظ بالکل بلا معنی تھا یعنی مہمل تھا تو ان تمام صورتوں میں نماز فاسد ہو گی اور یہی احتیاطی قول ہے۔[1]

اور اگر اس لفظ کے بدلنے سے معنی نہ بدلے تو نماز فاسد نہ ہو گی خواہ اس کی مثل قرآن میں ہو یا نہ ہو۔

اور دوسرا قول امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے ان کے ہاں اس کا اعتبار ہے کہ اس کی مثل قرآن میں موجود ہے یا نہیں؟ تو اگر لفظ کا مثل قرآن میں موجود ہو تو نماز فاسد نہ ہو گی اگرچہ اس کا معنی بہت بعید ہو مگر اس سے کہ معنی تغییر فاحشہ کے طور پر نہ بدلے۔ اور اگر اس کی مثل قرآن میں موجود نہ ہو تو نماز فاسد ہو گی اگرچہ قریب المعنی ہو جیسے **قوامین** کی جگہ **قیامین** پڑھنا۔

اور تیسرا قول بعض متأخرین کا ہے جیسے قاضی ابو الحسن ابو العاصم، انہوں نے قصد و عمد کو اعتبار و ترجیح دی ہے۔ یعنی اگر قاری نے قصداً تبدیل کیا ہے حالانکہ وہ صحیح پڑھنے کی قدرت رکھتا تھا، تو نماز فاسد ہو گی، اور اگر تبدیل بھول کر یا عدم قدرت کی وجہ سے آئی تو پھر نماز فاسد نہ ہو گی، بلکہ جائز ہو گی۔

رد المحتار شامی میں ہے:

وهو المختار واعدل الاقاويل۔

ترجمہ: اور یہی مختار ہے اور اقوال میں یہی زیادہ اعدل قول ہے۔[2]

چوتھا قول بعض متأخرین کا ہے جیسے محمد بن سلمہ وابو القاسم وغیرہ۔ انہوں نے عموم بلویٰ کو اعتبار دیا ہے۔ یعنی اگر عموم بلویٰ تھا جیسے ضالّین کی جگہ ظالّین پڑھنا تو نماز فاسد نہ ہو گی، اگرچہ دو حروف میں قربِ مخرج یا اتحادِ مخرج نہ ہو، اور بہت سے مشائخ نے اس پر فتویٰ دیا ہے۔

---

[1] (صغیری، ص ۲۵۳، ردالمحتار شامی، ص ۴۶۶)

[2] (شامی، ص ۴۶۸)

پانچواں قول ابن مقاتل کا ہے، انہوں نے قُربِ مخرج کو اعتبار دیا ہے کہ اگر دو حروف کے مابین قربِ مخرج یا اتحادِ مخرج ہو تو نماز فاسد نہیں، اور اگر نہ ہو تو نماز فاسد ہو گی۔

چھٹا قول دیگر متأخرین کا ہے جیسے محمد بن اسماعیل، زاہد، ابو بکر سعید بلخی وغیرہ۔ انہوں نے اعتبار اس کو دیا ہے کہ اس حرف کے پڑھنے میں مشقت ہے یا مشقت نہیں ہے؟ اگر دو حروف کے مابین فرق کرنے میں مشقت نہیں تو نماز فاسد ہو گی اور اگر مشقت ہو جیسے ضاد اور ظاء میں تو نماز فاسد نہ ہو گی۔

ان چھ اقوال کی معرفت کے بعد یہ بات جان لیں کہ اکثر علماء کے ہاں مفتیٰ بہ قول پہلا والا ہے، جو متقدمین حضرات کا قول ہے، کہ جنہوں نے ضاد کی جگہ ظاء پڑھنے سے نماز کے فساد کا حکم فرمایا ہے۔ اور یہی قول امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

جیسا کہ روح البیان، سورۃ التکویر کی تفسیر میں ہے:

واختلوا في ابدال احداهما بالاخرى هل يمتنع وتفسد به الصلاة ام لا فقيل تفسد قياسًا ونقله في المحيط البرهاني عن عامة المشائخ وفي الخلاصة عن أبي حنيفة ومحمد۔

ترجمہ: علماء نے اختلاف کیا ہے کہ ایک حرف کو دوسرے کی جگہ بدلنا آیا ممنوع ہے یا نہیں؟ یا نماز فاسد ہو گی یا نہیں؟ کہا گیا کہ قیاسی طور پر نماز فاسد ہو گی۔[1]

جب نماز کا فاسد ہونا امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ کا مذہب ٹھہرا تو اس پر عمل ہو گا۔

امام کے قول سے کسی اور قول کی طرف عدول نہیں کیا جائے گا

رد المحتار شامی میں ہے:

قَالَ فِي الْبَحْرِ: لَا يُعْدَلُ عَنْ قَوْلِ الْإِمَامِ إِلَى قَوْلِهِمَا أَوْ قَوْلِ أَحَدِهِمَا إلَّا لِضَعْفِ دَلِيلِه وَإِنْ صَرَّحَ الْمَشَايِخُ بِأَنَّ الْفَتْوَى عَلَى قَوْلِهِمَا كَمَا هُنَا۔

ترجمہ: امام کے قول سے کسی اور قول کی طرف عدول نہیں کیا جائے گا، اگر عدول ہو گا تو دلیل کی کمزوری کی بناء پر ہو گا، اگرچہ مشائخ نے صراحت کی ہو کہ فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے (پھر بھی عدول نہیں ہے)۔[2]

باوجود اس کے متقدمین کے قول پر صریح الفاظِ فتویٰ موجود ہے کثرت کے طریقے سے۔

---

[1] (روح البیان، ج۳۰، ص ۲۱، تفسیر روح البیان، ص ۳۵۳، الطحطاوی، ص ۱۹۸، نشر، ص ۲۱۱، منح فکریہ، ص ۴۳، حواشی مفہمہ، ص ۳۲)

[2] (ردالمحتار، ج۳، ص ۱۰۵)

متاخرین کے قول میں وسعت اور متقدمین کے قول میں احتیاط زیادہ ہے

رد المحتار شامی میں ہے:

قَالَ قَاضِي خَانَ: وَمَا قَالَ الْمُتَأَخِّرُونَ أَوْسَعُ، وَمَا قَالَهُ الْمُتَقَدِّمُونَ أَحْوَطُ۔

ترجمہ: علامہ قاضی خان فرماتے ہیں کہ متاخرین کے قول میں وسعت ہے اور متقدمین کے قول میں احتیاط زیادہ ہے۔[1]

اور قاضی خان نے متاخرین کے قول کا رد فرمایا ہے۔

رد المحتار شامی میں ہے:

وَلكِنَّ الْفُرُوعَ غَيْرُ مُنْضَبِطَةٍ عَلَى شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَالْأَوْلَى الْأَخْذُ فِيهِ بِقَوْلِ الْمُتَقَدِّمِينَ لِانْضِبَاطِ قَوَاعِدِهِمْ وَكَوْنِ قَوْلِهِمْ أَحْوَطَ وَأَكْثَرُ الْفُرُوعِ الْمَذْكُورَةِ فِي الْفَتَاوَى مُنَزَّلَةٌ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: ان مسائل میں کسی پر بھی فروع مقرر و منضبط نہیں ہے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ متقدمین کا قول لیا جائے کہ ان کے قواعد مضبوط و یاد کئے گئے ہیں اور ان متقدمین کا قول احتیاط پر مبنی ہے اور فتویٰ میں ان کے فروعات زیادہ ہیں۔[2]

اسی طرح امام ابن الہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی متقدمین کے مذہب پر فتویٰ دیا ہے اور متاخرین کے قول کا رد فرمایا ہے۔

فتح القدیر میں ہے:

فَلَا يُعْتَبَرُ عَلَى هَذَا مَا ذَكَرَ أَبُو مَنْصُورٍ الْعِرَاقِيُّ مِنْ عُسْرِ الْفَصْلِ بَيْنَ الْحَرْفَيْنِ وَعَدَمِهِ فِي عَدَمِ الْفَسَادِ وَثُبُوتِهِ وَلَا قُرْبِ الْمَخَارِجِ وَعَدَمِهِ كَمَا قَالَ ابْنُ مُقَاتِلٍ.

وَحَاصِلُ هَذَا إِنْ كَانَ الْفَصْلُ بِلَا مَشَقَّةٍ كَالطَّاءِ مَعَ الصَّادِ فَقَرَأَ الطَّالِحَاتِ مَكَانَ الصَّالِحَاتِ تَفْسُدُ، وَإِنْ كَانَ بِمَشَقَّةٍ كَالظَّاءِ مَعَ الضَّادِ وَالصَّادِ مَعَ السِّينِ وَالطَّاءِ مَعَ التَّاءِ قِيلَ تَفْسُدُ، وَأَكْثَرُهُمْ لَا تَفْسُدُ، هَذَا عَلَى رَأْيِ هَؤُلَاءِ الْمَشَايِخِ ثُمَّ لَمْ تَنْضَبِطْ فُرُوعُهُمْ فَأَوْرَدَ فِي الْخُلَاصَةِ مَا ظَاهِرُهُ التَّنَافِي لِلْمُتَأَمِّلِ، فَالْأَوْلَى قَوْلُ الْمُتَقَدِّمِينَ۔

ترجمہ: ابو منصور عراقی نے جو ذکر کیا ہے اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا کہ دونوں حروف میں فصل مشکل ہے یا نہیں ہے؟ قریب المخرج ہے یا نہیں؟ جیسے ابن مقاتل نے ذکر کیا ہے۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۳۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۳۱، الناشر: دار الفکر-بیروت)

الحاصل یہ کہ اگر فصل بلا مشقت ہو تو نماز فاسد، اور اگر مشقت میں ہو تو اکثر فرماتے ہیں کہ نماز فاسد نہ ہو گی۔ اور یہی مشائخ کی رائے کے موافق ہے پھر ان کے فروعات مقرر و یاد نہیں کئے گئے خلاصہ میں ہے کہ سوچنے والے کے لئے تنافی ظاہر ہے لیکن اولیٰ قولِ متقدمین ہے۔[1]

علامہ قاضی خان اور ابن الہمام رحمہما اللہ تعالیٰ دونوں اصحاب ترجیح سے ہیں، اور دونوں نے متقدمین کے قول کو ترجیح دی ہے۔ لہٰذا متقدمین کے قول پر عمل اولیٰ ہوا۔

ہم پر صاحب ہدایہ اور قاضی خان کی ترجیح کردہ اور تصحیح کردہ قول کی اتباع واجب ہے

جیسا کہ رد المحتار شامی میں ہے:

صَاحِبِ الْهِدَايَةِ وَقَاضِي خَانْ وَغَيْرِهِمَا مِنْ أَهْلِ التَّرْجِيحِ هُمْ أَعْلَمُ بِالْمَذْهَبِ فَعَلَيْنَا اتِّبَاعُ مَا رَجَّحُوهُ وَمَا صَحَّحُوهُ۔

ترجمہ: صاحب ہدایہ اور علامہ قاضی خان رحمہما اللہ تعالیٰ دونوں اصحابِ ترجیح میں سے ہیں، پھر جان لو کہ یہ دونوں مذہب کو زیادہ جاننے والے ہیں اور ہم پر ان کی ترجیح کردہ اور تصحیح کردہ قول کی اتباع واجب ہے۔[2]

اور علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تصریح فرمائی ہے:

وَهُوَ الَّذِي صَحَّحَهُ الْمُحَقِّقُونَ وَفَرَّعُوا عَلَيْهِ، فَاعْمَلْ بِمَا تَخْتَارُ، وَالِاحْتِيَاطُ أَوْلَى سِيَّمَا فِي أَمْرِ الصَّلَاةِ الَّتِي هِيَ أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ الْعَبْدُ عَلَيْهَا۔

ترجمہ: شرح المنیہ میں ہے وہ قول جس کو محققین نے صحیح قرار دیا ہو اور اس پر مسائل نکالے ہوں تو اس پر عمل کرو بوجہ احتیاط کے، خاص کر نماز کے مسائل میں کہ یہ وہ عمل ہے کہ قیامت کے دن اس کے بارے میں سب سے پہلے سوال کیا جائے گا۔[3]

النشر میں ہے:

واضح القولین عدم الصحة۔

ترجمہ: واضح قول یہ ہے کہ نماز صحیح نہیں ہے۔[4]

---

1 (فتح القدیر، ج ۱، ص ۳۲۳، الناشر: دار الفکر)

2 (ردالمحتار، ج ۱، ص ۱۹۲، الناشر: دار الفکر-بیروت)

3 (ردالمحتار، ج ۱، ص ۶۳۳، الناشر: دار الفکر-بیروت)

4 (النشر، ص ۲۱۱، منح فکریہ، ص ۴۳، حواشی مفهمه، ص ۳۲، صغیری، ص ۲۵۳، منیه، ص ۲۹۵، غنیه، ص ۵۲۵)

سوال: جس طرح کے الفاظِ فتویٰ، متقدمین کے قول کے ساتھ ہے تو اسی طرح الفاظِ فتویٰ متأخرین کے مذہب و قول کے ساتھ بھی ہیں، جیسے لفظ "هو المختار" "اعدل الاقاويل" ہوگیا، جو ابو عاصم کے قول کے ساتھ ہے، یا لفظ "كثير من المشائخ افتوا به" محمد بن سلمہ کے قول کے ساتھ ہے؟

جواب: یہ بات ماننے کی ہے مگر الفاظِ فتویٰ متقدمین کے قول کے ساتھ زیادہ ہیں، جیسے احوط، اولیٰ، اصح، اجزم، احتیاط، انضباط، مختار و صحیح ہیں۔ جو فتویٰ کے الفاظ میں زیادہ مؤکد ہیں، متأخرین کے قول کے ساتھ مذکور الفاظ سے۔۔۔ اور اعتبار کثرت اور قوت کو پہلے اس وقت کہ جب تعارض آجائے اور خاص کر مقامِ احتیاط میں۔

جواب ثانی: متقدم قول امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے، اور آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مذہب پر عمل اولیٰ اور اقدم ہے کہ آپ مذہب کے امام ہیں۔

جیسا کہ شامی میں ہے:

وَكَذَا لَا تَخْيِيرَ لَوْ كَانَ أَحَدُهُمَا قَوْلَ الْإِمَامِ وَالْآخَرُ قَوْلَ غَيْرِهِ، لِأَنَّهُ لَمَّا تَعَارَضَ التَّصْحِيحَانِ تَسَاقَطَا فَرَجَعْنَا إلَى الْأَصْلِ وَهُوَ تَقْدِيمُ قَوْلِ الْإِمَامِ۔

ترجمہ: اسی طرح اختیار نہیں دیا جائے گا جب ایک قول امام کا ہو اور دوسرا قول کسی اور کا ہو، کیونکہ جب دو تصحیحوں میں تعارض آجائے تو ساقط ہو جاتے ہیں، لہٰذا ہم اصل کی طرف رجوع کریں گے، اور امام صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قول کو تقدیم ہے۔[1]

جواب ثالث: فساد کا قول اکثرین کا قول ہے اور اس پر عمل ہے۔

جیسا کہ شامی میں ہے:

وَكَذَا لَوْ كَانَ أَحَدُهُمَا قَوْلَ الْأَكْثَرِينَ۔

ترجمہ: اسی طرح اگر ایک قول اکثرین کا ہو تو اس کو ترجیح ہوگی۔[2]

جواب رابع: یہ ہے کہ اصول الاقاویل مقید ہے عجز کی قید کے ساتھ، یعنی یہ صرف ان لوگوں کے لئے جائز ہے کہ جو دو حرفوں کے مابین امتیاز کی قدرت نہ رکھتے ہوں، اور اس قید کے خلاف پر کوئی تصریح نہیں ہے۔ لہٰذا اس پر عمل ہو گا۔

---

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۷۲، الناشر: دارالفکر-بیروت)

[2] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۷۲، الناشر: دارالفکر-بیروت)

آئمہ کسی قید کی تصریح کریں تو اس کا اعتبار واجب ہے

جیسا کہ شامی میں ہے:

وَإِذَا صَرَّحَ بَعْضُ الْأَئِمَّةِ بِقَيْدٍ لَمْ يَرِدْ عَنْ غَيْرِهِ مِنْهُمْ تَصْرِيحٌ بِخِلَافِهِ يَجِبُ أَنْ يُعْتَبَرَ سِيَّمَا وَالْمَوْضِعُ مَوْضِعُ احْتِيَاطٍ۔

ترجمہ: جب بعض آئمہ کسی قید کی تصریح کریں اور دیگر سے کوئی تصریح مروی نہ ہو اس کے خلاف میں تو اس کا اعتبار واجب ہے خاص کر احتیاط کے مقام پر۔[1]

اور نماز محلِ احتیاط ہے جیسا کہ بہت سے علماء نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔

کبیری میں ہے:

والقاضي الإمام الشهيد يقول انجری ذلک علی لسانه ولم يكن مميزا بين بعض هذه الحروف وكان في زعمه أنه ادی الكلمة علی وجهها لا تفسد صلاته وكذا روی عن محمد بن مقاتل وإسماعيل الزاهدی وهذا معنی ما ذكر في فتویٰ الحجة أنه يفتي في حق الفقهاء باعادة الصلاة وفي حق العوام بالجواز۔

ترجمہ: قاضی امام شہید کہتے ہیں اگر یہ کسی کی زبان پر جاری ہو اور وہ ان بعض حروف میں تمیز نہیں کر سکتا تھا اور اس کا گمان تھا کہ میں حرف کو صحیح ادا کر رہا ہوں تو اس کی نماز فاسد نہ ہو گی۔ اور یہی معنی ہے کہ جو فتویٰ الحجۃ میں ذکر کیا گیا ہے کہ فقہاء کے حق میں نماز کے اعادے اور عوام کے جواز کا فتویٰ دیا جائے گا۔[2]

ازالۃ الاوہام میں ہے:

وفي تفسير ابن كثير فلهذا اغتفر استعمال احدهما مكان الآخر لمن لا يميز ذلک۔

ترجمہ: اس وجہ سے اس شخص کے لئے جو تمیز نہیں کر سکتا اس کے لئے ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف استعمال کرنا جائز ہے۔[3]

حروف و حرکات کی تصحیح فرض ہے

اسی طرح کی تصریح قطب الارشاد میں بھی ہے:

وأيضًا افتراض تصحيح الحروف والحركات انما تكون في حق القادر على تصحيحها وأما العاجز عنه فلا يفترض عليه إلا بذل الجهد في التصحيح لا غير۔

[1] (ردالمحتار، ج ۱، ص ۳۲۲، الناشر: دار الفكر-بيروت)
[2] (کبیری، ص ۴۴۸)
[3] (ازالۃ الاوہام، ص ۴۹)

ترجمہ: حروف وحرکات کی تصحیح فرض ہے اور یہ اس کے حق میں ہے کہ جو اس کی تصحیح پر قادر ہو اور جو اس پر قادر نہیں تو اس پر فرض نہیں ہے۔[1]

ان درج بالا عبارات سے ہر ذی شعور پر ظاہر ہوا کہ اس شخص کی نماز فاسد ہو گی کہ جو قادر و ممیز ہو، اگرچہ غلطی سے ضاد کی جگہ ظاء پڑھے یا اس کا عکس پڑھے، اور غیر قادر عاجز پر واجب ہے کہ حروف کی تصحیح کرے اور اس کی کوشش وسعی کرے، اگر کوشش وسعی نہ کی تو نماز صحیح نہ ہو گی۔

جیسا کہ ابن الہمام نے فتح القدیر میں ذکر فرمایا ہے:

إِنْ كَانَ يَجْهَدُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ فِي تَصْحِيحِهِ وَلَا يَقْدِرُ فَصَلَاتُهُ جَائِزَةٌ, وَلَوْ تَرَكَ جَهْدَهُ فَفَاسِدَةٌ۔

ترجمہ: اگر یہ بوجہ عجز تھا تو اگر وہ اس کی تصحیح میں شب وروز کوشش کرتا رہا اور پھر بھی تصحیح پر قادر نہ ہوا تو نماز جائز ہے اور اگر کوشش ترک کر دی تو نماز فاسد ہو گی۔[2]

الفتاویٰ الہندیہ میں حروف کی تصحیح کو واجب قرار دیا ہے:

وَمَنْ لَا يُحْسِنُ بَعْضَ الْحُرُوفِ يَنْبَغِي أَنْ يَجْهَدَ وَلَا يُعْذَرُ فِي ذَلِك۔

ترجمہ: اور جو شخص بعض حروف اچھے طریقے سے نہیں پڑھ سکتا تو اس کی کوشش کرے ورنہ معذور نہیں کہلایا جائے گا۔[3]

اور جزری میں ہے:

والاخذ بالتجوید حتم لازم ومن لم یجود القرآن آثم۔

ترجمہ: تجوید پڑھنا فرض ہے، جو تجوید سے قرآن نہیں پڑھتا تو وہ گنہگار ہے۔

مقصدِ ثالث

ظاء کے مجوزین کے دلائل کے جواب میں ہے

یہ جوابات دلائل وعبارات سے مستفاد ہیں۔ اور ان کتابوں سے ثابت ہے کہ یہ ظادی مولوی اس کو اپنے استدلال کے لئے پیش کرتے ہیں۔ مگر اس مسئلے میں اپنی خود غرضی کی وجہ سے ان کی طرف التفات نہیں کرتے۔

---

[1] (قطب الارشاد، ص ۲۳۵)
[2] (فتح القدیر، ج ۲، ص ۱۲۵)
[3] (الفتاویٰ الهندیة، ج ۳، ص ۸۵، مکتبة أهل السنة والجماعة)

ظادی مولوی کی پہلی دلیل تفسیر کبیر، ج ۱، ص ۴۹ کا قول ہے، دوسرا روح المعانی، ج ۳، ص ۶۱ کا، تیسرا تفسیر منار، ص ۱۰۰ کا، چوتھا اتقان، ج ۲، ص ۹۱ کا، پانچواں رعایہ، ص ۴۶ کا اور چھٹا جہد المقل کا قول ہے۔

ان کتب سے ظادی مولوی یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ ضاد آواز میں ظاء کے مشابہ ہے۔

پہلا جواب

بہ طریقہ عموم ہم کہتے ہیں کہ اس طرح کے مقامات میں اعتبار فقہاء کرام کے اقوال کو دیا جاتا ہے۔ خصوصًا اصحاب ترجیح کے قول کو جیسے قاضی خان اور ابن الہمام وغیرہ۔ انہوں نے ضاد کو ظاء کے ساتھ مشابہ قرار نہیں دیا نہ آواز میں اور نہ سننے میں۔ اور یا متقدمین صرفیوں کے قول کو اعتبار ہے جیسے ابن حاجب، زمخشری اور رضی وغیرہ انہوں نے بھی تشابہ کا قول نہیں فرمایا۔ بلکہ انہوں نے فرمایا کہ ظاء کے ساتھ مشابہ ضاد ضعیفہ مستہجنہ ہے، اور یہ قرآن میں موجود نہیں ہے۔ اس مقام میں مفسرین کے قول کا اعتبار نہیں ہے تاکہ وہ ظادی مولویوں کی دلیل بن جائے۔ مشہور مقولہ ہے کہ لکل فن رجال (ہر فن کے اپنے مرد ہوتے ہیں) اور مفسرین اس فن کے رجال نہیں ہیں۔ الحاصل یہ کہ ایک فن کا مسئلہ دوسرے فن سے حاصل و ثابت نہیں ہوتا۔

خصوصیت کے طریقے سے جواب میں ہم یہ کہتے ہیں کہ ظادی مولویوں کا تفسیر کبیر و روح المعانی سے استدلال صحیح نہیں ہے، کیونکہ ان کا قول ان کے لئے ہے جو معذور اور غیر قادر ہو، جو ضاد اور ظاء میں فرق کرنے پر قدرت نہیں رکھتے۔

اس پر تفسیر کبیر کا یہ قول قرینہ و دلیل ہے:

فَوَجَبَ أَنْ يَسْقُطَ التَّكْلِيفُ بِالْفَرْقِ۔

ترجمہ: واجب ہے کہ فضل سے تکلیف کو ساقط کر دیا جائے۔[1]

اور دوسرے اس قول سے کہ:

ان التمييز بين هذين الحرفين ليس في محل التكليف۔

ترجمہ: ان دو حرفوں کے درمیان تمیز کرنا محل تکلیف میں نہیں ہے۔[2]

اور روح المعانی میں ہے:

فسدت صلاته وإلّا فلا لعسر التمييز بينهما خصوصا على العجم۔

---

[1] (تفسیر کبیر، ج ۱، ص ۲۹، الناشر: دار إحياء التراث العربي-بيروت)

[2] (تفسیر کبیر، ج ۱، ص ۴۹)

ترجمہ: جب ان دونوں حروف کے مابین فصل ممکن ہو تو نماز فاسد ورنہ نہیں، کہ ان کے درمیان تمیز مشکل ہے خاص کر عجمیوں کے لئے۔[1]

اور جو ان دو حروف کے مابین جدائی نہیں کر سکتا تو اس کے لئے فقہاء کرام کا یہی فیصلہ ہے۔

اس کے علاوہ یہ کہتا ہوں کہ ظادیوں کا استدلال تفسیر کبیر کے قول سے صحیح نہیں، کیونکہ اس مفسر نے اپنی کتاب میں اکثر اقوالِ فلسفہ ذکر کئے ہیں، تو یہ بھی جائز و ممکن ہے کہ انہوں نے ضاد و ظاء میں تشابہ میں اقوال و مذہبِ فلاسفہ ذکر کیا ہو۔

جیسا کہ تفسیر الاتقان فی علوم القرآن میں ہے:

وَالْجَوَابِ عَنْ أَدِلَّةِ الْمُخَالِفِينَ كَالْقُرْطُبِيِّ وَصَاحِبُ الْعُلُومِ الْعَقْلِيَّةِ- خُصُوصًا الْإِمَامُ فَخْرُ الدِّينِ- قَدْ مَلَأَ تَفْسِيرَهُ بِأَقْوَالِ الْحُكَمَاءِ وَالْفَلَاسِفَةِ وَشِبْهِهَا وَخَرَجَ مِنْ شَيْءٍ إِلَى شَيْءٍ حَتَّى يَقْضِيَ النَّاظِرُ الْعَجَبَ مِنْ عَدَمِ مُطَابَقَةِ الْمَوْرِدِ لِلْآيَةِ قَالَ أَبُو حَيَّانَ فِي الْبَحْرِ: جَمَعَ الْإِمَامُ الرَّازِيُّ فِي تَفْسِيرِهِ أَشْيَاءَ كَثِيرَةً طَوِيلَةً لَا حَاجَةَ بِهَا فِي عِلْمِ التَّفْسِيرِ وَلِذَلِكَ قَالَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ فِيهِ كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا التَّفْسِيرَ۔

ترجمہ: مخالفین جیسے قرطبی اور علومِ عقلیہ والوں خاص کر امام فخر الدین کہ جنھوں نے اپنی تفسیر کو حکماء اور فلاسفہ اور ان جیسے لوگوں کے اقوال سے بھر دیا ہے اور ایک چیز دوسری چیز کی طرف نکل گئی۔ یہاں تک کہ ان پر تعجب ہوتا ہے کہ آیات کے مورد سے کوئی مطابقت نہیں ہے۔ ابو حیان نے البحر میں کہا ہے کہ امام رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کتاب میں ایسی بہت سی طویل اشیاء کا ذکر کیا ہے کہ اس کی علمِ تفسیر میں کوئی حاجت نہیں ہے، اس وجہ سے بعض علماء نے فرمایا کہ تفسیر کبیر میں سوائے تفسیر کے اور سب کچھ ہیں۔[2]

اور اقوال امام رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ یہ ہیں:

ضاد اور ظاء میں مشابہت بہت سخت ہے

روح المعانی میں ہے:

فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ الْمُشَابَهَةَ بَيْنَ الضَّادِ وَالظَّاءِ شَدِيدَةٌ۔

ترجمہ: ضاد اور ظاء میں مشابہت بہت سخت ہے۔[3]

---

[1] (روح المعانی، ج۱۵، ص۲۶۵، الناشر: دار الكتب العلمية-بيروت)

[2] (الإتقان في علوم القرآن، ج۴، ص۲۴۳، الناشر: الهيئة المصرية العامة للكتاب)

[3] (روح المعانی، ج۱، ص۶۹، الناشر: دار إحياء التراث العربي-بيروت)

رعایہ میں ہے:

و الظاء یشبہ لفظہ فی السمع لفظ الضاد۔

ترجمہ: ظاء سماعت میں ضاد کے مشابہ ہے۔[1]

اسی طرح اور کتابوں جیسے روح المعانی، شہاب اور جہد المقل و منار وغیرہ میں بھی یہ قول فرمایا ہے۔

الحاصل یہ کہ یہ کتب کہ جن میں ضاد اور ظاء کی مشابہت کا قول ہے تو ہم کہتے ہیں کہ مشابہت کو دو معنی ہیں:

۱۔ اول یہ کہ مشابہت ان دو اشیاء میں آتی ہے کہ جن میں صفات میں کسی صفت میں مجردِ اشتراک ہو تو اس اعتبار سے آتی ہے تو جائز ہے کہ ان دونوں امرین میں سے ہر ایک کا دوسرے کے مساوی ہو کہ ایک مشبہ ہو اور دوسرا مشبہ ہو اسباب میں سے کسی سبب سے۔

۲۔ دوسرا یہ کہ الحاق ناقص کامل کے ساتھ آتا ہے، تو پھر واجب ہے کہ تشبیہ کی وجہ مشبہ بہ میں اقویٰ واظہر ہو، کیونکہ تشبیہ سے غرض ناقص کا کامل سے الحاق ہے۔

جیسا کہ نور الانوار میں ہے:

و المعنوی ان یکونا مشارکین في معنی و احد خاص مشھور بہ في العرف کما في تسمیۃ شجا ع اسدا۔

ترجمہ: معنوی یہ کہ دونوں ایک ایسے خاص معنیٰ میں مشترک ہوں کہ جو عرف میں مشہور ہو، جیسے کہ شیر کا نام شجاع رکھنا تو ان درج بالا کتب میں ظاء اور ضاد میں مشابہت کا پہلا معنی ہے کہ دونوں چار اوصاف میں مشترک ہوں جو جہر، رخاوت، استعلاء اور اطباق ہیں۔ تو جب کوئی قاری ظاء کو ان صفات مذکورہ کے ساتھ ادا کرے تو اس پر واجب ہے کہ وہ ضاد کو بھی ان ہی صفاتِ مذکورہ کے ساتھ بلا تفاوت ادا کرے۔[2]

جیسا کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح جزری میں لکھتے ہیں:

و المعنی ان من التجوید ان یتلفظ في اللفظ الثاني مثلہ ما یتلفظ بمثلہ او لا یعني أنہ اذا أراد ان ینطق بالحرف مرققا او مفخما او مشدد مقصورا او ممدودا او مظھرا او مدعما و إمثال ذلک جاء شبیھہ مما یقضی تلک الصفات السابقۃ فیتلفف بلاتفاوۃ لتکون القراءۃ علی المناسبۃ و المساوات۔

---

[1] (رعایہ، ص ۴۶)

[2] (نور الانوار، ص ۱۰۲)

ترجمہ: معنی تجوید کا یہ ہے کہ لفظ ثانی پر اس کے مثل تلفظ کرے جو اس نے اس کے مثل پر تلفظ کیا تھا، یعنی اگر اس قاری کا یہ ارادہ ہو کہ کسی حرف کو مرقق یا مفخم یا مشدد یا مقصور یا ممدود یا مظہر یا مد غم وغیرہ پڑھے یعنی صفات سابقہ کے تقاضا کے مطابق پڑھے تو دوسرے لفظ پر بھی بلا تفاوت ایسا ہی تلفظ کرے تا کہ قرآن مناسبت اور مساوات کے طور پر ہو جائے۔[1]

اس قول سے صاف معلوم ہوا کہ شبیہ سے مراد دو حروف کے مابین اشتراک فی الصفات میں مشابہت ہے۔

جیسا کہ امام رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قول سے ظاہر ہے:

بیان المشابهةمن وجوه:الأول:أنهما من الحروف المجهورة۔

ترجمہ: وجوہ اول میں مشابہت یہ ہے کہ یہ دونوں حروف مجہورہ میں سے ہوں۔[2]

اور رعایہ میں ہے:

أنهما من الحروف المطبقة۔

ترجمہ: یہ دونوں حروفِ اطباق میں سے ہیں۔[3]

اور معنی ثانی کی بات کہ مشابہت ناقص کا کامل سے الحاق ہے تو یہ ضاد اور ظاء میں موجود نہیں ہوتا۔ جیسا کہ یہ ظاہر ہے، اور ظاء کو ضاد کے ساتھ آواز اور سمع میں مشابہ کرنا یہ باطل ہے، کیونکہ صوت (آواز) حروف کے اشتراک سے آتا ہے، تو یہ حروف کے ذاتیات سے ہوا، اور حرف اپنی صوت (آواز) سے الگ نہیں ہوتا، کیونکہ حرف کی حقیقت وہ صوت ہے جو مخرج پر اعتماد رکھتا ہے۔

جیسا کہ جہد المقل میں ہے:

وأيضًا في المنح الفكريه ولذا قالوا في تعريف الحرف وهو صوت معتمد على مقطع محقق وهو ان يكون اعتماده على جزء معين من اجزاء الحلق واللسان والشفة أو مقطع مقدر وهو هواء الفم اذا لالف لا معتمد له في شئي من اجزاء الفم، الخ۔

ترجمہ: علماء نے حرف کی تعریف میں کہا ہے کہ حرف وہ صوت وآواز ہے جو مقطع پر اعتماد رکھتا ہے اور محقق ہے، اور اس کا اعتماد ہوتا ہے ایک معین جزء پر، حلق، زبان، ہونٹ کے اجزاء میں سے یا مقطع مقدر ہے اور وہ منہ کی ہوا ہے، کیونکہ الف کے لئے منہ کے اجزاء میں سے کوئی اعتماد کی چیز نہیں ہے۔[4]

---

[1] (المنح الفکریہ، ص ۲۱)

[2] (تفسیر الفخر الرازی، ج ۱، ص ۹۳، دار النشر/دار إحیاء التراث العربی)

[3] (تفسیر الفخر الرازی، ج ۱، ص ۹۳، دار النشر/دار إحیاء التراث العربی)

[4] (جہد المقل، ص ۲۸، المنح الفکریہ، ص ۹)

الحاصل یہ کہ تشبیہ امور عارضہ میں آتی ہے نہ کہ ذاتیات میں تو ہر مؤمن کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو قواعد اور علوم سے باخبر رکھا کرے۔

اور روح المعانی اور شہاب کا یہ قول کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ضاد اور ظاء کا فرق منقول نہیں ہے، بلکہ یہ بعض متأخرین سے منقول ہے۔

جیسا کہ شہاب میں ہے:

ولم ينقل حثهم على الفرق وتعليمه من الصحابة ولو كان لازما فعلوه ونقل وهذا هو ما عليه المتأخرون كالبزازى وصاحب المحيط وغيره۔

ترجمہ: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرق اور اس کی تعلیم پر ترغیب منقول نہیں ہے، اگر یہ لازم ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ضرور فرماتے اور منقول ہوتا، اور یہ تو وہ معاملہ ہے کہ جو متأخرین سے منقول ہے، جیسا کہ بزازی اور صاحب المحیط وغیرہ۔[1]

اور مختار قول یہ ہے کہ ضاد اور ظاء میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرق منقول ہے کیونکہ اہلِ تجوید کا سلسلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تابعین تک متصل ہے، اور اہلِ تجوید نے ان دونوں کے مابین فرق کا حکم دیا ہے۔

جیسا کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح جزری میں فرمایا:

لكن لما كان تمييزه عن الظاء مشكلا بالنسبة إلى غيره فالناظم بتمييزه عنه نطقا۔

ترجمہ: جب ظاء کی تمیز بنسبت دیگر حروف کے مشکل تھی تو ناظم نے تلفظ سے اس کی تمیز کا حکم دیا ہے۔[2]

اور رعایہ میں ہے:

فيجب على القاري بيان الظاء ليميز عن الضاد۔

ترجمہ: قاری پر واجب ہے کہ ظاء کا ایسا بیان کرے کہ وہ ضاد سے الگ ہو جائے۔[3]

اور نشر میں ہے:

ومنها بيان فضل هذه الامة وشرفها على سائر الامم من حيث تلقيهم كتاب ربهم والبحث عن لفظه والكشف عن صيغة صيغة ماحموه من خلل التحريف فلم يحملوا تحريكا ولا تسكينا وميزوا بين الحروف بالصفات۔

---

[1] (شهاب، ج۷، ص ۳۳۱)
[2] (شرح جزری، ص ۳۸)
[3] (رعاية، ص ٦٠)

ترجمہ: ان میں سے ایک بیان اس امت کی فضیلت و شرافت پر ہے تمام امتوں پر، کہ اپنے رب کی کتاب لیتے ہیں، سیکھتے ہیں اور اس کے لفظ میں بحث کرتے ہیں، اور ایک ایک صیغہ کو کشف و ظاہر کرتے ہیں تاکہ تحریف کے خلل سے محفوظ ہو جائے تو انہوں نے حرکت دینے اور سکون دینے میں کوئی کوتاہی نہیں کی، اور حروف کی صفات کے مابین تمیز بھی بیان کی۔ [1]

معلوم ہوا کہ ظاء اور ضاد کے مابین فرق ضروری ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول ہے اس وجہ سے قرآن کے حروف کا فرق، اس امت کی شرافت کا سبب بنا۔ اور روح المعانی اور شہاب کا یہ کہنا کہ ضاد اور ظاء میں مشابہت ہے تو یہ اہل کوفہ کے قدیمی خط میں تھا، اور محققین کے ہاں ان میں مشابہت نہیں ہے خط اور تحریر میں، بلکہ ان کے درمیان جو فرق ثابت ہے تو وہ ضاد میں مرکز کی زیادت سے ہے۔

جیسا کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

وذلک لان الضاد بخط الکوفي لا بدلها من الف قصيرة دون الف الظاء فانها طويلة في الكتابة تفرقة بينهما بزيادة المركز في الضاد وتركها في الظاء كما لا يخفى على من يعرف تحقيق حروف الهجاء۔

ترجمہ: کوفی خط میں ضاد کے لئے ضروری ہے کہ ایک چھوٹی الف اس میں ہو، نہ ظاء کی الف کی طرح کہ وہ کتابت میں طویل ہوتی ہے تاکہ دونوں میں فرق آجائے، ضاد میں مرکز کی زیادت سے اور ظاء میں ترک کرنے سے، جیسا کہ یہ بات ان پر پوشیدہ نہیں کہ جو حروف تہجی کو جانتے ہیں۔ [2]

معلوم ہوا کہ روح المعانی اور شہاب کا قول اصطلاحِ تجوید کے مخالف ہے، اور جہد المقل کا یہ قول کہ **لانها تقرب من الظاء** باطل ہے۔ کیونکہ ضاد اور ظاء میں مخرج کا بُعد ہے۔ جس کی شہادت کتبِ تجوید و کتبِ تفسیر کی تصریحات سے ملتی ہے۔ اور منار کا یہ قول کہ **هذا هو من فصحاء العرب الاولین۔**

تو یہ دو وجوہ سے غلط صریح ہے:

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ ضاد کا ظاء سے مشابہت آواز میں یہ لفظ عجمی ہے نہ کہ عربی۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ منار کے مصنف محمد عبدہ ہے یا رشید رضا جو اس کے شاگرد ہیں اور یہ دونوں معتبر علماء نہیں ہیں، کیونکہ شیخ یوسف نبہانی جو اہل سنت کے معتبر عالم ہیں، نے ان دونوں کے رد میں کتابیں لکھی ہیں، اور یہ بات ثابت کی ہے کہ ان کے قول کا اعتبار نہیں ہے۔

---

[1] (النشر، ج ۱، ص ۵۳)

[2] (شرح جزری، ص ۴۲)

ازالۃ الاوہام میں ہے:

من شاء فلیرجع إلی کتابہ المسمٰی بالرایۃ الصغریٰ في ذم البدعۃ و مدح السنۃ الغراء۔

جو چاہے تو ان کی کتاب ''الرایۃ الصغریٰ في ذم البدعۃ و مدح السنۃ الغراء'' کا مطالعہ کرے۔[1]

دیوبندیوں کے مولوی رشید احمد گنگوہی فتاویٰ رشیدیہ میں لکھتے ہیں:

دال ظاء ضاد کے حروف جداگانہ ہونے میں تو شک نہیں اور اس میں بھی شک نہیں کہ قصداً کسی حرف کو دوسرے حرف کے مخرج سے ادا کرنا سخت بے ادبی ہے اور بسا اوقات باعثِ فسادِ نماز ہوتا ہے مگر جو لوگ معذور ہیں اور ان سے یہ حرف اپنے مخرج سے ادا نہیں ہوتا اور وہ حتی الوسع کوشش کرتے رہتے ہیں ان کی نماز بھی درست ہے اور دال پُر ظاہر ہے کہ خود کوئی حرف نہیں بلکہ ضاد ہی ہے جو اپنے مخرج سے پورے طور پر ادا نہیں ہوا تو جو شخص ضاد کی جگہ دال خالص یا ظاء خالص عمداً پڑھے اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، مگر جو شخص دالِ پر کی آواز میں پڑھتا ہے آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ لیا کریں۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب[2]

متن اعلام المؤمنین بحث تبیین الضاد القویہ عن الظاد الرّدیّہ پر

حاشیۂ

سیف المؤمنین علی أعناق المنکرین

مسئلہ ضاد کو ظاء پڑھنا شرعی جرم ہے

ضاد کو ظاء یا مشابہ ظاء کر کے پڑھنا غلط ہے اور اس طرح پڑھنے سے نماز ٹوٹ جائے گی ایسا شخص امامت کا اہل نہیں ہے اور ایسے امام کے پیچھے جو نماز پڑھی ہے اس کا اعادہ واجب ہے۔ قرآن کریم کے حروف کے ہر حرف کو اس کے مخرج سے ادا کرنا ضروری ہے اور تمام حروف کے مخارج جدا جدا معین ہیں۔

قرآن پاک میں زیادت یا تحریف کرنا یہودیوں کا کام ہے

قرآن پاک میں زیادت کرنا یا تحریف کرنا یا کوئی ایک حرف تبدیل کرنا یہ یہودیوں کا کام ہے۔

---

[1] (ازالۃ الاوہام، ص ۵۳)

[2] (فتاویٰ رشیدیہ، ص ۱۰۷)

جیسا کہ اللہ رب العزت نے فرمایا:

مِنَ الَّذِینَ ھَادُوا یُحَرِّفُونَ الْکَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِہِ (النساء ۴۶)

"کچھ یہودی کلاموں (ارشاداتِ خداوندی) کو ان کی جگہ سے پھیرتے ہیں۔"

یُحَرِّفُونَ الْکَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِہِ (المائدۃ ۱۳)

"اللہ کی باتوں کو ان کی جگہوں سے پھیرتے ہیں۔"

یُحَرِّفُونَ الْکَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِہِ (المائدۃ ۴۱)

"اللہ کی باتوں کو ان کی جگہوں سے پھیرتے ہیں۔"

وَإِنَّ مِنْھُمْ لَفَرِیقًا یَلْوُونَ أَلْسِنَتَھُمْ بِالْکِتَابِ لِتَحْسَبُوہُ مِنَ الْکِتَابِ وَمَا ھُوَ مِنَ الْکِتَابِ وَیَقُولُونَ ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّہِ وَمَا ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّہِ وَیَقُولُونَ عَلَی اللَّہِ الْکَذِبَ وَھُمْ یَعْلَمُونَ (آل عمران ۷۸)

"اور ان میں کچھ وہ ہیں جو زبان پھیر کر کتاب میں میل کرتے ہیں کہ تم سمجھو یہ بھی کتاب میں ہے اور وہ کتاب میں نہیں اور کہتے ہیں یہ اللہ کے پاس سے ہے اور وہ اللہ کے پاس سے نہیں اور اللہ پر دیدہ ودانستہ جھوٹ باندھتے ہیں۔"

اس سے یہ معلوم ہوا کہ ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا یہ حرام ہے یہ یہودیوں کا کام ہے لہذا ضاد کی جگہ ظاد پڑھنا یہ قرآن پاک میں تحریف ہے اور یہ کفر ہے۔ ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا ناجائز ہے اور اگر کسی نے پڑھی تو وہ نماز واجب الاعادہ ہے۔

حدیث مبارکہ ہے:

عن حذیفۃ قال رسول اللہ اقرؤوا القرآن بلحون العرب۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن پڑھو جیسے عرب پڑھتے ہیں۔[1]

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں تمام عرب ضاد پڑھتے ہیں اس طرح مصر کے تمام علماء اور عوام بھی ضاد پڑھتے ہیں۔ ہمیں بھی چاہئے کہ عرب ممالک کی طرح ضاد کی جگہ ظاء نہ پڑھیں، یعنی **و لا لضالین** کی جگہ **و لا لظالین** نہ پڑھیں۔

ایک حرف کو دوسرے حرف کی طرح پڑھنا ناجائز ہے۔ ض اور ظاء دونوں حرف جدا جدا ہیں۔ ان کے مخارج بھی جدا ہیں۔ لہذا جو شخص قصداً یہ جان کر ض کو ظاء پڑھتا ہے کہ قرآن کریم میں اس جگہ یہ حرف اس طرح ہے وہ کافر ہے۔

---

[1] (الکامل ابن عدی ج ۲ ص ۷۸ مطبوعہ دار الفکر بیروت)

قرآن مجید میں تحریف کرنے والا کافر ہے اور اس پر اہلِ اسلام کا اجماع ہے

امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وَقَدأَجْمَعَ الْمُسْلِمُونَ... وَأَنَّ جَمِيعَ مَا فِيهِ حَقٌّ وَأَنَّ مَن نَقَصَ مِنْهُ حَرْفًا قَاصِدًا لِذَلِكَ أَو بَدَّلَهُ بِحَرْفٍ آخَرَ مَكَانَهُ أَو زَادَ فِيهِ حَرْفًا مِمَّا لَم يَشْتَمِل عَلَيْهِ الْمُصْحَفُ الَّذِي وَقَعَ الإِجْمَاعُ عَلَيْهِ وأُجْمِعَ عَلَى أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ الْقُرْآنِ عَامِدًا لِكُلِّ هَذَا أَنَّهُ كَافِرٌ۔

ترجمہ: بے شک اہل اسلام کا اجماع ہے... کہ جس نے قرآن کا کوئی حرف عمداً گھٹایا یا اس کے عوض دوسرا بڑھایا یا کوئی ایسا حرف زائد کیا جو مصحف شریف کا نہیں اور عمداً ایسے کیا تو وہ شخص بالاتفاق کافر ہے۔[1]

لفظ ضاد کی ادائیگی سیکھنے کے بعد ادائیگی سے عاجز شخص معذور تصور ہو گا

امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب الاذکار میں تحریر فرماتے ہیں:

ولو قال: ولا الضّالّين بالظاء بطلت صلاته على أرجح الوجهين إلا أن يعجزَ عن الضاد بعد التعلم فيُعذر۔

ترجمہ: اور اگر نماز پڑھنے والے نے ولا الضالین کو ظاء سے پڑھا تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی، دونوں وجوہ کے رائج ہونے کی بناء پر مگر سیکھنے کے بعد ضاد سے اگر عاجز ہو تو معزور ہے۔[2]

ثابت ہوا کہ محدثین کے نزدیک بھی ولا الضالین کو ظا سے پڑھنے والے کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔یعنی نماز میں ولا الضالین پڑھنے والے کا نماز پڑھنا یا نماز کو ترک کرنا یکساں ہے گویا کہ ولا الظالین پڑھنے والے نے نماز پڑھی ہی نہیں۔

اب اہلحدیث کے دعوے رکھنے والے اگر ضاد کو ظاء پڑھیں تو وہ جماعت محدثین کے نزدیک بے نماز ہیں ان کی نماز صحیح نہیں اور جو امام ضاد کی بجائے ظاء پڑھتے ہیں وہ تمام مقتدیوں کی نماز باطل کرتے ہیں، نہ مقتدیوں کی نماز درست اور نہ ہی امام کی اب تمہاری مرضی۔

جامع الفصولین میں ہے:

يقراء الظآء الضاد و يقراء كيف شاء اصحاب الجنة مكان اصحاب النار لم تجز امامته ولو تعمد يكفر۔

---

[1] (الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ فصل فی بیان ماھو من المقالات کفر الخ ج ۲ ص ۱۸۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

[2] (کتاب الاذکار للنووی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ص ۴۶، مطبوعہ بیروت، مقیاس الصلوۃ ص ۱۸۱ تا ۱۸۵)

ترجمہ: جو آدمی ضاد کی جگہ ظاء پڑھے اور اصحاب الجنۃ کی جگہ اصحاب النار پڑھے۔ اس کی امامت جائز نہیں اور اگر قصداً ایسا کرے تو کافر ہے۔[1]

جب کافر ہو گیا تو اس کی بیوی اس پر حرام ہو جائے گی (یعنی طلاق ہو جائے گی) اور جتنے بچے اس سے پیدا ہوں گے وہ سب حرامی ہیں۔

منیۃ المصلی میں ہے:

اما اذا قرأ مكان الذال ظاء او مكان الضاد ظاء او على القلب تفسد الصلوته وعليه اكثر الائمة۔

اور اگر نماز پڑھنے والے نے ولا الضالین کو ظاء سے پڑھا تو اس کی نماز باطل ہو جائیگی۔ دونوں وجہوں کے رائج ہونے کی بناء پر مگر سیکھنے کے بعد ضاد سے اگر عاجز ہو تو معذور ہے۔[2]

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری

وفي المحيط: سئل الامام الفضلي ممن يقرأ الظاء المعجمة أو يقرأ أصحاب الجنة مكان أصحاب النار أو على العكس فقال لا تجوز امامة ولو تعمد يكفر۔

ترجمہ: کتاب محیط میں ہے کہ امام فضلی سے سوال کیا گیا کہ اس شخص کا کیا حکم ہے جس نے ضاد کی جگہ ظاء یا اس کے بالعکس پڑھا تو انہوں نے (جواب میں) فرمایا ایسے شخص کی امامت جائز نہیں، اور اگر ایسا عمداً کرے تو کافر ہو گا۔[3]

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں کہتا ہوں کہ اگر عمداً پڑھے تو کافر ہو جاتا ہے اس میں کسی کو بھی اعتراض نہیں۔

فتاویٰ قاضی خان

ولو قرأ إلا ما اظطررتم بالظاء تفسد صلاته اور اگر الا ما اضطررتم کی بجائے الا ما اظطررتم ظاء سے پڑھا تو اس کی نماز فاسد ہو جائیگی۔[4]

---

[1] (جامع الفصولین کلمات کفریہ ص ۳۱۶)

[2] (منیۃ المصلی، فصل في زلة القاري، ص ۱۸۵، مکتبہ رحمانیہ، لاہور)

[3] (منح الروض شرح فقہ اکبر لملّا علی قاری فصل فی القرأۃ والصّلوٰۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ص ۱۶۷، سعید الحق فی تخریج جاء الحق)

[4] (فتاویٰ قاضی خان، ج ۱، ص ۱۹۴)

فتاویٰ قاضی خان

وكذا لو قرأ غير المغظوب بالظاء أو بالذال تفسد صلاته۔

ترجمہ: اور اگر اسی طرح غير المغضوب کی بجائے غير المغظوب ظاء یا ذال سے پڑھے تو نماز ٹوٹ جائیگی۔[1]

فتاویٰ قاضی خان

ونخل طلعها هضيم قرأ بالظاء أو بالذال تفسد صلاته۔

اور اگر و انخل طلعها هضيم کو ظاء یا ذال سے پڑھے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔[2]

فتاویٰ قاضی خان

ولسوف يعطيك ربك فترضى قرأ فترظى بالظاء تفسد صلاته۔

اور ولسوف يعطيك ربك فترضىٰ کی بجائے فترظىٰ ظاء سے پڑھا تو اس کی نماز فاسق ہو جائے گی۔[3]

فتاویٰ قاضی خان

ألم يجعل كيدهم في تضليل قرأ بالذال في تذليل لا تفسد صلاته ولو قرأ بالظاء تفسد صلاته۔

اور اگر في تضليل کو ذال سے تذلیل پڑھا تو نماز فاسد نہ ہو گی۔ اور اگر ظاء سے پڑھے تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔[4]

فتاویٰ قاضی خان

كيدهم في تضليل قرأ بالظاء قال بعضهم لا تصح كيدهم۔

في تظليل ظاء سے پڑھے بعض نے کہا کہ نماز صحیح نہ ہو گی۔[5]

فتاویٰ قاضی خان

الذي فرض عليك القرآن قرأ بالظاء فرظ تفسد صلاته۔

الذي فرض عليك القرآن کو ظاء سے پڑھے فرظ اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔[1]

---

[1] (فتاویٰ قاضی خان ۱/ ۱۹۶)

[2] (فتاویٰ قاضی خان ۱/ ۱۹۶)

[3] (فتاویٰ قاضی خان ۱/ ۲۰۰)

[4] (فتاویٰ قاضی خان ۱/ ۷۱)

[5] (فتاویٰ قاضی خان ۱/ ۲۰۲)

فتاویٰ قاضی خان

فمن فرض فیهن الحج قرأ بالظاء فرظ أو بالذال تفسد صلاته۔

فمن فرض فیهن الحج ظاء کے ساتھ پڑھے یاذال کے ساتھ اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔[2]

فتاویٰ عالمگیری

قال القاضي الإمام أبو الحسن و القاضي الإمام أبو عاصم إن تعمد فسدت۔

قاضی امام ابوالحسن رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اور قاضی امام ابوعاصم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے کہا اگر عمداً ضاد کو ظاء پڑھے نماز فاسد ہو جائے گی۔[3]

مذکورہ بالا آئمہ فقہاء کے حوالہ جات سے ثابت ہوا کہ ضاد کو ظاء پڑھنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور یہ تمام فقہاء کا اتفاقی مسئلہ ہے اور بعض نے کفر کا فتویٰ بھی دیا ہے۔

اے حقیقت کا دعویٰ رکھنے والو! ضاد کو ظاء پڑھ کر کیوں مسلمانوں کی نمازیں ضائع کرتے ہو اور امت محمد رسول اللہ ﷺ کو مجرم اور تارک نماز بناتے ہو مسلمان بیچارہ تمہاری اقتداء میں نماز ادا بھی کرتا ہے پھر بھی نماز ادا نہیں بلکہ خدائی مجرم لکھا جاتا ہے لیکن تم صرف مذہبی ضد کی بناء پر ضاد کو ظاء پڑھ کر قرآن کو الٹا پڑھ رہے ہو الفاظ میں تغیر و تبدل نہیں کر سکتے تو معانی میں ہی تغیر پیدا کرکے مسلمانوں کو مجرم بنا رہے ہو!۔

غنیته المتملی في شرح منیة المصلي المشتهر بشرح الکبیر

(أما اذا قرأ مکان الذال) المعجمة (ظاء) معجمة (أو) قرأ الظاء المعجمة (مکان الضاد) المعجمة (او علی القلب) مثال الاول مالو قرأ تلظ الاعین مکان تلذ و مما ظرء مکان مما ذرأ و مثال الثاني المغظوب مکان المغضوب و مثال الثالث ظعف الحیوة مکان ضعف (فتفسد صلوته و علیه) اي علی القول بالفساد (اکثر الائمة) للتغیر الفاحش البعید۔

اور جب کسی نے ذال کی بجائے ظاء پڑھا اور ظاء کی بجائے ضاد پڑھا مثال اول اگر تلذ الاعین کی بجائے تلظ الاعین پڑھا اور ذرا کی ظرء پڑھا اور دوسری مثال مغضوب کی بجائے مغظوب پڑھا اور تیسری مثال ضعف الحیوة کی بجائے ظعف

---

[1] (فتاویٰ قاضی خان ۱/۷۱)

[2] (فتاویٰ قاضی خان ۱/۲۰۴)

[3] (الفتاوی الهندیة في مذهب الإمام الأعظم أبي حنیفة النعمان، العالمکیریة، ج ۱، ص ۷۹، الناشر دار الفکر)

الحیوۃ پڑھاتو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی اور اس سے نماز فاسد ہونے کا فتویٰ اکثر آئمہ کا ہے کیونکہ اس سے بہت سے معنی متغیر ہو جاتے ہیں۔[1]

مولوی قطب الدین اپنی تفسیر میں تحت آیت وماھو علی الغیب بضنین میں لکھتے ہیں:

وفاسدةوضع المخارج والصّفات الفرق بين ذات الحروف لأنّهالولاهي لاتّحدت أصواتهافكانت كأصوات البهائم لايدلّ على المعنٰى كذافي الجاربردي، إنتهٰى۔

وأيضًا قال في هذه الرّسالة في موضع اخر واعلم أنّ اشتباه الحرف بالحرف الآخر عبارة عن إشرابه وألباسه بصوت الآخر كاضّاد مع الظّاء، والسّين مع الصّاد، والتّاء مع الطّاء بأن أشرب الضّاد صوت الظّاء وما نقلت من المسائل لايدل على أن إشتباه الضّاد بالظّاء لازمٌ على المصلّىٍ لا صراحة ولا دلالة بإبدال أحدهما بالآخر وإنّما يدل على تعسّر التمييز إلّا بالمشقةفي حق العوام فقط۔

وأمّا الخواص كالفقهاء والقرّاء لا يجوز صلاتهم ولا إمامتهم أن يبدّلوا الضّاد بالظّاء المعجمه بالعمد وأمّا في الخطاء الفتوىٰ بالإعادة في حق العوام الفتاوٰى على الجواز كما صرح في كتاب المستملي نقلاًعن فتاوىٰ الحجة حيث قال ذكر في فتاوى الحجة: أنّه يفتي في حق الفقهاء والقرّاء بإعادِ الصّلوٰة وفي حق العوام بالجواز كقول محمد ابن سلمةإختيارةللإحتياطفي موضعه والرّخصةفي موضعها، إنتهٰى۔

وأيضًا في موضع الآخر من الرّسالة وأمّا الضّاد والظّاء وإن كان بينهما اشتراكًا في أكثر الصّفات كالرّخوة والإطبان والإستعلاءوالمجهوريةلكن ليس بمؤجب الإبدال القصديّ كمازعم بعض الجهلة لأنّ بينهمامباينةذاتيّةٌ من حيث المخرج والانبطالة والتقصير والصّورة في الكتابة وفي الصّوت أيضًا لأنّ أداء كل واحدٍ منهما في مخرجهما موصوفًا بصفاتهما الشّخصيّة بالسّعي والإجتهاد في إمتيازهما فائدة وضع المخارج والصّفات ومعرفتهماليس إلّا الفرق بين ذوات الحروف كمافي الجاربرديّ، إنتهٰى۔

وأمّا أهل اللغة من العرب قد يبدّلون حرف الظّاء بالضّاد فيقولون في الظّهر الضّهر وقد يبدّلون الضّاد بالظّاء فيقولون في عضت الحرب عظت الحرب هكذا في سائر الحروف الهجاء هذا كلّه في كلام النّاس في ما بينهم ولا يتبدّلون حرف الضّادبالظّاءوعكسهٖوسائر حروف الهجاءفي القرآن المجيدو الفرقان الحميدلأنّه سنّةمتبعةأخبروا كما أخبر الله تعالىٰ وأمروا به كما أمر الله تعالىٰ واعلموا أيّها الطّالبون المبدّلون حرف الضّاد بالظّاء عمدًا في الصّلوٰة وحكمتم بفساد صلوٰة غير المبدّلين وحكمكم في فساد صلوٰتهم جاريًا وشاملاً في جميع المسلمين من الأموات والأحياء من سنةٍ خمسةٍ وستّين وثلاثة مائةٍ بعد ألف من الأوّلين والآخرين من الصّحابة التّابعين وآئمة المجتهدين

وعلماء الرّاسخين وسائر عوام النّاس من أمة خير الأنام وأن أمّته خير الأمم في جميع البلاد وقري المسلمين على وجه الأرض خصوصًا في آبائكم وأجدادكم إلى يومنا هذا الحكم بهواجس النّفس والهواء لفساد صلوٰة غير المبدّلين جوعة عظيمة وكلام عجيبة غريبة وطعن في الائمة المجتهدين خصوصًا على إمامكم الأعظم رحمة الله تعالىٰ عليه وسوء الظّن بجميع المسلمين من أمّة خير الأنام مع أنّ إمامنا الأعظم الأجلّ الأكرم رحمة الله تعالىٰ عليه وصاحبيه وسائر العلماء المتأخرين من مذهبه حكموا جميعهم في فساد صلوٰة المبدّلين حرف الضّاد بالظّاء عمدًا في القرآن المجيد هذا المذهب الصّحيح القديم القويّ الحق الصّواب۔

أمّا التبديل في صورة الخطاء قد جرىٰ على لسان بعض عوام الناس سهوًا فالإختلاف بين المتقدمين والمتأخرين يكون في فساد الصّلوٰة وعدمه ولا بحث ولا كلام لنا في الخطاء فإنه خارج عن مبحثنا وبحثنا ومطلبنا مطلقًا في صورة التبديل عمدًا في فساد صلوٰتهم لا خطاءَ كما مَرَّ من قبل في هذه الرّسالة من أقوال صاحب المذهب من كتب المعتبرة المعتمدة فاطلبوا هناك وانظروا بعين الإنصاف لا بعين التّعصب والإعتساف لتكونوا على بصيرة۔ ويا أيّها الطالبين المبدّلين مذهبنا ومذهبكم واحدٌ من الحنفية البيضاء وتتركون مذهبكم الحق القديم مجازًا بلا دليل لهواجس النّفس والهوٰى وتجعلون مذهبكم وراء ظهركم وتمشون وتعملون بمذهب الجديد الحادث۔

وبخلافكم أيّها المبدّلين تعملون بمذهب الباطل والخطاء وعدم الصّواب فمن بعد هذا اليوم أيّها الطّالبون المبدّلون أنتم مخيّرون بأيّ من المذهبين القديم والجديد تعملون فالمذهب الأول القديم وهو مذهب إمامنا الأعظم الحنفيّة البيضاء القديم الصّحيح والحق والصّواب والثّاني المذهب الجديد هو الذي تعملون به الآن هو الباطل والخطاء بلا إرتياب۔

والصّلوٰة معراج المؤمنين والصّلوٰة عماد الدّين ومن هدم الدّين وأوّل من يسئل العبد في يوم القيامة الصّلوٰة فما حال من لا صلوٰة له أصلاً في جميع عمره لفساد الصّلوٰة من التبدّل وهذا الحكم جاريّ وواقع علمكم لتبديلكم عمدًا في القرآن والصّلوٰة هيهات هيهات على منام القلوب عن طريق الحقّ والصّواب وإقام السّنّة بطريق الباطل والخطاء لهواجس النّفس والهوٰى وتفويض أمركم إلى الله تعالىٰ عند يوم يقوم النّاس لربّ العالمين إن شاء يغفر لكم بفضله وإن شاء يعاقبكم بعدله والله الهادي إلى طريق الرّشاد ويا إخواننا من غير المبدّلين إذا سئلنا من المبدّلين وقلنا لهم إذا كان لكم دليل من صاحب المذهب وكتب المعتبرة بيّنوا لنا فتوجروا۔

فيقولون في جوابنا لا دليل لنا بدون إستماعنا التّبديل من أفواه بعضنا من بعض ثم وثم إلى أن ينتهى إلى آخر المبدّلين ودليلنا لا يكون الّا محض التّقليد وإذا نقول لهم أنتم حنفيّة مثلنا فَلِمَ لا تتقلّدوا بمذهب إمامكم البيضاء الحقّ والصّواب سكتوا عن الجواب كأنّهم أصمّ وأخرس لجهلهم بأقوال صاحب المذهب وكتب المعتبرة۔

تعاميتموا جهلًا عن الحقّ وحدكم

فما غيركم يا عصبة الجهل عميان

واعلموا يا إخوان أنّ الحقّ والباطل ممتزجة في دار دنيا لا يفترقان إلّا بميزان الشّرع ولكلّ منهما تابعون ومسئلة التّبديل نوع واحد من أنواعهما وانجذب أهل كلّ واحد منهما تابعه إلى نفسه للمجانسة بينهما كما قال المولوي جلال الدّين عليه الرّحمة في كتابه المثنوي:

ذرّہ ذرّہ کاندرین ارض وسماست — جنسِ خود را ہمچو کاہ و کہربا ست

نوریان مر نوریان را جاذب اند — ناریان مر ناریان را طالب اند

اہل باطل باطلان را میکشند — اہل حق با اہل حق ہم سرخوشند

طیّبات آمد برای طیّبین

للخبیثات الخبیثون بالیقین

فلتنظروا بعين الإنصاف في خالكم وبالكم أنتم من أهل أيّهما وأنتم إخواننا في الدّين ومذهبنا مذهبكم واحد والله شاهد على حزني بكم وتحريق قلبي وتخريق بالي عليكم لمحبّتي إيّاكم ولأجل أن تتركوا مذهبكم والحق مجانًا بدون دليل الصّواب أقول لكمحسبة لله بدون مواجس النّفس والهوىٰ ولا يسوود الظّنّ بي فإنّ بعض الظّنّ إثم والله على مانقول شهيد وعليم بذات الصّدور وعلى مانقول خبير حسبنا الله ونعم المولٰى ونعم النّصير۔

اللهم أرنا الحق حقًا وارزقنا إتّباعه وأرنا الباطل باطلًا وارزقنا إجتنابه

اللهم إهدنا الصّراط المستقيم واستقمنا على شريعة المرضية على صاحبها ألف الصّلوٰة والتّحيّة والله الهادي إلى طريق الرّشاد۔[1]

---

[1] (العطايه السيفية في الفتاوىٰ النقشبندية، ج ۲۰، ص ۱۷۵)

الحجۃ التامۃ لأثبات العمامۃ (اردو ترجمہ)

مقصد

اس میں پانچ فصول ہیں۔

فصل اول: عمامہ سنت ہے، مسلمان اور ملائکہ کی علامت ہے

۱۔بدانکہ عمامہ پوشیدن سنت است واحادیث در فضل عمامہ بسیار آمدہ است۔

معلوم ہونا چاہیئے کہ عمامہ پہننا سنت ہے، عمامہ کی فضیلت میں بکثرت احادیث وارد ہیں۔[1]

دلیل ۲: فالعمامۃ سنۃ۔

عمامہ سنت ہے۔[2]

دلیل ۳: والعمامۃ سنۃ لا سیما للصلوٰۃ ولقصد التجمل لاخبار کثیرہ، اھ۔

عمامہ سنت ہے خصوصًا نماز اور قصد زینت کے لئے بکثرت احادیث کی بناء پر۔[3]

دلیل ۴: وللتمیز بیننا وبین الکفار مفاد الاحادیث ان العذبۃ من السنۃ لان سنیۃ ارسالھا اذا اخذت من فعلہ علیہ السلام فاولی سنیۃ اصلھا، اھ۔

ہمارے اور کفار کے درمیان امتیاز کے لئے[4] احادیث سے مستفاد ہے کہ شملہ رکھنا سنت ہے کیونکہ شملہ چھوڑنے کا سنت ہونا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فعل سے ثابت ہے تو اس کے اصل کا سنت ہونا بطریق اولیٰ ثابت ہوا۔[5]

دلیل ۵: ان العمامۃ سنۃ مؤکدۃ محفوظۃ لم یترکھا الصلحاء، اھ۔

عمامہ سنت مؤکدہ محفوظہ ہے جسے صلحاء نے ترک نہیں کیا۔[6]

عمامہ کا مسلمان اور ملائکہ کے لئے علامت ہونے کا بیان آگے آرہا ہے۔

دلیل ۶: العمامۃ سنۃ المسلمین، اھ۔

---

[1] (شرح سفر السعادت، ج ۲، ص ۴۲، اشعۃ اللمعات، ج ۲، ص ۵۵۳، لباس حاشیہ ترمذی، ص ۲۱۹)

[2] (تیسیر عزیزی، شرح جامع صغیر سیوطی، دعامہ، ص ۴۹)

[3] (شرح شمائل مناوی، شرح شمائل باجوری، حاشیہ جامع صغیر، تحفۃ المحتاج شرح المنہاج، دعامہ، ص ۱۵، حاشیہ ترمذی، ص ۵۰۳، افضل الکلام فی العمامۃ، ص ۳۵)

[4] (حاشیہ جامع صغیر شیخ حفنی دعامۃ، ص ۱۵)

[5] (شرح مواھب، شرح المنہاج ابن حجر، دعامہ، ص ۴۹)

[6] (شرح شمائل باجوری، دعامہ، ص ۴۹)

عمامہ مسلمانوں کی سنت ہے۔[1]

دلیل ۷: العمامۃ سنۃ الاسلام، اھ۔

عمامہ اسلام کا شعار ہے۔[2]

دلیل ۸: السُّنَّۃُ أَنْ یَلْبَسَ الْقَلَنْسُوَۃَ وَالْعَمَائِمَ، اھ۔

ٹوپی پر عمامہ پہننا سنت ہے۔[3]

دلیل ۹: جاء رجل الی ابن عمر فقال یا ابا عبدالرحمٰن العمامۃ سنۃ فقال نعم۔

ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس آکر کہا کیا عمامہ سنت ہے؟ تو فرمایا ہاں سنت ہے۔[4]

دلیل ۱۰: کہا علامہ طیبی نے کہ حدیث عمرو بن حریث سے ثابت ہوتا ہے کہ عمامہ باندھنا سنت ہے۔[5]

دلیل ۱۱: فنقل سالم عن الصحابۃ: أنھم إذا أطلقوا السنَّۃ لا یریدون بذلک إلا سنَّۃ النبي صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔

حضرت سالم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے نقل کیا کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مطلق سنت کا لفظ بولتے ہیں تو وہ سنت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم مراد لیتے ہیں۔[6]

صرف ٹوپی خلاف سنت اور کفار کی علامت ہے

صرف ٹوپی خلاف سنت اور کفار کی علامت ہے۔

۱۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ - کَانَ یَلْبَسُ الْقَلَانِسَ تَحْتَ الْعَمَائِمِ وَیَلْبَسُ بِغَیْرِ الْقَلَانِسِ اھ۔ وَلَمْ یُرْوَ أَنَّہُ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ - لَبِسَ الْقَلَنْسُوَۃَ بِغَیْرِ الْعِمَامَۃِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم ٹوپی پر عمامہ باندھتے اور بغیر ٹوپی کے بھی عمامہ باندھتے تھے اور یہ مروی نہیں کہ آپ نے بغیر عمامہ کے صرف ٹوپی سر پر رکھی ہو تو اس سے

---

[1] (ابن عربی دعامہ، ص ۱۶، ۳۶)
[2] (ابن عربی دعامہ، ص ۱۶، ۳۶)
[3] (ابن جزری، جمع الوسائل، شرح شمائل مناوی، جامع صغیر للسیوطی، دعامہ، ص ۳۴، ۳۵، مرقاۃ عن الجزری، ج ۴، ص ۴۲۷)
[4] (عینی شرح بخاری، باب لباس، ج ۱۰، ص ۲۳۲)
[5] (مظاہر حق، خطبہ جلد اول، ص ۴۷۰)
[6] (شرح نخبہ)

معلوم ہوا کہ صرف ٹوپی رکھنا کفار کی علامت ہے اور خلاف سنت کیوں نہ ہو جب کہ حدیث رکانہ میں بھی صرف ٹوپی کو علامت کفار فرمایا ہے۔[1]

۲۔أَمَّالُبْسُ الْقَلَنْسُوَةِفَهُوَزِيُّ الْمُشْرِكِينَ، اھ۔

لیکن صرف ٹوپی رکھنا کفار کی نشانی ہے۔[2]

۳۔فاما المسلمون یلبسون القلنسوة فوقها العمامة۔

لیکن مسلمان تو ٹوپیوں پر عمامہ باندھتے ہیں اور سر پر تنہا ٹوپی رکھنا کفار کی علامت ہے۔

فالعمامةسنة، اھ۔

عمامہ سنت ہے۔[3]

عمامہ شعار اسلام ہونے کی وجہ سے ذمی کے لئے پہننا ممنوع ہے

دلیل نمبر ۱: عمامہ پہننا ذمی کے لئے ممنوع ہے، اگرچہ میلا ہو یا زرد رنگ کا صواب قول یہی ہے۔(بحر اور اشباہ میں اسی پر اعتماد کیا ہے، ص ۳۵۰)

دلیل نمبر ۲: عمامہ اور دیگر لباس میں مسلمان اور ذمی کے درمیان امتیاز ضروری ہے۔[4]

دلیل نمبر ۳: لباس، ہیئت، سواری، زینت اور ہتھیار میں ذمی کا ہم سے فرق کرنا ضروری ہے۔[5]

ٹوپیوں پر عمامہ مسلمان کی علامت و شعار ہے

دلیل نمبر ۱: وعن ركانة عن النبي صلى الله عليه و سلم قال : " فرق ما بيننا وبين المشركين العمائم على القلانس"۔

حضرت رکانہ بن یزید سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق و امتیاز ٹوپیوں پر عمامے پہننا ہے۔[6]

---

[1] (مرقاةالمفاتیح، ج۷، ص۲۷۷۷، الناشر: دار الفکر، بیروت، لبنان)

[2] (شرح شمائل باجوری، جامع الصغیر للسیوطی، الدعامة، ص ۸۲، دار الکتب العلمیة، بیروت، لبنان)

[3] (ابن العربی، التیسیر العزیزی، جمع الوسائل، شرح شمائل مناوی، حاشیہ جامع الصغیر علامہ حفنی، تحفة المحتاج، شرح المنھاج، فیض القدیر مناوی، حاوی للفتاوی، شرح شمائل شیخ جسوس، سیرت حلیہ، الدعامة، ص ۳۷)

[4] (مجمع الانہر، ج ۱، ص ۷۱۲)

[5] (درمختار، ج ۲، ص ۵۰۵)

[6] (ابوداؤد، ج ۱، ص ۲۰۹، الدیلمی و طبرانی کبیر ترمذی، ص ۲۲۴ باب لباس، دعامہ، ص ۱۳، القسطلانی باب العمائم، ص ۴۲۸، مشکوٰۃ شریف باب لباس، ص ۳۱۹)

ٹوپی پر عمامہ باندھنا مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان امتیاز ہے

دلیل نمبر ۲: عن رکانة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "العمامة على القلنسوة فصل بيننا وبين المشركين"۔

حضرت رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ٹوپی پر عمامہ پہننا ہمارے اور مشرکین کے درمیان امتیاز ہے۔[1]

عمامہ مسلمان اور کافر کے درمیان امتیاز ہے

دلیل نمبر ۳: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم العمامة سیما (فارق) بین المسلمین والکافرین۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ عمامہ مسلمان اور کافر کے درمیان امتیاز ہے۔[2]

عمامے عرب کے لئے بمنزلہ شہنشاہوں کے تاج کے ہیں

دلیل نمبر ۴: قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم العمائم تیجان العرب فاذا وضعوا وضعوا اعزهم فی روایة وضع اللہ عزهم ای ان العمائم بمنزلة تیجان الملوک۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ عرب کا تاج ہے جب اسے اتار دیں گے تو اپنی عزت اتار دیں گے۔ ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی عزت (ختم کر) دے گا یعنی عمامے عرب کے لئے بمنزلہ شہنشاہوں کے تاج کے ہیں۔

اس حدیث کو مرفوعًا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ابونعیم نے حلیہ میں، ابن سنی، دیلمی نے روایت کیا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا قضاعی نے مسند الشہاب میں، دیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کیا م معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رامھرمزی نے الامثال میں روایت کیا، حضرت مکحول سے مرسلاً ابوعبداللہ محمد وضاح نے روایت کیا، نیز جامع الصغیر، کنوز الحقائق، ص ۸۵، الدعامۃ، ص ۷، ۶، ۵ میں موجود ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ عمامہ مسلمانوں کا شعار ہے۔

عمامہ مؤمنوں کے لئے وقار اور عرب کی عزت وناموس ہے

دلیل نمبر ۵: عن عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه ان العمائم وقار للمؤمن وعز للعرب فإذا وضعت العرب عمائمها فقد وضعت عزها۔

---

[1] (اخرجه الماوردی، الدعامة، ص ۷)

[2] (اخرجه الدیلمی فی مسند الفردوس، کنوز الحقائق، ص ۸۷)

عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ عمامہ مؤمنوں کے لئے وقار اور عرب کی عزت وناموس ہے، جب اسے سر سے اتار پھینکیں گے تو گویا وہ عزت وناموس کو اتار دیں گے۔

اسے دیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کیا نیز یہ الدعامہ میں بھی ہے یعنی عمامہ مسلمانوں کی عزت ہے اور اس سے ثابت ہوا کہ یہ سنت مؤکدہ ہے۔

عمامہ فرشتوں کا شعار ہے

دلیل نمبر ۱: عَنْ عُبَادَةَ رَضِيَ اللہُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بالعمائم فَإِنَّهَا سيماء الْمَلَائِكَة وأخوها خلف ظهوركم۔

عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا تم پر عمامہ لازم ہے کہ فرشتوں کی علامت ہے اور اس کا شملہ پس پشت چھوڑ دو۔[1]

(اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔)

عمامہ فرشتوں کی علامت ونشانی ہے

دلیل نمبر ۲: عن عبد اللہ بن عباس و مالک بن اوس و علی قال الرسول علیہ السلام مُسَوِّمِینَ قالَ معلَّمینَ و کانت سیما الملائِکۃِ العمائم۔ (الحدیث)

حضرت ابن عباس، مالک بن اوس اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا مسومین کا معنی معلمین (علامت والے) ہے اور فرشتوں کی علامت ونشانی عمامہ ہے (آخر حدیث تک)۔

جیسا کہ عمامہ کے رنگوں کے بیان میں جو کہ چالیس محدثین سے ثابت ہیں، اس بیان میں آرہی ہیں علیم بالعمائم سے عمامہ کی مواظبت ثابت ہو رہی ہے، اھ۔ جس سے ثابت ہوا کہ عمامہ پہننا سنت مؤکدہ ہے۔

دوسری فصل: استطاعت کے باوجود بلا عمامہ نماز مکروہ تحریمہ ہے اور اسے معیوب سمجھنا کفر ہے

النوع الاول

بغیر عمامہ کے نماز مکروہ تحریمہ ہے۔

[1] (شعب الایمان، مشکوٰۃ المصابیح باب اللباس، ص ۳۰۵)

دلیل نمبر ۱: عمامہ پہننا سنت مؤکدہ ہے، لہٰذا قدرت و استطاعت کے باوجود بلا عمامہ نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہوا۔[1] بحر سے مکروہات نماز نقل کرتے ہوئے۔[2]

دلیل نمبر ۲: عمامہ اسلام، مسلمان اور ملائکہ کا شعار ہے علیکم بالعمائم سے مامور بہ ہے جیسا کہ گزر چکا ہے، نیز تفصیلی بیان آئندہ آرہا ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس کے بغیر نماز مکروہ تحریمہ ہے۔

عمامہ کی موجودگی میں ننگے سر نماز مکروہِ تحریمہ ہے

دلیل نمبر ۳: تُكْرَهُ الصَّلَاةُ حَاسِرًا رَأْسَهُ إِذَا كَانَ يَجِدُ الْعِمَامَةَ وَقَدْ فَعَلَ ذَلِكَ تَكَاسُلًا أَوْ تَهَاوُنًا، كَذَا فِي الذَّخِيرَةِ۔

ننگے سر نماز مکروہ تحریمہ ہے جب کہ عمامہ موجود ہو کیونکہ اس نے اب یہ فعل سستی و کاہلی کی بناء پر کیا اسی طرح ذخیرہ میں ہے۔[3]

اور یہی مختار ہے، اسی طرح غیاثیہ میں ہے، اھ۔[4]

دلیل نمبر ۴: اور اس کا سبب یہ ہے کہ سر چھپانا مشکل لگتا ہو اور نماز میں اس کو کوئی اہمیت نہ دیتا ہو جس کی وجہ سے نماز میں سر پر عمامہ نہیں رکھتا، یہی معنی ہے فقہاء کرام کے اس قول وتهاونا بالصلوٰۃ کا۔[5]

حلیہ میں ہے:

اصل الکسل ترک العمل لعدم الإرادۃ فلو لعدم القدرۃ فھو العجز۔

کسل کا معنی ہے ارادہ نہ ہونے کی وجہ سے عمل ترک کر دینا کیونکہ اگر عمل کی استطاعت ہی نہ ہو تو اسے عجز و عاجز ہونا کہتے ہیں کسل نہیں۔[6]

میں اقوال کہتا ہوں کہ عمامہ کے نیچے ٹوپی ہو یا نہ ہو برابر ہے، اگر درمیان سے سر ننگا ہو تو اسے کونہ حاسرًا کہتے ہیں جو کہ مکروہ کی ایک صورت ہے۔

---

[1] (شامی، ج ۱، ص ۴۳۹)

[2] (تلویح شامی باب السنن، ج ۱، ص ۳۱۵، باب الکراھیۃ بحوالہ زیلعی، ج۵، ص ۲۱۵)

[3] (عالمگیری، باب مکروہ الصلوٰۃ، ص ۱۴۸، نور الایضاح والمراقی، ص ۲۱۴، المیہ و کبیری، ص ۳۹۲، تنویر الابصار والدر المختار، ص ۴۳۱، شرح وقایہ، ص ۱۸)

[4] (مجموعہ سلطانی، ص ۴۳ و خلاصہ، ص ۶۱)

[5] (کبیری، ص ۳۹۲، شامی، ج ۱، ص ۴۳۱)

[6] (حلیۃ، ج ۱، ص ۳۱)

اس پر دلیل اگر درمیان سے ٹوپی ننگی ہونا کونہ حاسدًا میں شامل ہے۔ مذکورہ بالا دلیل نمبر ۳ سبب والی صورت ہے اسی طرح دلیل نمبر ۴ اور ۵ ہے۔

نیز طحطاوی میں جو اعتجار کی تعریف ہے وہ یہ ہے:

والمراد أنه مكشوف عن العمامة لا مكشوف أصلا كما ياتی۔

اعتجار سے مراد یہ ہے کہ درمیان میں سر عمامہ سے ننگا ہو نہ یہ کہ (بغیر ٹوپی) ننگا ہو۔[1]

الرابع: قولهم تكره ان يصلی وهو معتجر وهو ان يشد حول رأسه العمامة ويكشف هامة، اھ۔

چوتھا فقہاء کا قول ہے کہ اعتجار کی حالت میں نماز مکروہ ہے اور وہ یہ ہے کہ سر کے ارد گرد دستار باندھ لے اور کھوپڑی ننگی رکھے۔[2]

اسی طرح بحر الرائق میں ہے، اھ۔[3]

دستار سر سے اتار کر زمین پر رکھنا یا زمین سے اٹھا کر سر پر رکھنا، دونوں صورتوں میں نماز فاسد نہیں ہوتی البتہ مکروہ ہے۔

اسی طرح السراج الوھاج میں ہے، اھ۔[4]

کیونکہ اس نے استطاعت کے باوجود بغیر دستار کے نماز پڑھی ہے۔

مطلق کراہت کا لفظ جب بولا جاتا ہے تو اس سے مراد مکروہ تحریمہ ہوتا ہے۔[5]

كل مكروه حرام عند الامام محمد وعندهما لا لكن الحرام اقرب۔

ہر مکروہ امام محمد کے نزدیک حرام ہے اور شیخین کے نزدیک نہیں، البتہ حرام کے نزدیک ترین ہے، اھ۔[6]

سوال: یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ عمامہ سنت مؤکدہ ہو اور اس کا ترک مکروہ ہو، جبکہ فقہاء کرام نے فرمایا:

والمستحب ان يصلی الرجل فی ثلاثة اثواب قميص وازار وعمامة۔

---

[1] (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح، ج ۲، ص ۳۶۵، الناشر: دار الكتب العلمية بيروت-لبنان)

[2] (خلاصه فی بیان المكروهات، ص ۶۱، زيلعی، ص ۱۴۴، عالمگیری، ص ۱۴۹، نور الايضاح ومراقی الفلاح، ص ۲۱۰، منية وكبيری، ص ۳۹۳، درمختار، ج ۱، ص ۴۳۸، ردالمختار باب كراهة تحريميه، ج ۱، ص ۴۳۹، طحطاوی کی مذکورہ بالا اعتجار کی تعریف، ص ۲۱۰، ولوالجی نے کہا: اور نماز سے خارج بھی مکروہ ہے۔)

[3] (عالمگیری باب المکروہ، ص ۱۴۹)

[4] (هنديه، ج ۱، ص ۱۵۰)

[5] (شامی، ج ۱، ص ۸۹، ۳۴۳، ج ۱، ص ۴۲۶)

[6] (تنویر الابصار، ج ۵، ص ۲۱۵)

مرد کا تین کپڑوں میں نماز پڑھنا مستحب ہے، وہ یہ ہیں قمیص، چادر اور عمامہ۔ خلاصۃ الفتاویٰ، ج ا، تاتار خانیہ، بدائع الصنائع، التحفہ، کبیری وغیرھا، چادر اور عمامہ۔

جواب نمبر ا: نماز کے لئے مجموعی طور پر تین کپڑے مستحب ہیں نہ یہ کہ انفرادی طور پر ورنہ یہ قول قرآن و حدیث اور اجماع امت کے خلاف ہے کیونکہ ستر عورت کی مقدار فرض ہے جیسا تمام متون شروحات اور فتاویٰ جات کی کتب میں موجود ہے۔

جواب نمبر ۲: یہاں لفظ مستحب بمعنی سنت ہے سابقہ دلیل کے مطابق اور مستحب اور سنت ہر ایک کا دوسرے پر اطلاق جائز ہے۔[1]

سوال: علماء کرام فرماتے ہیں اگر نمازی ایک ہی کپڑے سے تمام بدن کو ڈھانپ کر نماز پڑھے تو جائز ہے؟ (بدائع، تحفہ، کبیری وغیرہ)

جواب: لفظ جواز کا معنی ہے جو شرعاً ممنوع نہ ہو لہٰذا مباح، مکروہ، مستحب، سنت اور واجب سب پر جواز کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ (شامی، جلد اول)

ہر وہ لباس جو خلاف سنت ہو وہ مکروہ ہے۔[2]

النوع الثانی: عمامہ کو حقیر سمجھنا کفر ہے

دلیل نمبر ا: ان فعلہ استخفافا کفر۔

اگر حقارت سے کیا تو کافر ہو گیا۔[3]

دلیل نمبر ۲: و اما الاستھانۃ لھا کفر۔

اور لیکن اس (عمامہ) کی اہانت کرنا کفر ہے۔[4]

دلیل نمبر ۳: ولیس معناہ الاستخفاف بھا و الاحتقار لانہ کفر، اھ۔

اور اس کا معنی "معمولی سمجھنا اور حقیر جاننا" نہیں کیونکہ وہ تو کفر ہے۔[5]

---

[1] (غایۃ الاوطار، ج ا، ص ۸۵)
[2] (جامع الرموز، ص ۴۳۲)
[3] (طحطاوی، ص ۲۱۶)
[4] (الدر المختار، ج ا، ص ۴۳۱)
[5] (کبیری، ص ۳۹۲)

دلیل نمبر ۴: من استقبح من آخر جعل بعض العمامة تحت حلقه کفر، اھ۔

جس نے قبیح جانتے ہوئے عمامہ کے کچھ حصہ کو گلے کے نیچے کر لیا تو وہ کافر ہو گیا۔[1]

تیسری فصل: قرآن سے عمامہ کا ثبوت

۱۔ يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُم بِخَمۡسَةِ آلَافٍ مِّنَ الۡمَلَائِكَةِ (آل عمران ۱۲۵)

ترجمہ: تو تمہارا رب تمہاری مدد کو پانچ ہزار فرشتے نشان والے بھیجے گا۔

اس آیت کے تحت متعدد مفسرین اور چالیس محدثین نے ذکر کیا ہے کہ مسومین م کے ضمہ کے ساتھ کا معنی عمامہ ہے اور فرشتوں کی علامت عمامہ تھی، جیسا آئندہ عمامہ کے رنگوں کے ضمن میں آرہا ہے۔[2]

جبکہ آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بھی ارشاد فرمایا:

علیکم بالعمائم فانہا سیما الملائکۃ۔

تم پر عمامے لازم ہیں کہ یہ فرشتوں کی علامت ہے۔

جیسا کہ یہ حدیث آرہی ہے:

۲۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرۡ (المدثر ۴)

ترجمہ: اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔

اس آیت میں ثیاب جمع ثوب کی ہے اور جمع کا اطلاق تین افراد پر ہوتا ہے جو کہ قمیص، چادر اور عمامہ ہیں جیسا کہ خلاصہ کے حوالہ سے اس کا ذکر ہو چکا ہے اس میں نماز کا ذکر بھی ہے جس پر قرینہ وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ (المدثر ۳) ہے۔

۳۔ يَابَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُمۡ عِندَ كُلِّ مَسۡجِدٍ (الاعراف ۳۱)

ترجمہ: اے آدم کی اولاد اپنی زینت لو جب مسجد میں جاؤ۔

اس میں فرمایا جب تم نماز پڑھنا چاہو تو زینت والا لباس پہنو۔ اور سنت بھی یہی ہے کہ نمازی اچھی ہیئت اور لباس میں نماز پڑھے کیونکہ انسان نماز میں اپنے رب سے مناجات کرتا ہے، لہٰذا طہارت وستر کی طرح زینت بھی مستحسن ہے، اھ (مدارک)

میں کہتا ہوں کہ عمامہ اچھی ہیئت سے ہے لفظ خذوا امر ہے جس میں اصل وجوب ہے لیکن یہاں سنت ہے۔

---

[1] (مسائرہ لابن ہمام، دعامۃ، ص ۱۸، مسامرہ، ص ۱۴۹، ظهیریه، خلاصه، شرح فقه اکبر لملاعلی قاری، ص ۲۰۹، بحر، ج۵، ص ۱۲۹، شامی، ج۳، ص ۲۶۹)

[2] (سیرت شامی، دعامہ، ص ۴)

چوتھی فصل: احادیث سے عمامہ کا ثبوت

نوع اول: احادیث سابقہ ولاحقہ سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی لباس وغیرہ میں بھی اقتداء ثابت ہوتی ہے، لباس میں عمامہ بھی شامل ہے۔ نیز یہ فرشتوں کی علامت ہے۔ مومنوں اور اسلام کا شعار ہے مسلمانوں اور کفار کے درمیان امتیاز ہے اور مساجد اور بالخصوص جمعہ میں تجمل وزینت کی زیادہ تاکید کی گئی ہے، زینت لباس میں عمامہ بھی شامل ہے۔

دوسری نوع: احادیث میں عمامہ کا حکم ہے۔

۱۔عن عبادة قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: علیکم بالعمائم۔

عبادة بن صامت نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ کو لازم پکڑو۔[1]

۲۔عن اسامة بن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اعتموا اتزدادوا احلما۔

اسامہ بن عمر فرماتے ہیں کہ آقا علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا عمامہ پہنو کہ اس سے حلم و وقار بڑھتا ہے۔[2]

۳۔ یہی اسامہ والی حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعًا طبرانی نے کبیر میں، حاکم نے مستدرک میں روایت کی ہے اور بزاز نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما والی حدیث کے شواہد ذکر کئے ہیں، یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے مگر شواہد سے ضعف دور ہو جاتا ہے۔[3]

۴۔ نیز رامھرمزی اور دعامہ نے بھی اسے روایت کیا ہے:

۵۔عن اسامة بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم اعتموا اتحلموا۔

اسامہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ پہنو، باوقار بنو۔[4]

۶۔عن سالم دخلت علی ابن عمرو قال لی یا بنی اعتم تحلم و تکرم۔

سالم کہتے ہیں کہ میں ابن عمرو کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا بیٹا عمامہ پہن باوقار اور باعزت بن جائے گا۔[5]

۷۔ عن عبدالاعلی بن عدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم هکذا فاعتموا فإن العمائم سیما الإسلام۔

---

[1] (شعب الایمان للبیهقی، مشکوٰۃ المصابیح، باب لباس، ص ۳۷۵، ابن عدی، طبرانی کبیر، دعامه، ص ۸)

[2] (ابن عدی، ابن قانع، بیهقی، دعامه، ص ۱۱)

[3] (دعامه، ص ۱۱)

[4] (اخرجه محمد بن مصناح، دعامه، ص ۱۰)

[5] (ابن نجار، دعامه، ص ۱۲)

عبد الاعلی بن عدی سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا اس طرح عمامہ پہنو کہ عمامہ اسلام کا شعار ہے۔[1]

۸۔عن ابن عوف قال عممنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہٖ و سلم فقال یا ابن عوف ھکذا اعتم۔ (الحدیث)

ابن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے مجھے عمامہ پہنایا تو فرمایا اے ابن عوف اسی طرح عمامہ پہنا کرو۔[2]

۹۔عن خالد بن معدان التابعی مرسلا قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہٖ و سلم اعتموا خالفوا علی الأمم قبلکم۔

خالد بن معدان تابعی نے مرسلاً روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ پہنو اور پہلی امتوں کی مخالفت کرو۔[3]

اس سبب کا تقاضہ ہے کہ اعتموا میں ہمزہ کو مکسور اور میم کو مشدد پڑھا جائے اس کا معنی ہوگا البسوا العمائم یعنی عمامہ پہنو، سر پر باندھو۔(فیض القدیر)

۱۰۔قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم تَسَوَّمُوا فَإِنَّ الْمَلَائِکَةَ قَدْ تَسَوَّمَتْ۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا سر پر عمامہ باندھو کہ فرشتوں نے (بطور) علامت باندھا۔[4]

۱۱۔وقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم تعمموا فان الملائکة تعممت۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ باندھو کیونکہ فرشتوں نے عمامے باندھے ہیں۔[5]

عارف باللہ شیخ حفنی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں اس حدیث سے فرشتوں کی صفات سے متصف ہونے کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم تقاضا فرما رہے ہیں۔[6]

---

[1] (ابو نعیم، قسطلانی باب العمائم، ج۸، ص ۴۲۸)

[2] (ابن ابی شیبۃ، قسطلانی باب اللباس، ص ۴۲۸ وعن ابن عمر)

[3] (شعب الایمان للبیہقی، ج۵، ص ۱۷۶، الناشر: دار الکتب العلمیۃ-بیروت)

[4] (ابن ابی شیبۃ، کنوز الحقائق، لباب الاخبار، ص ۳۱)

[5] (کنوز الحقائق، لباب الاخبار، ص ۳۱)

[6] (الدعامہ، ص ۱)

نوع ثالث نماز کی فضیلت کے ضمن میں عمامہ کا عمومی ثبوت

عمامہ کے ساتھ ایک نفلی یا فرضی نماز بغیر عمامہ کے پچیس نمازوں کے برابر ہے

حدیث نمبر ۱: عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم صَلاۃٍ؛ تَطَوُّعٍ وَفَرِیضَۃٍ بعمامۃ تعدل خمسا وعشرین صلاۃ بلا عمامۃ وجمعۃ بعمامۃ تعدل سبعین جمعۃ بلا عمامۃ۔

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ کے ساتھ ایک نفلی یا فرضی نماز بغیر عمامہ کے پچیس نمازوں کے برابر ہے اور عمامہ کے ساتھ ایک نماز جمعہ بغیر عمامہ کے ستر نماز جمعہ کے برابر ہے۔ (اسے ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں، دیلمی نے مسند الفردوس میں اور ملا علی قاری نے مرقات المفاتیح میں ذکر کیا ہے)۔[1]

عمامہ کے ساتھ دو رکعت نماز بغیر عمامہ کے ستر رکعات نماز سے بہتر ہے

حدیث نمبر ۲: عن جابر قال علیہ السلام رکعتان بعمامۃ أفضل من سبعین رکعۃ بغیر عمامۃ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ کے ساتھ دو رکعت بغیر عمامہ کے ستر رکعات سے بہتر ہے۔ (دیلمی نے مسند الفردوس میں ذکر کیا)۔[2]

حدیث نمبر ۳: وفی روایۃ صلوۃ مع عمامۃ خیر من سبعین صلوۃ بلا عمامۃ، اھ۔

ایک روایت میں ہے کہ عمامہ سے ایک نماز بغیر عمامہ کے ستر نمازوں سے افضل ہے۔[3]

عمامہ کے ساتھ نماز پڑھنا دس ہزار نیکیوں کے برابر ہے

حدیث نمبر ۴: قال النبی علیہ السلام الصلوۃ مع العمامۃ عشرۃ آلاف حسنۃ، اھ۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا عمامہ کے ساتھ نماز پڑھنا دس ہزار نیکی ہے۔[4]

میں (مولانا شائستہ گل) کہتا ہوں کہ احادیث میں تین اعداد کا ذکر ہوا۔ پچیس، ستر، دس ہزار اس سے حد معین مقصود نہیں بلکہ کثرت ثواب مراد ہے، اھ۔[1]

---

[1] (مسند الفردوس، مرقات المفاتیح باب اللباس، ص ۴۲۷)

[2] (مسند الفردوس، ج ۱، ص ۲۱۹، دعامہ، ص ۹، لباب الاخبار، کنوز الحقائق، ص ۲)

[3] (قنیۃ، دار العمامۃ، دعامہ، مسلک المتقین جامہ، ص ۲۹۹، صلوۃ السعودی، حاشیہ شمائل ترمذی، ص ۵۰۳، اشعۃ اللمعات، حاشیہ ترمذی باب اللباس، ج ۱، ص ۲۱۹، رسالہ آداب سید البشر ھدایۃ الابرار، ص ۳۶)

[4] (کنوز الحقائق، ص ۷۷، لباب الاخبار، ص ۳۱)

نوع رابع جمعہ کے لئے عمامہ کا ثبوت بعینہٖ مطلق نماز کے لئے ثبوت ہے

حدیث نمبر ۱: عن عمرو بن حریث ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم خطب و علیہ عمامۃ سوداء قد ارخی طرفیھا بین کتفیہ یوم الجمعۃ۔

عمرو بن حریث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا تو آپ کے سر پر سیاہ رنگ کا عمامہ تھا جس کے دونوں اطراف دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑے ہوئے تھے۔[2]

حدیث نمبر ۲: عن ابن عباس ان النبی ﷺ خطب الناس و علیہ عمامۃ سوداء۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مروی ہے کہ آقا علیہ السلام نے جمعہ کے روز لوگوں کو خطبہ دیا تو آپ پر سیاہ رنگ کا عمامہ تھا۔[3]

حدیث نمبر ۳: عن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم ان اللہ تعالیٰ و ملائکتہ یصلون علی اصحاب العمائم یوم الجمعۃ۔

ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بروز جمعہ عمامے والوں پر رحمت بھیجتے ہیں (عقیلی نے اسے ضعفاء میں، ابن عدی نے کام، طبرانی نے کبیر، ابو نعیم نے حلیہ، شیرازی نے القاب میں ذکر کیا)۔[4]

حدیث نمبر ۴: عن واثلۃ بن الاصقع نحوہ مرفوعا۔

واثلہ بن اصقع سے بھی ایسے ہی مرفوعًا مروی ہے۔[5]

حدیث نمبر ۵: عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ و سلم "إن للہ ملائکۃ مؤکلین بأبواب الجوامع یوم الجمعۃ یستغفرون لأصحاب العمائم البیض"۔

---

[1] (شرح الشمائل شیخ حفنی، دعامہ، ص ۹)

[2] (صحیح مسلم باب جواز دخول مکۃ بغیر احرام ج ۲ ص ۹۹۰ رقم الحدیث ۱۳۵۹ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

[3] (شمائل ترمذی، ص ۵۳)

[4] (الفردوس بماثور الخطاب ج ۱ ص ۱۴۷ رقم الحدیث ۵۲۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت، واخرج العقیلی في الضعفاء وابن عدی فی الکامل؛ وقال منکر، والطبرانی فی الکبیر، وأبو نعیم فی الحلیۃ والشیرازي فی الألقاب، الدعامہ، لباب الأخبار، ص ۳۱)

[5] (طبرانی کبیر، دعامہ، ص ۱۹)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کے لئے فرشتوں کی ایک جماعت مقرر ہے جو جمعہ کے روز جامع مساجد کے دروازوں پر بیٹھ کر سفید عمامہ پہن کر آنے والے نمازیوں کے لئے دعائے مغفرت کرتی ہے۔[1]

حدیث نمبر۶: عن جعفر بن عمرو بن حریث عن أبیه قال رأیت النبي صلی الله علیه و سلم یخطب علی المنبر و علیه عمامة سوداء و قد أرخی طرفیها بین کتفیه۔

و في حدیث الحسن بن علي عند أبي داود أنه رأی النبي -صلی الله علیه و سلم- علی المنبر و علیه عمامه سوداء قد أرخی طرفها بین کتفیه۔

جعفر بن عمرو بن حریث اپنے باپ سے اور حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو منبر پر تشریف فرما دیکھا تو آپ پر سیاہ رنگ کا عمامہ تھا جس کی طرف دونوں کندھوں کے درمیان لٹکی ہوئی تھی۔[2]

حدیث نمبر۷: عن ابی اسحاق قال ارانی علی بن ابی طالب و هو یخطب و علیه ازار و رداء و عمامة، اھ۔

ابو اسحاق فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی مرتضیٰ ابن ابی طالب دکھائے گئے جب کہ آپ پر تہہ بند، چادر اور عمامہ تھا۔[3]

نوع خامس وضو کے ضمن میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے لئے عمامہ کا ثبوت جو کہ بعینہٖ نماز کے لئے ثبوت ہے

حدیث نمبر۱: قال بکر و قد سمعت من ابن المغیرة ان النبي صلی الله علیه و سلم توضأ فمسح بناصیته و علی العمامة و علی الخفین۔

بکر نے کہا کہ میں نے ابن مغیرہ سے سنا کہ یقیناً نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے وضو کیا تو ناصیہ، عمامہ اور موزوں پر مسح کیا۔[4]

حدیث نمبر۲: عن ابن المغیرة بن شعبة أن النبي صلی الله علیه و سلم توضأ فمسح بناصیته و علی العمامة و علی الخفین۔

---

[1] (ذکرہ السیوطي في اللالی، ج ۲، ص ۲۴، اللالی عقیلی، ابن عدی، طبرانی، ابو نعیم، شیرازی، دعامہ، ص ۹)

[2] (ابوداؤد، ج ۲، ص ۲۰۹، قسطلانی، ج ۲، ص ۴۲۸)

[3] (درمنثور، مکارم اخلاق الطبرانی، افضل الکلام، ص ۲۸)

[4] (مسلم، نووی، ج ۱، ص ۲۹۲، قسطلانی، ج ۱، ص ۲۶۸)

ابن مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے وضو کیا اور اپنے ناصیہ (سر کا اگلا حصہ) عمامہ اور موزوں پر مسح کیا۔[1]

حدیث نمبر ۳: **عنه مسح على الخفين و مقدم رأسه و على عمامته۔**

انہیں سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے موزوں، اپنے سر کے اگلے حصہ اور عمامہ پر مسح کیا۔[2]

حدیث نمبر ۴: **عن أنس بن مالك قال رأيت رسول الله - صلى الله عليه وسلم - يتوضأ وعليه عمامة قطرية فأدخل يده من تحت العمامة فمسح مقدم رأسه ولم ينقض العمامة۔**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو وضو کرتے دیکھا، قطریہ (روئی) کا عمامہ تھا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عمامہ اتارے بغیر عمامہ کے نیچے سے ہاتھ ڈال کر سر کے اگلے حصہ کا مسح کیا۔[3]

ابو داؤد نے اسے روایت کرنے کے بعد خاموشی اختیار کی، منذری، حاکم نے مستدرک میں روایت کیا اور اس پر خاموشی اختیار کی، اھ۔[4]

حدیث نمبر ۵: **عن عطاء انه عليه السلام توضا فى العمامة و مسح على الناصة۔**

عطاء سے مروی ہے کہ آپ علیہ السلام نے عمامہ سر پر رہتے ہوئے وضو کیا اور اپنے سر کے اگلے حصے کا مسح کیا۔[5]

ابن ہمام، ابن حجر اور قسطلانی نے کہا کہ یہ حدیث مرسل ہے لیکن ایک اور وجہ سے جو کہ موصول ہے سے اس کی تائید ہو جاتی ہے۔[6]

---

[1] (مسلم،نووی، ج ۱، ص ۲۹۴، نصب الراية، ج ۱، ص ۲)

[2] (مسلم نووی، ص ۲۹۸)

[3] (سنن ابی داؤد، ج ۱، ص ۵۲، الناشر: دار الكتاب العربي-بيروت)

[4] (نصب الرایہ، ج ۱، ص ۲)

[5] (بیھقی فتح القدیر، ص ۵، امام شافعی، قسطلانی، ج ۱، ص ۲۶۸)

[6] (فتح القدیر، ص ۵، قسطلانی، ص ۲۶۸)

نوع سادس ائمہ اربعہ مجتہدین، صحاح ستہ و دیگر محدثین کی احادیث سے عمامہ کا ثبوت

احادیث امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ

رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن بھورے اونٹ پر کمان لٹکائے ہوئے اور سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تھے

۱۔ عن ابن عمر قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکۃ علی بعیر أورق متقلدا بقوس متعمما بعمامۃ سوداء من وبر۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم فتح مکہ کے دن بھورے اونٹ پر کمان لٹکائے اون کا سیاہ عمامہ سر پر باندھے ہوئے تھے۔[1]

۲۔ عن ابن عمر أن رجلا قال: یا رسول اللہ ما ذا یلبس المحرم من الثیاب قال: لا یلبس القمیص و لا العمامۃ و لا القباو لا السراویل، اھ۔

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم سے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم محرم کون سے کپڑے پہن سکتا ہے، فرمایا: قمیص، عمامہ، جبہ اور شلوار نہیں پہن سکتا۔[2]

احادیث امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ مذکورہ بالا حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی روایت کیا ہے۔[3]

۲۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ مجھے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت پہنچی ہے کہ ان سے عمامہ کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایا پانی کا سر کے بالوں کو لگنا ضروری ہے۔

امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم اسی پر عمل کرتے ہیں اور یہی امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے۔[4]

احادیث امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ عطاء سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے وضو کیا تو عمامہ کو پیچھے ہٹا کر سر کے اگلے بالوں پر مسح کیا۔[1]

---

[1] (شرح مسند ابی حنیفۃ، ج ۱، ص ۲۳۲)

[2] (مسند الامام الاعظم، ج ۱، ص ۳۷۳)

[3] (موطا امام مالک، ص ۲۰۰)

[4] (موطا امام محمد، ص ۷۰، باب المسح علی العمامۃ)

نیز اس کا ذکر وضو کے بیان میں ہو چکا ہے۔

۲۔ اور اگر کوئی شخص صرف عمامہ پر ہی مسح کرتا ہے اور سر کے کسی حصہ پر مسح نہیں کرتا تو یہ جائز نہیں یہ ہمارے یعنی شافعیوں کے نزدیک بلا اختلاف ہے، اور یہی امام مالک، ابو حنیفہ اور اکثر علماء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے۔[2]

احادیث امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ مذکورہ بالا حدیث امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی روایت کی ہے، نیز اسے ابن خزیمہ، ابی عوانہ نے بھی روایت کیا۔[3]

۲۔ وضو میں جو صرف عمامہ پر مسح کا اکتفا کرلیتا ہے تو وہ امام احمد کے نزدیک جائز ہے۔[4]

احادیث بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ جعفر بن عمرو اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو عمامہ اور موزوں پر مسح کرتے دیکھا۔[5]

۲۔ حدیث ابن عمر جو کہ مسند امام اعظم، امام مالک کے حوالے سے مذکور ہو چکی ہے۔[6]

وجہ استدلال:

۱۔ **ولعمامۃ** کے قول سے باب کے ساتھ مطابقت ہے۔[7]

۲۔ ترجمہ اور حدیث سے اس طرف اشارہ کیا کہ حالت احرام کے بغیر عمامہ پہننا سنت انبیاء و مرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین ہے اس لئے حالت احرام میں اس کو ترک کرنے کا حکم دیا۔[8]

---

[1] (امام شافعی، قسطلانی، ج ۱، ص ۲۲۸)

[2] (نووی، باب مسح الخفین، ج ۱، ص ۲۹۴)

[3] (تعلیق الممجد، ص ۲۰۹)

[4] (قسطلانی، ج ۱، ص ۱۸۰، نووی المسح علی الخفین، ج ۱، ص ۲۹۴)

[5] (بخاری، ج ۱، ص ۳۲)

[6] (بخاری شریف، کتاب العلم، ج ۱، ص ۲۵، کتاب الحج، ج ۱، ص ۱۷۱، باب ابرانس، ج ۱، ص ۷، کتاب اللباس باب السراویل، ص ۱۷، باب العمائم، ص ۱۷)

[7] (قسطلانی، ج ۸، ص ۴۲۸)

[8] (الدعامۃ، ص ۱۲)

احادیث مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ

امام مسلم نے اپنی جامع میں تین احادیث یعنی حدیث بکر مغیرہ سے دو احادیث روایت کی ہیں جو کہ اثبات عمامہ کے ضمن میں پہلے مذکور ہو چکی ہیں، اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

احادیث ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ عن ابن عمر قال: کان النبي صلی اللہ علیہ وسلم إذا اعتم سدل عمامته بین کتفیه۔

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم جب عمامہ پہنتے تو دو کندھوں کے درمیان اس کا ایک پہلو لٹکاتے تھے اور امام ترمذی نے اسے حدیث حسن غریب کہا۔[1]

۲۔ عن رُکَانَةُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ -صلی اللہ علیہ وسلم- یَقُولُ إِنَّ فَرْقَ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلاَنِسِ۔

رکانہ ابن عبد یزید مطلبی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا ہمارے اور مشرکین کے مابین امتیاز ٹوپیوں پر عمامے باندھنا ہے۔[2]

۳۔ عن جابر قال: دخل النبي صلی اللہ علیہ وسلم مکة یوم الفتح وعلیه عمامة سوداء۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم مکہ میں داخل ہوئے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے سر پر سیاہ عمامہ تھا۔[3]

۴۔ عمرو بن حریث فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے سر پر سیاہ عمامہ دیکھا۔[4]

رسول کریم ﷺ جب بھی کوئی نیا کپڑا زیب تن فرماتے تو اس کا نام لے کر دعا فرماتے

۵۔ ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کوئی نیا کپڑا زیب تن فرماتے تو اس کا نام عمامہ، قمیص، رداء یعنی چادر وغیرہ لے کر دعا فرماتے:

اللھم لک الحمد أنت کسوتنیه أسألک وخیر ما صنع له وأعوذ بک من شره وشر ما صنع له۔

---

[1] (ترمذی باب العمائم، ص ۲۱۹، شمائل، ص ۵۰۳، مشکوٰۃ باب اللباس، ص ۳۰۳)
[2] (ترمذی باب اللباس، ص ۲۱۹)
[3] (ترمذی، ص ۲۱۹، شمائل، ص ۵۰۳)
[4] (شمائل، ص ۵۰۳)

اے اللہ! تیرے لئے ہی حمد و ثناء ہے جس طرح تو نے مجھے یہ پہنایا میں تجھ سے اس کی بھلائی چاہتا ہوں اور اس کی بھلائی جس کے لئے یہ بنایا گیا اور میں تجھ سے اس کے شر سے اور اس کے شر سے جس کے لئے بنایا گیا ہے پناہ چاہتا ہوں۔[1]

۶۔ قال نافع: و کان ابن عمر یسدل عمامۃ بین کتفیہ۔

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنے عمامہ کا سدل اپنے دو کندھوں کے مابین رکھتے تھے۔[2]

۷۔ عبید اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے قاسم بن محمد اور سالم کو دیکھا وہ اسی طرح (سدل) کرتے تھے۔[3]

احادیث ابو داؤد رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے عمامہ میرے سر پر باندھا تو اس کا سدل میرے آگے اور پیچھے رکھا (یعنی نیچے والا سرا پیچھے اور اوپر والی طرف کا کچھ حصہ اگلی جانب تھا، جیسے افغانستان، سرحد، وزیرستان کے لوگ رکھتے ہیں۔ مترجم)[4]

۲۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث جو وضو کے ضمن میں ابھی مذکور ہوئی۔[5]

۳۔ حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ: آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو وضو کرتے دیکھا (آخر حدیث تک)۔[6]

۴۔ حضرت عمرو بن حریث اور امام حسن کی مروی حدیث جمعہ سے متعلق احادیث کے ضمن میں گزر چکی ہے۔[7]

۵۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے غدیر خم کے دن میرے سر پر عمامہ باندھا تو اس کا حصہ میرے کندھے پر لٹکایا۔[8]

---

[1] (ترمذی، ص ۲۱۹، ابو داؤد، مشکوۃ المصابیح، ص ۳۱۹)
[2] (ترمذی، باب لباس، ص ۲۱۹، شمائل، ص ۵۰۳)
[3] (ترمذی، ص ۲۱۹، شمائل، ص ۵۰۳)
[4] (ابو داؤد، مشکوۃ شریف، ص ۳۰۳، ابن ابی شیبۃ، قسطلانی، ج۸، ص ۴۲۸)
[5] (ابو داؤد، ج ۱، ص ۲۰۹)
[6] (ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ، مشکوۃ شریف، ص ۳۱۹)
[7] (ابو داؤد، ج ۱، ص ۲۰۹، قسطلانی، ج۸، ص ۴۲۸)
[8] (ابو داؤد طیالسی، ابن ابی شیبہ، سنن کبریٰ بیہقی، دعامہ، ص ۶، ابو نعیم معرفت صحابہ میں، دیلمی، دعامۃ، ص ۸)

احادیث نسائی رحمہ اللہ تعالیٰ

ا۔ عمرو بن حریث رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر خر قانیہ عمامہ دیکھا۔[1]

۲۔ سالم کی حدیث الاسبال پہلے گزر چکی ہے۔

احادیث ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ

حضرت سالم کی حدیث الاحسان جو کہ بحوالہ نسائی بھی گزر چکی ہے۔[2]

عمامہ کے رنگوں کا بیان

عمامہ کے پانچ رنگ ہیں جن میں سے سفید افضل ہے اور سفید ہی غزوۂ بدر میں تھا۔

عن عائشة عن علي و ابنِ عباسٍ قال كان سِيما الملائكةُ يوم َبدرٍ عمائمُ بيضٌ قد أرسلوها إلى ظهورِهم۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے دن فرشتوں کی علامت سفید عمامے تھے جن کے شملے ان کی پشت پر تھے۔[3]

سفید رنگ بوجوہ افضل ہے

ا۔ سفید رنگ اس لئے بھی افضل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور خلفاء راشدین نے اس پر مواظبت کی۔[4]

۲۔ محدثین، اصحاب سیر کا قول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عمامہ کا رنگ سفید، سیاہ، زرد اور اکثر سفید تھا۔[5]

۳۔ افضل سفید رنگ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور فرشتوں کا دیگر رنگ کا عمامہ زیب تن فرمانا اس کا معارض نہیں ہے کیونکہ اس کے کئی مقاصد ہیں ان کے تحت مختلف رنگ پہنے جاسکتے ہیں۔[6]

---

[1] (نسائی، شرح شمائل مناوی، حاشیہ نسائی امام سیوطی، غریب المروی للبازری، دعامہ، ص ۹۲)

[2] (ابن ماجہ، مشکوٰۃ شریف، ص ۳۱۹)

[3] (ابن مردویہ، ابن کثیر، سورۃ آل عمران، ج ۲، ص ۲۸، سیرت حلیہ و دعامۃ، ص ۲۵، جلالین، صاوی، خازن، ص ۲۸۰، اسحاق، طبرانی، دعامہ، ص ۲۶)

[4] (نووی، ج ۱، ص ۱۵۷)

[5] (اسعاف الراغبین، دعامہ، ص ۸۵، مسلک المتقین جامہ، ص ۲۹۸)

[6] (شرح شمائل ترمذی مناوی، تحفۃ المحتاج، دعامہ، ص ۸۵)

اور اس پر دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور سمرہ بن جندب سے مروی ہے کہ:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم البسوا الثیاب البیض أي العمامة والإزار والرداء۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے فرمایا سفید کپڑے پہنا کرو یعنی عمامہ، قمیص اور چادر سفید پہنو۔[1]

فإنها أطهر وأطیب وکفنوا فیها موتاکم۔

کیونکہ سفید کپڑا زیادہ پاکیزہ ہے اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دو۔[2]

اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے، نسائی، ابن ماجہ، مستدرک حاکم اور حاکم نے اس کو صحیح کہا۔[3]

بدر میں سیاہ عمامے تھے

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے فرمایا فرشتے مسومین یعنی علامت والے تھے ان کی پہچان سیاہ رنگ کے عمامے بدر کے دن تھے۔[4]

بدر میں زرد رنگ کے عمامے تھے، ابن عباس، مروہ، ہشام، کلبی ویحییٰ اور زبیر نے کہا۔

قال الرسول علیه السلام المسومین معلمین کان علي الملائكة عمائم صفر قد أرسلوها بين أكتافهم۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے فرمایا مسومین کا معنی ہے علامت والے کہ فرشتوں پر زرد رنگ کے عمامے تھے جن کے شملے کندھوں کے درمیان تھے۔[5]

غزوۂ احد میں سرخ رنگ کے عمامے تھے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ احد کے میدان میں فرشتوں کی علامت سرخ رنگ کے عمامے تھے۔[6]

---

[1] (التیسیر للمناوی، دعامہ، ص ۸۲)

[2] (احمد، دارقطنی، ترمذی، ج۵، ص۱۱۷، الناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت)

[3] (طبرانی، دعامہ، ص ۸۴)

[4] (طبرانی، دیلمی، سیرت حلیہ، ابن مردویہ، دعامہ، ص ۲۶، ابن کثیر، ج ۲، ص ۲۷۹)

[5] (جلالین، ص ۵۵، صاوی، ص ۱۵۷، مدارک، ص ۲۸۰، ابن بریر، روح البیان، ج ۲، ص ۹۰، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، ابن کثیر، سورت آل عمران، ص ۲۷۹، حاکم ابن اسحاق، دعامہ، ص ۲۶)

[6] (طبرانی، ابن مردویہ، دیلمی، دعامہ، ص ۲۶)

حنین میں سبز رنگ کے عمامے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا حنین کے دن فرشتوں کی علامت سبز رنگ کے عمامہ تھے۔[1]

رنگوں میں مطابقت

علماء ومحدثین فرماتے ہیں کہ جن غزوات میں فرشتوں کے متعلق مختلف رنگوں کا ذکر ہے ان میں یوں تطبیق دی جاسکتی ہے کہ کچھ فرشتوں کے عماموں کا رنگ زرد تھا اور کچھ کا سبز، کچھ کا بیض اور سفید، کچھ کا سفید اور سیاہ اور بعض کا سرخ جیسا کہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔[2]

عمامہ کا اجماع امت سے ثبوت

احادیث مبارکہ اور علماء امت کی عبارات سے واضح ہو جاتا ہے کہ عمامہ کے سنت ہونے پر امت کا اجماع ہے، نیز اس کے اسبال رکھنے پر بھی اسبال ہر کپڑے میں ہوتا ہے، چادر، قمیص یا عمامہ ہو۔[3]

عمامہ کے مسائل

۱۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اسبال یعنی جو حاجت سے زائد ہو اور لمبائی اور فراخی میں مقدار شرعی سے زائد ہو وہ مکروہ ہے۔[4]

۲۔ عمامہ کھڑے ہو کر باندھنا چاہیئے بیٹھ کر باندھنا غربت کا پیش خیمہ ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

من تسرول قائما او تعمم قاعدا ابتلاہ اللہ ببلاء لا دواء لہ۔

جو شلوار کھڑے ہو کر پہنے یا دستار بیٹھ کر باندھے اسے اللہ تعالیٰ ایسی بیماری میں مبتلا کر دے گا جس کی کوئی دواء نہ ہو۔[5]

۳۔ جو شخص دوبارہ عمامہ باندھنا چاہتا ہے وہ ایک ایک بل کر کے پہلے کھولے، یہ یکبارگی کھولنے سے زیادہ مستحسن ہے۔[6]

---

[1] (طبرانی، ابن مردویہ، ابن اسحاق، سیوطی، دعامہ، ص ٦٦)

[2] (دعامہ، ص ٦٧)

[3] (ابو داؤد، نووی باب لباس، ج ٢، ص ١٩٤، مرقات حاشیہ مشکوٰۃ شریف، ص ٣٦٥، مظاہر حق فصل سوم، ص ٣٧٩، ص ٤٨٣)

[4] (نووی، ج ٢، ص ١٩٥)

[5] (برھنہ، ص ٤١، کتاب السیر، مسلک المتقین، ص ٢٩٨)

[6] (خلاصۃ الفتاویٰ، ج ٢، ص ٥٥٠)

پانچویں فصل: عمامہ کے طول و عرض کے بیان میں

طول (لمبائی) کمتر از ہفت گز عمامہ مپیچ کہ نساز دادائے سنت ہیچ۔

ترجمہ: سات گز سے چھوٹا عمامہ نہ باندھ کہ اس سے سنت ادا نہیں ہوتی۔[1]

۲۔ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عمامہ سات گز تھا اسی سے شملہ اور اوپر والی طرف (جو چھوڑی جاتی ہے) تھی، یہ قول امام طبری کی طرف منسوب ہے۔[2]

۳۔ میں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی طرف منسوب قول پڑھا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عمامہ سات گز اور چوڑائی و عرض میں گز تھا۔[3]

۴۔ بعض احناف سے منقول ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی دستار عام طور پر سات گز کی تھی لیکن جمعہ و عیدین پر جو استعمال فرماتے تھے وہ بارہ گز کی تھی۔[4]

۵۔ علامہ جزری فرماتے ہیں کہ میں نے متعدد کتب کا مطالعہ کیا کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے عمامہ کی مقدار معلوم کر سکوں لیکن مجھے تو کوئی حوالہ نہ ملا لیکن میرے بااعتماد اور قابل وثوق دوست نے بتایا کہ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عمامہ دو قسم کا تھا ایک چھوٹا اور ایک بڑا۔ چھوٹا سات گز کا اور لمبا بارہ گز کا تھا۔[5]

۶۔ علماء نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عمامہ اتنا بڑا بھی نہ تھا کہ جس کا اٹھانا باعث تکلیف ہو جیسا کہ آج کل کچھ لوگ بہت بڑا باندھ لیتے ہیں اور نہ اتنا چھوٹا تھا کہ گرمی، سردی کی تکلیف سے سر کی حفاظت نہ کرے بلکہ درمیانہ تھا۔[6]

عمامہ کا عرض

۱۔ دستار کا عرض اور چوڑائی نصف گز ہے یا اس سے کمی و بیشی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔[1]

---

[1] (مسلک المتقین، ص ۲۹۸)

[2] (مدخل، دعامۃ، ص ۱۸، شرح سیرت شامیہ ابن حجر، جمع الوسائل، دعامہ، ص ۸۰)

[3] (بعض الحفاظ، دعامۃ، ص ۸۰)

[4] (روضۃ الاحباب، ص ۴۷۴، حاشیہ دلائل الخیرات، حزب یوم الاحد، ص ۲۱۵، گلوی شرح تحفۃ النصائح، ص ۱۵۷)

[5] (مرقات باب اللباس، ص ۳۶۶، تصحیح المصابیح، شرح مواقف، دعامہ، ص ۱۸، مسلک المتقین، ص ۱۹۸، رسالہ آداب سید البشر، تحفۃ رسولیہ، ہدایۃ الابرار، ص ۳۵، ۳۶، لواقح الانوار امام عبدالوہاب شعرانی، دعامہ، ص ۶)

[6] (مذاہب اللدنیہ، شرح شفاء خفاجی، سیرت شامیہ، شرح شمائل مناوی، جمع الوسائل لملاعلی قاری، دعامۃ، ص ۸۰)

۲۔ حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اوپر حدیث مذکور ہوئی اس میں لفظ فی عرض ذراع ہے یعنی چوڑائی وعرض میں ایک گز۔[2]

ذراع کی مقدار

وگزے بیست وچہار انگشت است کہ شش قبضہ باشد (اھ)۔

ایک گز چوبیس انگلی کا ہے کہ چھ مشت ہے۔[3]

سوال: بعض احادیث میں لا اصل لہ ای معلق او ضعیف یعنی اس کی کوئی اصل نہیں یعنی تعلیق یا ضعیف ہے۔

جواب: اگرچہ مرفوع نہیں تعلیق یا ضعیف لیکن تعدد طرق سے ضعف ختم ہو جاتا ہے اور حدیث درجہ حسن کو پہنچ جاتی ہے جیسا کہ علماء اصول حدیث کے نزدیک محقق ہے۔

۲۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے لباس پہننے اور پہنانے کے فعل سے اس کی تقویت ہو جاتی ہے۔

۳۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم اور خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اس پر مواظبت کرنے سے اسے تقویت حاصل ہو جاتی ہے۔

۴۔ شاہد سے اسے تقویت ملتی ہے جس سے یہ حدیث حسن لغیرہ بن جاتی ہے۔[4]

۵۔ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث قابل حجت ہوتی ہے۔[5]

۶۔ احادیث صحیحہ جو ائمہ اربعہ مجتہدین اور صحاح ستہ سے منقول ہیں وہ کثیرہ ہیں۔

خاتمہ مختلف امور میں

امر اول: شملہ رکھنا سنت مؤکدہ ہے

ا۔ فش زیر عمامہ سنت موکدہ است۔

دستار کی نچلی طرف کو لٹکانا سنت مؤکدہ ہے۔[6]

---

[1](رسالہ آداب سید البشر، تحفہ رسولیہ، ھدایۃ الابرار، ص ۳۵، ۳۶)
[2](دعامہ، ص ۸۳)
[3](رسالہ آداب البشر، تحفہ رسولیہ، ھدایۃ الابرار، ص ۳۵، ۳۶، مسلک المتقین، ص ۲۹۸)
[4](تیسیر مناوی، عزیزی، دعامہ، ص ۱۲، تحفۃ المحتاج، دعامہ، ص ۱۵)
[5](کبیری، ص ۶۰)
[6](مسلک المتقین، ص ۲۹۹)

۲۔ان العذبۃ سنۃ موکدۃ۔

یقیناً عذبہ یعنی شملہ رکھنا سنت مؤکدہ ہے۔[1]

۳۔ احادیث کا خلاصہ: مفاد یہ ہے کہ عذبہ (شملہ) سنت ہے جیسا کہ شرح مواہب و شرح منہاج کے حوالہ سے گذر چکا ہے۔[2]

۴۔و سنۃ العذبۃ تحصل بالکل۔

عذبہ کا مسنون ہونا کل سے حاصل ہوتا ہے۔[3]

سوال: عمامہ کے ذنب یعنی عذبہ کا مسنون ہونا کیسے ثابت ہو سکتا ہے جب کہ علماء اسے مستحب کے لفظ سے تعبیر کر رہے ہیں عمامہ کے ذنب کی مقدار میں استحباب کا ذکر کرتے ہیں۔

جواب: کندھوں کے مابین لٹکانے کی نسبت سے مستحب کہتے ہیں نہ کہ نفس عذبہ کو مستحب کہتے ہیں کیونکہ نفس عذبہ (شملہ) سنت ہے جیسا کہ علامۃ العصر باقی خان بخاری نے اس کی تحقیق ذکر کی ہے۔[4]

امر ثانی: شملہ کی مقدار

۱۔ عمامہ کا شملہ دو کندھوں کے وسط کمر میں چھوڑنا مستحب ہے۔[5]

۲۔ مقدار شملہ ایک بالشت ہے بعض نے کہا بیٹھتے وقت نیچے نہ لگے۔[6]

۳۔ مروی ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سیاہ عمامہ باندھتے جس کا شملہ پس پشت ایک گز ہوتا تھا۔[7]

میں (صاحب کتاب ہذا) کہتا ہوں کہ یہ حدیث موضع جلوس تک والے کی تائید کرتی ہے۔

۴۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے عمامہ باندھا تو شملہ چار انگشت رکھا یا ایک بالشت کے قریب تقریباً، پھر فرمایا اسی طرح میں باندھتا ہوں اور یہ زیادہ معروف اور احسن ہے۔[1]

---

[1](تیسیر مناوی شرح شمائل، عزیزی، باجوری، شرح منہاج ابن حجر، شرح مواہب، سیاطی، دعامہ، ص ۵۷)

[2](دعامہ، ص ۴۹)

[3](شرح مناوی، شرح منہاج، سیرت شامیہ، دعامہ، ص ۵۵)

[4](ملخص مسلک المتقین، ص ۳۰۰)

[5](کنز، تنویر، درمختار، ج۵، ص ۴۸۱، زیلعیج ۲، ص ۲۲۹، خلاصہ، ج۴، ص ۵۵۰، مظاہر حق باب الخطبہ، ص ۴۷۰، مالا بدمنہ، ص ۱۱۸، یمین العلم، ص ۱۲۴، مسلک المتقین، ص ۲۹۹)

[6](زیلعی، ج۶، ص ۲۲۹، درمختار، ص ۴۸۱، عینی کنز، ج۴، ص ۲۷۵، مالابدمنہ، ص ۱۱۸، مسلک المتقین، ص ۳۰۰، عین العم، ص ۱۲۴)

[7](ابن سعد، ابن ابی شیبۃ، دعامہ، ص ۵۹)

میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث بالشت والے قول کی دلیل ہے اور عمرو بن حریث کی روایت میں **بین کتفیه** کے الفاظ تینوں اقوال مذکورہ کو شامل ہیں، اسی لئے صاحب عین العلم نے کہا "**والکل مروی**" تمام اقوال مروی ہیں۔[2]

وجوہات ترجیح الاول

الفاظ ترجیح نمبر ا: میانہ درجہ پسندیدہ ہے۔[3]

۲۔ھو افضل۔ اور وہ افضل ہے۔[4]

۳۔حدیث شریف: **خیر الامور اوسطھا۔**

بہتر و افضل کام میانہ روی ہے۔

ثانی: متون کی معتبر کتب میں یہی قول مذکور ہے، باقی دو اقوال کے متعلق قیل سے ان کے ضعف کی طرف اشارہ ہے۔

ثالث: حدیث کے الفاظ **بین کتفیه** سے یہی مفہوم متبادر و ظاہر ہے۔

الامر الثالث

مقام شملہ دو کندھوں کے درمیان وسط کمر ہے، دایاں کندھا، بایاں کندھا، سامنے اور پیچھے ہیں لیکن افضل و احسن کندھوں کے درمیان ہے، کیونکہ یہ حدیث اقویٰ اور اصح ہے۔ لہٰذا دیگر احادیث اس کی معارض نہیں ہو سکتیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ دیگر روایات بیان جواز کے لئے ہوں، بہر صورت جہاں بھی شملہ رکھے سنت ادا ہو جائے گی۔[5]

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کا شملہ اکثر پس پشت ہوتا تھا۔[6]

امر رابع: شملہ کی تعداد

عمرو بن حریث سے مروی ہے دونوں اطراف کے مابین دو شملے لٹکائے۔[7]

---

